جلد ثالث

اللہ نور السموات والارض مثل نورہ کمشکوٰۃ فیہا مصباح

الحمد للہ والمنۃ کہ کتاب مستطاب مشکوٰۃ مترجم بترجمہ اردو لفظی بحواشی مفیدہ المسماۃ

بالملتقطات

علی ترجمۃ

المشکوٰۃ

باہتمام خاکسار شیخ احمد ولد شیخ محی الدین مرحوم تاجر کتب و مالک مطبع احمدی

در مطبع احمدی لاہور سنہ ۱۳۲۱ طبع شد

بسم الله الرحمن الرحيم

كتاب القصاص — الفصل الأول

(١) عن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يحل دم امرئ مسلم يشهد أن لا إله إلا الله وأني رسول الله إلا بإحدى ثلث النفس بالنفس والثيب الزاني والمارق لدينه التارك للجماعة متفق عليه (٢) وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لن يزال المؤمن في فسحة من دينه ما لم يصب دما حراما رواه البخاري (٣) وعن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أول ما يقضى بين الناس يوم القيامة في الدماء متفق عليه (٤) وعن المقداد بن الأسود أنه قال يا رسول الله أرأيت إن لقيت رجلا من الكفار فاقتتلنا فضرب إحدى يدي بالسيف فقطعها ثم لاذ مني بشجرة فقال أسلمت لله وفي رواية فلما أهويت لأقتله قال لا إله إلا الله أأقتله بعد أن قالها قال لا تقتله فقال يا رسول الله إنه قطع إحدى يدي فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تقتله فإن قتلته

کتاب ہے بیچ بیان قصاص کے **فصل پہلی** (١) ترجمہ روایت ہے عبد اللہ بن مسعودؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں روا خون کرنا انسان مسلمان کا کہ گواہی دیتا ہو اسکی کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور تحقیق میں ہوں رسول اللہ کا مگر بسبب ایک بات کی تین میں سے مارا جاوے نفس بدلے نفس کے اور سنگسار کیا جاوے زانی بیاہا ہوا اور مرتد چھوڑنے والا جماعت کو متفق علیہ (٢) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہتا ہے مومن بیچ کشادگی کے دین اپنے سے جب تک کہ نہیں پہنچتا خون حرام کو نقل کی یہ بخاری نے (٣) ترجمہ اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعودؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اول حکم کرنا اللہ تعالیٰ کا درمیان لوگوں کے حکم کرنا خونوں میں ہوگا متفق علیہ (٤) ترجمہ اور روایت ہے مقداد بن اسودؓ سے یہ کہ اس نے کہا یا رسول اللہ خبر دیجیے مجھکو اگر میں ملاقات کروں ایک شخص کافر سے پس لڑیں ہم آپس میں پس مارے میرے ایک ہاتھ کو تلوار سے پس کاٹ ڈالے اس ہاتھ کو پھر پناہ پکڑے کافر مجھ سے ساتھ ایک درخت کے اور کہے مسلمان ہوا میں ساتھ اللہ کے اور ایک روایت میں یوں ہے کہ جب قصد کیا میں نے کہ قتل کروں میں اسکو کہا لا الہ الا اللہ کیا مار ڈالوں میں اسکو بعد کہنے کلمہ کے فرمایا نہ قتل کر اسکو پس کہا مقداد نے یا رسول اللہ تحقیق اس نے کاٹ ڈالا ہے ایک ہاتھ میرا پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ قتل کر اسکو پس اگر قتل کریگا تو اسکو

ف١ مگر بسبب ایک بات کے تین میں سے یعنی مسلمان کا قتل تین صورت سے ہے ایک جو اسکا ربیاہا ہوا اسکو رجم کیا جاوے دوسرے کسی خون کے بدلے خون تیسرے مرتد جس نے اسلام کا دین چھوڑا ۱۲ ترجمہ مشارق ف٢ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ناحق شخص کو قتل کیا جاوے مراد یہ ہے کہ اسکو بہتر ہے کہ مار ڈالا جاوے یہاں تک کہ مرجاوے اور اسپر سب مسلمانوں کا اجماع ہے اور مراد تارک دین سے عام ہے یعنی جو شخص دین اسلام سے مرتد ہو جاوے خواہ کسی طرح سے مرتد ہو کہ اسکا قتل کرنا واجب ہے اگر اسلام کی طرف رجوع نہ کرے کہا علما نے کہ یہ حدیث باغی کو بھی شامل ہے یعنی جو شخص کہ مسلمانوں کی جماعت سے خارج ہو ساتھ بدعت کے یا بسبب بغاوت وغیرہ کے اور اسی طرح خارجی لوگ بھی لیکن جان و مال پر حملہ کرنے والے کا قتل کرنا مباح ہے ۱۲ ف٣ خون حرام کو یعنی جب تک کسی کا خون ناحق نہیں کیا تو جیسے اللہ تعالیٰ کی رحمت کا امیدوار ہے بیچ وسعت کے اور جب اس نے خون ناحق کیا تو اسپر تنگی ہوئی اور وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید ہیں ۱۲ لمعات و مرقاۃ ف٤ خونوں میں ہوگا معلوم ہوا کہ ناحق خون خدا تعالیٰ کو بہت ناپسند ہے اور ایسا سخت گناہ ہے خونریزی کے مقدمات رجوع ہو کر فیصلہ ہونگے ۱۲ عبادات میں اول نماز کا سوال ہوگا اور معاملات میں اول خون کا فیصلہ ہوگا ۱۲ ترجمہ مشارق

فَاِنَّهٗ بِمَنْزِلَتِكَ قَبْلَ اَنْ تَقْتُلَهٗ وَاِنَّكَ بِمَنْزِلَتِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّقُوْلَ كَلِمَتَهُ الَّتِیْ قَالَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۵) **وَعَنْ** اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰی اُنَاسٍ مِّنْ جُهَيْنَةَ فَاَتَيْتُ عَلٰی رَجُلٍ مِّنْهُمْ فَذَهَبْتُ اَطْعَنُهٗ فَقَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَطَعَنْتُهٗ فَقَتَلْتُهٗ فَجِئْتُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهٗ فَقَالَ اَقَتَلْتَهٗ وَقَدْ شَهِدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّمَا فَعَلَ ذٰلِكَ تَعَوُّذًا قَالَ فَهَلَّا شَقَقْتَ عَنْ قَلْبِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِیْ رِوَايَةِ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَيْفَ تَصْنَعُ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِذَا جَاءَتْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالَهٗ مِرَارًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۶) **وَعَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَتَلَ مُعَاهَدًا لَّمْ يَرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ وَاِنَّ رِيْحَهَا تُوْجَدُ مِنْ مَّسِيْرَةِ اَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ (۷) **وَعَنْ** اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَدّٰی مِنْ جَبَلٍ فَقَتَلَ نَفْسَهٗ فَهُوَ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ يَتَرَدّٰی فِيْهَا خَالِدًا مُّخَلَّدًا فِيْهَا اَبَدًا وَّمَنْ تَحَسّٰی سَمًّا فَقَتَلَ نَفْسَهٗ فَسَمُّهٗ فِیْ يَدِهٖ يَتَحَسَّاهُ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُّخَلَّدًا فِيْهَا اَبَدًا وَّمَنْ قَتَلَ نَفْسَهٗ بِحَدِيْدَةٍ فَحَدِيْدَتُهٗ فِیْ يَدِهٖ يَتَوَجَّاُ بِهَا فِیْ بَطْنِهٖ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُّخَلَّدًا فِيْهَا اَبَدًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

یعنی تحقیق وہ بیچ مرتبہ تیرے کے ہے پہلے اسکے کہ قتل کرے تو اسکو اور تحقیق تو ہوویگا بیچ مرتبہ اسکے کے پہلے کہنے کلمہ اسکے کے کہا متفق علیہ (۵) ترجمہ اور روایت ہے اسامہ بن زید سے کہ کہا بھیجا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طرف لوگوں جہینہ کی پس آیا میں ایک شخص کے پاس ان میں سے اور ارادہ کیا میں نے یہ کہ ماروں میں اسکو نیزہ پس کہا اُس نے لا الہ الا اللہ اور مارا میں نے اسکو نیزہ پس مار ڈالا میں نے اسکو پھر آیا میں پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور خبر دی میں نے آپکو پس فرمایا کیا قتل کیا تو نے اسکو حالانکہ پڑھا اُس نے کلمہ لا الہ الا اللہ کہا میں نے یا رسول اللہ سوا اسکے نہیں کہ کہا اُس نے یہ واسطے بچاؤ کے قتل سے فرمایا پس کیوں نہ چیرا تو نے دل اسکا نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور بیچ روایت جندب بن عبد اللہ بجلی کے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا کریگا تو کلمہ لا الہ الا اللہ کو جس وقت کہ آویگا یہ کلمہ دن قیامت کے فرمایا حضرت نے یہ کئی بار نقل کی یہ مسلم نے (۶) ترجمہ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ قتل کرے عہد والے کو نہ پاویگا بو بہشت کی اور تحقیق بو بہشت کی آتی ہے راہ چالیس برس کی سے نقل کی یہ بخاری نے (۷) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص نے کہ گرایا اپنے تئیں پہاڑ سے اور مار ڈالا اپنی جان کو پس سبب اسکے پس وہ بیچ آگ دوزخ کے ہے گرتا رہیگا اُسمیں ہمیشہ ہمیشہ رکھا گیا اُسمیں کبھی نہ نکلے گا اور جس نے پیا زہر اور ماری جان اپنی پس زہر اسکا اسکے ہاتھ میں ہوگا پیویگا اسکو دوزخ کی آگ میں ہمیشہ ہمیشہ رکھا گیا اس میں کبھی نہ نکلیگا اور جس نے مار ڈالی جان اپنی ساتھ تیز چیز کے یعنی چھری اسکی اسکے ہاتھ میں ہوویگی بھونکیگا اسکو اپنے پیٹ میں بیچ آگ دوزخ کے ہمیشہ ہمیشہ رکھا گیا اس میں کبھی نہ نکلے گا متفق علیہ

ف۱ یعنی تحقیق وہ بیچ مرتبہ تیرے کے ہے الخ یعنے اگر تو اُسکو حالت کفر میں مار ڈالتا تو درست تھا اور اب وہ مسلمان ہوا اُسکا خون بچ گیا اگر تو اسکو اب ماریگا تو اس کے بدلے مارا جاویگا ترجمہ مشارق ص۵ اور مرقاۃ میں ہے کہ جیسے تو اسکو مارنے سے پہلے معصوم الدم تھا بسبب اسلام کے اسی طرح وہ بھی بعد اسلام کے معصوم الدم ہو گیا اور تو بجائے اس کے ہو گیا اسوجہ کہ تیرا خون کرنا مباح ہو گیا جیسا وہ اسلام لانے سے پہلے مباح الدم تھا ۱۲ مرقاۃ اس لفظ کے معنے میں اختلاف ہے بہت عمدہ معنے اس کے یہ ہیں جو امام شافعی وغیرہ نے کہا ہے کہ وہ لا الہ الا اللہ کہنے سے معصوم الدم ہے اسکا قتل کرنا حرام ہے جیسے تو اُسکے قتل کرنے سے پہلے معصوم الدم تھا اور اب تیرا قتل کرنا حرام نہیں جیسے لا الہ الا اللہ کہنے سے پہلے اسکا قتل کرنا حرام نہ تھا ۱۲ نووی شرح مسلم ملخصاً ف۲ کیوں نہ چیرا تو نے الخ معلوم ہوا کہ شریعت میں ظاہر پر حکم ہے دل کا حال دریافت کرنیکا حکم نہیں کہا نووی نے معنے اسکے یہ ہیں کہ تجھ کو تو صرف ظاہر پر عمل کرنے کی تکلیف دی گئی ہے جو زبان سے نکلے لیکن دل کی بات تو کسیطرح معلوم نہیں کر سکتا پس فقط زبان کی بات پر عمل کر اور کوئی بات نہ دریافت کر ۱۲ شرح صحیح مسلم ص۶۹ و ص۶۵ ف۳ عہد والے سے مراد معاہد اور ذمی اس کا ذکر ہے یعنی جو مطیع الاسلام ہوا امام نے اسکو پناہ دی سو اُسکا قتل کرنا نہایت گناہ ہے قول کا توڑنا کسیطرح نہیں درست ۱۲ ترجمہ مشارق ص ف۴ ساتھ تیز چیز کے یعنے چھری وغیرہ ف۵ کبھی نہ نکلے گا مطلب یہ ہے کہ جس چیز سے اپنی جان مارے گا دوزخ میں اُسپر اُسی چیز کا عذاب ہوا کرے گا اگر جان مارنیکو وہ شخص حلال جانتا تھا تو ہمیشہ رہیگا اور نہیں رہے گا ورنہ ہمیشہ دوزخ میں نہ رہے گا لمبی مدت کو بھی ہمیشہ بولتے ہیں ۱۲ ترجمہ مشارق ص

(۸) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِيْ يَخْنُقُ نَفْسَهُ يَخْنُقُهَا فِي النَّارِ وَالَّذِيْ يَطْعَنُهَا يَطْعَنُهَا فِي النَّارِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

(۹) وَعَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِيْمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ رَجُلٌ بِهٖ جُرْحٌ فَجَزِعَ فَاَخَذَ سِكِّيْنًا فَحَزَّ بِهَا يَدَهٗ فَمَا رَقَاَ الدَّمُ حَتّٰى مَاتَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى بَادَرَنِيْ عَبْدِيْ بِنَفْسِهٖ فَحَرَّمْتُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

(۱۰) وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ الطُّفَيْلَ بْنَ عَمْرٍو الدَّوْسِيَّ لَمَّا هَاجَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ هَاجَرَ اِلَيْهِ وَهَاجَرَ مَعَهٗ رَجُلٌ مِّنْ قَوْمِهٖ فَمَرِضَ فَجَزِعَ فَاَخَذَ مَشَاقِصَ لَهٗ فَقَطَعَ بِهَا بَرَاجِمَهٗ فَشَخَبَتْ يَدَاهُ حَتّٰى مَاتَ فَرَاٰهُ الطُّفَيْلُ بْنُ عَمْرٍو فِيْ مَنَامِهٖ وَهَيْئَتُهٗ حَسَنَةٌ وَرَاٰهُ مُغَطِّيًا يَدَيْهِ فَقَالَ لَهٗ مَا صَنَعَ بِكَ رَبُّكَ فَقَالَ غَفَرَ لِيْ بِهِجْرَتِيْ اِلٰى نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا لِيْ اَرَاكَ مُغَطِّيًا يَدَيْكَ قَالَ قِيْلَ لِيْ لَنْ نُّصْلِحَ مِنْكَ مَا اَفْسَدْتَ فَقَصَّهَا الطُّفَيْلُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ وَلِيَدَيْهِ فَاغْفِرْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

(۱۱) وَعَنْ اَبِيْ شُرَيْحٍ الْكَعْبِيِّ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثُمَّ اَنْتُمْ يَا خُزَاعَةُ قَدْ قَتَلْتُمْ هٰذَا الْقَتِيْلَ مِنْ هُذَيْلٍ وَّاَنَا وَاللّٰهِ عَاقِلُهٗ مَنْ قَتَلَ بَعْدَهٗ قَتِيْلًا فَاَهْلُهٗ بَيْنَ خِيَرَتَيْنِ اِنْ اَحَبُّوْا قَتَلُوْا وَاِنْ اَحَبُّوْا اَخَذُوا الْعَقْلَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالشَّافِعِيُّ وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ بِاِسْنَادِهٖ وَصَرَّحَ بِاَنَّهٗ لَيْسَ فِي الصَّحِيْحَيْنِ عَنْ اَبِيْ شُرَيْحٍ وَقَالَ

(۸) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ شخص کہ گلا گھونٹے اپنا گلا گھونٹے گا اپنا دوزخ میں اور وہ شخص کہ نیزہ مارے اپنے تئیں نیزہ ماریگا اپنے تئیں آگ میں نقل کی یہ بخاری نے (۹) ترجمہ اور روایت ہے جندب بن عبداللہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تھا بیچ اُن لوگوں کے کہ تھے پہلے تم سے ایک شخص کہ لگا تھا اُسکے زخم پس بے صبری کی اُس نے اور لی ایک چھری اور کاٹ ڈالا اُس سے اپنا ہاتھ پھر نہ تھما خون یہانتک کہ مر گیا فرمایا اللہ تعالیٰ نے جلدی کی مجھ سے بندہ میرے نے ساتھ ہلاک کرنے نفس اپنے کے پس حرام کی میں نے اُس پر بہشت متفق علیہ (۱۰) ترجمہ اور روایت ہے جابرؓ سے جب ہجرت کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے طرف مدینہ کی تو ہجرت کی طفیل بن عمرو نے طرف حضرتؐ کے اور ہجرت کی ساتھ طفیل کے ایک شخص نے اُنکی قوم میں سے پس مریض ہوا وہ شخص اور بے صبری کی پس لیں اپنی پیکانیں تیروں کی اور کاٹ ڈالے ساتھ ایک پیکان کے جوڑ اپنی انگلیوں کے پس جاری ہوا خون دونوں ہاتھوں اُسکے سے یہانتک کہ مر گیا پس دیکھا طفیل بن عمرو نے اپنی خواب میں اس حالت میں کہ ہیئت اُسکی اچھی ہے اور دیکھا اُسکو اُس حال میں کہ ڈھانکے ہوئے ہے دونوں ہاتھ اپنے پس کہا طفیل نے اُسکو کہ کیا معاملہ کیا ساتھ تیرے رب تیرے نے پس کہا اُسنے کہ بخشدیا مجھکو رب میرے نے بسبب ہجرت کرنے میرے کے طرف نبی اُسکے کی پھر کہا طفیل نے کیا ہے واسطے تیرے کہ دیکھتا ہوں تجھکو ڈھانکے ہوئے دونوں ہاتھ اپنے کہا اُس شخص نے کہ کہا گیا واسطے میرے ہرگز نہ درست کرینگے ہم تجھ سے اُس چیز کو کہ خراب کی تو نے پس بیان کیا اس خواب کو طفیل نے روبرو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پس کہا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یا الٰہی اور دونوں ہاتھوں اُسکے کو بھی بخشدے نقل کی یہ مسلم نے (۱۱) ترجمہ اور روایت ہے ابو شریح کعبی سے کہ نقل کی رسول اللہ علیہ وسلم سے فرمایا پھر تم اے خزاعہ تحقیق قتل کیا تم نے اس قتیل کو قبیلہ ہذیل سے اور میں قسم ہے خدا کی خونبہا دینے والا ہوں اُسکا جو شخص کہ قتل کرے پیچھے اسکے کسی کو پس وارث اُسکے مختار ہیں درمیان دو امروں کے اگر چاہیں مار ڈالیں قتل کرنے والے کو اور اگر چاہیں پھر لیں اُس سے خونبہا نقل کی یہ ترمذی اور شافعی نے اور شرح السنہ میں ساتھ اسناد شافعی کے مذکور ہے اور صریح بیان کیا ہے بغوی نے کہ یہ حدیث نہیں ہے بخاری اور مسلم میں ابی شریح سے اور کہا بغوی نے

ف۱ نیزہ ماریگا الخ یعنے جو جس طرح اپنے کو حرام موت ماریگا اسی طرح دوزخ میں سزا پائیگا ف۲ اپنا ہاتھ یعنی جو زخمی تھا ف۳ حرام کی میں نے الخ محمول ہے مستحل پر یعنے اپنے ہلاک کرنیکو حلال جانا اسلیے حرام ہوا اُسپر داخل ہونا بہشت کا یا مراد یہ ہے کہ نہ داخل ہوگا بہشت میں ساتھ صالحین کے یہانتک کہ بھگتے سزا اپنے فعل بد کی ف۴ یا الٰہی اور اُسکے دونوں ہاتھوں کو بھی بخشدے یعنے جیسے تو نے اُسکو ساری بدن پر کرم کیا ہے اُسکے دونوں ہاتھوں پر بھی کرم کر ۱۲ مجمع۔ یہ حدیث ہو گئی فضیلت ہجرت کی ثابت ہوئی اُس شخص کو اپنے مارنے کی نیت نہ ہوگی کہ حرام موت ہو تی اضطراب سے یہ حرکت ہوئی ہوگی یا شاید ہلاکی کی نیت ہو مگر ہجرت کی برکت اور حضرتؐ کی دعا سے اُسکی مغفرت ہو گئی ۱۲ ترجمہ مشارق شریف ف۵ قتل کیا تم نے اس قتیل کو الخ یہ تتمہ ہے اُس خطبہ کا کہ پڑھا حضرتؐ نے دن فتح مکہ کے اور خزاعہ نے مارا تھا ان ایام میں ایک شخص کو ہذیل میں سے اپنے مقتول کے بدلے میں کہ ایام جاہلیت میں مارا گیا تھا پس ادا کیا حضرتؐ نے خونبہا اُسکا کو مسلمین

اَخرجاه من رواية ابى هريرة يعنى بمعناه (۱۲) **وعن** انس ان يهوديا رضّ رأس جارية بين حجرين فقيل لها من فعل بك هذا أفلان أفلان حتى سُمّى اليهودى فاومأت برأسها فجئ باليهودى فاعترف فامر به رسول الله صلى الله عليه وسلم فرضّ رأسه بالحجارة متفق عليه (۱۳) **وعنه** قال كسرت الربيع وهى عمة انس بن مالك ثنية جارية من الانصار فاتوا النبى صلى الله عليه وسلم فامر بالقصاص فقال انس بن النضر عم انس بن مالك لا والله لا تكسر ثنيتها يارسول الله فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا انس كتاب الله القصاص فرضى القوم وقبلوا الارش فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان من عباد الله من لو اقسم على الله لابرّه متفق عليه (۱۴) **وعن** ابى جحيفة قال سألت عليا هل عندكم شئ ليس فى القرآن فقال والذى فلق الحبة وبرأ النسمة ما عندنا الا ما فى القرآن الا فهما يعطى رجل فى كتابه وما فى الصحيفة قلت وما فى الصحيفة قال العقل وفكاك الاسير وان لا يقتل مسلم بكافر رواه البخارى وذكر حديث ابن مسعود لا تقتل نفس ظلما فى كتاب العلم **الفصل الثانى** (۱) **عن** عبد الله بن عمرو ان النبى صلى الله عليه وسلم قال لزوال الدنيا اهون على الله من قتل رجل مسلم رواه الترمذى والنسائى ووقفه بعضهم وهو الاصح ورواه ابن ماجة عن البراء بن عازب

کر روایت کیا ہی بخاری اور مسلم نے اس حدیث کو ابوہریرہؓ سے یعنے ساتھ معنے اسکے (۱۲) ترجمہ اور روایت ہی انسؓ سے یہ کہ ایک یہودی نے کچلا سر ایک لڑکی کا درمیان دو پتھروں کے پس کہا گیا لڑکی سے کہ کس نے کیا ساتھ تیرے یہ کیا فلانے نے کیا فلانے نے یہانتک کہ نام لیا گیا اس یہودی کا پس اشارہ کیا لڑکی نے ساتھ سر اپنے کے پھر حاضر کیا گیا یہودی پس اقرار کیا اُسنے پس حکم کیا بسبب اسکے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پس کچلا گیا سر اسکا ساتھ پتھروں کے متفق علیہ (۱۳) ترجمہ اور روایت ہی انسؓ سے کہ کہا توڑی ربیع نے کہ وہ پھوپھی ہے انس بن مالکؓ کی دانت ایک لڑکی کے انصار میں سے پس آئے قرابتی اُس لڑکی کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس حکم فرمایا حضرتؐ نے ساتھ بدلے کے پس کہا انس بن نضر چچا انس بن مالکؓ کے نے یوں نہیں قسم ہی خدا کی نہ توڑی جاویگی دانت اسکی اے رسول خدا کے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اے انسؓ حکم اللہ کا بدلا لینا ہے پس رضامند ہوئی قوم اور قبول کی دیت پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بعضے بندگان خدا وہ ہیں کہ اگر قسم کھا بیٹھیں اللہ پر تو البتہ پورا کرے اللہ اُنکی قسم کو متفق علیہ (۱۴) ترجمہ اور روایت ہی ابو جحیفہ سے کہ کہا پوچھا مینے حضرت علیؓ سے کہ کیا تمہارے پاس کوئی چیز سوا قرآن کے ہے پس کہا علیؓ نے قسم ہے اُس ذات کی کہ پیدا کیا اناج اور پیدا کی جان نہیں ہے ہمارے پاس مگر وہ چیز کہ قرآن میں ہی مگر سمجھ کہ دیا جاتا ہے کوئی شخص اللہ کی کتاب میں اور ہمارے پاس ہے وہ چیز کہ کاغذ میں لکھی ہوئی ہے کہا مینے کیا ہی کاغذ میں لکھی ہوئی فرمایا علیؓ نے کہ خونبہا اور قدر اور حکم اسکا اور چھڑانا قیدی کا اور یہ کہ نہ مارا جاوے مسلمان بدلے کافر کے نقل کی یہ بخاری نے اور ذکر کی گئی حدیث ابن مسعودؓ کی نہیں ماری جاتی کوئی جان از راہ ظلم کے آخر تک کتاب العلم میں **فصل دوسری** (۱) ترجمہ روایت ہی عبد اللہ بن عمروؓ سے یہ کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا البتہ جاتا رہنا دنیا کا بہت سہل ہی نزدیک اللہ کے قتل کرنے مرد مسلمان کے سے نقل کی یہ ترمذی اور نسائی نے اور موقوف بیان کیا ہے اسکو بعضے راویوں نے اور وہ صحیح تر ہے اور نقل کی یہ ابن ماجہ نے براء بن عازبؓ سے

ف پس کچلا گیا سر اسکا ساتھ پتھروں کے یہ حدیث دلیل ہے اسپر کہ قتل کی ساتھ پتھر بھاری کے کہ حاصل ہو قتل غالبا سو جب قصاص کا ہے اور یہی ہے قول اکثر اہل علم اور تینوں اماموں کا اور امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک اسمین قصاص نہیں آتا اور حدیثوں کی دلیل سی ہو مرقاۃ ۷ **ف** اور قبول کی دیت اسلیے کہ انسؓ نے خدا کے بھروسے پر قسم کھائی تھی سو خدا نے انکی قسم سچی کی ۱۲ **ف** البتہ پورا کرے اللہ انکی قسم کو یعنے جس چیز پر قسم کھا دیں کہ فلانی بات ایسی ہوگی تو ویسی ہی خدا کر دیتا ہے ۱۲ ترجمہ مشارق صفحہ ۶۵ اور مراد انسؓ کی قسم سے حضرتؐ کے حکم کا رد کرنا نہ تھا اور نہ انکار لیکن اُنھوں نے اللہ تعالی کے فضل کے بھروسے پر قسم کھائی ہے کہ اللہ مدعیوں کو راضی کر دیگا چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ مدعی دیت پر راضی ہوگئی ۱۲ **ف** کیا تمہارے الخ اس میں رد ہے شیعہ کے گمان کا کہ حضرت نے علیؓ کو علم وحی کے اسرار بتائے ہیں جو اوروں کو نہیں بتائے ۱۲ **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسلمان کو کافر کے بدلے مارنا جائز نہیں اور یہی مذہب ہے بہت اصحاب اور تابعین و من بعدہم کا اور تینوں اماموں کا بھی یہی قول ہے خواہ کافر ذمی ہو یا حربی اور امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک مارا جاوے مسلمان بدلے کافر کے ۱۲ لمعات و مرقاۃ **ف** البتہ جاتا رہنا دنیا کا الخ معاذ اللہ مسلمان کا ناحق خون اللہ تعالی کو ساری دنیا کے تباہ ہو جانے سے زیادہ ناپسند ہے معتزلہ اور خوارج کا مذہب یہ ہے کہ قاتل مومن کی توبہ قبول نہیں اور وہ ہمیشہ جہنم میں رہیگا اور جمہور اہل سنت کا یہ مذہب ہے کہ وہ گناہ کبیرہ ہے بلکہ اکبر الکبائر لیکن مرتکب کبیرہ کا فر نہیں ہوتا ۱۲ بدر آباد

(٢) **وَعَنْ** أَبِي سَعِيدٍ وَأَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ أَنَّ أَهْلَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ اشْتَرَكُوا فِي دَمِ مُؤْمِنٍ لَأَكَبَّهُمُ اللّٰهُ فِي النَّارِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ (٣) **وَعَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَجِيءُ الْمَقْتُولُ بِالْقَاتِلِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ نَاصِيَتُهُ وَرَأْسُهُ بِيَدِهٖ وَأَوْدَاجُهُ تَشْخَبُ دَمًا يَقُولُ يَا رَبِّ قَتَلَنِي حَتّٰى يُدْنِيَهُ مِنَ الْعَرْشِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ (٤) **وَعَنْ** أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ أَشْرَفَ يَوْمَ الدَّارِ فَقَالَ أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ أَتَعْلَمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ إِلَّا بِإِحْدٰى ثَلٰثٍ زِنًا بَعْدَ إِحْصَانٍ أَوْ كُفْرٍ بَعْدَ إِسْلَامٍ أَوْ قَتْلِ نَفْسٍ بِغَيْرِ حَقٍّ فَقُتِلَ بِهٖ فَوَاللّٰهِ مَا زَنَيْتُ فِي جَاهِلِيَّةٍ وَلَا إِسْلَامٍ وَلَا ارْتَدَدْتُ مُنْذُ بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا قَتَلْتُ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ فَبِمَ تَقْتُلُونَنِي رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَلِلدَّارِمِيِّ لَفْظُ الْحَدِيثِ (٥) **وَعَنْ** أَبِي الدَّرْدَاءِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَزَالُ الْمُؤْمِنُ مُعْنِقًا صَالِحًا مَا لَمْ يُصِبْ دَمًا حَرَامًا فَإِذَا أَصَابَ دَمًا حَرَامًا بَلَّحَ رَوَاهُ أَبُو دَاوٗدَ (٦) **وَعَنْهُ** عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ ذَنْبٍ عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَغْفِرَهٗ إِلَّا مَنْ مَاتَ مُشْرِكًا أَوْ مَنْ يَقْتُلُ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا رَوَاهُ أَبُو دَاوٗدَ وَرَوَاهُ النَّسَائِيُّ عَنْ مُعَاوِيَةَ (٧) **وَعَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُقَامُ الْحُدُودُ فِي الْمَسَاجِدِ وَلَا يُقَادُ بِالْوَلَدِ الْوَالِدُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ (٨) **وَعَنْ** أَبِي رِمْثَةَ قَالَ أَتَيْتُ

(٢) **ترجمہ** اور روایت ہی ابو سعید اور ابو ہریرہ سے کہ نقل کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا کہ اگر تحقیق آسمان والے اور زمین والے شریک ہوں بیچ خون کرنے ایک مسلمان کے تو البتہ اوندھا ڈالیگا انکو اللہ تعالیٰ دوزخ میں نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے (٣) **ترجمہ** اور روایت ہی ابن عباس سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا لاویگا مقتول قاتل کو دن قیامت کے اُس حال میں کہ پیشانی قاتل کی اور سر اُسکا مقتول کے ہاتھ میں ہوگا اور رگیں اُسکی بہتی ہونگی خون سے کہے گا اے پروردگار میرے قتل کیا اس نے مجھ کو اور نزدیک لیجاویگا قاتل کو عرش کے نقل کی یہ ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے (٤) **ترجمہ** اور روایت ہی ابو امامہ بیٹے سہل بیٹے حنیف کے سے کہ عثمان بن عفان چڑھے مکان بلند پر دن دار[1] کے اور کہا قسم دیتا ہوں میں تمکو اللہ کی آیا جانتے ہو تم یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی نہیں حلال ہوتی ہی خونریزی شخص مسلمان کی مگر بسبب ایک بات کے تین باتوں میں سے زنا کرنا پیچھے نکاح کرنیکے یا کفر کرنا پیچھے اسلام کے یا جان مارنی ناحق پس مارا جاویگا بدلا اُسکے میں پس قسم ہے خدا کی نہیں زنا کیا میں نے جاہلیت میں اور نہ اسلام میں اور نہ مرتد ہوا میں جب سے کہ بیعت کی میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور نہ قتل کیا میں نے کسی جان کو کہ حرام کیا اللہ تعالیٰ نے قتل کرنا اُسکا پس کس سبب سے قتل کرتے ہو تم مجھ کو نقل کی یہ ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور واسطے دارمی کے ہیں لفظ حدیث کے (٥) **ترجمہ** اور روایت ہی ابو درداء سے کہ نقل کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا ہمیشہ رہتا ہی مسلمان جلدی[2] کرنیوالا اور نیکی کرنیوالا جب تک کہ نہ پہونچے خون حرام کو پس جب پہونچا خون حرام کو تہک جاتا ہی نقل کی یہ ابو داؤد نے (٦) **ترجمہ** اور روایت ہی ابو درداء سے کہ نقل کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو گناہ ہی امید ہی اللہ سے کہ بخشدے اُسکو مگر گناہ اُس شخص کا کہ مری مشرک یا گناہ اُس شخص کا کہ قتل کرے کسی مسلمان کو جانکر[3] نقل کی یہ ابو داؤد اور نقل کی نسائی نے معاویہ سے (٧) **ترجمہ** روایت ہی ابن عباس سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ قائم کی جاویں حدیں مسجدوں میں اور نہ قصاص[4] لیا جاوے بدلے اولاد کے باپ سے نقل کی یہ ترمذی اور دارمی نے (٨) **ترجمہ** اور روایت ہی ابی رمثہ سے کہ کہا آیا میں

[1] دن دار کے دار کہتے ہیں گھر کو یعنے جن دنوں میں کہ بلوائیوں نے حضرت عثمانؓ کو انکے گھر میں گھیرا اُن دنوں کو یوم الدار کہتے ہیں انہیں دنوں میں حضرت عثمانؓ نے اپنے گھر کے اوپر چڑھ کر یہ فرمایا ۱۲ م [2] جلدی کرنیوالا یعنے طرف نیکی کی ۱۲ [3] جانکر الخ اہل سنت وجماعت کا یہ مذہب ہے کہ گناہ قتل کا بخشا جاویگا بعد عذاب شدید پانیکے مدت دراز تک بنظر اس آیت کے ویغفر ما دون ذلک اور یہ حدیث محمول ہے تشدید اور تغلیظ پر یعنے بڑا سخت گناہ ہے ۱۲ [4] نہ قصاص لیا جاوے بدلے اولاد کے باپ سے یعنے اگر باپ اپنی اولاد کو مار ڈالے تو باپ کو اُسکے بدلے مارنا جائز نہیں یہ مذہب امام ابو حنیفہ اور شافعی اور احمد کا ہے اور اگر ذبح کرے تو اُسکو بدلے باپ کو مارا جاوے لیکن اتفاق ہے اماموں کا اس پر کہ اگر بیٹا ماں باپ کو مار ڈالے تو اُسکو اُنکے بدلے قتل کیا جاوے ۱۲ مرقاۃ

رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ اَبِيْ فَقَالَ مَنْ هٰذَا الَّذِيْ مَعَكَ قَالَ اِبْنِيْ اَشْهَدُ بِهٖ قَالَ اَمَا اِنَّهٗ لَا يَجْنِيْ عَلَيْكَ وَلَا تَجْنِيْ عَلَيْهِ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَزَادَ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ فِيْ اَوَّلِهٖ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ اَبِيْ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَاٰى اَبِي الَّذِيْ بِظَهْرِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ دَعْنِيْ اُعَالِجُ الَّذِيْ بِظَهْرِكَ فَاِنِّيْ طَبِيْبٌ فَقَالَ اَنْتَ رَفِيْقٌ وَاللهُ الطَّبِيْبُ (٩) **وَعَنْ** عَمْرِو ابْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ قَالَ حَضَرْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقِيْدُ الْاَبَ مِنِ ابْنِهٖ وَلَا يُقِيْدُ الْاِبْنَ مِنْ اَبِيْهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَضَعَّفَهٗ (١٠) **وَعَنِ** الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَتَلَ عَبْدَهٗ قَتَلْنَاهُ وَمَنْ جَدَعَ عَبْدَهٗ جَدَعْنَاهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَزَادَ النَّسَائِيُّ فِيْ رِوَايَةٍ اُخْرٰى وَمَنْ خَصٰى عَبْدَهٗ خَصَيْنَاهُ (١١) **وَعَنْ** عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَتَلَ مُتَعَمِّدًا دُفِعَ اِلٰى اَوْلِيَاءِ الْمَقْتُوْلِ فَاِنْ شَاؤُوْا قَتَلُوْا وَاِنْ شَاؤُوْا اَخَذُوا الدِّيَةَ وَهِيَ ثَلٰثُوْنَ حِقَّةً وَثَلٰثُوْنَ جَذَعَةً وَاَرْبَعُوْنَ خَلِفَةً وَمَا صَالَحُوْا عَلَيْهِ فَهُوَ لَهُمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ (١٢) **وَعَنْ** عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْلِمُوْنَ تَتَكَافَأُ دِمَاؤُهُمْ وَيَسْعٰى بِذِمَّتِهِمْ اَدْنَاهُمْ وَيَرُدُّ عَلَيْهِمْ اَقْصَاهُمْ وَهُمْ يَدٌ عَلٰى مَنْ سِوَاهُمْ اَلَا لَا يُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ وَلَا ذُوْ عَهْدٍ فِيْ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اپنے باپ کے ساتھ پس فرمایا کون ہے یہ تیرے ساتھ کہا کہ یہ بیٹا میرا ہے گواہ رہو ساتھ اسکے فرمایا خبردار رہ کہ یہ نہیں گناہ کریگا تجھ پر اور نہ تو گناہ کریگا اوپر اسکے نقل کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے اور زیادہ کیا صاحب مصابیح نے شرح السنہ میں بیچ اول حدیث کے اس عبارت کو کہا ابورمثہ نے گیا میں ساتھ باپ اپنے کے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس دیکھی میرے باپ نے مہر نبوت کہ پشت پر تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پس کہا باپ میرے نے چھوڑ دو مجھ کو علاج کروں میں اس چیز کا کہ تمہاری پشت میں ہے پس تحقیق میں طبیب ہوں پس فرمایا حضرت نے کہ تو رفیق ہے اور اللہ طبیب ہے (٩) **ترجمہ** اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے انہوں نے نقل کی اپنے دادا سے اُس نے نقل کی سراقہ بن مالک سے کہا حاضر ہوا میں پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس قصاص لیتے تھے باپ کا بیٹے اُسکے سے اور نہ قصاص لیتے تھے بیٹے کا باپ اُسکے سے نقل کی یہ ترمذی نے اور ضعیف کہا اسکو (١٠) **ترجمہ** اور روایت ہے حسن بصری سے کہ نقل کی سمرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ قتل کرے اپنے غلام کو قتل کرینگے ہم اسکو اور جو شخص کاٹے عضا غلام کے تو اعضا کاٹیں گے ہم اُسکے نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور زیادہ کیا نسائی نے اور روایت میں کہ جو کوئی خوجہ کرے اپنے غلام کو خوجہ کرینگے ہم اسکو (١١) **ترجمہ** اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی انہوں نے باپ سے اُس نے اپنے دادا سے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ قتل کرے جان بوجھ کر حوالہ کیا جاوے طرف وارثان مقتول کے پس اگر چاہیں مار ڈالیں اور اگر چاہیں لیویں دیت اور دیت یہ ہے تیس اونٹنیاں کہ چوتھے برس میں لگی ہوں اور تیس اونٹنیاں کہ پانچویں برس میں لگی ہوں اور چالیس اونٹنیاں حاملہ اور جس چیز پر صلح کریں پس وہ واسطے اُنکے ہے نقل کی یہ ترمذی نے (١٢) **ترجمہ** اور روایت ہے علی سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا مسلمان آپس میں برابر ہیں قصاص لینے میں اور دیت میں اور سعی کرتا ہے ساتھ ذمے انکے ادنی انکا اور رد کرتا ہے اُنپر جو بہت دور ہو اُنسے اور مسلمان حکم ایک ہاتھ کا رکھتے ہیں اوپر اُن لوگوں کے کہ سوا انکے ہیں خبردار ہو کہ نہ مارا جاوے مسلمان بدلے کافر کے اور نہ مارا جاوے عہد والا بیچ

اے گواہ رہو ساتھ اسکے یعنی	

اگر مجھ سے کوئی گناہ مانند قتل وغیرہ کے ہو جاوے تو اس سے مواخذہ کیا جاوے جیسے کہ جاہلیت کے زمانے میں باپ بیٹا ایک دوسرے کے گناہ کے بدلے پکڑا جاتا تھا تو حضرت نے انکار کیا کہ ایک کے گناہ کے بدلے دوسرے کو پرسش نہ ہوگی دنیا اور آخرت میں ١٢ م ٢ **ف** میں طبیب ہوں یعنی انہوں نے آنحضرت کو اسکا دعوی پسند نہ آیا اسلیے فرمایا کہ تم رفیق ہو یعنی علاج کرنے میں مہربانی کرتے ہو حقیقت میں مرض کا دور کرنا اللہ ہی کا کام ہے ١٢ م ٣ **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آزاد قتل کیا جاوے بدلے غلام کے اگرچہ اپنا ہو یہ قول نخعی اور سفیان ثوری کا ہے اور تینوں اماموں کے نزدیک آزاد کو غلام کے بدلے قتل کرنا جائز نہیں اگرچہ غیر کا غلام ہو بسبب اس آیت کے الحر بالحر الخ اور روضہ میں کہا کہ یہ خلاف غیر کے غلام میں ہے اور اپنے غلام کے بدلے سردار کو مارنا بالاجماع جائز نہیں ١٢ م مرقاۃ در روضہ **ف** میری بات یہ ہے کہ خواہ معاف کر دی چنانچہ ابو شریح کی حدیث میں اسکا ذکر آتا ہے ١٢ **ف** مسلمان برابر ہیں الخ یعنی سید اور ادنی اشراف کے درمیان کچھ فرق نہیں قصاص اور دیت میں سب برابر ہیں چنانچہ سید کی دیت بھی وہی ہے جو ادنی کی دیت ہے بیس ڈالا جاوے گا سید بدلے جولاہے کے ١٢ **ف** اور سعی کرتا ہے ساتھ ذمے کے ادنی انکا یعنی اگر ادنی مسلمان جیسے عورت یا غلام کسی کافر کو امن دیوے تو سب مسلمان انکو پناہ دیویں اُس کے

عَمْدِہٖ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَرَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ (۱۳) وَعَنْ اَبِیْ شُرَیْحٍ الْخُزَاعِیِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ اُصِیْبَ بِدَمٍ اَوْ خَبْلٍ وَالْخَبْلُ الْجُرْحُ فَھُوَ بِالْخِیَارِ بَیْنَ اِحْدٰی ثَلٰثٍ فَاِنْ اَرَادَ الرَّابِعَۃَ فَخُذُوْا عَلٰی یَدَیْہِ بَیْنَ اَنْ یَّقْتَصَّ اَوْ یَعْفُوَ اَوْ یَاْخُذَ الْعَقْلَ فَاِنْ اَخَذَ مِنْ ذٰلِکَ شَیْئًا ثُمَّ عَدَا بَعْدَ ذٰلِکَ فَلَہُ النَّارُ خَالِدًا فِیْھَا مُخَلَّدًا اَبَدًا رَوَاہُ الدَّارِمِیُّ (۱۴) وَعَنْ طَاؤُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قُتِلَ فِیْ عِمِّیَّۃٍ فِیْ رَمْیٍ یَکُوْنُ بَیْنَھُمْ بِالْحِجَارَۃِ اَوْ جَلْدٍ بِالسِّیَاطِ اَوْ ضَرْبٍ بِعَصًا فَھُوَ خَطَاٌ وَعَقْلُہٗ عَقْلُ الْخَطَاِ وَمَنْ قُتِلَ عَمْدًا فَھُوَ قَوَدٌ وَمَنْ حَالَ دُوْنَہٗ فَعَلَیْہِ لَعْنَۃُ اللّٰہِ وَغَضَبُہٗ لَا یُقْبَلُ مِنْہُ صَرْفٌ وَّلَا عَدْلٌ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ (۱۵) وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا اُعْفِیْ مَنْ قَتَلَ بَعْدَ اَخْذِ الدِّیَۃِ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ (۱۶) وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَا مِنْ رَجُلٍ یُصَابُ بِشَیْءٍ فِیْ جَسَدِہٖ فَتَصَدَّقَ بِہٖ اِلَّا رَفَعَہُ اللّٰہُ بِہٖ دَرَجَۃً وَّحَطَّ عَنْہُ خَطِیْئَۃً رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

(۱) عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَتَلَ نَفَرًا خَمْسَۃً اَوْ سَبْعَۃً بِرَجُلٍ وَّاحِدٍ قَتَلُوْہُ قَتْلَ غِیْلَۃٍ وَّقَالَ عُمَرُ لَوْ تَمَالَاَ عَلَیْہِ اَھْلُ صَنْعَاءَ لَقَتَلْتُھُمْ جَمِیْعًا رَوَاہُ مَالِکٌ وَرَوَی الْبُخَارِیُّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ نَحْوَہٗ (۲) وَعَنْ جُنْدُبٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ فُلَانٌ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَجِیْءُ الْمَقْتُوْلُ بِقَاتِلِہٖ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فَیَقُوْلُ سَلْ ھٰذَا فِیْمَ قَتَلَنِیْ فَیَقُوْلُ

عمد لینے کی نقل کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے اور نقل کی ابن ماجہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے (۱۳) ترجمہ اور روایت ہے ابو شریح خزاعی رضی اللہ عنہ سے کہ کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو شخص کہ مصیبت زدہ ہو ساتھ خون کے یا زخم کے پس ولی اسکا مختار ہے درمیان ایک کے تین چیزوں میں سے پس اگر چاہے چوتھی چیز پس پکڑو ہاتھ اسکا بدلہ لے یا معاف کرے یا لیوے دیت پس اگر لی ان چیزوں میں کوئی چیز پھر زیادتی کی پیچھے اسکے پس واسطے اسکے ہے آگ ہمیشہ رہنے والا ہوگا اسمیں ہمیشہ کہا گیا کبھی نہیں نکلنے کا نقل کی یہ دارمی نے (۱۴) ترجمہ اور روایت ہے طاؤس سے کہ نقل کی ابن عباس سے انہوں نے نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو شخص کہ مارا جاوے بیچ اندھا دھند کے بیچ پتھراؤ کے کہ ہووے درمیان انکے ساتھ پتھروں کے یا مارا جاوے ساتھ مارنے کوڑوں کے یا ساتھ مارنے لکڑیوں کے پس قتل بیچ حکم قتل خطا کے ہے اور دیت اسکی دیت خطا کی ہے اور جو شخص کہ مارا گیا جان بوجھ کر پس وہ قتل موجب قصاص کا ہے اور جو شخص کہ حائل ہو درمیان قصاص لینے کے پس اوسپر ہے لعنت اللہ کی اور غضب اسکا نہ قبول کیا جاویگا اس سے نفل اور نہ فرض نقل کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے (۱۵) ترجمہ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ چھوڑونگا میں اس شخص کو کہ قتل کرے پیچھے لینے دیت کی نقل کی یہ ابوداؤد نے (۱۶) ترجمہ اور روایت ہے ابو درداء سے کہ کہا سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے نہیں کوئی شخص کہ زخمی کیا گیا کچھ بیچ بدن اپنے کے پھر معاف کیا زخمی کرنیوالے سے مگر کہ بلند کرتا ہے اسکا اللہ سبب اسکے ایک درجہ اور دور کرتا ہے اس سے ایک گناہ نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے فصل تیسری (۱) ترجمہ روایت ہے سعید بن مسیب سے یہ کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے قتل کیا ایک جماعت کو کہ پانچ تھے یا سات تھے بدلے قتل کرنے ایک شخص کے کہ قتل کیا تھا سب نے اسکو قتل خفیہ فریب دیکر اور فرمایا عمر رضی اللہ عنہ نے اگر حملہ کرتے اسپر صنعا والے تو البتہ قتل کرتا میں ان سب کو نقل کی یہ مالک نے اور نقل کی بخاری نے ابن عمر سے مانند اسکی (۲) ترجمہ اور روایت ہے جندب سے کہ کہا حدیث کی مجھ کو فلانے نے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لاوے گا قتل کیا گیا اپنے قاتل کو دن قیامت کے اور کہے گا پوچھ اس سے کہ کس سبب قتل کیا مجھ کو پس وہ کہے گا

ف کبھی نہیں نکلنے کا سدا رہنے کا بیان مذکور ہو چکا ۱۲ ف بیچ اندھا دھند کے مطلب یہ ہے کہ مشتبہ ہو امر اسکا اور معلوم نہو قاتل اور مراد یہ ہے کہ قتل ساتھ بھاری چیز کے موجب دیت کا ہے نہ قصاص کا امام ابو حنیفہ کے نزدیک مراد مطلق پتھر ہیں بھاری ہوں یا ہلکے اور شافعی وغیرہ کے نزدیک ہلکی لکڑی پتھر وغیرہ مراد ہیں ۱۲ ف نہ چھوڑونگا یعنی بلکہ قصاص لونگا اس سے ۱۲ ف معاف کیا یعنے بدلا نہ لیا اور بخشدیا اسکو اور صبر کیا تقدیر الٰہی پر ۱۲ ف جو مارا گیا انہوں نے اسکو اہل غیلہ کا قتل یہ ہے کہ کسی شخص کے ساتھ دھوکا کریں اور اسکو تنہائی میں لیجا کر مار ڈالیں اس طرح کہ مارنیوالا کوئی معلوم نہ ہو ۱۲ ف تو قتل کرتا میں ان سب کو اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر ایک شخص کے قتل کرنے میں کئی آدمی شریک ہوں تو سب کو قتل کرنا چاہیے اور صنعا کو خاص اسلیئے ذکر کیا کہ وہاں رہنیوالے صنعا کے رہنے والے ہونگے یا ایک مشکل ہے عرب کے نزدیک کثرت کے بیان کرنے میں اور صنعا ایک قصبہ ہے یمن کا

فَقَتَلَهُ عَلٰى مُلْكِ فُلَانٍ قَالَ جُنْدُبٌ فَاتَّقِهَا رَوَاهُ النَّسَائِیُّ (۳) وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَعَانَ عَلٰى قَتْلِ مُؤْمِنٍ شَطْرَ كَلِمَةٍ لَقِیَ اللّٰهَ مَكْتُوْبٌ بَیْنَ عَیْنَیْهِ آیِسٌ مِّنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ (۴) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَمْسَكَ الرَّجُلُ الرَّجُلَ وَقَتَلَهُ الْاٰخَرُ یُقْتَلُ الَّذِیْ قَتَلَ وَیُحْبَسُ الَّذِیْ اَمْسَكَ رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِیُّ

بَابُ الدِّیَاتِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

(۱) عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هٰذِهٖ وَهٰذِهٖ سَوَاءٌ یَعْنِی الْخِنْصَرَ وَالْاِبْهَامَ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ (۲) وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ جَنِیْنِ امْرَاَةٍ مِّنْ بَنِیْ لِحْیَانَ سَقَطَ مَیِّتًا بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ ثُمَّ اِنَّ الْمَرْاَةَ الَّتِیْ قُضِیَ عَلَیْهَا بِالْغُرَّةِ تُوُفِّیَتْ فَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِاَنَّ مِیْرَاثَهَا لِبَنِیْهَا وَزَوْجِهَا وَالْعَقْلَ عَلٰى عَصَبَتِهَا مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ (۳) وَعَنْهُ قَالَ اقْتَتَلَتِ امْرَاَتَانِ مِنْ هُذَیْلٍ فَرَمَتْ اِحْدٰهُمَا الْاُخْرٰى بِحَجَرٍ فَقَتَلَتْهَا وَمَا فِیْ بَطْنِهَا فَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ دِیَةَ جَنِیْنِهَا غُرَّةٌ عَبْدٌ اَوْ وَلِیْدَةٌ وَقَضٰى بِدِیَةِ الْمَرْاَةِ عَلٰى عَاقِلَتِهَا وَوَرَّثَهَا وَلَدَهَا وَمَنْ مَّعَهُمْ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ (۴) وَعَنِ الْمُغِیْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اَنَّ امْرَاَتَیْنِ كَانَتَا ضَرَّتَیْنِ فَرَمَتْ اِحْدٰهُمَا الْاُخْرٰى

کہ قتل کیا مینے اسکو فلانے شخص کی سلطنت مین کہا جندبؓ نے کہ پس بچ تو اس سے نقل کی یہ نسائی نے (۳) **ترجمہ** اور روایت ہی ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ مدد کرے اوپر قتل کرنے مومن کے ساتھ آدہے کلمہ کے ملاقات کریگا اللہ تعالیٰ سے اس حال مین کہ لکھا ہوگا درمیان دونو آنکھون اُسکی کے یہ نا امید ہی اللہ کی رحمت سے نقل کی یہ ابن ماجہ نے (۴) **ترجمہ** اور روایت ہی ابن عمرؓ سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جسوقت کہ پکڑے کوئی شخص کسیکو اور قتل کرے اسکو اور شخص تو قتل کیا جاوے وہ شخص کہ جسنے قتل کیا اور قید کیا جاوے وہ شخص کہ جسنے پکڑا نقل کی یہ دارقطنی نے **باب** ہے بیچ بیان دیتون کے **فصل پہلی** (۱) **ترجمہ** روایت ہی ابن عباسؓ سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا دیت اسکی اور اسکی برابر ہے یعنے چھنگلیا اور انگوٹھے کی نقل کی یہ بخاری نے (۲) **ترجمہ** اور روایت ہی ابوہریرہؓ سے کہ کہا حکم کیا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیچ بچے پیٹ ایک عورت کے بنی لحیان مین سے کہ گر پڑا مردہ ہوکر ساتھ غرہ کے اور مراد غرہ سے غلام یا لونڈی ہے پھر تحقیق وہ عورت کہ حکم کیا گیا تھا اُسپر ساتھ غرہ کے مرگئی پس حکم فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میراث اُسکی اُسکے بیٹون کے لیے اور اسکے خاوند کے لیے ہی اور حکم فرمایا کہ دیت اُسکے عصبون پر ہے متفق علیہ (۳) **ترجمہ** اور روایت ہی ابوہریرہؓ سے کہ کہا لڑین دو عورتین قوم ہذیل مین سے پس مارا ایک نے اُن مین سے دوسری کو ساتھ پتھر کے پس جان سے مار ڈالا اسکو اور بچہ کو کہ اُسکے پیٹ مین تھا پس حکم کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق دیت بچہ اسکی کی کہ بیچ پیٹ اُسکے کے مراد غرہ ہی غلام یا لونڈی اور حکم کیا ساتھ دیت عورت کے کہ قتل کی گئی اوپر قوم اُس عورت کے کہ قتل کیا اُسنے اور وارث کیا دیت اُسکی کا اولاد اسکی کو اور اُنکو کہ ساتھ اولاد کے تھے متفق علیہ (۴) **ترجمہ** اور رواۃ ہی مغیرہ بن شعبہؓ سے یہ کہ دو عورتین تھین آپس مین سوکنین

پس مارا ایک نے اُن دونو مین سے دوسری کو

لہ فلانے شخص کی سلطنت مین یعنے فلان بادشاہ کے عہد مین بسبب مددگی کے مینے اسکو قتل کیا کہا طیبی نے جندب نصیحت کرتا تھا ایک بادشاہ کو کہ مدد نکرے کسی ظالم کی ۱۲ مرقاۃ **ٹہ** ساتھ آدہے کلمہ کے یعنے مثلاً اُقتُل پورا نہ کہا اُق کہا یہ محمول ہے تغلیظ پر یا حلال جاننے پر ۱۲ مرقاۃ **ٹہ** جسوقت الخ کہا مالک نے اگر پکڑ رکھے اسکو اور وہ جانتا ہے کہ اسکا ارادہ قتل کا ہے تو وہ روکنے والا بھی قتل کیا جاوے اور اگر اسکا ارادہ صرف زدوکوب ہے تو قاتل قتل کیا جاوے اور پکڑ رکھنے والے کو سخت سزا دیجاوے اور ایک سال قید کیا جاوے انتہے کہا علی قاری نے اور یہ عمدہ تفصیل ہے اور عقل کے اوپر یہ مخفی نہین ہے کہا طیبی نے اگر کوئی کسیکو روکے رکھے اور دوسرا اُسکو مار ڈالے تو روکنے والے کو مارا نہ جاوے گا جیسے کسینے کسی عورت کو روک رکھا یہانتک کہ دوسرے نے اُس سے زنا کیا تو اس روکنے والے پر حد نہین ہے ۱۲ مرقاۃ **ٹہ** بیچ بیان دیتون کے دیت اُس مال کو کہتے ہین جو دیا جاتا ہے بدلے قتل کرنے نفس کے یا ناقص کرنے کسی عضو کے ۱۲ شیخ دملتقے **ٹہ** برابر ہے آدمی کا پورا خون بہا ہزار دینار یا دس ہزار درم یا سو اونٹ ہے اور انگلی کا خون بہا دسواں حصہ ہے پوری دیت کا یعنے سو دینار یا ہزار درم یا دس اونٹ خلاصہ یہ کہ دیت سب انگلیون کی برابر ہے چھوٹی ہو یا بڑی ۱۲ ترجمہ مشارق ص ۳۷ **ٹہ** حکم کیا الخ یعنے اس عورت مارنیوالی کے عاقلہ پر ۱۲ **ٹہ** اُسپر یعنے اسکو عاقلہ یا وہ وارث نہین ہوتے اور دیت دینے سے ارث لازم نہین آتی وارث اور لوگ ہین ۱۲ عبدالحق **ٹہ** اور بچہ کو بھی اگلی روایت مین ہے کہ خیمہ کی لکڑی سے مارا مراد چھوٹا پتھر ہے اور چھوٹی لکڑی جیسے آگے

بِحَجَرٍ اَوْ عَمُوْدِ فُسْطَاطٍ فَاَلْقَتْ جَنِيْنَهَا فَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنِيْنِ غُرَّةً عَبْدًا اَوْ اَمَةً وَجَعَلَهٗ عَلٰى عَصَبَةِ الْمَرْاَةِ هٰذِهٖ رِوَايَةُ التِّرْمِذِيِّ وَفِيْ رِوَايَةِ مُسْلِمٍ قَالَ ضَرَبَتِ امْرَاَةٌ ضَرَّتَهَا بِعَمُوْدِ فُسْطَاطٍ وَهِيَ حُبْلٰى فَقَتَلَتْهَا قَالَ وَاِحْدٰهُمَا لِحْيَانِيَّةٌ قَالَ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيَةَ الْمَقْتُوْلَةِ عَلٰى عَصَبَةِ الْقَاتِلَةِ وَغُرَّةً لِمَا فِيْ بَطْنِهَا

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

(۱) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اِنَّ دِيَةَ الْخَطَاءِ شِبْهِ الْعَمْدِ مَا كَانَ بِالسَّوْطِ وَالْعَصَا مِائَةٌ مِّنَ الْاِبِلِ مِنْهَا اَرْبَعُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهَا اَوْلَادُهَا رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ عَنْهُ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ لَفْظُ الْمَصَابِيْحِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ (۲) وَعَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى اَهْلِ الْيَمَنِ وَكَانَ فِيْ كِتَابِهٖ اَنَّ مَنِ اعْتَبَطَ مُؤْمِنًا قَتْلًا فَاِنَّهٗ قَوَدُ يَدِهٖ اِلَّا اَنْ يَّرْضٰى اَوْلِيَاءُ الْمَقْتُوْلِ وَفِيْهِ اَنَّ الرَّجُلَ يُقْتَلُ بِالْمَرْاَةِ وَفِيْهِ فِي النَّفْسِ الدِّيَةُ مِائَةٌ مِّنَ الْاِبِلِ وَعَلٰى اَهْلِ الذَّهَبِ اَلْفُ دِيْنَارٍ وَفِي الْاَنْفِ اِذَا اُوْعِبَ جَدْعُهُ الدِّيَةُ مِائَةٌ مِّنَ الْاِبِلِ وَفِي الْاَسْنَانِ الدِّيَةُ وَفِي الشَّفَتَيْنِ الدِّيَةُ وَفِي الْبَيْضَتَيْنِ الدِّيَةُ وَفِي الذَّكَرِ الدِّيَةُ وَفِي الصُّلْبِ الدِّيَةُ وَفِي الْعَيْنَيْنِ

ساتھ پتھر کے یا چوب خیمہ کے پس گرادیا اُسکے پیٹ کا بچہ کو پس حکم فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ بچہ کے غرہ غلام یا لونڈی اور واجب کیا اُسکو اوپر عصبہ عورت مارنیوالی کے یہ روایت ترمذی کی ہے اور بیچ روایت مسلم کے یون ہو کہ کہا مغیرہ نے کہ مارا ایک عورت نے اپنی سوکن کو ساتھ چوب خیمہ کے اور وہ تھی حاملہ پس مار ڈالا اُس عورت نے اپنی سوکن حاملہ کو کہا مغیرہ نے اور ایک ان مین سے تھی لحیانی کہا پس مقرر کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیت عورت قتل کی گئی کی اوپر عاقلہ عورت مار ڈالنے والی کے اور غرہ واسطے اُس چیز کے کہ بیچ پیٹ اُسکے کے تھی **فصل دوسری** (۱) **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خبردار ہو کہ تحقیق دیت قتل خطائی کہ شبہ عمد ہے کہ ساتھ کوڑے اور عصا کی ہو سو اونٹ ہین اُن مین چالیس ایسے ہون کہ انکے پیٹوں مین بچے انکے ہون نقل کی یہ نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور نقل کی ابوداؤد نے ابن عمرو سے اور ابن عمر سے اور شرح السنہ مین لفظ مصابیح کے ہین ابن عمر سے (۲) **ترجمہ** اور روایت ہے ابوبکر بیٹے محمد بیٹے عمرو بیٹے حزم کے سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اور اُسکے باپ نے نقل کی اُسکے دادا سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نامہ لکھا طرف یمن والون کے اور تھا بیچ نامہ حضرت کے یہ کہ جو شخص مار ڈالے بے تقصیر کسی مسلمان کو مار ڈالنا پس تحقیق وہ قصاص ہاتھ اپنے کا ہے مگر یہ کہ راضی ہو جاوین وارث مقتول کے اور اُس نامہ مین یہ بھی تھا کہ قتل کیا جاوے مرد بدلے عورت کے اور اُسمین یہ بھی تھا کہ بیچ مار ڈالنے جان کے دیت ہے سو اونٹ اور اوپر سونا رکھنے والون کے ہزار دینار اور بیچ ناک کے جسوقت کہ پوری کاٹی جاوے دیت ہے سو اونٹ اور بیچ دانتوں کے کہ سب توڑے جاوین دیت پوری ہے اور بیچ ہونٹوں کے کہ کاٹے جاوین پوری دیت ہے اور بیچ دونوں خصیوں کے کہ کاٹے جاوین دیت ہے اور بیچ کاٹنے آلت کے دیت ہے اور بیچ توڑنے پیٹھ کی ہڈی کے دیت ہے اور بیچ پھوڑنے دونوں آنکھوں کے

ف یہ روایت ترمذی کی ہے یہ اعتراض ہے صاحب مصابیح پر کہ یہ حدیث کو صحاح مین لایا ۱۲ ف لحیان مین کی الخ یہ ایک بطن ہے قبیلہ ہذیل سے ۱۲ ف اتفاق ہے علما کا اسپر کہ پیٹ کے بچہ کی دیت جو مارے گر پڑے خواہ نر ہو خواہ مادہ ایک غرہ ہے غلام یا لونڈی یہ اُس صورت مین ہے جب بچہ پیٹ ہی سے مردہ نکلے اور جو زندہ نکلے اور مار کے اثر سے پھر مر جاوے تو اُسکی پوری دیت یا قصاص واجب ہوگا ۱۲ نووی صفحہ ۶۲ جلد ۲ ف کہ شبہ عمد ہے جمہور علما کا یہ قول ہے کہ قتل تین قسم پر ہے عمد اور خطا اور شبہ عمد عمد مین تو قصاص ہے اور خطا مین دیت ہے اور شبہ عمد مین دیت مغلظہ ہے یعنی وہ سو اونٹ جنمین چالیس حاملہ اونٹنیاں ہون اور اس حدیث مین شبہ عمد کی دیت کا بیان ہے قتل عمد یہ ہے کہ کوئی دوسرے کو بارادہ قتل کسی ہتیار یا ایسی بھاری پتھر یا لکڑی سے مارے جس سے آدمی اکثر مر جاتا ہے اور قتل خطا یہ ہے کہ انسان مارنا کسی اور کو چاہتا تھا لیکن ہتیار دوسرے کسیکو لگ گیا بلا ارادہ یا آدمی کو دور سے جانور سمجھ کر مارا اور شبہ عمد یہ ہے کہ اُس چیز سے عمدا مارے بہ نیت قتل جس سے آدمی عادۃً نہین مرتا جیسے چھڑی کوڑا سوئی وغیرہ ۱۲ روضہ ندیہ صفحہ ۲۳۹ ف جنکے پیٹوں مین اولاد انکی ہو اصل دیت سو اونٹ یا سو گائین یا دو ہزار بکریان یا ہزار دینار یا بارہ ہزار درم ہین یا دو سو جوڑے کپڑے اور عمد اور شبہ عمد کی دیت مغلظ ہے اور وہ یہ ہے کہ سو اونٹوں مین چالیس حاملہ اونٹنیاں ہون ۱۲ ف مار ڈالنا یعنے عمدا ۱۲ حق ف وہ قصاص اپنے ہاتھ کا ہے یعنے قتل کیا جاوے بدلے فعل اور تقصیر کے کہ اپنے ہاتھ سے کی ۱۲ حق ف مگر یہ کہ راضی ہون ساتھ لینے دیت کے یا معاف کر دینے کے تو نہ قتل کیا جاوے ۱۲ ف دیت مین سو اونٹ یعنے جسکے پاس اونٹ ہون وہ بحسب تفصیل مذکور سو اونٹ دیوے ۱۲ ف اور بیچ پھوڑنے دونوں آنکھوں کے الخ قطع اعضا کے باب مین اصل ضابطہ یہ ہے کہ اگر زائل کرے تمام و کمال جنس منفعت

الدِّيَةُ وَفِي الرِّجْلِ الْوَاحِدَةِ نِصْفُ الدِّيَةِ وَفِي الْمَأْمُومَةِ ثُلُثُ الدِّيَةِ وَفِي الْجَائِفَةِ ثُلُثُ الدِّيَةِ وَفِي الْمُنَقِّلَةِ خَمْسَ عَشْرَةَ مِنَ الْإِبِلِ وَفِي كُلِّ إِصْبَعٍ مِنْ أَصَابِعِ الْيَدِ وَالرِّجْلِ عَشْرٌ مِنَ الْإِبِلِ وَفِي السِّنِّ خَمْسٌ مِنَ الْإِبِلِ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَفِي رِوَايَةِ مَالِكٍ وَفِي الْعَيْنِ خَمْسُونَ وَفِي الْيَدِ خَمْسُونَ وَفِي الرِّجْلِ خَمْسُونَ وَفِي الْمُوضِحَةِ خَمْسٌ (۳) **وَعَنْ** عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَوَاضِحِ خَمْسًا خَمْسًا مِنَ الْإِبِلِ وَفِي الْأَسْنَانِ خَمْسًا خَمْسًا مِنَ الْإِبِلِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ الْفَصْلَ الْأَوَّلَ (۴) **وَعَنْ** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَصَابِعَ الْيَدَيْنِ وَالرِّجْلَيْنِ سَوَاءً رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ (۵) **وَعَنْهُ** قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَصَابِعُ سَوَاءٌ وَالْأَسْنَانُ سَوَاءٌ الثَّنِيَّةُ وَالضِّرْسُ سَوَاءٌ هٰذِهِ وَهٰذِهِ سَوَاءٌ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ (۶) **وَعَنْ** عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ خَطَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ ثُمَّ قَالَ أَيُّهَا النَّاسُ لَا حِلْفَ فِي الْإِسْلَامِ وَمَا كَانَ مِنْ حِلْفٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَإِنَّ الْإِسْلَامَ لَا يَزِيدُهُ إِلَّا شِدَّةً الْمُؤْمِنُونَ يَدٌ عَلَى مَنْ سِوَاهُمْ يُجِيرُ عَلَيْهِمْ أَدْنَاهُمْ وَيَرُدُّ عَلَيْهِمْ أَقْصَاهُمْ يَرُدُّ سَرَايَاهُمْ عَلَى قَعِيدَتِهِمْ لَا يُقْتَلُ مُؤْمِنٌ بِكَافِرٍ دِيَةُ الْكَافِرِ نِصْفُ دِيَةِ الْمُسْلِمِ لَا جَلَبَ وَلَا جَنَبَ وَلَا تُؤْخَذُ صَدَقَاتُهُمْ إِلَّا فِي دُورِهِمْ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ دِيَةُ الْمُعَاهِدِ نِصْفُ

دیت ہے اور بیچ کاٹنے ایک پاؤں آدمی کے دیت ہی اور بیچ زخم پہونچنے پوست مغز سر کے تہائی دیت ہی اور بیچ زخم پیٹ کے تہائی دیت ہے اور بیچ زخم کے کہ ہڈی سرک گئی ہو پندرہ اونٹ ہین اور بیچ ہر انگلی کے انگلیون ہاتھ اور پاؤن کی ہے دس دس اونٹ ہین اور بیچ ہر دانت کے پانچ پانچ اونٹ ہین نقل کی یہ نسائی اور دارمی نے اور بیچ روایت مالک کے یہ ہے اور بیچ ایک آنکھ کے پچاس اونٹ ہین اور بیچ ایک ہاتھ کے پچاس اور بیچ ایک پاؤن کے پچاس اور بیچ زخم کے کہ ہڈی کھل گئی ہو پانچ اونٹ ہین (۳) ترجمہ اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اور اُس نے اپنے دادا سے کہ کہا حکم فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ زخمون کے کہ کھلجاوے ہڈی پانچ پانچ اونٹ ہین اور بیچ دانتون کے پانچ پانچ اونٹ ہین نقل کی یہ ابوداؤد اور نسائی اور دارمی نے اور روایت کیا ترمذی اور ابن ماجہ نے پہلا جملہ (۴) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباسؓ سے کہ کہا مقرر کین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے انگلیان دونو ہاتھون اور دونو پاؤن کی برابر نقل کی یہ ابوداؤد اور ترمذی نے (۵) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباسؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انگلیان برابر ہین اور دانت برابر ہین اگلے دانت اور ڈاڑھین برابر ہین یہ اور یہ برابر ہین نقل کی یہ ابوداؤد نے (۶) ترجمہ اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اور شعیب نے نقل کی اپنے دادا سے کہا خطبہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سال فتح مکہ کے پھر فرمایا اے لوگو تحقیق نہیں ہے پیدا کرنا عہد کا اسلام مین اور رہا عہد نیک جو جاہلیت مین تھا پس تحقیق اسلام نہیں زیادہ کرتا اُسکو مگر مضبوطی مسلمان حکم ایک ہاتھ کا رکھتے ہین اُن لوگون پر کہ سوا اُنکے ہین پناہ دیتا ہے اُنپر ادنی اُنکا اور پھیر تا ہے اُنپر جو بہت دور ہے اُنسے اور پھیرنے ہین لشکر اُنکے بیٹھے رہنے والون پر نہ قتل کیا جاوے مومن بدلے کافر کے اور دیت کافر کی آدھی دیت مسلمان کی ہے نہیں ہے کھینچ لانا زکوۃ کے مواشی کو اور نہ آگے جا رہنا مواشی والون کو اور نہ لیجاوے زکوۃ انکی مگر انہین کے گھرون مین سے اور ایک روایت مین کہا دیت عہد والے کی آدھی

ملہ اور بیچ زخم کی ہڈی کی موضحہ اس زخم کو کہتے ہین جو ہڈی کو کھول دیوے لیکن توڑے نہیں عربی مین اسکو موضحہ کہتے ہین ۱۲ حق ـ وردضہ ندیہ صلا ۲۱ علہ پہلا جملہ یعنی جس مین ذکر زخمون کا ہے ۱۲ حق ملہ یہ اور یہ برابر ہین یعنی چھنگلیا اور انگوٹھا برابر ہین اگرچہ انگوٹھے کو دو ہی جوڑ ہین اور چھنگلیا مین تین (مرقاۃ) خلاصہ یہ ہے کہ دیت سب انگلیون کی برابر ہے چھوٹی ہون یا بڑی ۱۲ ترجمہ شارق علہ نہیں ہے پیدا کرنا الخ کفار عرب کا دستور تھا کہ ایک قوم دوسری قوم کو ہم قسم ہوتی اور ایک دوسرے کے حق ناحق مین مدد کیا کرتی سو فرمایا کہ اسلام مین کفر کی قسم اور عہد و پیمان کا کچھ اعتبار نہیں لیکن مظلوم کی مدد کرنا اور حق بات کی تائید کرنا سو اسلام مین اسکی زیادہ تر تاکید ہے ۱۲ ترجمہ شارق صلا ۱۱۳ ھ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے اسپر عمل کیا ہے اور حنفیہ کے نزدیک دیت ذمی کی مانند دیت مسلمان کے ہے ۱۲ ع ع

دِيَةِ الْحُرِّ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ (۷) وَعَنْ خِشْفِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ دِيَةِ الْخَطَاءِ عِشْرِيْنَ بِنْتَ مَخَاضٍ وَعِشْرِيْنَ ابْنَ مَخَاضٍ ذُكُوْرٍ وَعِشْرِيْنَ بِنْتَ لَبُوْنٍ وَعِشْرِيْنَ جَذَعَةً وَعِشْرِيْنَ حِقَّةً رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالصَّحِيْحُ اَنَّهٗ مَوْقُوْفٌ عَلَى ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَخِشْفٌ مَجْهُوْلٌ لَا يُعْرَفُ اِلَّا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ وَرَوٰى فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدٰى قَتِيْلَ خَيْبَرَ بِمِائَةٍ مِّنْ اِبِلِ الصَّدَقَةِ وَلَيْسَ فِيْ اَسْنَانِ اِبِلِ الصَّدَقَةِ ابْنُ مَخَاضٍ اِنَّمَا فِيْهَا ابْنُ لَبُوْنٍ (۸) وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ كَانَتْ قِيْمَةُ الدِّيَةِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانَ مِائَةِ دِيْنَارٍ اَوْ ثَمَانِيَةَ اٰلَافِ دِرْهَمٍ وَدِيَةُ اَهْلِ الْكِتَابِ يَوْمَئِذٍ النِّصْفُ مِنْ دِيَةِ الْمُسْلِمِيْنَ قَالَ فَكَانَ كَذٰلِكَ حَتّٰى اسْتُخْلِفَ عُمَرُ فَقَامَ خَطِيْبًا فَقَالَ اِنَّ الْاِبِلَ قَدْ غَلَتْ قَالَ فَفَرَضَهَا عُمَرُ عَلٰى اَهْلِ الذَّهَبِ اَلْفَ دِيْنَارٍ وَعَلٰى اَهْلِ الْوَرِقِ اثْنَيْ عَشَرَ اَلْفًا وَعَلٰى اَهْلِ الْبَقَرِ مِائَتَيْ بَقَرَةٍ وَعَلٰى اَهْلِ الشَّاءِ اَلْفَيْ شَاةٍ وَعَلٰى اَهْلِ الْحُلَلِ مِائَتَيْ حُلَّةٍ قَالَ وَتَرَكَ دِيَةَ اَهْلِ الذِّمَّةِ لَمْ يَرْفَعْهَا فِيْمَا رَفَعَ مِنَ الدِّيَةِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ (۹) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ جَعَلَ الدِّيَةَ اثْنَيْ عَشَرَ اَلْفًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ (۱۰) وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَوِّمُ دِيَةَ الْخَطَاءِ عَلٰى اَهْلِ الْقُرٰى اَرْبَعَ مِائَةِ دِيْنَارٍ اَوْ عِدْلَهَا مِنَ الْوَرِقِ وَيُقَوِّمُهَا عَلٰى اَثْمَانِ الْاِبِلِ فَاِذَا غَلَتْ رَفَعَ فِيْ قِيْمَتِهَا وَاِذَا هَاجَتْ رُخْصٌ نَقَصَ مِنْ قِيْمَتِهَا وَبَلَغَتْ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَيْنَ اَرْبَعِ مِائَةِ دِيْنَارٍ اِلٰى ثَمَانِ مِائَةِ دِيْنَارٍ

دیت حر کی ہی نقل کی یہ ابوداؤد نی (۷) ترجمہ اور روایت ہی خشف[ؓ] بن مالک سی کہ نقل کی ابن مسعود[ؓ] سی کہ کہا حکم فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ دیت خطا کے بیس اونٹنیاں کہ دوسرے برس مین لگی ہون اور بیس اونٹ کہ دوسرے برس مین لگے ہون اور بیس اونٹنیاں کہ تیسرے برس مین لگی ہون اور بیس اونٹنیاں کہ پانچوین برس مین لگی ہون اور تیس اونٹنیاں کہ چوتھے برس مین لگی ہون نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے اور صحیح یہ ہے کہ یہ موقوف ہی ابن مسعود[ؓ] پر اور خشف مجہول ہے نہین پہچانا جاتا مگر ساتھ اس حدیث کے اور روایت کیا بغوی نے شرح السنہ مین یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیت دی اُس شخص کی کہ مارا گیا تہا خیبر مین ساتھ سو اونٹون کے زکوٰۃ کے اونٹون سی حالانکہ نہ تہی درمیان اونٹون زکوٰۃ کے اونٹ برس روز کے سوا اسکو نہین کہ اُن مین تہے دو برس کے اونٹ (۸) ترجمہ اور روایت ہی عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اور اُس نے نقل کی اپنے دادا سے کہ کہا تہی قیمت[۱] دیت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین آٹھ سو دینار یا آٹھ ہزار درم اور دیت اہل کتاب کی ان دنون مین تہی آدہی دیت مسلمان کی کہا اُسکے دادا نے پس تہا حکم اسیطرح سی یہانتک کہ خلیفہ کیے گئے عمر[ؓ] اور کہڑے ہو حضرت عمر[ؓ] خطبہ فرمانے پس کہا تحقیق اونٹ مہنگے ہو گئے کہا راوی نے ٹہیرائی دیت عمر[ؓ] نے اوپر دولتمند سونا رکہنے والونکے ہزار دینار اور اوپر دولتمند چاندی والون کے بارہ ہزار درہم اور گائے والون پر دو سو گائین اور بکری والون پہ دو ہزار بکریان اور جوڑے[۲] والون پر دو سو جوڑے کہا راوی نے اور چہوڑ دی عمر[ؓ] نے دیت ذمیون کی نہین زیادہ کیا اسکو ان دیتون مین کہ زیادہ کی نقل کی یہ ابوداؤد نی (۹) ترجمہ اور روایت ہی ابن عباس[ؓ] سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ حضرت[ؐ] نے ٹہیرائی دیت[۳] بارہ ہزار درہم نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور دارمی نے (۱۰) ترجمہ اور روایت ہی عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اور اُس نے اپنے دادا سے کہ کہا تہے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ٹہیراتے دیت خطا کی بستیون والون پر چار سو دینار یا برابر اُسکے چاندی[۴] مین سے اور قیمت ٹہیراتے دیت خطا کی اوپر مول اونٹون کی پس جسوقت مہنگے ہوتے اونٹ تو زیادہ کرتے بیچ قیمت دیت کے اور جب ظاہر ہوتی ارزانی اونٹون کی قیمت مین کم کرتے قیمت دیت کی اور پہونچی دیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین مابین چار سو دینار کے آٹھ سو دینار تک

---

[۱] اس حدیث سی معلوم ہوا کہ دیت خطا کی مین پانچ طرح کے اونٹ دیئے آتے ہین اور یہی مذہب ہے اکثر اہل علم کا لیکن انکی تقسیم مین اختلاف ہی مذہب حنفی کی تقسیم تو اس حدیث کی موافق ہے اور امام شافعی کے نزدیک بیس ابن لبون ابن مخاض کے بدلے ہین ۱۲ مرقاۃ [۲] تہی قیمت دیت کی یعنے قیمت اونٹون دیت کی آٹھ سو ہین اس حدیث سی معلوم ہوا کہ اصل دیت مین اونٹ ہین ۱۲ مرقاۃ [۳] جوڑے والون سے یعنے جو کپڑون کے جوڑون کی سوداگری کرتے تہے ۱۲ حق [۴] اور چہوڑ دی عمر نے دیت ذمیون کی یعنے اُسی حال پر کہ تہی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین یعنے چار ہزار درم ۱۲ [۵] ٹہیرائی

وعدلها من الورق ثمانية الاف درهم قال وقضى رسول الله صلى الله عليه وسلم على اهل البقر مائتي بقرة وعلى اهل الشاء الفي شاة وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان العقل ميراث بين ورثة القتيل وقضى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان عقل المرأة بين عصبتها ولا يرث القاتل شيئا رواه ابوداود والنسائي (١١) **وعنه** عن ابيه عن جده ان النبي صلى الله عليه وسلم قال عقل شبه العمد مغلظ مثل عقل العمد ولا يقتل صاحبه رواه ابوداود (١٢) **وعنه** عن ابيه عن جده قال قضى رسول الله صلى الله عليه وسلم في العين القائمة السادة لمكانها بثلث الدية رواه ابوداود والنسائي (١٣) **وعن** محمد بن عمرو عن ابي سلمة عن ابي هريرة قال قضى رسول الله صلى الله عليه وسلم في الجنين بغرة عبد او امة او فرس او بغل رواه ابوداود وقال روى هذا الحديث حماد بن سلمة وخالد الواسطي عن محمد بن عمرو ولم يذكرا او فرس او بغل (١٤) **وعن** عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من تطبب ولم يعلم منه طب فهو ضامن رواه ابوداود والنسائي (١٥) **وعن** عمران ابن حصين ان غلاما لاناس فقراء قطع اذن غلام لاناس اغنياء فاتى اهله النبي صلى الله عليه وسلم فقالوا انا اناس فقراء فلم يجعل عليهم شيئا رواه ابوداود والنسائي **الفصل الثالث** (١) **عن** علي انه قال دية شبه العمد اثلاثا ثلث وثلثون حقة وثلث وثلثون جذعة واربع وثلثون ثنية الى بازل عامها كلها خلفات وفي رواية قال في الخطاء

اور برابر انکے چاندی بہی آٹھ ہزار درہم کہا راوی نی اور حکم فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گائین والون پر دو سو گائین اور بکریون والون پر دو ہزار بکریان اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق دیت میراث ہوتی ہے درمیان وارثون قتل کیے گئے کے اور حکم فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ تحقیق دیت عورت کی بانٹی گئی ہے درمیان عصبون اسکے کے اور نہیں[1] وارث ہوتا قاتل مورث کی کسی چیز کا نقل کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے (١١) **ترجمہ** اور روایت ہے عمرو سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اُس نے اپنے دادا سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دیت شبہ عمد کی سخت ہے مانند دیت عمد کی اور نہ مارا[2] جاوے صاحب شبہ عمد کا نقل کی یہ ابوداؤد نے (١٢) **ترجمہ** اور روایت ہے عمرو سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اُس نے اپنے دادا سے کہ کہا حکم فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ مقدمہ آنکھ کے کہ ٹھیری ہو اپنی جگہہ اور جاتی رہی ہو روشنی اُسکی ساتھ تہائی[3] دیت کے نقل کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے (١٣) **ترجمہ** اور روایت ہے محمد بن عمرو سے کہ نقل کی ابی سلمہ سے اور اُسنے ابوہریرہ سے کہ کہا حکم فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیچ بچے کے کہ پیٹ میں مرگیا ساتھ غرہ کے کہ غلام ہے یا لونڈی یا گھوڑا یا خچر نقل کی یہ ابوداؤد نے اور کہا روایت کی یہ حدیث حماد بن سلمہ نے اور خالد وسطی نے محمد بن عمرو سے اور نہیں ذکر کیا ہر ایک نے دونون مین سے لفظ او فرس او بغل کا (١٤) **ترجمہ** اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اُس نے اپنے دادا سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ طبیب ٹھیرا وے اپنے تئین تکلف اور نہیں جانی گئی اُس سے طب پس وہ ضامن ہے نقل کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے (١٥) **ترجمہ** اور روایت ہے عمران بن حصین سے یہ کہ ایک لڑکے فقیرون کے نے کان کاٹ ڈالا ایک لڑکے دولتمند کے کا پس آئے ناتیدار اس لڑکے کان کاٹنے والے کے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیا کہ ہم ہین محتاج پس نہ مقرر کی حضرت نے اُنپر کوئی چیز نقل کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے **فصل تیسری** (١) **ترجمہ** روایت ہے حضرت علی سے کہ انہون نے فرمایا کہ دیت شبہ عمد کی ہین تین طرح کے اونٹ دینے آتے ہین تینتیس اونٹنیان اس طرح کی کہ چوتھے برس مین لگی ہون اور تینتیس اونٹنیان اس طرح کی کہ پانچوین برس مین لگی ہون اور چونتیس اونٹنیان کہ چھٹے برس مین لگی ہون آٹھ برس تک کہ نوین برس مین لگی ہون اور سب ہون حاملہ اور ایک روایت مین علی سے یون آیا ہے کہ کہا بیچ قتل خطا کے

[1] اور نہیں وارث ہوتا الخ یعنے نہ اسکی دیت کا نہ اور کسی چیز کا اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ اصل دیت مین اونٹ ہین پس اگر نہ ملین تو واجب ہوتی ہے قیمت انکی جس قدر کہ ہو اور یہ جو فرمایا کہ دیت عورت کی بانٹی گئی ہے الخ تو اسکا مطلب یہ ہے کہ عورت غلام کی مانند نہیں ہے کہ اُسکی دیت اُسکی ذات سے متعلق ہو بلکہ اُسکی دیت اُسکی عاقلہ پر ہے [2] اور نہ مارا جاوے الخ یعنی جس نے قتل کیا بطریق شبہ عمد کے اسکو قصاص مین قتل نہ کیا جاوے اور یہ اُس وہم کے دور کرنے کے لیے فرمایا کہ جب شبہ عمد کی دیت عمد کی طرح ہے تو شبہ عمد مین قصاص بھی ہوگا جیسے عمد مین قصاص ہے [3] ساتھ تہائی دیت الخ پہلے گذر چکا ہے کہ دونو آنکھون کے تلف ہونے مین پوری دیت سو اونٹ ہین اور ایک آنکھ کی نصف دیت مذکور ہے اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بیچ تلف ہونے آنکھ کے

اربَاعًا خمسٌ وعشرون حِقّةً وخمسٌ وعشرون جذعةً وخمسٌ وعشرون بنات لبونٍ وخمسٌ وعشرون بنات مخاضٍ رواه ابوداود (۲) وعن مجاهدٍ قال قضى عمرُ في شبه العمد ثلثين حقةً وثلثين جذعةً واربعين خلفةً مابين ثنيّةٍ الى بازل عامها رواه ابوداود (۳) وعن سعيد بن المسيب ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قضى في الجنين يقتل في بطن امه بغرةٍ عبدٍ او وليدةٍ فقال الذي قضي عليه كيف اغرم من لا شرب ولا اكل ولا نطق ولا استهل ومثل ذلك بطل فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم انما هذا من اخوان الكهان رواه مالك والنسائي مرسلا ورواه ابوداود عنه عن ابي هريرة متصلا

باب مالا يضمن من الجنايات

الفصل الاول

(۱) عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم العجماء جرحها جبارٌ والمعدن جبارٌ والبئر جبارٌ متفق عليه (۲) وعن يعلى بن امية قال غزوت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم جيش العسرة وكان لي اجيرٌ فقاتل انسانا فعض احدهما يد الآخر فانتزع المعضوض يده من في العاض فاندر ثنيته فسقطت فانطلق الى النبي صلى الله عليه وسلم فاهدر ثنيته وقال ايدع يده في فيك تقضمها كالفحل متفق عليه (۳) وعن عبد الله بن عمرو قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من قتل دون ماله فهو شهيدٌ متفق عليه (۴) وعن ابي هريرة قال جاء رجلٌ فقال

چار قسم کی اونٹنیاں دینی آئی ہیں پچیس تین تین برس کی اور پچیس چار چار برس کی اور پچیس دو دو برس کی اور پچیس ایک ایک برس کی نقل کی یہ ابوداود نے (۲) ترجمہ اور روایت ہو مجاہد سے کہا حکم فرمایا حضرت عمرؓ نے بیچ قتل شبہ عمد کے تیس اونٹنیاں تین تین برس کی اور تیس چار چار برس کی اور چالیس اونٹنیاں حاملہ ہیں پانچ برس پوری کے اور آٹھ برس پوری کے نقل کی یہ ابوداود نے (۳) ترجمہ اور روایت ہو سعید بن مسیب سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا بیچ لڑکے کے کہ مارا جاوے اپنی ماں کے پیٹ میں ساتھ غرہ کے غلام ہو یا لونڈی پس کہا اُس شخص نے کہ حکم کیا گیا تھا اُس پر کہ کس طرح تاوان بھروں میں اُس شخص کا کہ نہ پی اُس نے کوئی چیز اور نہ کھائی اور نہ بولا اور نہ چلایا اور مانند اس قتل کے ساقط کیا جاتا ہے پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سوا اس کے نہیں کہ یہ کاہنوں کے بھائیوں میں سے ہے نقل کی یہ مالک اور نسائی نے مرسل اور نقل کی یہ ابوداود نے سعید سے اور اُس نے نقل کی ابوہریرہ سے بطریق اتصال کے

باب بیچ بیان اُن چیزوں کے کہ نہیں تاوان دیا جاتا ہے اُن میں بسبب قصور کے

فصل پہلی

(۱) ترجمہ روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چارپایہ زخم کردینا اُنکا معاف ہے اور کان بھی معاف ہے اور کوئیں میں کوئی گر کر مرے معاف ہے متفق علیہ (۲) ترجمہ اور روایت ہے یعلے بن امیہ سے کہ کہا جہاد کیا میں نے ساتھ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے لشکر تنگی کی میں اور تھا میرا ایک نوکر پس لڑا وہ ایک آدمی سے پس کاٹ کھایا ایک نے ان دونوں میں سے ہاتھ دوسرے کا پس نکالا اُس شخص نے کہ کاٹا گیا تھا ہاتھ اُسکا کاٹنے والے کے مونہ سے پس گرا دیے دانت اُسکے پس جھڑ پڑے پس گیا وہ طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پس معاف کیا حضرتؐ نے بدلا اُسکے دانتوں کا اور فرمایا کیا چھوڑ دیتا ہاتھ اپنا بیچ تیرے مونہ میں کہ چبایا تو اُسکو مانند چبانے اونٹ کی متفق علیہ (۳) ترجمہ اور روایت ہے عبداللہ بن عمروؓ سے کہ کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو شخص کہ قتل کیا جاوے واسطے مال اپنے کے پس وہ شہید ہے متفق علیہ (۴) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا آیا ایک شخص اور کہا

سلہ حکم فرمایا الخ یہ موافق مذہب شافعی کے ہے اور حنفیہ کے نزدیک سو اونٹنیاں چار طرح کی دینی آتی ہیں (۲۵) بنت مخاض (۲۵) بنت لبون (۲۵) حقہ (۲۵) جذعہ اور یہ دیت مغلظہ ہے ۱۲ سلہ یہ کاہنوں کی سی ہے یعنے اپنی جھوٹی باتوں کو تک بندی اور مقفی عبارت میں بیان کرتے ہیں ۱۲ سلہ زخم کردینا انکا معاف ہے یعنے اگر کسیکا جانور بلا تعدی مالک کے کسیکو مار ڈالے یا زخمی کرے تو اُسکے مالک پر ڈانڈ نہیں اور اگر مزدور کان کھودتے ہیں اور کان پھٹ گئی اور مزدور دب کر مر گئے تو کھدانے والے پر کچھ عوض نہیں اسیطرح مزدور کنواں کھودتے ہیں اور کنواں پھٹ گیا اور مزدور دب کر مر گئے تو کھودوانے والے پر کچھ عوض نہیں ۱۲ ترجمہ مشارق صفحہ ۲۳۶ سلہ لشکر تنگی کے میں یعنے غزوہ تبوک میں ۱۲ سلہ گیا وہ یعنے جسکو دانت گرگئے تھے ۱۲ سلہ طرف الخ یعنے تاوان اُسکی دیویں ۱۲ سلہ چبا تا الخ یعنی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسکو الزام دیا کہ اگر تو اسکا ہاتھ چبا ڈالا اونٹ کی طرح پھر اُس سے خون بہا چاہتا ہے اُسنے اپنے بچاؤ کو سیطرح اپنا ہاتھ کھینچا اگر تیرا دانت گر پڑا تو وہ کیا کرے اور یہی مذہب ہے سب اماموں کا کہ ایسی صورت میں کوئی بدلا نہیں ۱۲

يا رسول الله أرأيت إن جاء رجل يريد أخذ مالي قال فلا تعطه مالك قال أرأيت إن قاتلني قال قاتله قال أرأيت إن قتلني
قال فأنت شهيد قال أرأيت إن قتلته قال هو في النار رواه مسلم (٥) **وعنه** أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لو
اطلع في بيتك أحد ولم تأذن له فخذفته بحصاة ففقأت عينه ما كان عليك من جناح متفق عليه (٦) **وعن**
سهل بن سعد أن رجلا اطلع في جحر في باب رسول الله صلى الله عليه وسلم ومع رسول الله صلى الله عليه وسلم مدرى يحك به رأسه فقال
لو أعلم أنك تنظرني لطعنت به في عينك إنما جعل الاستيذان من أجل البصر متفق عليه (٧) **وعن** عبد الله بن
مغفل أنه رأى رجلا يخذف فقال لا تخذف فإن رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن الخذف وقال إنه لا يصاد به صيد
ولا ينكأ به عدو ولكنها قد تكسر السن وتفقأ العين متفق عليه (٨) **وعن** أبي موسى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
إذا مر أحدكم في مسجدنا وفي سوقنا ومعه نبل فليمسك على نصالها أن يصيب أحدا من المسلمين منها بشيء متفق عليه
(٩) **وعن** أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يشير أحدكم على أخيه بالسلاح فإنه لا يدري لعل الشيطان ينزع
في يده فيقع في حفرة من النار متفق عليه (١٠) **وعنه** قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من أشار إلى أخيه بحديدة

یا رسول اللہ خبر دو مجھ کو اس کی کہ اگر آوے ایک شخص ارادہ رکھتا ہو لینے مال میرے کا فرمایا پس مت دے تو اسکو مال اپنا کہا اُس نے خبر دیجیے مجھ کو کہ اگر
لڑے مجھ سے فرمایا کہ لڑ تو اُس سے کہا اُس نے خبر دیجیے مجھ کو اسکی کہ اگر مار ڈالے مجھ کو فرمایا پس تو شہید ہے کہا اُس نے خبر دیجیے مجھ کو اسکی کہ اگر میں
مار ڈالوں اُس کو فرمایا کہ وہ دوزخ میں ہے نقل کی یہ مسلم نے (۵) **ترجمہ** اور روایت ہے ابو ہریرہ سے یہ کہ انہوں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے
کہ فرماتے تھے اگر جھانکے تیرے گھر میں کوئی اور نہیں پروانگی دی ہے تو نے اُسکو پس مارے تو اسکو ساتھ کنکری کے پس پھوڑ دی تو آنکھ اسکی نہیں
تجھ پر گناہ متفق علیہ (۶) **ترجمہ** اور روایت ہے سہل بن سعد سے یہ کہ ایک شخص نے جھانکا بیچ سوراخ دروازے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لشپت خار تہا کہ کھجلاتے تھے اُس سے سر اپنا پس فرمایا اگر جانتا میں کہ تو دیکھتا ہے مجھ کو البتہ چبھوتا میں اسے
کو تیری آنکھ میں نہیں مقرر کی گئی ہے شرع میں پروانگی مانگنی مگر واسطے نظر کرنے کے متفق علیہ (۷) **ترجمہ** اور روایت ہے عبد اللہ بن مغفل
سے یہ کہ دیکھا انہوں نے ایک شخص کو کہ پھینکتا تھا کنکر پس کہا انہوں نے کہ نہ پھینک تو کنکر اسلیے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
منع فرمایا ہے اس طرح کی کنکر پھینکنے سے اور فرمایا کہ تحقیق نہیں شکار کیا جاتا ہے ساتھ اسکے شکار اور نہ زخمی کیا جاتا ہے ساتھ اسکے
دشمن ولیکن یہ پھینکنا توڑ ڈالتا ہے دانت کو اور پھوڑ دیتا ہے آنکھ کو نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے (۸) **ترجمہ** اور روایت ہے ابو موسیٰ
سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ گذرے ایک تمہارا بیچ مسجد ہماری کے یا بیچ بازار ہمارے کے اور ساتھ اسکے ہوں تیر
پس چاہیے کہ ہاتھ رکھے اُنکے پیکانوں پر اسلیے کہ نہ لگے کسی کو مسلمانوں میں سے اُنسے کچھ نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے (۹) **ترجمہ**
اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ اشارہ کرے ایک تمہارا اوپر بھائی اپنے کے ساتھ ہتیار کے
اس لیے کہ تحقیق وہ نہیں جانتا شاید کہ شیطان کھینچ لے ہتیار کو اُسکے ہاتھ سے پس جا پڑے بیچ گڑھے آگ کے نقل کی یہ بخاری
اور مسلم نے (۱۰) **ترجمہ** اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ اشارہ کرے طرف بھائی اپنے کے ساتھ لوہے کے

ف۱ اگر لڑے مجھ سے یعنے تو کیا کروں ۱۲ **ف۲** اگر میں مار ڈالوں اسکو الخ یعنے تو اسکا کیا حال ہے اس حدیث میں دلیل ہے کہ دفع کرنا قاتل کا اور ہلاک کرنا اسکا دفع میں مباح ہے
اور یہی حال ہے اہل کی محافظت میں مارے جانیکا ۱۲ مرقاۃ **ف۳** اگر جھانکے الخ یعنے دروازہ بند ہو اور اسکے دراڑ سے جھانکے اس حدیث پر عمل کیا ہے شافعی نے کہ اگر پتھر
مارنے سے اُسکی آنکھ پھوٹ جاوے تو اسکا بدلہ نہیں آتا اور کہا ابو حنیفہ نے کہ اسپر ضمان ہے اور حدیث محمول ہے زجر اور مبالغہ پر ۱۲ ح **ف۴** مگر واسطے نظر کے یعنے شرع
میں جو حکم ہے گھر میں داخل ہونیکی اجازت کا تو صرف اسواسطے ہے کہ آدمی کی نظر نامحرم پر نہ پڑے اور جب تو جھانکا تو اذن مانگنے کا کیا فائدہ ہوا معلوم ہوا کہ بدون اجازت کسیکے گھر
میں جھانکنا سخت حرام ہے ۱۲ ترجمہ مشارق **ف۵** پھینکتا تھا کنکر الخ یعنے ساتھ انگوٹھے اور انگلی شہادت کے ۱۲ **ف۶** اور پھوڑ دیتا ہے آنکھ کو یعنے بعض لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ
ٹھیکری اور کنکری انگوٹھے اور انگلی سے پھینکتے ہیں سو حضرت نے اُنکو منع کیا کہ بیفائدہ چیز ہے بلکہ اس سے دانت اور آنکھ کو ضرر ہے ۱۲ ترجمہ مشارق **ف۷** مسجد ہماری کے الخ

فَاِنَّ الْمَلٰٓئِكَةَ تَلْعَنُهٗ حَتّٰى يَضَعَهَا وَاِنْ كَانَ اَخَاهُ لِاَبِيْهِ وَاُمِّهٖ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ (۱۱) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَزَادَ مُسْلِمٌ وَمَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا (۱۲) وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَلَّ عَلَيْنَا السَّيْفَ فَلَيْسَ مِنَّا رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۱۳) وَعَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ هِشَامَ بْنَ حَكِيْمٍ مَرَّ بِالشَّامِ عَلٰى اُنَاسٍ مِنَ الْاَنْبَاطِ وَقَدْ اُقِيْمُوْا فِي الشَّمْسِ وَصُبَّ عَلٰى رُؤُسِهِمُ الزَّيْتُ فَقَالَ مَا هٰذَا قِيْلَ يُعَذَّبُوْنَ فِي الْخَرَاجِ فَقَالَ هِشَامٌ اَشْهَدُ لَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ يُعَذِّبُ الَّذِيْنَ يُعَذِّبُوْنَ النَّاسَ فِي الدُّنْيَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۱۴) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْشِكُ اِنْ طَالَتْ بِكَ مُدَّةٌ اَنْ تَرٰى قَوْمًا فِيْ اَيْدِيْهِمْ مِثْلُ اَذْنَابِ الْبَقَرِ يَغْدُوْنَ فِيْ غَضَبِ اللّٰهِ وَيَرُوْحُوْنَ فِيْ سَخَطِ اللّٰهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَيَرُوْحُوْنَ فِيْ لَعْنَةِ اللّٰهِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۱۵) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صِنْفَانِ مِنْ اَهْلِ النَّارِ لَمْ اَرَهُمَا قَوْمٌ مَعَهُمْ سِيَاطٌ كَاَذْنَابِ الْبَقَرِ يَضْرِبُوْنَ بِهَا النَّاسَ وَنِسَآءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ مُمِيْلَاتٌ مَآئِلَاتٌ رُؤُسُهُنَّ كَاَسْنِمَةِ الْبُخْتِ الْمَآئِلَةِ لَا يَدْخُلْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يَجِدْنَ

پس تحقیق فرشتے لعنت کرتے ہین اُسکو یہانتک کہ رکھدے اُسکو اگرچہ ہو بہائی اُسکا حقیقی نقل کی یہ بخاری نے (۱۱) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمرؓ اور ابوہریرہؓ سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو شخص کہ اُٹھاوے ہمپر ہتہیار پس نہین ہم مین سے نقل کی یہ بخاری نے اور زیادہ کیا مسلم نے اور جو شخص کہ فریب دے ہمکو پس نہین ہم مین سے (۱۲) ترجمہ اور روایت ہے سلمہ بن اکوعؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ کھینچے ہمپر تلوار پس نہین وہ ہم مین سے نقل کی یہ مسلم نے (۱۳) ترجمہ اور روایت ہے ہشام بن عروہ سے کہ نقل کی اپنے باپ سے یہ کہ ہشام بن حکیم گذرا شام مین اوپر کتنے آدمیون کے قوم نبطیون مین سے اس حال مین کہ تحقیق وہ کھڑے کیے گئے تھے دہوپ مین اور ڈالا گیا تہا اُنکے سر پر تیل گرم کر کر پس کہا ہشام بن حکیمؓ نے کہ کیا ہے یہ کہا گیا کہ عذاب کیے جاتے ہین یہ بسبب خراج کے پس کہا ہشام نے گواہی دیتا ہون مین کہ البتہ سنا مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تہے کہ تحقیق اللہ تعالیٰ عذاب کریگا اُن لوگون کو کہ عذاب کرتے ہین لوگون کو دنیا مین نقل کی یہ مسلم نے (۱۴) ترجمہ اور روایت ہین ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریب ہے اگر دراز ہووے تیری مدت عمر یہ کہ دیکھے گا تو ایک گروہ کو کہ اُنکے ہاتہون مین ہونگے مانند دُمون گائیون کے صبح کرینگے بیچ غضب اللہ کے اور شام کرینگے بیچ نہایت ناخوشی اللہ کے اور ایک روایت مین ہے اور شام کرینگے بیچ لعنت اللہ کے نقل کی یہ مسلم نے (۱۵) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو گروہ ہین دوزخیون سے نہین دیکہا مینے اُنکو ایک اُن مین سے وہ ہین کہ اُنکے پاس کوڑے ہونگے مانند دُمون گائیون کے مارینگے ساتھ اُنکے لوگون کو اور دوسری قسم عورتین ہین پہنے ہوئے کپڑے ظاہر مین اور ننگی ہین حقیقت مین اور میل کروانیوالیان اور میل کرنیوالیان سر اُنکے مانند کوہان اونٹون بختی کے ہلتے ہوئے نہین داخل ہونگی بہشت مین اور نہین پاوینگی

ل اگرچہ ہو بہائی اُسکا حقیقی یعنے سگا بہائی کے ساتھ ہر چند ظاہر مین احتمال قتل کا نہین تو بھی اُسکی طرف ہتیار سے اشارہ کرنا حلال نہین اور جبکہ صرف ہتیار کے اشارہ کرنے سے فرشتے اُسپر لعنت کرتے ہین تو خیال کیا چاہیے کہ ناحق خون کا کتنا بڑا عذاب ہوگا ۱۲ یا سے دہمکانا مسلمان کو ہرگز درست نہین کہ شاید زیادہ غصہ سے نوبت قتل کی پہونچے ۱۲ ترجمہ مشارق مع ۱۲ م جو شخص کہ اُٹھاوے الخ یعنے جو مسلمانون سے لڑے وہ کامل مسلمان نہین ۱۲ ترجمہ مشارق مع ۱۶ س جو شخص الخ ایکبار حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بازار مین گئے ایک گیہون کے ڈہیر مین ہاتہ ڈالا تو اندر گیلا پایا سبب اُسکا پوچہا اُسنے کہا یا حضرت پانی سے بہیگ گیا ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بہیگی گیہون اوپر کیون نرکہی کہ سب لوگ دیکہتے پہر یہ حدیث فرمائی کہ جو دہوکا دے دغابازی کرے وہ مسلمان نہین ۱۲ ترجمہ مشارق مع ۱۲ ع فریب دے ہمکو یعنے شکل اپنے مبیع کا عیب بیان نہ کرے ۱۲ ش ہم یعنے مسلمانون پر ۱۲ ت کیا ہے یعنے اسکا کیا سبب ہے ۱۲ ث بسبب خراج کے یعنی مال واجبی نہین دیتے ۱۲ ح ناحق عذاب کرتے ہین الخ یعنے ناحق ۱۲ حق ف مانند دُمون گائیون کے یعنے کوڑے ۱۲ حق ل صبح کرینگے الخ یعنے ہمیشہ اللہ کے غضب مین رہتے ہین ۱۲ ک دو گروہ ہین الخ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت مین ایسے لوگ نہ تہے اول قسم سے چوبدار اور کوڑے والے مراد ہین جو مظلوم کو بادشاہ اور حاکم پاس نہین جانے دیتے بلکہ مارتے ہین اور حدیث گذشتہ مین بہی یہی لوگ مراد ہین اور دوسری قسم سے مراد بدکار عورتین ہین اور یہ جو فرمایا کہ کپڑے پہنے ہین اور ننگی ہین یعنے اُنکا ایسا لباس ہے کہ جس سے بدن نظر آتا ہے جیسے مہین دوپٹے اور جالی کی کرتیان اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ ایسا لباس پہننا حرام ہے اس واسطے کہ لباس سے یہ غرض ہے کہ بدن چھپے یہ جیسے ننگا ہی کہلا رہا

رِیحَهَا وَاِنَّ رِیحَهَا لَتُوجَدُ مِنْ مَسِیرَةِ کَذَا وَکَذَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۱۶) **وَعَنْهُ** قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَاتَلَ اَحَدُکُمْ فَلْیَجْتَنِبِ الْوَجْهَ فَاِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ اٰدَمَ عَلٰی صُورَتِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

(۱) **عَنْ** اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ کَشَفَ سِتْرًا فَاَدْخَلَ بَصَرَهٗ فِی الْبَیْتِ قَبْلَ اَنْ یُّؤْذَنَ لَهٗ فَرَاٰی عَوْرَةَ اَهْلِهٖ فَقَدْ اَتٰی حَدًّا لَا یَحِلُّ لَهٗ اَنْ یَّاْتِیَهٗ وَلَوْ اَنَّهٗ حِیْنَ اَدْخَلَ بَصَرَهٗ فَاسْتَقْبَلَهٗ رَجُلٌ فَفَقَاَ عَیْنَیْهِ مَا عَیَّرْتُ عَلَیْهِ وَاِنْ مَرَّ الرَّجُلُ عَلٰی بَابٍ لَا سِتْرَ لَهٗ غَیْرِ مُغْلَقٍ فَنَظَرَ فَلَا خَطِیْئَةَ عَلَیْهِ اِنَّمَا الْخَطِیْئَةُ عَلٰی اَهْلِ الْبَیْتِ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ (۲) **وَعَنْ** جَابِرٍ قَالَ نَهٰی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یُّتَعَاطَی السَّیْفُ مَسْلُوْلًا رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ (۳) **وَعَنِ** الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی اَنْ یُّقَدَّ السَّیْرُ بَیْنَ اِصْبَعَیْنِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ (۴) **وَعَنْ** سَعِیْدِ بْنِ زَیْدٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قُتِلَ دُوْنَ دِیْنِهٖ فَهُوَ شَهِیْدٌ وَمَنْ قُتِلَ دُوْنَ دَمِهٖ فَهُوَ شَهِیْدٌ وَمَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهٖ فَهُوَ شَهِیْدٌ وَمَنْ قُتِلَ دُوْنَ اَهْلِهٖ فَهُوَ شَهِیْدٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ (۵) **وَعَنْ** ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِجَهَنَّمَ سَبْعَةُ اَبْوَابٍ

بوسکی حال آنکہ بو جنت کی پائی جاتی ہے مسافت[1] اتنی اور اتنی سے نقل کی یہ مسلم نے (۱۶) **ترجمہ** اور روایت ہی ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت[2] کہ مارے ایک تمہارا پس چاہیے کہ بچاوے مُنہ کو اسلیے کہ تحقیق اللہ تعالی نے پیدا کیا آدم کو اوپر[3] صورت اپنی کے متفق علیہ **فصل دوسری**

(۱) **ترجمہ** روایت ہی ابوذرؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ کہولے پردہ اور داخل کرے اپنی نگاہ گھر میں پہلے اس سے کہ اذن[4] دیا جاوے اسکو پس دیکھے اہل اُسکے کو پس تحقیق آیا ایک حد[5] کو نہیں درست اسکو کرنا[6] اُسکا اور اگر تحقیق داخل کی اُس نے اپنی نگاہ اور سامنے آگیا اسکو کوئی شخص گھر والوں میں سے پس پھوڑ ڈالی آنکھہ اسکی نہیں[7] سرزنش کرونگا اُسپر اور اگر گزرے مرد دروازے پر کہ نہیں پردہ اُسکے لیے اُس حال مین کہ بند نہیں کیا گیا ہے وہ پس جا پڑی نظر اُسکی گھر والوں پر پس نہیں گناہ اُسپر سوا اسکے نہیں کہ گناہ[8] گھر کے لوگوں پر ہے نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے (۲) **ترجمہ** اور روایت ہی جابرؓ سے کہ کہا منع کیا[9] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پکڑنے تلوار کے سے ننگی کر کر نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے (۳) **ترجمہ** اور روایت ہی حسن سے کہ نقل کی سمرہؓ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا اس سے کہ چیرا جاوے تسمہ درمیان دونوں[10] انگلیوں کے نقل کی یہ ابوداؤد نے (۴) **ترجمہ** اور روایت ہی سعید بن زیدؓ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ مارا جاوے واسطے[11] محافظت دین اپنے کے پس وہ شہید ہے اور جو شخص کہ مارا جاوے واسطے محافظت جان اپنی کی پس وہ شہید ہے اور جو شخص کہ مارا جاوے واسطے محافظت مال اپنے کے پس وہ شہید ہے اور جو شخص کہ مارا جاوے واسطے محافظت اہل اپنے کے پس وہ شہید ہے نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے (۵) **ترجمہ** اور روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا دوزخ کے سات دروازے ہین

---

[1] مسافت یعنی بہت دور سے مثلا چالیس برس کی راہ سے اور یہ جو فرمایا کہ سر اُنکے الخ یعنے چوٹیوں کو سر پر باندھ لینگی یعنے جوڑا ہوگا اُنکے سر پر اور سر اُنکے کوہان کی طرح ہونگے اور یہ اب مصر کی عورتوں کا معمول ہے ۱۲ ح [2] جس وقت کہ مارے یعنے کسیکو ۱۲ [3] اوپر صورت الخ اس حدیث کو اللہ تعالے کے علم کے سپرد کرنا چاہیے [4] کہ اذن دیا جاوے الخ یعنے پردہ کھولنے اور داخل ہونیکا حق [5] آیا حد کو یعنے ایسی چیز کو کہ واجب کرے حد کو ۱۲ حق [6] کرنا اُسکا یعنے آنا بے اذن اور دیکھنا پردہ کھولکر ۱۲ حق [7] نہیں الخ اور نہ لازم کرونگا اُس پر کچھ ۱۲ [8] گناہ گھر کے لوگوں پر ہے کہ کیون دروازہ بند نہ کیا یا پردہ نہ ڈالا اس سے معلوم ہوا کہ دروازہ کا بند رکھنا یا اُسپر پردہ ڈالنا ضرور ہے ۱۲ ترجمہ [9] اُس سے کہ کسیکو لگجاوے ۱۲ [10] کہ مبادا زخمی ہو جاوین انگلیان ۱۲ [11] واسطے محافظت دین اپنے کے الخ یعنے مثلا کوئی کافر یا بدعتی دین کی حقارت کرتا ہے اور اُس نے اُس کا مقابلہ کیا اور مارا گیا اور اکثر علماء اسپر ہین کہ اگر کوئی شخص قصد کرے کسی کے مال لینے کا یا مار ڈالنے کا یا تعرض کرے اُس کے اہل و عیال سے تو بہتر یہ ہے کہ اُسکو دفع کرے اُس کے قصد کرنے والے کو ساتھ طریقہ سہل اور اچھے کے پھر اگر وہ باز نہ آوے بغیر قتل و قتال کے اور یہ مار ڈالے اُس کو تو نہیں لازم آوے گا اُسپر کچھ اور اگر یہ مارا جاوے گا تو شہید ہوگا ۱۲ مرقاۃ

بَابٌ مِنْهَا لِمَنْ سَلَّ السَّيْفَ عَلَى أُمَّتِي أَوْ قَالَ عَلَى أُمَّةِ مُحَمَّدٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَحَدِيثُ أَبِي هُرَيْرَةَ الرِّجْلُ جُبَارٌ ذُكِرَ فِي بَابِ الْغَصَبِ

بَابُ الْقَسَامَةِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

(۱) **عَنْ** رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ وَسَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ أَنَّهُمَا حَدَّثَا أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَهْلٍ وَمُحَيِّصَةَ بْنَ مَسْعُودٍ أَتَيَا خَيْبَرَ فَتَفَرَّقَا فِي النَّخْلِ فَقُتِلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَهْلٍ فَجَاءَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَهْلٍ وَحُوَيِّصَةُ وَمُحَيِّصَةُ ابْنَا مَسْعُودٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَكَلَّمُوا فِي أَمْرِ صَاحِبِهِمْ فَبَدَأَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَكَانَ أَصْغَرَ الْقَوْمِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَبِّرِ الْكُبْرَ قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ يَعْنِي لِيَلِيَ الْكَلَامَ الْأَكْبَرُ فَتَكَلَّمُوا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَحِقُّوا قَتِيلَكُمْ أَوْ قَالَ صَاحِبَكُمْ بِأَيْمَانِ خَمْسِينَ مِنْكُمْ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَمْرٌ لَمْ نَرَهُ قَالَ فَتُبْرِئُكُمْ يَهُودُ فِي أَيْمَانِ خَمْسِينَ مِنْهُمْ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَوْمٌ كُفَّارٌ فَفَدَاهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قِبَلِهِ وَفِي رِوَايَةٍ تَحْلِفُونَ خَمْسِينَ يَمِينًا وَتَسْتَحِقُّونَ قَاتِلَكُمْ أَوْ صَاحِبَكُمْ فَوَدَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِ بِمِائَةِ نَاقَةٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهٰذَا الْبَابُ خَالٍ عَنِ الْفَصْلِ الثَّانِي

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

(۱) **عَنْ** رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ قَالَ أَصْبَحَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ مَقْتُولًا بِخَيْبَرَ فَانْطَلَقَ أَوْلِيَاؤُهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرُوا ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ أَلَكُمْ شَاهِدَانِ يَشْهَدَانِ عَلَى قَاتِلِ صَاحِبِكُمْ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَمْ يَكُنْ ثَمَّ أَحَدٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ وَإِنَّمَا هُمْ يَهُودُ وَقَدْ يَجْتَرِئُونَ عَلَى أَعْظَمَ مِنْ هٰذَا قَالَ فَاخْتَارُوا مِنْهُمْ خَمْسِينَ فَاسْتَحْلِفُوهُمْ فَأَبَوْا فَوَدَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِ رَوَاهُ

ایک دروازہ اُن میں سے واسطے اُس شخص کے ہے کہ کہینچے تلوار اوپر اُمت میری کی یا فرمایا اوپر اُمت محمدؐ کے نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور حدیث ابوہریرہؓ کی کہ سر اسکا یہ ہے الرجل جبار ذکر کی گئی باب الغصب میں **باب ہے بیچ بیان قسامت کے** **فصل پہلی** (۱) **ترجمہ** روایت ہے رافع بن خدیجؓ اور سہل بن ابی حثمہؓ سے یہ کہ دونو نے حدیث کی یہ کہ عبداللہ بن سہل اور محیصہ بن مسعودؓ آئے دونو خیبر میں اور جدی ہوگئے کہجور کے درختوں میں پس مارے گئے عبداللہ بن سہل پھر آئے عبدالرحمنؓ بن سہل اور حویصہ اور محیصہ بیٹے مسعود کے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کلام کیا انہوں نے بیچ شان یار اپنے کے کہ قتل کیا گیا تھا پس شروع کیا عبدالرحمنؓ نے اور تہا وہ چہوٹا تینوں سے پس کہا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بڑائی رکہہ بڑے کی کہا یحییٰ بن سعیدؓ نے یعنے متولی ہو کلام کرنیکا بڑا پس کلام کیا انہوں نے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مستحق ہو قتیل اپنے کے یا فرمایا یار اپنے کے ساتھ قسموں پچاس مردوں کی تم میں سے عرض کیا انہوں نے یارسول اللہ یہ ایک چیز ہے کہ نہیں دیکہا ہمنے اسکو فرمایا آنحضرت نے پس پاک کرینگے تمکو یہود بیچ قسموں پچاس کے اُن میں سے کہا انہوں نے یارسول اللہ وہ قوم کافر ہیں پس دیت دی یاروں مقتول کے کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی طرف سے اور ایک روایت میں ہے کہ کہا تم پچاس قسمیں اور مستحق ہو دیت قاتل اپنے کے یا فرمایا صاحب اپنے کے پس دیت دی اسکی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پاس سے سو اونٹ متفق علیہ اور یہ باب خالی ہے فصل دوسری سے **فصل تیسری** (۱) **ترجمہ** اور روایت ہے رافع ابن خدیجؓ سے کہ کہا ہوگیا ایک شخص انصار میں سے مقتول بیچ خیبر کے پس گئے وارث اُسکے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ذکر کیا یہ ماجرا روبرو حضرت کے پس فرمایا حضرتؐ نے کیا تمہارے پاس ہیں دو شاہد - کہ شہادت دیں اوپر قتل کرنیوالے یار تمہارے کے کہا وارثوں نے یارسول اللہ تہا اُس جگہہ کوئی مسلمانوں میں سے اور نہیں ہیں وہ مگر یہود اور تحقیق دلیری کرتے ہیں وہ اس سے بہت بڑے کاموں پر فرمایا حضرتؐ نے پس اختیار کرو تم اُن میں سے پچاس شخصوں کو پس قسمیں لو اُن سے پس انکار کیا وارثوں مقتول کے نے پس دیت دی اُس مقتول کی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پاس سے نقل کی

لہ قسامت اسکو کہتے ہیں کہ محلہ میں ایک مقتول پایا گیا اور اُسکا قاتل معلوم نہیں تو اہل محلہ سے پچاس آدمی قسم کہاویں کہ ہمنے نہیں مارا اور نہ ہم قاتل کو جانتے ہیں یہ مذہب امام اعظم کا ہے اور امام شافعی اور احمد کے نزدیک اگر اہل محلہ اور مقتول کے درمیان عداوت ہو یا ظن غالب ہو تو مقتول کے وارث قسم کہاویں کہ تمنے ہی مارا ہے وہ انکار کریں تو مدعا علیہم قسم کہاویں اور نہیں واجب ہوتا اس میں قصاص بلکہ واجب ہے اس میں دیت خواہ قتل عمد کا دعوی ہو ۱۲ مرقاۃ ۲ہ اور جدی ہوگئے الخ یعنے ایک کیطرف چلا گیا اور ایک کیطرف سیر کرنے ۱۲ حق ۳ہ عبدالرحمن بن سہل یعنے بہائی مقتول کے ۱۲ حق ۴ہ پہر شروع کیا عبدالرحمن نے یعنے کلام کرنے میں ۱۲ ۵ہ بڑائی الخ یعنے بڑے کو بات کرنے دے ۱۲ ۶ہ قتیل اپنے کے یعنے بیٹا اسکی قصاص کے یا دیت کی حق ۷ہ یا فرمایا الخ یعنے بجای قتیل کے صاحب فرمایا ۱۲ ۸ہ نہیں دیکہا ہمنے یعنے ہم نہیں جانتے کس نے مارا ۱۲ حق ۹ہ پاک کرینگے یعنے وہ قسم کہاوینگے کہ ہمنے نہیں مارا اور نہ تہمت کرینگے اپنے سے ۱۲ حق ۱۰ہ یارسول اللہ وہ قوم کافر ہیں یعنے اُنکی قسموں کا کیا اعتبار ہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قسامت میں پہلے قسم دینی ہوگی

ابوداود باب قتل اهل الردة والسعاة بالفساد الفصل الأول (١) عن عكرمة قال أتي علي بزنادقة فأحرقهم
فبلغ ذلك ابن عباس فقال لو كنت أنا لم أحرقهم لنهي رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تعذبوا بعذاب الله ولقتلتهم لقول رسول
الله صلى الله عليه وسلم من بدل دينه فاقتلوه رواه البخاري (٢) وعن عبد الله بن عباس قال قال رسول الله صلى الله
عليه وسلم إن النار لا يعذب بها إلا الله رواه البخاري (٣) وعن علي قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول سيخرج
قوم في آخر الزمان حداث الأسنان سفهاء الأحلام يقولون من خير قول البرية لا يجاوز إيمانهم حناجرهم يمرقون
من الدين كما يمرق السهم من الرمية فأينما لقيتموهم فاقتلوهم فإن في قتلهم أجرا لمن قتلهم يوم القيامة متفق عليه (٤)
وعن أبي سعيد الخدري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تكون أمتي فرقتين فيخرج من بينهما مارقة يلي قتلهم
أولاهم بالحق رواه مسلم (٥) وعن جرير قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في حجة الوداع لا ترجعن بعدي كفارا يضرب
بعضكم رقاب بعض متفق عليه (٦) وعن أبي بكرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إذا التقى المسلمان حمل أحدهما على أخيه
السلاح فهما في جرف جهنم فإذا قتل أحدهما صاحبه دخلاها جميعا وفي رواية عنه قال إذا التقى المسلمان بسيفيهما فالقاتل
والمقتول في النار قلت هذا القاتل فما بال المقتول قال إنه كان حريصا على قتل صاحبه متفق عليه (٧) وعن

ابوداؤد ی باب ہے بیچ بیان قتل کرنے مرتدون کے اور اُن لوگون کے کہ سعی کرتے ہین فساد کرنے بین فصل پہلی (۱) ترجمہ روایت ہے عکرمہ سے کہ کہا لائے گئے
حضرت علیؓ کے پاس زندیق پس جلا دیا انکو پس پہونچی یہ خبر ابن عباسؓ کو پس کہا اگر ہوتا مین نہ جلاتا مین انکو واسطے منع کرنے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی
کہ نہ عذاب کرو ساتھ عذاب خدا تعالی کے کہ جلانا ہے اور البتہ قتل کرتا مین انکو بموجب فرمانے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جو شخص بدلڈالے دین اپنا پس
مارڈالو اُسکو نقل کی یہ بخاری نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے عبداللہ بن عباسؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق آگ نہین عذاب
کرتا ساتھ اُسکے مگر اللہ تعالی نقل کی یہ بخاری نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے علیؓ سے کہ کہا سنا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے قریب ہے کہ
نکلیگی ایک قوم آخر زمانے مین نوجوان ہلکی عقلون کے کہینگے بہترین قول خلق کے سے نہ تجاوز کریگا ایمان انکا حنجر گردن انکی سے نکلجاوینگے دین
سے جیسا نکلجاتا ہے تیر شکار سے پس جہان ملو تم اُنسے پس قتل کرو انکو پس تحقیق اُنکے قتل مین ثواب ہے واسطے اُس شخص کے کہ قتل کرے انکو دن
قیامت کے متفق علیہ (۴) ترجمہ اور روایت ہے ابو سعید خدریؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہوگی امت میری دو فرقے پس نکلیگی
درمیان اُنکے سے ایک جماعت نکلنے والی والی ہوگا انکو مارڈالنے کا جو بہت نزدیک ہوگا ساتھ حق کے نقل کی یہ مسلم نے (۵) ترجمہ اور روایت ہے جریرؓ
سے کہ کہا فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع مین نہ پہر جائیو پیچھے میرے کافر ہوکر کہ مارے بعض تمہارا گردن بعض کی نقل کی یہ بخاری و مسلم نے (۶) ترجمہ اور روایت
ہے ابو بکرہؓ سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جس وقت کہ ملین دو مسلمان اس حال مین کہ اٹھاوے ایک انکا اپنے بھائی پر ہتیار پس وہ دونون بیچ
کنارے دوزخ کے ہین پس جسوقت کہ قتل کرے ایک اُن دونو مین سے اپنے یار کو داخل ہونگے دونو دوزخ مین اکٹھے اور بیچ ایک روایت کے ابو بکرہؓ سے یون ہے کہ
فرمایا حضرت نے جسوقت کہ ملین دو مسلمان ساتھ تلوارون اپنی کے پس قاتل اور مقتول دونو آگ مین ہونگے کہا مینے یہ قاتل ہے پس کیا حال ہے مقتول
کا پس فرمایا وہ تھا حریص کہنے والا اوپر قتل کرنے صاحب اپنے کے متفق علیہ (۷) ترجمہ اور روایت ہے

لہ زندیق یہ عبداللہ بن سبا کی ساتھی تہے
... جنہون نے ظاہر کیا اسلام واسطے طلب کرنے فتنہ کے اور گمراہ کرنے امت کو اور حضرت علیؓ کو خدا ٹھیرایا ۱۲ حق ۲ پس مارڈالو الخ اس حدیث سے مرتد کا قتل کرنا نکلا اور مرتد عام ہے
مرد ہو یا عورت وہ قتل کے لائق ہے یہ قول امام شافعی کا ہے ۱۲ ۳ مگر اللہ تعالی یعنے آگ سے جاندار کو جلانا ہرگز درست نہین یہ خدا کا خاص ہے ۱۲ ترجمہ مشارق صـ۳ ۴ نکلیگی
ایک قوم الخ اس قوم سے خارجی لوگ مراد ہین جنکو علی مرتضیؓ نے قتل کیا ۱۲ ترجمہ مشارق صـ۲۶۹ ۵ کہین گے الخ یعنے نقل کرینگے بہترین قول کہ کلام کرتی ہے ساتھ انکو خلائق مراد اس
سے قرآن عظیم ہے ۱۲ مرقاۃ ۶ ایمان انکا یعنے نماز انکی ۷ حنجر الخ یعنے قبول نہین ہوگی ۱۲ ۸ نکلجاوینگے یعنے طاعت امام سے ۱۲ حق ۹ دو فرقے الخ دو فرقون سے حضرت
علیؓ کا فریق اور امیر معاویہؓ کا فریق مراد ہے اور تیسری جماعت سے خوارج کی جماعت مراد ہے جنکو علی مرتضیؓ نے قتل کیا اس حدیث سے صاف ثابت ہوا ہے کہ حق حضرت علیؓ کی طرف تہا ۱۲ مرقاۃ ۱۰ نہ
پہر جائیو الخ مطلب حدیث کا یہ ہے کہ آپسمین ایکدوسرے کو قتل کرنا کافرون کی عادت ہے تم ایسا نہ کرنا ۱۲ ترجمہ مشارق صـ۲۹ ۱۱ پس کیا حال ہے مقتول کا یعنے وہ تو مظلوم ہے وہ کیون داخل
ہوگا دوزخ مین ۱۲ حق ۱۲ وہ تہا الخ یعنے اسکا قابو نہ ہوا نہین تو ضرور مارتا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قاتل اور مقتول مسلمان بغرض اُس صورت مین ہین جب دونو ایک دوسرے کے مارنیکا قصد رکہین اور عداوت سے لڑین جس طرح خانہ جنگی ہوتی ہے اگر ایک مسلمان دوسرے مسلمان کو ناحق مارنیکا ارادہ کرے یا جو اہل ماہ زن سامنا کرے
تو وہ مسلمان اپنی جان جسطرح ہوسکے بچاوے اور اگر یقین جانے کہ بدون انکو مارے مین کسیطرح نہین بچ سکتا تو شوق سے مارے اسواسطے کہ اپنی جان بچانا بہی فرض ہے اس طرح کا قاتل دوزخی نہین اور جو مسلمان امام سے باغی ہون انکا قتل بہی درست ہے ۱۲ ترجمہ مشارق صـ۱۲ ۱۳ یہ قاتل ہے یعنے اسکا حال تو ظاہر ہے ۱۲

انس قال قدم على النبي صلى الله عليه وسلم نفر من عكل فاسلموا فاجتووا المدينة فامرهم ان ياتوا ابل الصدقة فيشربوا من ابوالها والبانها ففعلوا فصحوا فارتدوا وقتلوا رعاتها واستاقوا الابل فبعث في آثارهم فاتي بهم فقطع ايديهم وارجلهم وسمل اعينهم ثم لم يحسمهم حتى ماتوا وفي رواية فسمروا اعينهم وفي رواية امر بمسامير فاحميت فكحلهم بها وطرحهم بالحرة يستسقون فما يسقون حتى ماتوا متفق عليه

الفصل الثاني

(۱) عن عمران بن حصين قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يحثنا على الصدقة وينهانا عن المثلة رواه ابوداؤد ورواه النسائي عن انس (۲) وعن عبد الرحمن بن عبد الله عن ابيه قال كنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم في سفر فانطلق لحاجته فراينا حمرة معها فرخان فاخذنا فرخيها فجاءت الحمرة فجعلت تفرش فجاء النبي صلى الله عليه وسلم فقال من فجع هذه بولدها ردوا ولدها اليها ورای قرية نمل قد حرقناها قال من حرق هذه فقلنا نحن قال انه لا ينبغي ان يعذب بالنار الا رب النار رواه ابوداؤد (۳) وعن ابي سعيد الخدري وانس بن مالك عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال سيكون في امتي اختلاف وفرقة قوم يحسنون القيل ويسيئون الفعل يقرؤن القرآن لا يجاوز تراقيهم يمرقون من الدين مروق السهم من الرمية لا

انس سے کہا آئی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس کتنے ایک شخص قبیلہ عکل سے اور مسلمان ہوئی پس ناموافق پایا اُنہوں نے ہوا مدینہ کو پس حکم فرمایا حضرت نے انکو کہ جاوین گوہ کہ اُونٹوں مین اور پیوین پیشاب اُنکے اور دودھ اُنکے پس کیا اُنہوں نے پس تندرست ہوے پہر مرتد ہوے اور قتل کیا اُنہوں نے اونٹوں کے چرانے والون کو اور ہانک لیگئے اونٹ پس بہیجے حضرت نے اُنکے پیچھے پس لائے گئے وہ پس کاٹے ہاتھ اُنکے اور پاؤن اُنکے اور پہوڑین آنکھین اُنکی پہر نہ تل دیے اُنکے ہاتھ پاؤن تو کہ مر گئے اور ایک روایت مین ہو کہ سلائیان پہیرین اُنکی آنکھون مین اور ایک روایت مین ہو کہ حکم فرمایا سلائیون کے گرم کرنیکا پہر اُنکی آنکھون مین پہیرین اور ڈالدیا اُنکو پتھریلی زمین مین پانی مانگتے تہے پس پانی دیے جاتے تہے یہانتک کہ مر گئے متفق علیہ

فصل دوسری (۱) ترجمہ روایت ہو عمران بن حصینؓ سے کہ کہا تہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رغبت دلاتے ہمکو صدقہ دینے پر اور منع کرتے ہمکو مثلہ سے نقل کی یہ ابوداؤد نے اور روایت کی نسائی نے انسؓ سے (۲) ترجمہ اور روایت ہو عبدالرحمن بیٹے عبداللہ کے سے کہ نقل کی اپنے باپ سے کہ کہا تہے ہم ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک سفر مین پس چلے آنحضرتؐ قضا حاجت کے لیے پس دیکھی ہمنے حمرہ کہ اُس کے ساتھ دو بچے تہے پس پکڑ لیے ہمنے بچے اسکے پس آئی حمرہ بچھانے لگی پر اپنے پس تشریف لائی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پس فرمایا کس نے غم مین ڈالا ہے اسکو بسبب پکڑنے بچون اُسکے کے پہیر دو تم بچون اسکے کو طرف اسکی اور دیکہا حضرتؐ نے گہر چیونٹیون کا کہ تحقیق جلایا تہا ہمنے اسکو فرمایا کس شخص نے جلایا ہے یہ پس کہا ہمنے کہ ہمنے جلایا ہے پس فرمایا تحقیق نہین لائق یہ کہ عذاب کرے ساتھ آگ کے مگر پروردگار آگ کا نقل کی یہ ابوداؤد نے (۳) ترجمہ اور روایت ہو ابو سعید خدریؓ اور انس بن مالکؓ سے کہ نقل کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا قریب ہے کہ ہوگا میری امت مین اختلاف اور فرقت ایک گروہ اچھا کہینگے اور برا کرینگے پڑہین گے قرآن نہین پڑھیگا جنبر گردنون اُنکی سے نکل جاوینگے دین سے مانند نکلجانے تیر کی شکار سے نہ

ف اور پیوین پیشاب اُنکا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حلال جانور کا بول اور گوبر پاک ہے یہ قول امام مالک اور احمد اور محمد کا ہے ۱۲ لمعات ف پہیرین الخ اُنہوں نے بہی چرواہون سے ایسا ہی سلوک کیا تہا ۱۲ ف مثلہ سے مثلہ کاٹ ڈالنا ہاتھ پاؤن ناک کان وغیرہ کا بعضون نے کہا یہ نہی تحریمی ہے اور بعضون نے کہا تنزیہی ہے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو عکل اور عرینہ کے لوگون کو مثلہ کیا تو بطریق قصاص کے تہا ۱۲ لمعات ف حمرہ ساتھ پیش حا اور تشدید میم مفتوحہ کے اور کبہی ساتھ تخفیف میم کے بہی آتا ہے نام ہے ایک جانور پرندہ کا کہ سرخ اور چہوٹا ہوتا ہے مانند چڑیا کے ف یعنے جلانا اللہ کا کام ہے اور کو نہ چاہیے اگر چیونٹی کاٹے تو مار ڈالے ورنہ نہ مارے ۱۲ لمعات ف ایک گروہ الخ یعنے اہل اختلاف ہونگے اور قول قوم یحسنون آخر تک بدل ہے اس سے اور واضح کرنیوالا ہے اسکو یعنے اہل اختلاف اس طرح ہونگے کہ باتین اچہی کہینگے اور کام برے کرینگے ۱۲ مرقاۃ و لمعات ف نہین پڑہے گا یعنے قبول نہین ہونیکا ۱۲ حق ف نکل جاوین گے الخ یعنے طاعت امام سے ۱۲

يرجعون حتى يرتد السهم على فوقه هم شر الخلق والخليقة طوبى لمن قتلهم وقتلوه يدعون الى كتاب الله وليسوا منا في شيء من قاتلهم كان اولى بالله منهم قالوا يا رسول الله ما سيماهم قال التحليق رواه ابوداود (۴) **وعن** عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يحل دم امرئ مسلم يشهد ان لا اله الا الله وان محمدا رسول الله الا باحدى ثلث زنى بعد احصان فانه يرجم ورجل خرج محاربا بالله ورسوله فانه يقتل او يصلب او ينفى من الارض او يقتل نفسا فيقتل بها رواه ابوداود (۵) **وعن** ابن ابي ليلى قال حدثنا اصحاب محمد صلى الله عليه وسلم انهم كانوا يسيرون مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فنام رجل منهم فانطلق بعضهم الى حبل معه فاخذه ففزع فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يحل لمسلم ان يروع مسلما رواه ابوداود (۶) **وعن** ابي الدرداء عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من اخذ ارضا بجزيتها فقد استقال هجرته ومن نزع صغار كافر من عنقه فجعله في عنقه فقد ولى الاسلام ظهره رواه ابوداود (۷) **وعن** جرير بن عبد الله قال بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم سرية الى خثعم فاعتصم ناس منهم بالسجود فاسرع فيهم القتل فبلغ ذلك النبي صلى الله عليه وسلم فامر لهم بنصف العقل وقال انا بريء من كل مسلم مقيم بين اظهر المشركين قالوا يا رسول الله لم قال لا تتراءى ناراهما رواه ابوداود (۸) **وعن** ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال الايمان قيد الفتك

پہرینگے طرف دین کے یہانتک کہ پہری تیر اوپر سوفار اپنی کے وہ بدترین آدمیون اور جانورون کے ہین خوشحالی ہے واسطے اُس شخص کے کہ قتل کرے انکو اور قتل کرین وہ اُسکو وہ بلاوینگے لوگون کو طرف کتاب الله کی اور نہین وہ ہم مین سے بیچ کسی چیز کے جو شخص کہ قتل کرے انکو ہوگا وہ بہت نزدیک ساتھ الله کے اُن مین سے عرض کیا اصحابہ نے یا رسول الله کیا ہے علامت انکی فرمایا سر منڈانا نقل کی یہ ابوداؤد نے (۴) **ترجمہ** اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا فرمایا رسول الله صلی الله علیہ وسلم نے نہین حلال خون شخص مسلمان کا کہ گواہی دیتا ہو اسکی کہ نہین کوئی معبود مگر الله اور تحقیق محمد رسول الله کے ہین مگر بسبب ایک خصلت کے تین خصلتون مین سے ایک زنا کرنا بعد محصن ہونیکے پس تحقیق وہ سنگسار کیا جاوے اور دوسرے نکلنا اُس شخص کا کہ نکلے اس حال مین کہ ہو لڑنیوالا ساتھ الله اور رسول اُسکے کے پس تحقیق وہ قتل کیا جاوے یا سولی دیا جاوے یا قید کیا جاوے اور تیسرے قتل نفس ہے کہ قتل کرے کسی جان کو پس قتل کیا جاوے بدلے اُسکے نقل کی یہ ابوداؤد نے (۵) **ترجمہ** اور روایت ہے ابن ابی لیلی سے کہ کہا حدیث کی ہمکو اصحاب محمد صلی الله علیہ وسلم کے نے کہ تحقیق وہ تہے رات کو چلتے ساتھ رسول الله صلی الله علیہ وسلم کے پس سویا ایک شخص اُن مین سے پس چلا بعض اُن مین سے طرف رسی کی کہ پاس سونیوالے کے تہی پس پکڑی اُس بعض نے وہ رسی پس ڈرا وہ سونیوالا پس فرمایا رسول الله صلی الله علیہ وسلم نے کہ نہین حلال ہے کسی مسلمان کو یہ کہ ڈراوے کسی مسلمان کو نقل کی یہ ابوداؤد نے (۶) **ترجمہ** اور روایت ہے ابو درداء سے کہ نقل کی رسول خدا صلے الله علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو شخص کہ لیوے زمین ساتھ جزیہ اُسکی کے پس تحقیق کہ توڑی ہجرت اپنی اور جو کوئی نکالے ذلت کافر کی اُسکی گردن سے اور ڈالے اُسکو اپنی گردن مین پس تحقیق ڈالا اُسنے اسلام کو پیچھے پیٹھ اپنی کے نقل کی یہ ابوداؤد نے (۷) **ترجمہ** اور روایت ہے جریر بن عبد الله سے کہ کہا بھیجا رسول الله صلی الله علیہ وسلم نے ایک لشکر طرف قبیلہ خثعم کے پس پناہ ڈہونڈہی کتنے ایک لوگون نے اُن مین سے ساتھ نماز پڑھنے کے پس جلدی کیا گیا اُن مین قتل پس پہونچی یہ خبر رسول الله صلی الله علیہ وسلم کو پس حکم کیا واسطے اُنکے ساتھ آدہی دیت کے اور فرمایا مین بیزار ہون اُس مسلمان سے کہ رہنا اختیار کرے درمیان مشرکون کے عرض کیا اصحابہ نے یا رسول الله کس واسطے آپ بیزار ہین فرمایا چاہیے کہ نہ دیکھین ایک دوسرے کی آگ دونو کی نقل کی یہ ابوداؤد نے (۸) **ترجمہ** اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ نقل کی نبی صلے الله علیہ وسلم سے فرمایا ایمان منع کرتا ہے قتل کرنے ناگہان کو

لہ یہانتک الخ یہ تعلیق بالمحال ہے یعنے جیسے پہرنا تیر کا اوپر سوفار کے محال ہے ایسے ہی انکا پہرنا طرف دین کے محال ہے ۱۲ مرقاۃ **لہ** طرف کتاب الله کے یعنے صرف کتاب الله کیطرف الله چہوڑ دینگے سنت رسول کی حالانکہ سنت الله کی کتاب کے کہولنےوالی ہے ۱۲ **لہ** فرمایا سر منڈانا شاید اسوقت سارے سر کا منڈانا معروف نہ تہا اسلیے فرمایا ورنہ سر منڈانا حج مین افضل ہے ۱۲ مرقاۃ **لہ** پس ڈرا وہ سونیوالا الخ یعنے اور حضرت صلعم نے دیکھا یا سنا ۱۲ **لہ** جو شخص کہ لیوے زمین الخ یعنے جس شخص نے خریدی زمین خراجی لازم آیا اسکو

لا يفتك مؤمن رواه ابو داود (۹) **وعن** جرير عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا ابق العبد الى الشرك فقد حل دمه رواه ابو
داود (۱۰) **وعن** علي ان يهودية كانت تشتم النبي صلى الله عليه وسلم وتقع فيه فخنقها رجل حتى ماتت فابطل النبي صلى الله
عليه وسلم دمها رواه ابو داود (۱۱) **وعن** جندب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم حد الساحر ضربة بالسيف رواه الترمذي

الفصل الثالث (۱) **عن** اسامة بن شريك قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ايما رجل خرج يفرق بين امتي فاضربوا
عنقه رواه النسائي (۲) **وعن** شريك بن شهاب قال كنت اتمنى ان القى رجلا من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم اساله عن
الخوارج فلقيت ابا برزة في يوم عيد في نفر من اصحابه فقلت له هل سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يذكر الخوارج قال
نعم سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم باذني ورايته بعيني اتي رسول الله صلى الله عليه وسلم بمال فقسمه فاعطى من عن يمينه و
من عن شماله ولم يعط من وراءه شيئا فقام رجل من وراءه فقال يا محمد ما عدلت في القسمة رجل اسود مطموم
الشعر عليه ثوبان ابيضان فغضب رسول الله صلى الله عليه وسلم غضبا شديدا وقال والله لا تجدون بعدي رجلا هو اعدل
مني ثم قال يخرج في اخر الزمان قوم كان هذا منهم يقرؤن القران لا يجاوز تراقيهم يمرقون من الاسلام كما يمرق السهم

قتل کرے ناگہان مومن نقل کی یہ ابوداؤد نے (۹) ترجمہ اور روایت ہے جریرؓ سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جس وقت کہ بہاگ گے غلام طرف
شرک کی پس حلال ہوا خون اُسکا نقل کی یہ ابوداؤد نے (۱۰) ترجمہ اور روایت ہے حضرت علیؓ سے یہ کہ ایک عورت یہودیہ بُرا کہتی تہی نبی صلی اللہ علیہ
وسلم کو اور عیب وطعن کرتی تہی حضرتؐ مین پس گلا گہونٹا اُسکا ایک شخص نے یہانتک کہ مرگئی پس معاف فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے خون اُسکا نقل
کی یہ ابوداؤد نے (۱۱) ترجمہ اور روایت ہے جندبؓ سے کہ کہا فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حد جادوگر کی قتل کرنا ساتہ تلوار کے ہے نقل
کی یہ ترمذی نے **فصل تیسری** (۱) ترجمہ روایت ہے اسامہ بن شریکؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ خروج کرے امام
پر اس حال مین کہ تفریق ڈالے درمیان امت میری کے پس مارو گردن اُسکی نقل کی یہ نسائی نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے شریک بن شہابؓ
سے کہ کہا تہا مین آرزو رکہتا یہ کہ ملاقات کرون مین کسی شخص سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابیون مین سے کہ پوچہون مین اُس سے حال
خارجیون کا پس ملا مین ابوبرزہؓ سے بیچ دن عید کے بیچ جماعت کے یارون انکے سے پس کہا مینے واسطے انکے کیا سنا ہے تمنے رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم کو ذکر کرتے خارجیون کا کہا کہ ہان سُنا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے کانون سے اور دیکہا مینے حضرتؐ کو ساتہ آنکہون
اپنی کے کہ لائے گئے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مال پس بانٹا اُسکو اور دیا اُن شخصون کو کہ تہے داہنے طرف حضرتؐ کے اور جو بائین طرف اور نہ دیا
اُنکو کہ جو پیچہے تہے حضرتؐ کے کچہ پس کہڑا ہوا ایک شخص پیچہے حضرتؐ کے سے اور کہا اے محمد نہ انصاف کیا تونے بانٹنے مین وہ شخص تہا کالا منڈے
ہوئے بالون کا اُسپر تہے دو کپڑے سفید پس غصہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے غصہ سخت اور فرمایا قسم ہے خدا کی نہ پاؤگے بعد میرے کسی شخص کو کہ وہ
بہت انصاف کرنیوالا ہو مجہ سے پہر فرمایا نکلینگے آخر زمانے مین ایک قوم گویا کہ یہ شخص اُنہین مین سے ہے پڑہینگے قرآن نہین بڑہے گا
چنبر گردن اُنکی سے نکلجاوینگے اسلام سے جیسے نکلجاتا ہے تیر

ف۱ یعنی قتل کرے ناگہان مومن لیکن اگر مفسد غدار ہو کہ مسلمانون کی ایذا کے درپے ہو تو یہ امر
آخر ہے جیسے کعب بن اشرف وغیرہ کو آپنے قتل کرایا ۱۲ ف۲ طرف شرک کے یعنے دار الحرب کے ۱۲ ف۳ معاف فرمایا خون اُسکا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر ذمی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو
برا کہے کہلا کہلا تو اُسکا عہد ٹوٹ جاتا ہے اور وہ مباح الدم ہوجاتا ہے امام شافعی کا مذہب یہی ہے اور حنفیہ کے نزدیک نہین ٹوٹتا ۱۲ مرقاۃ ف۴ حد جادوگر کی الخ معلوم ہوا
کہ ساحر قتل کیا جاوے یہ مذہب امام شافعیؒ کا اگر جادو موجب کفر ہو اور توبہ نکرے اور امام مالک وغیرہ کے نزدیک ساحر کافر ہے بدون توبہ طلب کرنیکے قتل کیا جاوے ۱۲ مرقاۃ
ف۵ پس مارو گردن اسکی جو امام پر خروج کرے اول اُسکو منع کرنا چاہیے اور اُسکے فتنہ کو دور کرنا چاہیے پہر اگر نہ مانے تو مار ڈالے ۱۲ لمعات ف۶ حال خارجیون کا
یعنے جو اب خارجی پیدا ہوئے ہین آیا خبر دی تہی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انکے احوال سے یا نہین ۱۲ حق ف۷ اُنہین مین سے ہے الخ یعنے اُن کی جماعت سے اور انکی
طریقہ پہ ۱۲ ف۸ نکلجاوینگے الخ یعنے قرآن پڑہینگے اور اُسپر عمل نہ کرینگے ۱۲

مِنَ الرَّمِيَّةِ سِيمَاهُمُ التَّحْلِيقُ لَا يَزَالُونَ يَخْرُجُونَ حَتّٰى يَخْرُجَ اٰخِرُهُمْ مَعَ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ فَاِذَا لَقِيتُمُوهُمْ هُمْ شَرُّ الْخَلْقِ وَالْخَلِيقَةِ
رَوَاهُ النَّسَائِيُّ (۳) **وَعَنْ** اَبِي غَالِبٍ رَاٰى اَبُو اُمَامَةَ رُؤُسًا مَنْصُوبَةً عَلٰى دَرَجِ دِمَشْقَ فَقَالَ اَبُو اُمَامَةَ كِلَابُ النَّارِ
شَرُّ قَتْلٰى تَحْتَ اَدِيمِ السَّمَاءِ خَيْرُ قَتْلٰى مَنْ قَتَلُوهُ ثُمَّ قَرَاَ يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوهٌ الْاٰيَةَ قِيلَ لِاَبِي اُمَامَةَ اَنْتَ
سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ لَمْ اَسْمَعْهُ اِلَّا مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا حَتّٰى عَدَّ سَبْعًا مَا حَدَّثْتُكُمُوهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ
وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ

كِتَابُ الْحُدُودِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

(۱) **عَنْ** اَبِي هُرَيْرَةَ
وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ اَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَحَدُهُمَا اقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَقَالَ الْاٰخَرُ اَجَلْ
يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَاقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَائْذَنْ لِي اَنْ اَتَكَلَّمَ قَالَ تَكَلَّمْ قَالَ اِنَّ ابْنِي كَانَ عَسِيفًا عَلٰى هٰذَا فَزَنٰى بِامْرَاَتِهِ
فَاَخْبَرُونِي اَنَّ عَلٰى ابْنِي الرَّجْمَ فَافْتَدَيْتُ مِنْهُ بِمِائَةِ شَاةٍ وَّبِجَارِيَةٍ لِي ثُمَّ اِنِّي سَاَلْتُ اَهْلَ الْعِلْمِ فَاَخْبَرُونِي اَنَّ عَلٰى
ابْنِي جَلْدُ مِائَةٍ وَّتَغْرِيبُ عَامٍ وَّاِنَّمَا الرَّجْمُ عَلَى امْرَاَتِهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ لَاَقْضِيَنَّ
بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ اَمَّا غَنَمُكَ وَجَارِيَتُكَ فَرَدٌّ عَلَيْكَ وَاَمَّا ابْنُكَ فَعَلَيْهِ جَلْدُ مِائَةٍ وَّتَغْرِيبُ عَامٍ وَاَمَّا اَنْتَ يَا اُنَيْسُ
فَاغْدُ عَلَى امْرَاَةِ هٰذَا فَاِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا فَاعْتَرَفَتْ فَرَجَمَهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۲) **وَعَنْ** زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ

سنگسار ہو علامت انکی سر منڈانا ہوگا ہمیشہ رہیں گے خروج کرتے یہانتک کہ نکلیگا آخر انکا مسیح دجال کے ساتھ پس جسوقت کہ ملو تم انسے قتل کرو انکو
وہ بدترین ہیں آدمیوں اور جانوروں کے نقل کی یہ نسائی نے (۳) **ترجمہ** اور روایت ہی ابو غالب سے کہ دیکھے ابو امامہ رضی اللہ عنہ نے سر نصب کیے گئے اوپر
راہ دمشق کے پس کہا ابو امامہ رضی اللہ عنہ نے یہ کتے ہیں دوزخ کے بدتر مقتولوں کے نیچے روی آسمان کے بہترین مقتولوں کا وہ ہی کہ جسکو انہوں نے قتل کیا پہر پڑہی
یہ آیت اس دن سفید ہونگے کتنے منہ اور سیاہ ہونگے کتنے منہ آخر آیت تک کہا ابو غالب نے ابو امامہ کو کہ تنے سنا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا
ابو امامہ رضی اللہ عنہ نے اگر نہ سنا ہوتا مینے اسکو مگر ایک بار یا دو بار یا تین بار یہانتک کہ گنا سات بار نہ حدیث کرتا میں تمہارے روبرو یہ حدیث نقل کی یہ ترمذی
اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے کہ حدیث حسن ہی **کتاب** ہی بیچ بیان حدوں کے **فصل پہلی** (۱) **ترجمہ** روایت ہی ابو ہریرہ رضی اور زید بن خالد رضی اللہ
سے یہ کہ تحقیق دو شخص جھگڑتے آئے پاس رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس کہا ایک نے ان دونوں میں سے کہ حکم کرو درمیان ہمارے ساتھ کتاب اللہ کے اور
کہا دوسرے نے کہ ہاں یا رسول اللہ پس حکم کرو درمیان ہمارے ساتھ کتاب اللہ کے اور پروانگی دیجیے مجھکو کہ کلام کروں میں فرمایا کہ کلام کر کہا اس
شخص نے کہ تحقیق تہا بیٹا میرا مزدور اس شخص کے ہاں پس زنا کیا اسکی عورت سی پس خبر دی مجھکو لوگوں نے یہ کہ اوپر بیٹے میرے کے سنگساری ہی پس
بدلا دیا مینے اسکی طرف سے سو بکریاں اور ایک لونڈی اپنی پہر تحقیق مینے پوچھا عالموں سے پس خبر دی انہوں نے مجھکو یہ کہ اوپر بیٹے میرے کے سو درے
ہیں اور برس روز کا نکالدینا اور سوا اسکے نہیں کہ سنگساری اسکی عورت پر ہے پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبردار ہو قسم ہے اس ذات کی
کہ جان میری اسکے ہاتہ میں ہے البتہ حکم کرونگا درمیان تمہارے ساتھ کتاب اللہ کے اپیر بکریاں تیری اور لونڈی تیری پہر آوینگی تیرے پاس اور بیٹے تیرے
پر سو درے ہیں اور برس دن کا نکالدینا اور تو اے انیس جا اسکی عورت پاس پس اگر اقرار کرے زنا کا پس سنگسار کر اسکو پس اقرار کیا اس عورت نے پس سنگسار
کیا انیس نے اس عورت کو متفق علیہ (۲) **ترجمہ** اور روایت ہی زید بن خالد سے کہ کہا سنا مینے

ف۱ یعنے خارجیوں کے سر نصب کیے گئے الخ یعنے بڑے ہوئے یا سولی دیے گئے ۱۲ **ف۲** اس سے معلوم ہوا کہ خارجی لوگ مسلمان نہیں **ف۳** بیچ بیان حدوں کے حد کے معنے لغت میں ہیں روکنا اور حد بمعنے حائل ہی موجود چیزوں کے درمیان یہ وہ
ہے اور حدود شرعیہ کو اسلیے حدود کہتے ہیں کہ وہ لوگوں کو گناہوں میں واقع ہونے سے روکتی ہیں اور حد شریعت میں عقوبت ہے کہ معین کی گئی ہے واسطے حق خدا کے ۱۲ لمعات **ف۴**
کلام کروں میں کہ صورت مقدمہ کی کیا ہے ۱۲ **ف۵** پس بدلہ دیا میں نے الخ یعنے اسکے سنگسار ہونے کے بدلے میں یہ دیں ۱۲ ح **ف۶** سو درے ہیں الخ اسلیے
کہ وہ بیاہا ہوا نہیں ۱۲ **ف۷** پس سنگسار کیا الخ اسلیے کہ وہ بیاہی ہوئی تہی اور ظاہر اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ صرف ایک بار اقرار کفایت کرتا ہے یہ
مذہب شافعی کا ہے اور حنفیہ کے نزدیک چار بار اقرار چاہیے ۱۲ مرقاۃ ولمعات

النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُ فِيمَنْ زَنٰى وَلَمْ يُحْصِنْ جَلْدَ مِائَةٍ وَتَغْرِيبَ عَامٍ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ (۳) وَعَنْ عُمَرَ قَالَ إِنَّ اللهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا بِالْحَقِّ وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ فَكَانَ مِمَّا أَنْزَلَ اللهُ تَعَالٰى آيَةُ الرَّجْمِ رَجَمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَمْنَا بَعْدَهُ وَالرَّجْمُ فِي كِتَابِ اللهِ حَقٌّ عَلٰى مَنْ زَنٰى إِذَا أَحْصَنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ إِذَا قَامَتِ الْبَيِّنَةُ أَوْ كَانَ الْحَبَلُ أَوِ الْاِعْتِرَافُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۴) وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خُذُوا عَنِّي قَدْ جَعَلَ اللهُ لَهُنَّ سَبِيلًا الْبِكْرُ بِالْبِكْرِ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيبُ عَامٍ وَالثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ جَلْدُ مِائَةٍ وَالرَّجْمُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۵) وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ الْيَهُودَ جَاؤُوا إِلٰى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرُوا لَهُ أَنَّ رَجُلًا مِنْهُمْ وَامْرَأَةً زَنَيَا فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَجِدُونَ فِي التَّوْرٰيةِ فِي شَأْنِ الرَّجْمِ قَالُوا نَفْضَحُهُمْ وَيُجْلَدُونَ قَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ سَلَامٍ كَذَبْتُمْ إِنَّ فِيهَا الرَّجْمَ فَأَتَوْا بِالتَّوْرٰيةِ فَنَشَرُوهَا فَوَضَعَ أَحَدُهُمْ يَدَهُ عَلٰى آيَةِ الرَّجْمِ فَقَرَأَ مَا قَبْلَهَا وَمَا بَعْدَهَا فَقَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ سَلَامٍ ارْفَعْ يَدَكَ فَرَفَعَ فَإِذَا فِيهَا آيَةُ الرَّجْمِ فَقَالُوا صَدَقَ يَا مُحَمَّدُ فِيهَا آيَةُ الرَّجْمِ فَأَمَرَ بِهِمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَا وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ ارْفَعْ يَدَكَ فَرَفَعَ فَإِذَا آيَةُ الرَّجْمِ تَلُوحُ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ إِنَّ فِيهَا آيَةَ الرَّجْمِ وَلٰكِنَّا نَتَكَاتَمُهُ بَيْنَنَا

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حکم فرماتے تھے بیچ حق اُس شخص کے کہ زنا کیا ہو اور نہ ہو محصن سو دُرّے مارنیکا اور برس دن نکالنے کا نقل کی یہ بخاری نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے عمرؓ سے کہ کہا تحقیق اللہ تعالی نے بھیجا محمد کو ساتھ حق کے اور نازل کی اُنپر کتاب پس تھی اُس چیز سے کہ نازل کی اللہ تعالی نے آیت رجم کی رجم کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اور رجم کیا ہمنے بعد حضرتؐ کے اور رجم بیچ کتاب اللہ کے ثابت ہے اُس شخص پر کہ زنا کرے جس وقت کہ ہو محصن مردوں سے یا عورتوں سے جس وقت کہ ثابت ہو شاہدوں سے یا ہووے حمل یا ہو اقرار نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے (۴) ترجمہ اور روایت ہے عبادہ بن صامتؓ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لو مجھ سے لو مجھ سے تحقیق مقرر کی اللہ نے واسطے عورتوں کے راہ کوارا کہ زنا کرے کواری سے سو دُرّے ماریں اور ایک سال جلاوطن کریں اور بیاہا کہ زنا کرے بیاہی سے سو دُرّے مار کر رجم کریں نقل کی یہ مسلم نے (۵) ترجمہ اور روایت ہے عبداللہ بن عمرؓ سے یہ کہ یہودی آئے طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور ذکر کیا اُنہوں نے روبرو حضرتؐ کے یہ کہ ایک مرد نے اُن میں سے اور ایک عورت نے زنا کیا پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا پاتے ہو تم توریت میں بیچ مقدمہ رجم کے کہا یہودیوں نے فضیحت کرتے ہیں ہم زنا کرنے والوں کو اور درّے مارے جاتے ہیں وہ کہا عبداللہ بن سلام نے جھوٹ بولتے ہو تم تحقیق توریت میں بھی رجم ہے پس لاؤ توریت پس کھولا اُسکو اور رکھدیا ایک نے اُن میں سے ہاتھ اپنا رجم کی آیت پر اور پڑھ گیا اُسکے پہلے سے اور اُسکے پیچھے سے پس کہا عبداللہ بن سلامؓ نے اُٹھا ہاتھ اپنا پھر اُٹھایا ہاتھ پس ناگہان اُسمیں تھی آیت رجم کی پس کہا یہودیوں نے کہ سچ کہا عبداللہ نے اے محمد اس میں ہے آیت رجم کی پھر حکم فرمایا اُن دونو کے سنگسار کرنیکا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے پس سنگسار کیے گئے دونو اور ایک روایت میں ہے کہ کہا عبداللہ نے اُٹھالے ہاتھ اپنا پس اوٹھا لیا ہاتھ اپنا پس ناگہان آیت رجم کی ظاہر تھی پھر کہا ہاتھ رکھنے والے نے ای محمد تحقیق توریت میں ہے آیت رجم کی ولیکن ہم چھپاتے ہیں اُسکو آپس میں

سلہ اور نہ ہو محصن یعنی بیاہا ہو نہ ہو جمہور کے نزدیک ایکسال جلاوطن کرنا حد میں داخل ہے اور اسی پر عمل ہے خلفاء راشدین کا اور کسی نے اسپر انکار نہیں کیا پس ہوگا اجماع مگر کوفے والے اسکو جائز نہیں رکھتے ۱۲ الروضۃ الندیہ صفحہ ۲۵۶ ۲ جس وقت کہ ہو محصن یعنی بیاہا ہوا آیت رجم کی اول قرآن میں تھی پھر تلاوت اُسکی منسوخ ہوگئی اور حکم باقی رہا ۱۲ مرقاۃ ۳ تحقیق مقرر کی اللہ نے الخ حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالی نے اول قرآن میں فرمایا تھا کہ زنا والی عورتوں کو بعد گذرنے گواہوں کے قید رکھو یہاں تک کہ مریں یا اللہ اُنکے لیے کچھ راہ نکالے پھر اللہ تعالی نے انکے لیے یہ راہ نکالی یعنے حد مقرر کی جو حضرتؐ نے اس حدیث میں بیان فرمائی اور رجم کے ساتھ سو دُرّے مارنا بھی درست ہے یہی قول اہل ظاہر کا ہے اور جمہور کے نزدیک درّے منسوخ ہیں ۱۲ مرقاۃ ۴ زنا کیا اور تھے وہ دونو بیاہے ہوئے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کافر پر بھی زنا کی حد واجب ہے اور اُسکا نکاح صحیح ہے ۱۲ نووی صفحہ ۶۹ ۵ رکھدیا ایک نے الخ یعنے اُسکو چھپا لیا ہاتھ کے نیچے ۱۲ ۶ کہا عبداللہ

فَأَمَرَ بِهِمَا فَرُجِمَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۶) **وَعَنْ** أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ فَنَادَاهُ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي زَنَيْتُ فَأَعْرَضَ عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَنَحَّى لِشِقِّ وَجْهِهِ الَّذِي أَعْرَضَ قِبَلَهُ فَقَالَ إِنِّي زَنَيْتُ فَأَعْرَضَ عَنْهُ فَلَمَّا شَهِدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ دَعَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَبِكَ جُنُونٌ قَالَ لَا فَقَالَ أَحْصَنْتَ قَالَ نَعَمْ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ اذْهَبُوا بِهِ فَارْجُمُوهُ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَأَخْبَرَنِي مَنْ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ يَقُولُ فَرَجَمْنَاهُ بِالْمَدِينَةِ فَلَمَّا أَذْلَقَتْهُ الْحِجَارَةُ هَرَبَ حَتَّى أَدْرَكْنَاهُ بِالْحَرَّةِ فَرَجَمْنَاهُ حَتَّى مَاتَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ عَنْ جَابِرٍ بَعْدَ قَوْلِهِ قَالَ نَعَمْ فَأَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ بِالْمُصَلَّى فَلَمَّا أَذْلَقَتْهُ الْحِجَارَةُ فَرَّ فَأُدْرِكَ فَرُجِمَ حَتَّى مَاتَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرًا وَصَلَّى عَلَيْهِ (۷) **وَعَنْ** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا أَتَى مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ لَعَلَّكَ قَبَّلْتَ أَوْ غَمَزْتَ أَوْ نَظَرْتَ قَالَ لَا يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ أَنِكْتَهَا لَا يَكْنِي قَالَ نَعَمْ فَعِنْدَ ذٰلِكَ أَمَرَ بِرَجْمِهِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ (۸) **وَعَنْ** بُرَيْدَةَ قَالَ جَاءَ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ طَهِّرْنِي فَقَالَ وَيْحَكَ ارْجِعْ فَاسْتَغْفِرِ اللهَ وَتُبْ إِلَيْهِ قَالَ فَرَجَعَ غَيْرَ بَعِيدٍ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ طَهِّرْنِي فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذٰلِكَ حَتَّى إِذَا كَانَتِ الرَّابِعَةُ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَ أُطَهِّرُكَ قَالَ مِنَ الزِّنَا

پس حکم فرمایا حضرت نے اُن دونوں کے سنگسار کرنیکا پس سنگسار کیے گئے متفق علیہ (۶) **ترجمہ** اور روایت ہے ابو ہریرہؓ سے کہا آیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص اس حال میں کہ وہ تھے مسجد میں پس پکارا حضرت کو یا رسول اللہ تحقیق مینے زنا کیا پس منہ پھیر لیا اُس سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے پس آیا وہ طرف اُس جانب آنحضرت کی کہ منہ پھیرا اُس جانب اور کہا کہ تحقیق مینے زنا کیا پھر منہ پھیر لیا حضرت نے اُس سے پس جب اقرار کیا اُس نے چار بار بلایا اسکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اور فرمایا کہ کیا تجھ کو سودا ہے کہا کہ نہیں پس فرمایا کہ کیا محصن ہے تو کہا ہاں یا رسول اللہ فرمایا لیجاؤ اسکو اور سنگسار کرو اسکو کہا ابن شہاب نے پس خبر دی مجھکو اُس شخص نے کہ سنا تھا جابر بن عبداللہؓ سے کہتے تھے پس سنگسار کیا ہمنے اُسکو مدینہ میں پس جبکہ پہونچے اُسکو پتھر بھاگا یہانتک کہ پایا ہمنے اُسکو سنگستان میں پس سنگسار کیا ہمنے اُسکو یہانتک کہ مر گیا متفق علیہ اور بیچ ایک روایت بخاری کے جابرؓ سے بعد قول اُسکے کے کہا کہ ہاں یوں آیا ہے پس حکم کیا حضرت نے اُسکو سنگسار کرنیکا پس سنگسار کیا گیا عیدگاہ میں پس جب پہونچے پتھر بھاگا پھر پایا گیا اور سنگسار کیا گیا یہانتک کہ مر گیا پس فرمائی واسطے اُسکے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے بھلائی اور نماز پڑھی اُس پر (۷) **ترجمہ** اور روایت ہے ابن عباسؓ سے کہ کہا جب کہ آیا ماعز بن مالک نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پس فرمایا حضرت نے واسطے اسکے شاید کہ تمنے بوسہ لیا ہو یا ہاتھ لگایا ہو یا دیکھا ہو کہا کہ نہیں یا رسول اللہ فرمایا کیا جماع کیا تونے اُس کو کنایہ نہیں کی کہا ماعز نے کہ ہاں پس اُس وقت حضرت نے حکم فرمایا اُسکے سنگسار کرنیکا نقل کی یہ بخاری نے (۸) **ترجمہ** اور روایت ہے بریدہؓ سے کہا آیا ماعز بن مالک پاس نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کہا یا رسول اللہ پاک کر مجھ کو پس فرمایا وای تجھ کو پھر جا اور استغفار کر اللہ سے اور رجوع کر طرف اُسکے کہا راوی نے کہ پھرا اور گیا وہ تھوڑی ہی دور پھر آیا اور کہا یا رسول اللہ پاک کر مجھ کو پھر فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے مانند اسکی یہانتک کہ جب ہوئی چوتھی بار فرمایا واسطے اُس کے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پھر کس چیز سے پاک کروں میں تجھ کو کہا کہ زنا سے

۵ جب اقرار کیا اُسنے چار بار امام ابو حنیفہ اور جمہور نے دلیل پکڑی ہے ساتھ اس حدیث کے کہ شرط ہے چار بار اقرار کرے اور شافعی کے نزدیک ایک بار کے اقرار سے زنا ثابت ہو جاتا ہے ۱۲ نووی ص ۶۶ ج ۲

۶ جب پہونچی اُسکو چوٹ بھاگا ۱۲ امام شافعی اور احمد وغیرہ کے نزدیک جو شخص بھاگ جاوے اُسکا پیچھا نہ کیا جاوے اور نہ مارا جاوے لیکن اُس سے کہیں اگر رجوع کرے اقرار زنا سے تو چھوڑ دو اور مالک کے نزدیک اُسکا پیچھا کیا جاوے اور سب کا اتفاق ہے علما کا اسپر کہ مقر زنا وغیرہ کے رجوع کرنیکی تلقین مستحب ہے ۱۲ نووی ص ۶۶ ج ۲

۳ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بیچ مسجد میں اور کہا کہ زنا کیا ہے میں نے ۱۲

۴ کہ تونے بوسہ لیا ہوگا یعنے مقدمات زنا میں سے کچھ کیا ہوگا ۱۲ حق

۵ کنایہ نہیں کی یعنے صریح پوچھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جماع کیا تونے ۱۲

۶ پاک کر مجھ کو ۱۲ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حد سے گناہ مٹ جاتا ہے اور یہ امر موجود ہے عبادہ بن صامتؓ کی حدیث میں کہ جسنے ایسا کوئی گناہ کیا پھر دنیا میں اُسکی سزا ملی تو وہی کفارہ ہو گیا اور ہم نہیں جانتے کسی کا اختلاف اسمیں اور یہ بھی ثابت ہوا کبیرہ گناہ توبہ سے معاف ہو جاتا ہے اور اسپر اجماع ہے مسلمانوں کا سوا قتل

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أبه جنون فأخبر أنه ليس بمجنون فقال أشرب خمرا فقام رجل فاستنكهه فلم يجد منه ريح خمر فقال
أزنيت قال نعم فأمر به فرجم فلبثوا يومين أو ثلاثة ثم جاء رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال استغفروا لماعز بن مالك لقد
تاب توبة لو قسمت بين أمة لوسعتهم ثم جاءته امرأة من غامد من الأزد فقالت يا رسول الله طهرني فقال ويحك
ارجعي فاستغفري الله وتوبي إليه فقالت تريد أن ترددني كما رددت ماعز بن مالك إنها حبلى من الزنى فقال أنت قالت
نعم قال لها حتى تضعي ما في بطنك قال فكفلها رجل من الأنصار حتى وضعت فأتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال قد وضعت
الغامدية فقال إذا لا نرجمها وندع ولدها صغيرا ليس له من يرضعه فقام رجل من الأنصار فقال إلي رضاعه يا نبي
الله قال فرجمها وفي رواية أنه قال لها اذهبي حتى تلدي فلما ولدت قال اذهبي فأرضعيه حتى تفطميه فلما فطمته
أتته بالصبي في يده كسرة خبز فقالت هذا يا نبي الله قد فطمته وقد أكل الطعام فدفع الصبي إلى رجل من المسلمين
ثم أمر بها فحفر لها إلى صدرها وأمر الناس فرجموها فيقبل خالد بن الوليد بحجر فرمى رأسها فتنضح الدم على
وجه خالد فسبها فقال النبي صلى الله عليه وسلم مهلا يا خالد فوالذي نفسي بيده لقد تابت توبة لو تابها صاحب

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا اسکو جنون ہے پس خبر دیگئے حضرت کہ نہیں اسکو جنون ہے پھر فرمایا حضرت نے کہ کیا پی ہے اس نے شراب پس کھڑا
ہوا ایک شخص اور سونگھی اُسنے بو اسکی منہ کی پس نہ پائی اُس سے بو شراب کی پھر فرمایا حضرت نے کہ کیا زنا کیا ہے تو نے کہا کہ ہاں پس حکم کیا حضرت نے
اُسکو سنگسار کرنیکا پس سنگسار کیا گیا پس درنگ کی لوگوں نے دو دن یا تین روز پھر آئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور فرمایا کہ استغفار کرو تم
واسطے ماعز بن مالک کے تحقیق توبہ کی ماعز نے ایسی توبہ کہ اگر تقسیم کیجاوے درمیان امت کے البتہ کفایت کرے انکو پھر آئی حضرت کے پاس ایک
عورت قبیلہ غامد سے کہ وہ ہی قبیلہ ازد سے پس کہا یا رسول اللہ پاک کرو مجھکو پس فرمایا وای ہے تجھکو پھر جا پس استغفار کر اللہ سے اور رجوع کر طرف
اُسکی پس کہا اُس عورت نے کہ چاہتے ہو تم یہ کہ پھیر دو مجھکو جیسا کہ پھیر دیا تمنے ماعز بن مالک کو تحقیق وہ حاملہ ہے زنا سے پس فرمایا حضرت نے کہ
تو کہا اُس نے ہاں فرمایا حضرت نے واسطے اُسکے صبر کر یہانتک کہ جنے تو اُس چیز کو کہ تیرے پیٹ میں ہے کہا راوی نے پس ذمہ لیا اُسکی خبر
گیری کا ایک شخص نے انصار میں سے یہانتک کہ جنے پھر آیا وہ شخص نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیا جنی ہے غامدیہ پس فرمایا حضرت
نے ابھی نہیں سنگسار کرینگے ہم اسکو اور چھوڑ دیں اسکی بچہ کو چھوٹا کہ نہیں واسطے اُسکے وہ شخص کہ دودھ پلاوے اسکو پس کھڑا ہوا ایک اور شخص انصار میں سے اور
کہا کہ میرے طرف ہے دودھ پلانا اس لڑکے کا اے نبی اللہ کے کہا راوی نے پس سنگسار کیا حضرت نے اُسکو پس سنگسار کی گئی اور ایک روایت میں یوں
ہے کہ فرمایا اُس عورت کو جا تو یہانتک کہ جنے تو پھر جب جنی فرمایا حضرت نے کہ جا پس دودھ پلا اسکو یہانتک کہ دودھ چھڑاوے تو اُسکا پس جب دودھ چھڑایا اسکا
لائی حضرت کے پاس لڑکے کو اُس حال میں کہ اُسکے ہاتھ میں تھا ٹکڑا روٹی کا اور کہا یہ لڑکا ہے اے نبی اللہ کے تحقیق دودھ چھڑایا میں نے اسکا اور تحقیق
کھانے لگا ہے کھانا پس پھر دیا حضرت نے اُس لڑکے کو طرف ایک شخص کے مسلمانوں میں سے پھر حکم کیا حضرت نے واسطے اُسکے کہ گڑھا کھودا جاوے پس کھودا
گیا واسطے اُسکے گڑھا اُسکے سینہ تک اور حکم کیا لوگوں کو اُسکے سنگسار کرنیکا پس سنگسار کیا اُسکو پس متوجہ ہوئے خالد بن ولید ساتھ ایک پتھر کے پس پھینکا
پتھر اُسکے سر پر پس پڑا خون خالد کے منہ پر پس برا کہا خالد نے اُسکو پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے باز رہ اے خالد پس قسم ہے اُس ذات کی کہ جان میری
اسکے ہاتھ میں ہے تحقیق توبہ کی اس عورت نے ایسی توبہ کہ اگر توبہ کرے اس طرح کی توبہ محصول لینے والا

ا؎ فرمایا ہے یعنی صحابہ نے ۱۲ ع؎ پس درنگ کی یعنے دیر
روز گزر گئے اُسکے سنگسار کرنے پر اور کچھ مذکور نہ ہوا اُسکا ۱۲ ق؎ غامد ایک گروہ قبیلہ ازد سے ہے اور ازد ایک قبیلہ ہے مشہور ۱۲ ہ؎ کہ تو یعنے تو حاملہ ہے زنا سے یا ایک طرح کا
ظاہر کرنا تعافل کا ہے ۱۲ ص؎ اُسکی خبر گیری کرنیگا یعنے اسکے جننے تک شافعی اور احمد اور اسحاق کا یہی قول ہے کہ عورت کو رجم نہ کریں گے جننے کے بعد بھی جبتک دودھ کا بندوبست نہ
ہو ورنہ دودھ چھٹنے تک انتظار کرینگے اور امام ابو حنیفہ اور مالک کے نزدیک جنتے ہی رجم کریں گے ۱۲ نووی ص ۶۸ ج ۲ ت؎ یہانتک کہ دودھ چھڑاوے تو الخ ان دونوں روایتوں میں تخالف
ہے سو مراد پہلی روایت میں دودھ پلانے سے پرورش ہے اور اسکا نام رضاعت بطور مجاز کے رکھا ۱۲ نووی ص ۶۸

مكس لغفر له ثم امر بها فصلى عليها ودفنت رواه مسلم (۹) وعن ابي هريرة قال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول
اذا زنت امة احدكم فتبين زناها فليجلدها الحد ولا يثرب عليها ثم ان زنت فليجلدها الحد ولا يثرب ثم
ان زنت الثالثة فتبين زناها فليبعها ولو بحبل من شعر متفق عليه (۱۰) وعن علي قال يا ايها الناس اقيموا على
ارقائكم الحد من احصن منهم ومن لم يحصن فان امة لرسول الله صلى الله عليه وسلم زنت فامرني ان اجلدها فاذا هي حديث
عهد بنفاس فخشيت ان انا جلدتها ان اقتلها فذكرت ذلك للنبي صلى الله عليه وسلم فقال احسنت رواه مسلم
وفي رواية ابي داود قال دعها حتى ينقطع دمها ثم اقم عليها الحد واقيموا الحدود على ما ملكت ايمانكم

الفصل الثاني

(۱) عن ابي هريرة قال جاء ماعز الاسلمي الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال انه
قد زنى فاعرض عنه ثم جاء من شقه الآخر فقال انه قد زنى فاعرض عنه ثم جاء من شقه الآخر فقال يا رسول
الله انه قد زنى فامر به في الرابعة فاخرج الى الحرة فرجم بالحجارة فلما وجد مس الحجارة فر يشتد حتى مر برجل
معه لحي جمل فضربه به وضربه الناس حتى مات فذكروا ذلك لرسول الله صلى الله عليه وسلم انه فر حين وجد مس
الحجارة ومس الموت فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هلا تركتموه رواه الترمذي وابن ماجة وفي

تو بخشش کیجاوی اُسکی پس حکم کیا حضرتؐ نی پس نماز پڑہی گئی اُسپر اور دفن کیگئی نقل کی یہ مسلم نے (۹) ترجمہ اور روایت ہی ابو ہریرہؓ سی کہ کہا سنا مینے نبی
صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تہے جس وقت کہ زنا کری لونڈی ایک تمہاری کی اور ظاہر ہو زنا اُسکا پس ماری اُسکو حد اور نہ عار دلاوی اُسپر پہر اگر زنا
کری پس ماری اُسکو حد اور نہ عار دلاوی پہر اگر زنا کری تیسری بار اور ظاہر ہو زنا اُسکا پس چاہیے کہ بیچ ڈالے اُسکو اگرچہ بدلے بالون کی رسی کے
متفق علیہ (۱۰) ترجمہ اور روایت ہی علیؓ سے کہ کہا ای لوگو جاری کرو اپنے غلام لونڈیو نپر حد بیاہا ہوا ہو یا نہ بیاہا پس تحقیق ایک لونڈی
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی نے زنا کیا تہا پس فرمایا مجھکو یہ کہ ماروں مین حد اُسکو پس ناگہان وہ قریب جنی ہوئی تہی پس ڈرا مین کہ اگر مارتا
ہون اُسکو پچاس دری تو مر جاتی ہے وہ اس سے پہر ذکر کیا مینے یہ واسطے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا کہ اچہا کیا تو نے نقل کی یہ مسلم نے
اور بیچ روایت ابوداؤد کے یہ ہی کہ فرمایا حضرتؐ نے چہوڑ دی اُسکو یہانتک کہ موقوف ہو خون اُسکا پہر جاری کر اُسپر حد اور جاری کیا کرو حدین اپنے
بردون پر

فصل دوسری

(۱) ترجمہ روایت ہی ابو ہریرہؓ سی کہ کہا آیا ماعز اسلمیؓ پاس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کہا کہ
تحقیق اُس نے زنا کیا پس موںہ پہیر لیا حضرتؐ نے اُس سے پہر آیا دوسری جانب سے اور کہا کہ تحقیق اُس شخص نے زنا کیا پس منہ پہیر لیا حضرتؐ نے
اُس سے پہر آیا اور طرف سے اور کہا یا رسول اللہ تحقیق اس شخص نے زنا کیا پس حکم کیا حضرتؐ نے اُسکی سنگسار کرنیکا چوتہی بار زمین پس نکالا گیا وہ طرف سنگستان
مدینہ کی پس مارا گیا ساتہ پتہرون کی پس جب پائی اُس نے ایذا پتہرون کے لگنے کی بہاگا دوڑتا ہوا یہانتک کہ گذرا ایک شخص پر کہ تہا پاس اُسکے کلا اونٹ کا
پس مارا اُسکو ساتہ اُس کلے کے اور مارا اُسکو لوگون نے یہانتک کہ مر گیا پس ذکر کیا صحابہ نے روبرو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ تحقیق وہ بہاگا
جس وقت کہ پائی اُس نے ایذا پتہرون کی لگنے کی اور ایذا موت کی پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیون نہ چہوڑ دیا تمنے اُسکو نقل کی
یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے اور ایک

ف ۱ پس نماز پڑہی گئی اُسپر اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر زانیہ عورت حاملہ ہو تو اُسکو سنگسار نہ کیا جاوی یہانتک کہ بچہ جنے خواہ حمل زنا کا ہو یا غیر زنا کا تاکہ بچہ قتل نہ ہو
اور اسپر اجماع ہے اور یہ بہی معلوم ہوا کہ جو سنگسار کیا جاوے اُسکا جنازہ پڑہا جاوی امام شافعی کے نزدیک بزرگ لوگ وغیرہ سب اُسکا جنازہ پڑہین ۱۲ نووی وشرح ف ۲
پس چاہیے کہ بیچ ڈالے اُسکو عرب کا دستور تہا کہ لونڈیون کی حرامکاری کو عیب نہ جانتے تہے صرف جہڑکی اور گہرکی پر ٹال دیتے تہے سو فرمایا کہ صرف جہڑکی پر نہ
ٹالا کرو بلکہ حد مارا کرو قضا کے حکم کے موافق لونڈی غلام کو شرم کم ہوتی ہے صرف گہرکی اُنکو فائدہ بہی نہین دیتی ۱۲ ترجمہ مشارق ص ۱۲۶ ف ۳ جاری کیا کرو حدین
اپنے بردون پر اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مالک کو پہونچتا ہے کہ قائم کرے حد کو اپنے مملوک پر بدون اجازت حاکم کے یہی مذہب ہے شافعی کا اور حنفیہ کے نزدیک جائز نہین اور

رِوَايَةٍ هَلَّا تَرَكْتُمُوْهُ لَعَلَّهٗ اَنْ يَّتُوْبَ فَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ (۲) **وَعَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِمَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ اَحَقٌّ
مَا بَلَغَنِيْ عَنْكَ قَالَ وَمَا بَلَغَكَ عَنِّيْ قَالَ بَلَغَنِيْ اَنَّكَ قَدْ وَقَعْتَ بِجَارِيَةِ اٰلِ فُلَانٍ قَالَ نَعَمْ فَشَهِدَ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ فَاَمَرَ بِهٖ
فَرُجِمَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۳) **وَعَنْ** يَزِيْدَ بْنِ نُعَيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ مَاعِزًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَقَرَّ عِنْدَهٗ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ
فَاَمَرَ بِرَجْمِهٖ وَقَالَ لِهَزَّالٍ لَوْ سَتَرْتَهٗ بِثَوْبِكَ كَانَ خَيْرًا لَّكَ قَالَ ابْنُ الْمُنْكَدِرِ اِنَّ هَزَّالًا اَمَرَ مَاعِزًا اَنْ يَّاْتِيَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُخْبِرَهٗ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ (۴) **وَعَنْ** عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَعَافُوا الْحُدُوْدَ فِيْمَا بَيْنَكُمْ فَمَا بَلَغَنِيْ مِنْ حَدٍّ فَقَدْ وَجَبَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ (۵) **وَعَنْ**
عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَقِيْلُوْا ذَوِي الْهَيْئَاتِ عَثَرَاتِهِمْ اِلَّا الْحُدُوْدَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ (۶) **وَعَنْهَا** قَالَتْ قَالَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِدْرَؤُا الْحُدُوْدَ عَنِ الْمُسْلِمِيْنَ مَا اسْتَطَعْتُمْ فَاِنْ كَانَ لَهٗ مَخْرَجٌ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهٗ فَاِنَّ الْاِمَامَ اَنْ
يُّخْطِئَ فِي الْعَفْوِ خَيْرٌ مِّنْ اَنْ يُّخْطِئَ فِي الْعُقُوْبَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ قَدْ رُوِيَ عَنْهَا وَلَمْ يُرْفَعْ وَهُوَ اَصَحُّ (۷) **وَعَنْ**
وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ قَالَ اسْتُكْرِهَتِ امْرَاَةٌ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَرَاَ عَنْهَا الْحَدَّ وَاَقَامَهٗ عَلَى الَّذِيْ اَصَابَهَا

روایت مین ہی کہ کیون[1] نہ چھوڑ دیا تمنے اُسکو شاید کہ وہ توبہ کرتا اور قبول کرتا اللہ توبہ اُسکی (۲) **ترجمہ** اور روایت ہی ابن عباسؓ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ و
سلم نے فرمایا ماعز بن مالک کو کہ کیا سچ ہے وہ چیز کہ پہونچی ہے مجہ کو تیری طرف سے کہا ماعز نے کہ کیا چیز پہونچی ہے آپکو میری طرف سے فرمایا کہ پہونچی
ہے یہ کہ تونے زنا کیا ہی فلانے کی لونڈی سے کہا کہ ہان پس اقرار کیا اُس نے چار بار پس حکم کیا اُسکے سنگسار کرنیکا پس سنگسار کیا گیا
نقل کی یہ مسلم[2] نے (۳) **ترجمہ** اور روایت ہی یزید بن نعیم سے کہ نقل کی اپنے باپ سے یہ کہ ماعز آیا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور اقرار کیا روبرو
حضرتؐ کے چار بار پس حکم فرمایا حضرتؐ نے ساتہ سنگسار کرنے اُسکے اور فرمایا حضرتؐ نے ہزال کو کہ اگر ڈہانکتا[3] تو ماعز کو ساتہ کپڑے اپنے کے
تو ہوتا بہتر تیرے لیے کہا ابن منکدر نے تحقیق ہزال نے کہا تہا ماعزؓ سے یہ کہ حاضر ہو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور خبر کر اُنکو حقیقت حال کی
نقل کی یہ ابوداؤد نے (۴) **ترجمہ** اور روایت ہی عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اُس نے اپنے دادا عبداللہ بن عمرو بن عاص سے
یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ معاف کرو تم حدون کو درمیان اپنے پس جو چیز کہ پہونچے مجہ کو حدسے پس تحقیق واجب ہوا قائم کرنا اُس کا
نقل کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے (۵) **ترجمہ** اور روایت ہی عائشہؓ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا معاف کرو خطائین عزت والون کی
مگر حدین[4] نقل کی یہ ابوداؤد نے (۶) **ترجمہ** اور روایت ہی عائشہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ دفع کرو حدون کو مسلمانون
سے جب تک کہ ہو سکے پس اگر ہو واسطے مسلمان کے جگہ خلاصی کی پس[5] چہوڑ دو راہ اُسکی پس تحقیق امام خطا کرنا اُسکا معاف کرنے مین بہتر ہے
خطا کرنے اُسکے سے سزا پہونچانے مین نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ تحقیق روایت کی گئی ہے یہ حدیث عائشہؓ سے کہ یہ قول اُنکا ہی اور نہین رفع
کی گئی ہے آنحضرتؐ تک اور یہی صحیح تر ہے (۷) **ترجمہ** اور روایت ہی وائل بن حجرؓ سے کہ کہا اکراہ کی گئی ایک عورت زمانے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے میں
پس دفع[6] کی اُس سے حد اور جاری کی اُسپر حد کہ زنا کیا اُس سے

[1] کیون چہوڑ دیا تمنے الخ اس سے معلوم ہوا کہ اگر زانی زنا کا اقرار کرکے پہر انکار کرے تو اس سے حد ساقط ہوتی ہے یہ مذہب احمد اور شافعیہ اور حنفیہ کا ہے ۱۲ روضہ ۲۵۹
[2] نقل کی یہ مسلم نے الخ اس قول مین اعتراض ہے صاحب مصابیح پر کہ اس حدیث کو پہلی فصل مین لانا چاہیے تہا ۱۲ [3] اگر ڈہانکتا الخ یعنے ظاہر نکرتا قضیہ زنا اُسکو
کا ہزال کی ایک لونڈی تہی فاطمہ نامی کہ آزاد کیا تہا اُسکو پس زنا کیا اُس سے ماعز نے پس مطلع ہوا اُسپر ہزال اور اشارہ کیا ماعز کو ساتہ جانے کے حضرتؐ کے پاس اور اقرار کرنے
کے ساتہ زنا کے پس فرمایا حضرتؐ نے ہزال کو کہ اگر ڈہانکتا تو الخ ۱۲ لمعات [4] یعنے اگر چوک کر گناہ ہو جاوے تو معاف کرو اُنکو ظاہر مین اور رسوا نہ کرو لیکن جو گناہ کہ موجب
حد ہو اُس سے درگزر کرنا نہ چاہیے یہ خطاب حاکمون کو ہے ۱۲ مرقاۃ لمعات [5] پس چہوڑ دو راہ اُسکی الخ حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر کسی سے جرم موجب حد ہو تو اُسکا عیب
چہپا دو حاکم تک نہ لیجاؤ اور حاکم کو چاہیے کہ مجرم کو عذر سکہا دے کہ دیوانہ ہوگیا ہی تو یا شراب پی ہے تونے یا بوسہ لیا ہے تونے ۱۲ مرقاۃ [6] پس دفع کی اُس سے حد اس

ولم يذكر انه جعل لها مهرا رواه الترمذي (٨) وعنه ان امرأة خرجت على عهد النبي صلى الله عليه وسلم تريد الصلوة فتلقاها رجل فتجللها فقضى حاجته منها فصاحت وانطلق ومرت عصابة من المهاجرين فقالت ان ذلك الرجل فعل بي كذا وكذا فاخذوا الرجل فاتوا به رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال لها اذهبي فقد غفر الله لك وقال للرجل الذي وقع عليها ارجموه وقال لقد تاب توبة لو تابها اهل المدينة لقبل منهم رواه الترمذي وابو داود (٩) وعن جابر ان رجلا زنى بامرأة فامر به النبي صلى الله عليه وسلم فجلد الحد ثم اخبر انه محصن فامر به فرجم رواه ابو داود (١٠) وعن سعيد بن سعد بن عبادة ان سعد بن عبادة اتى النبي صلى الله عليه وسلم برجل كان في الحي مخدج سقيم فوجد على امة من امائهم يخبث بها فقال النبي صلى الله عليه وسلم خذوا له عثكالا فيه مائة شمراخ فاضربوه ضربة رواه في شرح السنة وفي رواية ابن ماجة نحوه (١١) وعن عكرمة عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من وجدتموه يعمل عمل قوم لوط فاقتلوا الفاعل والمفعول به رواه الترمذي وابن ماجة (١٢) وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اتى بهيمة فاقتلوه واقتلوها معه قيل لابن عباس ما شان البهيمة قال ما سمعت

اور نہ ذکر کیا راوی نے یہ کہ حضرت نے ٹھیرایا اُس عورت کے لیے مہر نقل کی یہ ترمذی نے (۸) ترجمہ اور روایت ہے وائل سے کہ تحقیق ایک عورت نکلی زمانے میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے مین ارادہ نماز کے پس ملا اُس سے ایک شخص اور ڈھانکا اُسکو اور پوری کی حاجت اپنی اُس سے پس چلائی اور چلا گیا وہ شخص اور گزری ایک جماعت مہاجرین کی پس کہا عورت نے کہ تحقیق اُس شخص نے کیا ساتھ میرے ایسا اور ایسا پس پکڑا لوگوں نے اُس شخص کو اور لائے اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس فرمایا واسطے اُس عورت کے جا پس تحقیق بخشدیا اللہ نے تجھ کو اور فرمایا واسطے اُس شخص کے کہ فعل بد کیا تھا اُس سے سنگسار کرو اُسکو اور فرمایا تحقیق توبہ کی اس نے ایسی توبہ کہ اگر کرتے اسکو اہل مدینہ البتہ قبول کی جاتی اُن سے نقل کی یہ ترمذی اور ابو داؤد نے (۹) ترجمہ اور روایت ہے جابر سے یہ کہ ایک شخص نے زنا کیا ایک عورت سے پس حکم فرمایا اُسکے لیے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے درے مارنیکا پس درے مارے گئے اُسکو حد میں پھر خبر دی گئی حضرت کو کہ وہ محصن ہے پس حکم فرمایا اُسکے لیے سنگسار کرنیکا پس سنگسار کیا گیا نقل کی یہ ابو داؤد نے (۱۰) ترجمہ اور روایت ہے سعید بن سعد بن عبادہ سے یہ کہ سعد بن عبادہ لائے روبرو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک شخص کو کہ تھا قوم میں ناقص الخلقت بیمار پس پایا گیا وہ ایک لونڈی پر اہل محلہ کی لونڈیوں میں سے کہ زنا کرتا تھا ساتھ اُسکے پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ لو واسطے اُسکے بڑی ٹہنی کھجور کی کہ اُس میں سو ٹہنیاں چھوٹی ہوں پس مارو اُسکو ایک مار مارنا نقل کی یہ شرح السنہ میں اور بیچ روایت ابن ماجہ کے مانند اسکے (۱۱) ترجمہ اور روایت ہے عکرمہ سے نقل کی ابن عباس سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص کو کہ پاؤ کرتا عمل قوم لوط کا پس مار ڈالو فاعل اور مفعول کو نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے (۱۲) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی فعل بد کرے جانور سے پس قتل کرو اُس شخص کو اور اُس جانور کو ساتھ اُسکے کہا گیا واسطے ابن عباس کے کہ کیا حال ہے اُس جانور کا کہا ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہمانے کہ نہیں سنا میں نے

---

۱ ڈھانکا اسکو یعنے اپنے کپڑے سے ۲ پوری کی حاجت الخ یعنے زنا کیا اُس سے ۳ ایسا اور ایسا یعنے پکڑا اور لگا مجھے ساتھ زنا کیا ۴ سنگسار کرو یعنے اُس کے اقرار کے بعد ۵ پھر خبر دی گئی الخ اس میں دلیل ہے اسپر کہ امام جس وقت کہ حکم کرے ساتھ ایک چیز کے پھر دوسری پھر معلوم ہوا کہ واجب غیر اُسکا تھا تو لازم ہے امام پر کہ رجوع کرے طرف واجب شرعی کے مرقاۃ ۶ جس بیمار کے اچھے ہونے کے امید ہو اُسکے درے مارنے میں تاخیر کرے اُسکے اچھے ہونے تک اور جس کے اچھے ہونے کی امید نہ ہو اسکو اس طرح ماری جس طرح کہ حدیث میں مذکور ہوا مرقاۃ ۷ مار ڈالو فاعل و مفعول کو الخ یہ قول امام شافعی کا ہے اور مالک اور احمد نے کہا کہ اغلامی سنگسار کیا جاوے ۸ کیا حال ہے اُس جانور کا یعنے نہ وہ عقل رکھتا ہے اور نہ اُس پر تکلیف ہے اُس کو کیوں قتل کریں

مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ ذٰلِکَ شَیْئًا وَلٰکِنْ اُرَاہُ کَرِہَ اَنْ یُّؤْکَلَ لَحْمُھَا اَوْ یُنْتَفَعَ بِھَا وَقَدْ فُعِلَ بِھَا ذٰلِکَ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ (۱۳) **وَعَنْ** جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَخْوَفَ مَا اَخَافُ عَلٰی اُمَّتِیْ عَمَلُ قَوْمِ لُوْطٍ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ (۱۴) **وَعَنْ** ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ بَنِیْ بَکْرِ بْنِ لَیْثٍ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَقَرَّ اَنَّہٗ زَنٰی بِامْرَاَۃٍ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ فَجَلَدَہٗ مِائَۃً وَّکَانَ بِکْرًا ثُمَّ سَاَلَہُ الْبَیِّنَۃَ عَلَی الْمَرْاَۃِ فَقَالَتْ کَذَبَ وَاللّٰہِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَجُلِدَ حَدَّ الْفِرْیَۃِ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ (۱۵) **وَعَنْ** عَائِشَۃَ قَالَتْ لَمَّا نَزَلَ عُذْرِیْ قَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَی الْمِنْبَرِ فَذَکَرَ ذٰلِکَ فَلَمَّا نَزَلَ مِنَ الْمِنْبَرِ اَمَرَ بِالرَّجُلَیْنِ وَالْمَرْاَۃِ فَضُرِبُوْا حَدَّھُمْ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

(۱) **عَنْ** نَافِعٍ اَنَّ صَفِیَّۃَ بِنْتَ اَبِیْ عُبَیْدٍ اَخْبَرَتْہُ اَنَّ عَبْدًا مِّنْ رَّقِیْقِ الْاِمَارَۃِ وَقَعَ عَلٰی وَلِیْدَۃٍ مِّنَ الْخُمُسِ فَاسْتَکْرَھَھَا حَتّٰی اقْتَضَّھَا فَجَلَدَہٗ عُمَرُ وَلَمْ یَجْلِدْھَا مِنْ اَجْلِ اَنَّہٗ اسْتَکْرَھَھَا رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ (۲) **وَعَنْ** یَزِیْدَ بْنِ نُعَیْمِ بْنِ ھَزَّالٍ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ کَانَ مَاعِزُ بْنُ مَالِکٍ یَتِیْمًا فِیْ حِجْرِ اَبِیْ فَاَصَابَ جَارِیَۃً مِّنَ الْحَیِّ فَقَالَ لَہٗ اَبِی ائْتِ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَخْبِرْہُ بِمَا صَنَعْتَ لَعَلَّہٗ یَسْتَغْفِرُ لَکَ وَاِنَّمَا یُرِیْدُ بِذٰلِکَ رَجَاءَ اَنْ یَّکُوْنَ لَہٗ مَخْرَجًا فَاَتَاہُ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اسمین کچھ ولیکن گمان کرتا ہون حضرت کو کہ مکروہ جانا آپنے یہ کہ کھایا جاوے گوشت اُسکا یا نفع لیا جاوے ساتھ اُسکے حالانکہ کیا گیا ہے ساتھ اُس جانور کے یہ فعل بد نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے (۱۳) **ترجمہ** اور روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بہت خوف اُس چیز کا کہ ڈرتا ہون مین اپنی اُمت پر عمل کرنا قوم لوط کا نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے (۱۴) **ترجمہ** اور روایت ہے ابن عباسؓ سے یہ کہ تحقیق ایک شخص بنی بکر بن لیث مین سے آیا حضرت نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور اقرار کیا کہ اُس نے زنا کیا ہے ساتھ ایک عورت کے چار بار پس ماری اُسکو سو دُرے اور تھا شخص کنوارا پھر طلب کیے حضرت نے اُس سے گواہ اوپر زنا کرنے عورت کے پس کہا عورت نے کہ جھوٹ بولتا ہے یہ قسم ہے اللہ کی یا رسول اللہ پس ماری حضرت نے حد تہمت کی نقل کی یہ ابوداؤد نے (۱۵) **ترجمہ** اور روایت ہے حضرت عائشہؓ سے کہ کہا جبکہ اُترا عذر میرا خطبہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے منبر پر پس ذکر کیا اُسکا پس جب اُترے منبر پر سے تو حکم کیا دو شخصون کے اور ایک عورت کے پس ماری گئی اُنکو حد نقل کی یہ ابوداؤد نے **فصل تیسری** (۱) **ترجمہ** روایت ہے نافع سے یہ کہ صفیہ بیٹی ابی عبید کی نے خبر دی اُنکو یہ کہ ایک غلام نے غلامون امارت کے سے قصد جماع کا کیا ایک لونڈی سے کہ خمس غنیمت کی تھی پس زبردستی جماع کیا اُس سے یہانتک کہ ازالہ بکارت اُسکی کا کیا پس دُرّے مارے اُس غلام کو عمر نے اور نہ دُرّے مارے اس لونڈی کو بسبب اسکے کہ زبردستی صحبت کی تھی اُس غلام نے اُس لونڈی سے نقل کی یہ بخاری نے (۲) **ترجمہ** اور روایت ہے یزید بن نعیم بن ہزال سے کہ نقل کی اُس نے اپنے باپ سے کہ کہا تھا ماعز بن مالک یتیم بیچ پرورش باپ میری کے پس جماع کیا ماعز نے ایک لونڈی قبیلہ کی سے پس کہا اُسکو باپ میرے نے کہ جا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور خبر دے اُنکو ساتھ اُس چیز کے کہ کی ہے تو نے شاید کہ حضرت استغفار کرین تیرے لیے اور نہین ارادہ کرتا تھا باپ میرا ساتھ اس کہنے کے مگر امید اسکی کہ ہو استغفار اُسکے لیے سبب خلاصی کا گناہ سے پس آیا ماعز حضرت کے پاس اور کہا یا رسول اللہ

لہ کچھ یعنے علت وحکمت ۱۲ عہ ساتھ اسکے یعنے ساتھ دودھ اور پشم اور جنبی وغیرہ اُسکے کے ۱۲ سہ حالانکہ الخ پس لازم آیا کہ قتل کیا جاوے ۱۲ کہ بہت خوف الخ یعنے یہ فعل سخت حرام ہے ڈرتا ہون کہ اس مین پڑین اور اسکا عذاب دیکھین ۱۲ ھہ چار بار یعنے چار بار اقرار کیا ۱۲ لہ پس کہا الخ یعنے جب وہ مرد عاجز ہوا گواہ گذارنے سے تو اُس عورت نے کہا کہ جھوٹا ہے کہ مجھکو نسبت زنا کی کرتا ہے خدا کی قسم ۱۲ لمعات شہ حد تہمت کی یعنے اسی دُرے ۱۲ شہ دو شخصون کے یعنے دو اور ایک عورت کہ وہ مسطح بن اثاثہ اور حسان بن ثابت تھے اور حمنہ بنت جحش . . . یہ اس امر بن فتنہ پرواز تھے اُنکو سزا دی ۱۲ عہ غلامون امارت یعنے خلافت کے سے ۱۲ سلہ پس دُرے مارے الخ یعنے پچاس اور لونڈی کو نہ مارے کیونکہ وہ زبردستی کی گئی تھی ۱۲ سلہ اپنے باپ یعنے نعیم سے ۱۲ سلہ باپ میرے کے یعنی ہزال کے ۱۲

إِنِّي زَنَيْتُ فَأَقِمْ عَلَيَّ كِتَابَ اللّٰهِ فَأَعْرَضَ عَنْهُ فَعَادَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي زَنَيْتُ فَأَقِمْ عَلَيَّ كِتَابَ اللّٰهِ حَتّٰى قَالَهَا أَرْبَعَ مَرَّاتٍ فَقَالَ
رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّكَ قَدْ قُلْتَهَا أَرْبَعَ مَرَّاتٍ فَبِمَنْ قَالَ بِفُلَانَةَ قَالَ هَلْ ضَاجَعْتَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ هَلْ بَاشَرْتَهَا قَالَ نَعَمْ
قَالَ هَلْ جَامَعْتَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَأَمَرَ بِهِ أَنْ يُرْجَمَ فَأُخْرِجَ بِهِ إِلَى الْحَرَّةِ فَلَمَّا رُجِمَ فَوَجَدَ مَسَّ الْحِجَارَةِ جَزِعَ فَخَرَجَ يَشْتَدُّ
فَلَقِيَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُنَيْسٍ وَقَدْ عَجَزَ أَصْحَابُهُ فَنَزَعَ لَهُ بِوَظِيفِ بَعِيرٍ فَرَمَاهُ بِهِ فَقَتَلَهُ ثُمَّ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ
لَهُ فَقَالَ هَلَّا تَرَكْتُمُوهُ لَعَلَّهُ أَنْ يَتُوبَ فَيَتُوبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ (۳) **وَعَنْ** عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا مِنْ قَوْمٍ يَظْهَرُ فِيهِمُ الزِّنَا إِلَّا أُخِذُوا بِالسَّنَةِ وَمَا مِنْ قَوْمٍ يَظْهَرُ فِيهِمُ الرُّشَا إِلَّا أُخِذُوا بِالرُّعْبِ رَوَاهُ أَحْمَدُ
(۴) **وَعَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ وَأَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَلْعُونٌ مَنْ عَمِلَ عَمَلَ قَوْمِ لُوطٍ رَوَاهُ رَزِينٌ وَفِي رِوَايَةٍ
لَهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ عَلِيًّا أَحْرَقَهُمَا وَأَبَا بَكْرٍ هَدَمَ عَلَيْهِمَا حَائِطًا (۵) **وَعَنْهُ** أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَنْظُرُ
اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَى رَجُلٍ أَتَى رَجُلًا أَوِ امْرَأَةً فِي دُبُرِهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ (۶) **وَعَنْهُ**
أَنَّهُ قَالَ مَنْ أَتَى بَهِيمَةً فَلَا حَدَّ عَلَيْهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ أَنَّهُ قَالَ وَهٰذَا

تحقیق مین نے زنا کیا پس جاری کرو مجھ پر حکم کتاب اللہ کا پس منہ پھیر لیا حضرت نے اُس سے پھر آیا وہ اور کہا یا رسول اللہ تحقیق مین نے زنا کیا پس جاری
کرو مجھ پر حکم اللہ کا یہانتک کہ کہا اس بات کو چار بار پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق کہی تو نے یہ بات چار بار پس ساتھ کس کے زنا
کیا تو نے کہا ساتھ فلانی عورت کے فرمایا کیا ہمخواب ہوا تو ساتھ اُسکے کہا ہان فرمایا اُسکے بدن سے بدن لگایا تو نے کہا ہان فرمایا
کیا جماع کیا تو نے اس سے کہا ہان کہا راوی نے حکم کیا اسکو سنگسار کرنیکا پس نکالا گیا اسکو طرف سنگستان کے پس جب کہ سنگسار کیا گیا
پس پائی اُس نے ایذا پتھرون کی لگنے کی پس گھبرایا پس نکلا دوڑتا ہوا پس ملے ماعز سے عبداللہ بن انیس اس حال مین کہ تھک گئے تھے یار عبداللہ کے
پس اٹھائی عبداللہ نے اُسکے لیے ہڈی اونٹ کی پاؤن کی اور مارا ماعز کو ساتھ اُس ہڈی کے پس مار ڈالا اسکو پھر آیا عبداللہ حضرت نبی صلے اللہ
علیہ وسلم کے پاس اور ذکر کیا اسکو روبرو حضرت کے پس فرمایا حضرت نے کیون نہ چھوڑ دیا تم نے اُسکو شاید کہ وہ رجوع کرتا اپنے اقرار سے پس قبول
کرتا اللہ توبہ اسکی اور دور کرتا اُس سے گناہ اسکا نقل کی یہ ابو داؤد نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے عمرو بن العاص سے کہ کہا سنا مینے رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے نہین کوئی قوم کہ ظاہر ہوا اُن مین زنا مگر کہ پکڑی جاتی ہین ساتہ قحط کے اور نہین کوئی قوم کہ ظاہر ہو
اُن مین رشوت مگر کہ پکڑی جاتی ہین ساتہ رعب کے نقل کی یہ احمد نے (۴) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباس اور ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ملعون ہے وہ شخص کہ کرے کام قوم لوط کا نقل کی یہ رزین نے اور ایک روایت رزین کی مین ابن عباس سے یہ ہے کہ
حضرت علی نے جلا دیا فاعل اور مفعول کو اور ابو بکر نے گرادی اُنپر دیوار (۵) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباس سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ نظر رحمت نہین کرتا اللہ عز وجل طرف اُس شخص کے کہ بدفعلی کرے کسی مرد سے یا عورت سے اسکی مقعد مین نقل کی یہ
ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے (۶) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباس سے یہ کہ انہون نے کہا جو شخص کہ بدفعلی کرے چارپائے سے
پس نہین حد اُسپر روایت کی یہ ترمذی نے اور ابو داؤد نے اور کہا ترمذی نے سفیان ثوری سے کہ تحقیق انہون نے کہا اور یہہ حدیث

ف پس گھبرایا یعنے صبر نہ کیا ۱۲ ف یار عبداللہ کے یا یار ماعز کے جو سنگسار کرتے تھے ۱۲ ف اور دور کرتا اللہ یعنے بغیر سنگسار کرنے اُسکے کے اس حدیث سے
بھی معلوم ہوا کہ رجوع سے حد زنا ساقط ہو جاتی ہے اگرچہ پہلے امام کے پاس اقرار کر کے پھر انکار کرے جیسے کہ اوپر گزرا ۱۲ ف رشوت اُس مال کو کہتے
مین کہ دیا جاوے بشرط کہ مہم مین مدد کرے اور حاکم کو رشوت لینا اس واسطے منع ہے کہ وہ خوف کا رہتا ہے ۱۲ ف کام قوم لوط کا یعنے اغلام ف جلا دیا
یعنے حکم کیا اُن کے جلا دینے کا ۱۲ ف گرادی یعنے حکم کیا دیوار گرانیکا ۱۲ ف نظر رحمت نہین کرتا اللہ عورت سے دبر مین صحبت کرنا سب علما کے نزدیک حرام ہے
ف نہین حد اُسپر یعنے اسپر جرم ہے کہ اسکی دنیا مین کوئی سزا مقرر نہین ہے آخرت مین اسکی سزا ملیگی ۱۲

اَصَحُّ مِنَ الحَدِيثِ الاَوَّلِ وَهُوَ مَنْ اَتىٰ بَهِيمَةً فَاقْتُلُوهُ وَالعَمَلُ عَلىٰ هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ العِلْمِ (۷) وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقِيمُوا حُدُودَ اللّٰهِ فِي القَرِيبِ وَالبَعِيدِ وَلَا تَأْخُذْكُمْ فِي اللّٰهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ (۸) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِقَامَةُ حَدٍّ مِنْ حُدُودِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنْ مَطَرِ اَرْبَعِينَ لَيْلَةً فِي بِلَادِ اللّٰهِ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ النَّسَائِيُّ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

بَابُ قَطْعِ السَّرِقَةِ

اَلْفَصْلُ الاَوَّلُ

(۱) عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُقْطَعُ يَدُ السَّارِقِ اِلَّا بِرُبْعِ دِينَارٍ فَصَاعِدًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۲) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَطَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَ سَارِقٍ فِي مِجَنٍّ ثَمَنُهُ ثَلٰثَةُ دَرَاهِمَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۳) وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ السَّارِقَ يَسْرِقُ البَيْضَةَ فَتُقْطَعُ يَدُهُ وَيَسْرِقُ الحَبْلَ فَتُقْطَعُ يَدُهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اَلْفَصْلُ الثَّانِي

(۱) عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ رَوَاهُ مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُودَاؤدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ (۲) وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ العَاصِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الثَّمَرِ المُعَلَّقِ قَالَ مَنْ سَرَقَ مِنْهُ شَيْئًا بَعْدَ اَنْ يُؤْوِيَهُ الجَرِينُ فَبَلَغَ ثَمَنَ المِجَنِّ فَعَلَيْهِ القَطْعُ رَوَاهُ اَبُودَاؤدَ وَالنَّسَائِيُّ (۳) وَعَنْ

صحیح تر ہے اُس پہلی حدیث سے اور وہ پہلی حدیث یہ ہے کہ جو شخص بدفعلی کرے چارپائے سے پس مار ڈالو اُسکو اور عملؔ اُسی پر ہے نزدیک اہل علم کے (۷) ترجمہ اور روایت ہے عبادہ بن صامتؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جاری کیا کرو حدین اللہ کی نزدیک اور دور پر اور نہ پکڑے تمکو بیچ جاری کرنے حکم اللہ کے ملامت کرنیوالے کی نقل کی یہ ابن ماجہ نے (۸) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم نے فرمایا کہ جاری کرنا ایک حد کا حدون اللہ کی سے بہتر ہے برسنے مینہ چالیس راتون کے سے بیچ تمام شہرون خدا کے نقل کی یہ ابن ماجہ نے اور نقل کی نسائی نے ابوہریرہؓ سے باب ہے بیچ بیان ہاتھ کاٹنے چور کے فصل پہلی (۱) ترجمہ روایت ہے حضرت عائشہؓ سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہ کاٹا جاوے ہاتھ چور کا مگر بسبب چرانے چوتھائی دینار کے یا زیادہ کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ کہا کاٹا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ چور کا بیچ چرانے ایک سپر کے کہ قیمت اُسکی تین درم تھی متفق علیہ (۳) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا لعنت کرے اللہ چور کو کہ چوراتا ہے بیضہ پس کاٹا جاتا ہے ہاتھ اُسکا اور چراتا ہے رسی پس کاٹا جاتا ہے ہاتھ اُسکا نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے فصل دوسری (۱) ترجمہ اور روایت ہے رافع بن خدیجؓ سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا حضرت نے نہیں ہاتھ کاٹا آتا بیچ چرانے میوہ کے اور نہ بیچ چرانے گابھے سفید کھجور کے نقل کی یہ مالک اور ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور دارمی اور ابن ماجہ نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے عمرو بن شعیبؓ کہ نقل کی اپنے باپ سے اور اُس نے اپنے دادا عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے کہ نقل کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ حضرتؐ پوچھے گئے میوہ لٹکی ہوئی درخت کی سے فرمایا جو شخص کہ چراوے اُس مین سے کچھ پیچھے اسکے کہ جگہ دی اُسکو خرمن نے پس پہنچے ڈھال کے مول کو پس اُس کے ذمہ پر ہے ہاتھ کاٹنا نقل کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے

ملہ عمل اسی پر ہے یعنے اس پر کہ حد نہین بلکہ تعزیر ہے ۱۲ ملہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ چوتھائی دینار یا اُسکی قیمت مین چور کا ہاتھ کاٹا جاوے اور یہی قول ہے امام شافعی واحمد وبہت علما کا اور امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک دس درم سے کم مین ہاتھ کاٹا نہین آتا ۱۲ نووی صـ۹۳ ملہ چراتا ہے بیضہ یعنے انڈہ اور بیان انڈہ سے مراد سر کی خود ہے اور رسی سے مراد جہاز کی رسی ہے جسکی قیمت چوتھائی دینار سے زیادہ ہوتی ہے ۱۲ نووی صـ۶۳ ج ۲ ملہ نہین ہاتھ کاٹا آتا امام ابو حنیفہ کے نزدیک تر و تازہ میوے مین ہاتھ کاٹا نہین آتا خواہ محرز ہو یا نہ ہو اور اسیطرح دودھ اور گوشت اور امام مالک اور شافعی کے نزدیک اگر چیزین محرز ہون تو سب مین ہاتھ کاٹا آتا ہے ۱۲ لمعات و مرقات اور حرز یہ ہے کہ لوگ اُسکو عرفاً مین مال محفوظ سمجھین جیسے اصطبل گھوڑون کے لیے اور باڑہ بکریون کے لیے اور کھلیان میوہ کے لیے یا اگر جنگل مین ہو تو اُسکا کوئی محافظ ہو وہ محرز ہے ۱۲ از رد منہ صـ۲۶۳ و نووی ملہ

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ حُسَیْنٍ الْمَکِّیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا قَطْعَ فِیْ ثَمَرٍ مُّعَلَّقٍ وَّلَا فِیْ حَرِیْسَةِ جَبَلٍ فَاِذَا اٰوَاهُ الْمُرَاحُ وَالْجَرِیْنُ فَالْقَطْعُ فِیْمَا بَلَغَ ثَمَنَ الْمِجَنِّ رَوَاهُ مَالِكٌ (۳) **وَعَنْ** جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَیْسَ عَلَی الْمُنْتَهِبِ قَطْعٌ وَّمَنِ انْتَهَبَ نُهْبَةً مَّشْهُوْرَةً فَلَیْسَ مِنَّا رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ (۴) **وَعَنْهُ** عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیْسَ عَلٰی خَائِنٍ وَّلَا مُنْتَهِبٍ وَّلَا مُخْتَلِسٍ قَطْعٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ وَرَوٰی فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ اَنَّ صَفْوَانَ بْنَ اُمَیَّةَ قَدِمَ الْمَدِیْنَةَ فَنَامَ فِی الْمَسْجِدِ وَتَوَسَّدَ رِدَاءَهُ فَجَاءَ سَارِقٌ وَّاَخَذَ رِدَاءَهُ فَاَخَذَهُ صَفْوَانُ فَجَاءَ بِهٖ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَ اَنْ تُقْطَعَ یَدُهُ فَقَالَ صَفْوَانُ اِنِّیْ لَمْ اُرِدْ هٰذَا هُوَ عَلَیْهِ صَدَقَةٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَهَلَّا قَبْلَ اَنْ تَاْتِیَنِیْ بِهٖ وَرَوٰی نَحْوَهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَفْوَانَ عَنْ اَبِیْهِ وَالدَّارِمِیُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ (۵) **وَعَنْ** بُسْرِ بْنِ اَرْطَاةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا تُقْطَعُ الْاَیْدِیْ فِی الْغَزْوِ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَالدَّارِمِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِیُّ اِلَّا اَنَّهُمَا قَالَا فِی السَّفَرِ بَدَلَ الْغَزْوِ (۶) **وَعَنْ** اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِی السَّارِقِ اِنْ سَرَقَ فَاقْطَعُوْا یَدَهٗ ثُمَّ اِنْ سَرَقَ فَاقْطَعُوْا رِجْلَهٗ ثُمَّ اِنْ سَرَقَ فَاقْطَعُوْا یَدَهٗ ثُمَّ اِنْ سَرَقَ فَاقْطَعُوْا رِجْلَهٗ رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ (۷) **وَعَنْ** جَابِرٍ قَالَ جِیْءَ بِسَارِقٍ اِلَی النَّبِیِّ

عبداللہ بن عبدالرحمن بن ابی حسین مکی سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں کاٹا جاتا ہاتھ کا بیچ میوے لگے ہوئے درخت کے اور نہ بیچ جانور چرنے والے پہاڑ کے پس جس وقت کہ ٹھکانا دیوے جانور کو تھان اور جگہ دے میوے کو خرمن پس ہاتھ کاٹنا ہے اُسقدر مین کہ ہو پہنچی قیمت ڈھال کو نقل کی یہ مالک نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے لوٹنے والے پر کاٹنا ہاتھ کا اور جو شخص لوٹے لوٹنا مشہور پس نہیں وہ ہم میں سے نقل کی یہ ابوداؤد نے (۴) ترجمہ اور روایت ہے جابر سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں اوپر خائن کے اور نہ لوٹنے والے کے اور نہ اُچکے کے ہاتھ کاٹنا نقل کی یہ ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت کی صاحب مصابیح نے شرح السنہ مین یہ کہ صفوان بن اُمیہ آئے مدینہ مین پس سو گئے مسجد مین اور سر کے نیچے رکھی اپنی چادر پس آیا چور اور لی اُنکی چادر پس پکڑا اُسکو صفوان نے اور لایا اُسکو پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پس حکم فرمایا حضرت نے ہاتھ کاٹنے اُسکے کا پس کہا صفوان نے کہ تحقیق مینے نہین ارادہ کیا تھا اُسکا وہ چادر اُسپر صدقہ ہے پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ کیون نہ بخشا تونے پہلے اسکے کہ لاوے تو اُسکو میری پاس اور روایت کی مانند اس کے ابن ماجہ نے عبداللہ بن صفوان سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اور دارمی نے ابن عباس سے (۵) ترجمہ اور روایت ہے بسر بن ارطاۃ سے کہ کہا سُنا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے کہ نہ کاٹے جاوین ہاتھ غزوہ مین نقل کی یہ ترمذی اور دارمی اور ابوداؤد اور نسائی نے مگر ابوداؤد اور نسائی نے کہا سفر مین بدلے غزوہ کے (۶) ترجمہ اور روایت ہے ابوسلمہ سے کہ نقل کی ابوہریرہ رض سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چور کے حق مین اگر چراوے کاٹو ہاتھ اُس کا پھر اگر چراوے کاٹو پاؤن اُس کا پھر اگر چراوے پس کاٹو ہاتھ اُسکا پھر اگر چراوے پس کاٹو پاؤن اُس کا نقل کی یہ صاحب مصابیح نے شرح السنہ مین (۷)

ترجمہ اور روایت ہے جابر رض سے کہ کہا لایا گیا ایک چور پاس نبی

ف۱ اور نہ بیچ چرنے والے پہاڑ کے یعنے جسکا کوئی محافظ نہ ہو ۱۲ ف۲ تھان یعنے جگہ بندھنے جانورون کی ۱۲ ف۳ کہ ہو پہنچی قیمت ڈھال کو یعنے تین درہم جیسا کہ اوپر گزرا اس سے معلوم ہوا کہ تین درہم مین ہاتھ کاٹا جاتا ہے ۱۲ ف۴ لوٹنا مشہور یعنے آشکارا کہ لوگ دیکھتے ہون ۱۲ ف۵ وہ ہم مین سے یعنے ہمارے طریقہ پر لوٹنے والے کا ہاتھ کاٹا نہین جاتا اسلیے کہ اُسپر چور کا اطلاق نہین ہوتا اور چور تو وہ ہے جو خفیہ لیوے ۱۲ مرقاۃ ف۶ اُچکے کا ہاتھ اسواسطے نہین کاٹا جاتا کہ وہ خفیہ نہین لیتا اسی طرح لوٹنے والا اور خائن بھی حرز نہین ہے ۱۲ مرقاۃ ف۷ پس حکم فرمایا حضرت نے ہاتھ کاٹنے اسکے کا اس سے معلوم ہوا کہ اگر مسجد مین یا صحرا مین کوئی مال کا محافظ ہو تو وہ محرز ہے اُسکی چورانے مین ہاتھ کاٹا جاویگا ۱۲ ف۸ اسواسطے کہ وہ مال غنیمت مین حصہ دار ہے یا اسواسطے کہ مبادا مرتد ہو جاوے ۱۲ لمعات ف۹ سفر مین بدلے غزوے کے کہا طیبی نے یہ مطلق سفر محمول ہے سفر جہاد پر ۱۲ ف۱۰ ہاتھ اُسکا یعنے داہنا ۱۲ ف۱۱ پاؤن اُسکا یعنے بایان ۱۲ ف۱۲ ہاتھ اُسکا یعنے بایان ۱۲ ف۱۳ پاؤن اُسکا یعنے داہنا

صلى الله عليه وسلم قال اقطعوه فقطع ثم جئ به الثانية فقال اقطعوه فقطع ثم جئ به الثالثة فقال اقطعوه فقطع ثم جئ به الرابعة فقال اقطعوه فقطع فاتي به الخامسة فقال اقتلوه فانطلقنا به فقتلناه ثم اجتررناه فالقيناه في بئر ورمينا عليه الحجارة رواه ابوداود والنسائي وروى في شرح السنة في قطع السارق عن النبي صلى الله عليه اقطعوه ثم احسموه (٨) وعن فضالة بن عبيد قال اتي رسول الله صلى الله عليه وسلم بسارق فقطعت يده ثم امر بها فعلقت في عنقه رواه الترمذي وابوداود والنسائي وابن ماجة (٩) وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا سرق المملوك فبعه ولو بنش رواه ابوداود والنسائي وابن ماجة

الفصل الثالث

(١) عن عائشة قالت اتي رسول الله صلى الله عليه وسلم بسارق فقطعه فقالوا ما كنا نراك تبلغ به هذا قال لو كانت فاطمة لقطعتها رواه النسائي (٢) وعن ابن عمر قال جاء رجل الى عمر بغلام له فقال اقطع يده فانه سرق مرآة لامرأتي فقال عمر لا قطع عليه وهو خادمكم اخذ متاعكم رواه مالك (٣) وعن ابي ذر قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم يا اباذر قلت لبيك يارسول الله وسعديك قال كيف انت اذا اصاب الناس موت يكون البيت فيه بالوصيف

صلے اللہ علیہ وسلم کے فرمایا کاٹو ہاتھ اُسکا پس کاٹا گیا ہاتھ پھر لایا گیا وہی چور روبرو حضرتؐ کے دوسری بار پس فرمایا کاٹو پھر کاٹا گیا پھر لایا گیا چور تیسری بار پس فرمایا کاٹو پس کاٹا گیا پھر لایا گیا چور چوتھی بار پس فرمایا کاٹو پھر کاٹا گیا پھر لایا گیا پانچوین بار پس فرمایا مار ڈالو اُس کو پس لے گئے ہم اُسکو اور مار ڈالا اُسکو پھر کھینچا ہمنے اُسکو اور ڈالدیا کوئین مین اور پھینکے ہمنے اُسپر پتھر نقل کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے اور نقل کی بغوی نے شرح السنہ مین بیچ کاٹنے ہاتھ چور کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ کاٹو تم ہاتھ اُسکا پھر ملدو اُسکو (٨) ترجمہ اور روایت ہے فضالہ بن عبید سے کہ کہا لایا گیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک چور پس کاٹا گیا ہاتھ اُسکا پھر حکم فرمایا واسطے ہاتھ اُسکے کے لٹکایا جاوے اُسکی گردن مین پس لٹکایا گیا اُسکی گردن مین نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے (٩) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ چراوے غلام پس بیچڈال اُسکو اگرچہ بدلے نش کے ہو نقل کی یہ ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے **فصل تیسری** (١) ترجمہ روایت ہے حضرت عائشہؓ سے کہ کہا لایا گیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک چور پس حکم کیا ہاتھ کاٹنے اُسکے کا پس عرض کیا صحابہ نے کہ نہ تھے ہم گمان کرتے آپ کو کہ حکم فرماؤگے اس حد کے لیے ہاتھ کاٹنے کا فرمایا اگر ہوتی فاطمہ البتہ کاٹتا مین ہاتھ اُسکا نقل کی یہ نسائی نے (٢) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ کہا لایا ایک شخص پاس حضرت عمرؓ کے غلام اپنا اور کہا کہ کاٹو تم ہاتھ اسکا اسلیے کہ اس نے چرایا ہے آئینہ میری عورت کا پس کہا عمرؓ نے نہین ہاتھ کاٹنا اُسپر یہ ہے خدمتگار تمہارا لی چیز تمہاری نقل کی یہ مالک نے (٣) ترجمہ اور روایت ہے ابوذرؓ سے کہ کہا فرمایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے ابوذرؓ کہا مین نے حاضر ہون یارسول اللہ اور فرمانبردار ہون فرمایے کیا فرماتے ہین آپنے فرمایا کیا کرے گا تو جس وقت کہ پہونچیگی لوگون کو موت ہوگا گھر اُس وقت مین بدلے خادم کے

ك اور مار ڈالا اُسکو کہا خطابی نے یہ حدیث منسوخ ہے اور جو پانچوین بار چوری کرے تو اُسکو قتل نہ کیا جاوے بعض نے کہا وہ چوری کو حلال جانتا تھا اسلیے حضرتؐ نے اُسکو قتل کروایا ١٢ لمعات ك پھر ملدو اُسکو یعنے تاکہ خون بند ہو جاوے ١٢ ك لٹکایا جاوے اُسکی گردن مین یعنے تاکہ لوگ عبرت پکڑین اور یہ سنت ہے امام شافعی اور احمد کے نزدیک اور نزدیک حنفیہ کے رائے امام پر موقوف ہے ١٢ مرقاة ك اگرچہ ہو بدلے نش کے یعنے آدھے اوقیہ کے یعنے اگرچہ تھوڑے مول کو بکے اسلیے کہ وہ عیب دار ہے مالک اور شافعی اور احمد اور اکثر اہل علم کے نزدیک غلام اگر چوری کرے تو اُسکا ہاتھ کاٹا جاوے اور حنفیہ کے نزدیک اگر غلام اپنے مالک کا مال چرا دے تو اُسکا ہاتھ کاٹا نجاوے ١٢ مرقاة ك البتہ کاٹتا مین ہاتھ اُسکا اس سے معلوم ہوا کہ اس باب مین شریف اور رذیل سب برابر ہین جو چوری کرے اُسکا ہاتھ کاٹا جاوے ١٢ ك نہین ہاتھ کاٹنا ہے مذہب حنفیہ اور امام احمد کا ہے اور اکثر اہل علم کے نزدیک ہاتھ کاٹا جاتا ہے ١٢ لمعات ك لوگون کو موت یعنے وبا یعنے ہوگا تو موت سے یا صبر کریگا ١٢ ك ہوگا گھر یعنے قبر اسوقت بمول غلام کے یعنے اتنی کثرت سے موت ہوگی اُسوقت کہ جگہ قبر کی خریدی جاویگی ساتھ قیمت غلام کے کہ آنحضرتؐ نے قبر کو گھر کہا تو قبر حرز ہوئی جیسے گھر حرز ہوتا ہے تو جیسے گھر سے چرانے مین قطع ہے اسطرح کفن کی چوری مین قبر سے ہاتھ کاٹا جاویگا ١٢ مرقاة ولمعات

يَعْنِي الْقَبْرَ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ عَلَيْكَ بِالصَّبْرِ قَالَ حَمَّادُ بْنُ اَبِيْ سُلَيْمَانَ تُقْطَعُ يَدُ النَّبَّاشِ لِاَنَّهٗ دَخَلَ عَلَى الْمَيِّتِ بَيْتَهٗ رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ

بَابُ الشَّفَاعَةِ فِي الْحُدُوْدِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

(١) عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ قُرَيْشًا اَهَمَّهُمْ شَاْنُ الْمَرْاَةِ الْمَخْزُوْمِيَّةِ الَّتِيْ سَرَقَتْ فَقَالُوْا مَنْ يُّكَلِّمُ فِيْهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا وَمَنْ يَّجْتَرِئُ عَلَيْهِ اِلَّا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ حِبُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَلَّمَهٗ اُسَامَةُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَشْفَعُ فِيْ حَدٍّ مِّنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ ثُمَّ قَامَ فَاخْتَطَبَ ثُمَّ قَالَ اِنَّمَا اَهْلَكَ الَّذِيْنَ قَبْلَكُمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا اِذَا سَرَقَ فِيْهِمُ الشَّرِيْفُ تَرَكُوْهُ وَاِذَا سَرَقَ فِيْهِمُ الضَّعِيْفُ اَقَامُوْا عَلَيْهِ الْحَدَّ وَايْمُ اللّٰهِ لَوْ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَرَقَتْ لَقَطَعْتُ يَدَهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ قَالَتْ كَانَتِ امْرَاَةٌ مَخْزُوْمِيَّةٌ تَسْتَعِيْرُ الْمَتَاعَ وَتَجْحَدُهٗ فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَطْعِ يَدِهَا فَاَتٰى اَهْلُهَا اُسَامَةَ فَكَلَّمُوْهُ فَكَلَّمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهَا ثُمَّ ذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِنَحْوِ مَا تَقَدَّمَ

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

(١) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ حَالَتْ شَفَاعَتُهٗ دُوْنَ حَدٍّ مِّنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ فَقَدْ ضَادَّ اللّٰهَ وَمَنْ خَاصَمَ فِيْ بَاطِلٍ وَّهُوَ يَعْلَمُهٗ لَمْ يَزَلْ فِيْ سَخَطِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْزِعَ وَمَنْ قَالَ فِيْ مُؤْمِنٍ مَّا لَيْسَ فِيْهِ اَسْكَنَهُ اللّٰهُ رَدْغَةَ الْخَبَالِ حَتّٰى يَخْرُجَ

یعنے قبر کہا مینے اللہ اور رسول اسکا زیادہ جانتے ہین فرمایا لازم ہے تجھ پر صبر کرنا کہا حماد بن ابی سلیمان نےؒ کہ کاٹا جاوے ہاتھ کفن چور کا اس واسطے کہ داخل ہوا میت پر اُسکے گھر مین نقل کی یہ ابوداؤد نے

باب بیچ بیان سفارش کرنیکے بیچ مقدمہ حدون کے

فصل پہلی (١) ترجمہ روایت ہے عائشہؓ سے یہ کہ قریش کو فکر مین ڈالا حال عورت مخزومیہ کی نے کہ چوری کی تھی پس کہا آپس مین کہ کون کلام کرے اسکے مقدمہ مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پس کہا کہ نہین جرءت کرتا کوئی حضرتؐ سے مگر اسامہ بن زیدؓ کہ پیارے ہین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر کلام کیا آنحضرتؐ سے اسامہؓ نے پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفارش کرتا ہے تو بیچ حد کے اللہ کی حدون سے پھر کھڑے ہوئے حضرت اور خطبہ فرمایا پھر فرمایا نہین ہلاک کیا اُن لوگون کو کہ پہلے تم سے تھے مگر اس نے کہ وہ تھے جس وقت چراتا درمیان اُنکے کوئی شریف چھوڑ دیتے اُسکو اور جس وقت چراتا اُن مین کوئی غریب جاری کرتے اُسپر حد اور قسم ہے اللہ کی اگر تحقیق فاطمہ بیٹی محمدؐ کی چرائے تو البتہ کاٹون مین ہاتھ اُسکا متفق علیہ اور ایک روایت مسلم کی مین یون آیا ہے کہ کہا حضرت عائشہؓ نے کہ تھی ایک عورت مخزومیہ عاریۃً لیتی اسباب اور منکر ہو جاتی تھی پس حکم فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ساتھ کاٹنے ہاتھ اُسکے کے پس آئے لوگ اُس عورت کے اُسامہؓ کے پاس اور کلام کیا اُسامہؓ سے پھر کلام کیا اُسامہؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیچ مقدمہ اُس عورت کے پھر ذکر کی مسلم نے حدیث مانند اُس چیز کے کہ گزری

فصل دوسری (١) ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن عمرؓ سے کہ کہا سنا مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جو شخص کہ حائل ہو سفارش اُسکی نزدیک حد کے حدون اللہ کی سے پس تحقیق ضد کی اُس نے اللہ سے اور جو شخص کہ جھگڑا کرے بیچ باطل کے ... حالانکہ جانتا ہے اُسکو کہ باطل ہے ہمیشہ رہتا ہے بیچ غضب اللہ کی یہانتک کہ باز آوے اُس سے اور جس شخص نے کہا بیچ حق مومن کے وہ کہ نہین اُسمین رکھیگا اُسکو اللہ بیچ کیچڑ پیپ لہو دوزخیون کے یہان تک کہ نکلے

ف١ امام ابوحنیفہ کے نزدیک کفن چور کا ہاتھ کاٹا نہین آتا اور ابو یوسف اور تینون امامون کے نزدیک کاٹا آتا ہے ١٢ مرقاة ف٢ تو البتہ کاٹون مین ہاتھ اُسکا اس حدیث سے حضرتؐ کا کمال عدل و انصاف معلوم ہوا ١٢ ف٣ اور منکر ہو جاتی کہا جمہور نے کہ جو عاریت لیکر منکر ہو جاوے اُسکا ہاتھ کاٹا نہین آتا اور امام احمد اور اسحاق نے کہا کہ اُسکا ہاتھ کاٹنا واجب ہے اور حد مین سفارش کرنی بالاجماع حرام ہے ١٢ مرقاة ف٤ حائل ہو سفارش اُسکی الخ یعنے منع کرے سبب سفارش اپنی کے حد کو ١٢ ح ف٥ ضد کی اُس نے اللہ سے یعنے مخالفت کی اللہ کی اسلیے کہ امر اُسکا قائم کرنا ہے حدون کا ١٢ ح ف٦ بیچ باطل کے یعنی ناحق کام مین ١٢ ح ف٧ وہ کہ نہین اُس مین یعنے عیب اور نقصان ١٢ ف٨ نکلے اُس چیز سے یعنے مرنے سے پہلے توبہ کرے دنیا پر آدمی کو اُس کے ساتھ پورا ہو جسنے عذاب کے کو مستحق ہوا ہے ١٢

مِثْمَا قَالَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَفِیْ رِوَایَۃِ الْبَیْہَقِیِّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ مَنْ اَعَانَ عَلٰی خُصُوْمَۃٍ لَایَدْرِیْ اَحَقٌّ اَمْ بَاطِلٌ فَھُوَ فِیْ سَخَطِ اللّٰہِ حَتّٰی یَنْزِعَ (٢) **وَعَنْ** اَبِیْ اُمَیَّۃَ الْمَخْزُوْمِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُتِیَ بِلِصٍّ قَدِ اعْتَرَفَ اعْتِرَافًا وَلَمْ یُوْجَدْ مَعَہٗ مَتَاعٌ فَقَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا اِخَالُکَ سَرَقْتَ قَالَ بَلٰی فَاَعَادَ عَلَیْہِ مَرَّتَیْنِ اَوْ ثَلٰثًا کُلُّ ذٰلِکَ یَعْتَرِفُ فَاَمَرَ بِہٖ فَقُطِعَ وَجِیْءَ بِہٖ فَقَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اسْتَغْفِرِ اللّٰہَ وَتُبْ اِلَیْہِ فَقَالَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ تُبْ عَلَیْہِ ثَلٰثًا رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَآئِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ ھٰکَذَا وَجَدْتُّ فِی الْاُصُوْلِ الْاَرْبَعَۃِ وَجَامِعِ الْاُصُوْلِ وَشُعَبِ الْاِیْمَانِ وَمَعَالِمِ السُّنَنِ عَنْ اَبِیْ اُمَیَّۃَ وَفِیْ نُسَخِ الْمَصَابِیْحِ عَنْ اَبِیْ رِمْثَۃَ بِالرَّاءِ وَالثَّاءِ الْمُثَلَّثَۃِ بَدَلَ الْھَمْزَۃِ وَالْیَاءِ

بَابُ حَدِّ الْخَمْرِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

(١) **عَنْ** اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ فِی الْخَمْرِ بِالْجَرِیْدِ وَالنِّعَالِ وَجَلَدَ اَبُوْبَکْرٍ اَرْبَعِیْنَ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ عَنْہُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَضْرِبُ فِی الْخَمْرِ بِالنِّعَالِ وَالْجَرِیْدِ اَرْبَعِیْنَ (٢) **وَعَنِ** السَّائِبِ بْنِ یَزِیْدَ قَالَ کَانَ یُؤْتٰی بِالشَّارِبِ عَلٰی عَھْدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاِمْرَۃِ اَبِیْ بَکْرٍ وَصَدْرًا مِّنْ خِلَافَۃِ عُمَرَ فَنَقُوْمُ عَلَیْہِ بِاَیْدِیْنَا وَنِعَالِنَا وَاَرْدِیَتِنَا حَتّٰی کَانَ اٰخِرُ اِمْرَۃِ عُمَرَ فَجَلَدَ اَرْبَعِیْنَ حَتّٰی اِذَا عَتَوْا وَفَسَقُوْا جَلَدَ ثَمَانِیْنَ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

(١) **عَنْ** جَابِرٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَاجْلِدُوْہُ فَاِنْ عَادَ فِی

اُس جھگڑے سے کہ کہا ہو نقل کی یہ احمد اور ابوداؤد نے اور بیہقی کے شعب الایمان میں یہی ہو کہ جو کوئی مدد کرے ایک جھگڑے پر کہ نہیں جانتا کہ حق ہو یا باطل پس وہ بیچ غضب الٰہی کے ہی یہانتک کہ باز آوے (٢) ترجمہ اور روایت ہی ابو امیہ مخزومی سو یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا ایک چور تحقیق اقرار کیا چوری کا اقرار صریح اور نہ پائی گئی اُسکے ساتھ کوئی چیز پس فرمایا اُسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں[۱] گمان کرتا میں تجھ کو کہ چرایا ہو کہا اُسنے کہ ہاں چرایا ہے پس پھر کہا آنحضرت نے یہ لفظ دو بار یا تین بار سو ہر بار اقرار کرتا تھا وہ پس حکم کیا آنحضرت نے واسطے اُس کے کاٹنے ہاتھ کے پس کاٹا گیا ہاتھ اور لایا گیا وہ چور حضرتؐ کے پاس پس فرمایا اُسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بخشش طلب کر اللہ سے اور رجوع کر طرف اُسکی پس کہا چور نے بخشش مانگتا ہوں اللہ سے اور رجوع کرتا ہوں طرف اُسکی پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین بار یا الٰہی قبول کر توبہ اسکی نقل کی یہ ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اسیطرح سے پایا میں نے بیچ اصول چاروں کے اور جامع الاصول میں اور شعب الایمان میں اور معالم السنن میں ابو امیہ سے اور بیچ نسخوں مصابیح کے عن ابی رمثہ ہے ساتھ رے مکسورہ کے اور ثے تین نقطے والی کے بدلے ہمزہ کے اور یے کے **باب ہے** بیچ بیان حد شراب کے **فصل پہلی** (١) ترجمہ روایت ہی انسؓ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے مارا بیچ حد شراب پینے کے ساتھ ڈالیوں کھجور کے اور پاپوشوں کے اور ماری ابو بکرؓ نے چالیس کوڑے متفق علیہ اور ایک روایت میں انسؓ سے یوں ہو کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم تھے مارتے حد شراب میں ساتھ جوتیوں کے اور ڈالیوں کھجور کے چالیس (٢) ترجمہ اور روایت ہو سائب بیٹے یزید کے سے کہ کہا لایا جاتا پینے والا شراب کا بیچ زمانے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور بیچ خلافت ابو بکرؓ اور ابتداء خلافت عمرؓ کے پس کھڑے ہوتے ہم اُسپر مارتے ساتھ ہاتھوں اپنے کے اور جوتیوں اپنی کے اور چادروں اپنی کے یہانتک کہ ہوئی آخر خلافت حضرت عمرؓ کی پس مارتے تھے چالیس کوڑے یہانتک کہ جب چلے سے گزرے شراب پینے والے اور نکل گئے حد اعتدال سے ماری عمرؓ نے اسی[۲] کوڑے نقل کی یہ بخاری نے **فصل دوسری** (١) ترجمہ روایت ہو جابرؓ سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو شخص پیوے شراب پس مارو اسکو درّے پس اگر عود کرے

- - - - - - - - - - - - - ۱ نہیں گمان کرتا میں الخ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ چور کو عذر سکھلانا جائز ہے تاکہ وہ اپنے اقرار سے پھر جاوے یہ ایک قول شافعی کا ہے اور اور اماموں کا یہ حکم مخصوص ہے ساتھ زنا کے اور کافی ہو ایک بار اقرار چور کا بیچ مذہب مالکیہ و حنفیہ کا ۱۲ روضہ ندیہ صفحہ ۲۶۳ مرقاۃ ۲ ماری حضرت عمرؓ نے اسی کوڑے الخ شرابی کی حد تعیین شارع علیہ السلام سے ثابت نہیں ہوئی لیکن جمہور ائمہ کے نزدیک اسی کوڑے ہیں اور شافعی کے نزدیک چالیس کوڑے ہیں ۱۲ روضہ صفحہ ۲۶۶ و لمعات

الرابعة فاقتلوه قال ثم اُتي النبي صلى الله عليه وسلم بعد ذلك برجل قد شرب في الرابعة فضربه ولم يقتله رواه الترمذي ورواه ابوداود
عن قبيصة بن ذويب في اخرى لهما وللنسائي وابن ماجة والدارمي عن نفر من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم منهم ابن
عمر ومعاوية وابوهريرة والشريد الى قوله فاقتلوه (۲) **وعن** عبد الرحمن بن الازهر قال كاني انظر الى رسول الله
صلى الله عليه وسلم اذ اُتي برجل قد شرب الخمر فقال للناس اضربوه فمنهم من ضربه بالنعال ومنهم من ضربه بالعصا ومنهم من
ضربه بالميتخة قال ابن وهب يعني الجريدة الرطبة ثم اخذ رسول الله صلى الله عليه وسلم ترابا من الارض فرمى به في وجهه رواه
ابوداود (۳) **وعن** ابي هريرة قال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم اُتي برجل قد شرب فقال اضربوه فمنا الضارب
بيده والضارب بثوبه والضارب بنعله ثم قال بكتوه فاقبلوا عليه يقولون ما اتقيت الله ما خشيت الله وما استحييت
من رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال بعض القوم اخزاك الله قال لا تقولوا هكذا لا تعينوا عليه الشيطان ولكن قولوا اللهم اغفر
له اللهم ارحمه رواه ابوداود (۴) **وعن** ابن عباس قال شرب رجل فسكر فلقي يميل في الفج فانطلق به الى رسول
الله صلى الله عليه وسلم فلما حاذى دار العباس انفلت فدخل على العباس فالتزمه فذكر ذلك للنبي صلى الله عليه وسلم فضحك وقال افعلها
ولم يامر فيه بشيء رواه ابوداود **الفصل الثالث** (۱) **عن** عمير بن سعيد النخعي قال سمعت علي بن ابي طالب

اور پیوے چوتھی بار پس قتل کرو اسکو کہا جابرؓ نے پھر لایا گیا پاس حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اس حدیث کے ایک شخص کہ تحقیق پی تھی شراب بیچ چوتھی بار کے
پس مارا اسکو اور نہ قتل کیا اسکو نقل کی یہ ترمذی نے اور نقل کی یہ ابوداؤد نے قبیصہ بن ذویبؓ سے اور بیچ اور روایت ترمذی اور ابوداؤد اور
نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی کے ایک جماعت صحابہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ اُن میں سے ابن عمرؓ اور معاویہؓ اور ابوہریرہؓ اور شریدؓ ہیں قول
اُنکے فاقتلوہ تک (۲) **ترجمہ** اور روایت ہے عبد الرحمن بن ازہرؓ سے کہ کہا گویا کہ میں دیکھتا ہوں طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اُسوقت
کہ لایا گیا ایک شخص روبرو حضرتؐ کے کہ پی تھی شراب پس فرمایا آدمیوں کو کہ مارو اسکو ان میں سے بعضوں نے مارا اُسکو ساتھ جوتیوں کے اور
بعضوں نے مارا لکڑی سے اور بعضوں نے مارا ساتھ ڈالیوں کھجور کے کہا ابن وہب نے مراد رکھتے تھے عبد الرحمن ساتھ میتخہ کے ڈالی ہری کھجور
کی پھر لی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مٹی زمین میں سے پس پھینکا اُسکو اُسکے منہ پر نقل کی یہ ابوداؤد نے (۳) **ترجمہ** اور روایت ہے ابوہریرہؓ
سے کہ کہا تحقیق لایا گیا نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک شخص کہ پی تھی شراب پس فرمایا حضرتؐ نے کہ مارو اُسکو پس بعضے ہم میں
سے مارتے تھے اُسکو اپنے ہاتھ سے اور بعضے ساتھ کپڑے اپنے کے اور بعضے ساتھ پاپوش اپنی کے پھر فرمایا تنبیہ کرو اُسکو پس متوجہ ہوے لوگ اُسپر کہنے لگے نہ ڈرا تو
اللہ سے اور نہ ڈرا تو خدا کے عذاب سے اور نہ حیا کی تونے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر کہا بعضے لوگوں نے کہ رسوا کرے تجھکو اللہ فرمایا نہ کہو تم اس
طرح سے نہ مدد دو اُسپر شیطان کو ولیکن کہو یا الٰہی بخش تو اُسکو اور رحم کر اُسپر نقل کی یہ ابوداؤد نے (۴) **ترجمہ** اور روایت ہے ابن عباسؓ سے
کہ کہا پی شراب ایک شخص نے پس مست ہوا پھر ملاقات کیا گیا اُس حال میں کہ جھومتا چلتا تھا راہ میں پس پکڑ لائے اُسکو طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
کے پس جب برابر پہونچا عباسؓ کے گھر کے چھٹ گیا اور گیا حضرت عباسؓ کے پاس اور چمٹ گیا اُنسے پس ذکر کی گئی یہ بات روبرو حضرتؐ کے پس ہنسے اور
فرمایا آیا کیا اُس شخص نے یہ اور نہ حکم فرمایا حضرتؐ نے اُسکے حق میں کچھ نقل کی یہ ابوداؤد نے **فصل تیسری** (۱) **ترجمہ** روایت ہے عمیر بن سعید
نخعی سے کہ کہا سنا میں نے علی بن ابی طالبؓ سے

ف۱ یہ حدیث منسوخ ہے ساتھ احادیث کے کہ حضرتؐ نے چوتھی بار قتل نہیں کیا اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث بالاجماع متروک العمل ہے ۱۲ لمعات ف۲ پھر لی خاک مٹی
پھینکی اسکی حقارت کے لیے کہ مرتکب ایسے فعل شنیع کا ہوا ۱۲ مرقاۃ ف۳ نہ مدد دو اسپر شیطان کو الخ یعنی اسلیے کہ وہ مشکل اسکی رحمت سے نا امید ہوگا۔
شیطان کی مدد ہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شرابی کی کوئی حد معین نہیں [illegible] ف۴
اور نہ حکم فرمایا حد کا اسلیے کہ شراب کا پینا اُسکے اقرار سے اور گواہی عادلوں سے ثابت نہ ہوا ۱۲ لمعات

يَقُولُ مَا كُنْتُ لِأُقِيمَ عَلَى أَحَدٍ حَدًّا فَيَمُوتَ فَأَجِدَ فِي نَفْسِي مِنْهُ شَيْئًا إِلَّا صَاحِبَ الْخَمْرِ فَإِنَّهُ لَوْ مَاتَ وَدَيْتُهُ وَذٰلِكَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَسُنَّهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۲) **وَعَنْ** ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ الدَّيْلِمِيِّ قَالَ إِنَّ عُمَرَ اسْتَشَارَ فِي حَدِّ الْخَمْرِ فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ أُرٰى أَنْ تَجْلِدَهُ ثَمَانِيْنَ جَلْدَةً فَإِنَّهُ إِذَا شَرِبَ سَكِرَ وَإِذَا سَكِرَ هَذٰى وَإِذَا هَذٰى افْتَرٰى فَجَلَدَ عُمَرُ فِي حَدِّ الْخَمْرِ ثَمَانِيْنَ رَوَاهُ مَالِكٌ

بَابُ مَا لَا يُدْعٰى عَلَى الْمَحْدُوْدِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ (۱) **عَنْ** عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَنَّ رَجُلًا اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ يُلَقَّبُ حِمَارًا كَانَ يُضْحِكُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ جَلَدَهُ فِي الشَّرَابِ فَأُتِيَ بِهِ يَوْمًا فَأَمَرَ بِهِ فَجُلِدَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ اَللّٰهُمَّ الْعَنْهُ مَا أَكْثَرَ مَا يُؤْتٰى بِهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلْعَنُوْهُ فَوَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ أَنَّهُ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ (۲) **وَعَنْ** أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ فَقَالَ اضْرِبُوْهُ فَمِنَّا الضَّارِبُ بِيَدِهٖ وَالضَّارِبُ بِنَعْلِهٖ وَالضَّارِبُ بِثَوْبِهٖ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ أَخْزَاكَ اللّٰهُ قَالَ لَا تَقُوْلُوْا هٰكَذَا لَا تُعِيْنُوْا عَلَيْهِ الشَّيْطَانَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ (۱) **عَنْ** أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ الْأَسْلَمِيُّ إِلَى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَهِدَ عَلٰى نَفْسِهٖ أَنَّهُ أَصَابَ امْرَأَةً حَرَامًا أَرْبَعَ مَرَّاتٍ كُلَّ ذٰلِكَ يُعْرِضُ عَنْهُ فَأَقْبَلَ فِي الْخَامِسَةِ فَقَالَ أَنِكْتَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ حَتّٰى غَابَ ذٰلِكَ مِنْكَ فِي ذٰلِكَ مِنْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ كَمَا يَغِيْبُ الْمِرْوَدُ فِي الْمُكْحُلَةِ وَالرِّشَاءُ فِي الْبِئْرِ قَالَ نَعَمْ قَالَ هَلْ تَدْرِيْ مَا الزِّنَا قَالَ نَعَمْ أَتَيْتُ

کہتے تھے کہ نہیں ہوں کہ جاری کروں کسی پر حد پھر مرجاوے وہ پس پاؤں میں[۱] اپنے دل میں اوسکے مرنے سے کچھ مگر پینے والا شراب کا پس تحقیق اگر وہ مرجاوے تو دیت اسکی پھر دونگا میں اور یہ اس سبب سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں مقرر کی ہے حد اسکی متفق علیہ (۲) ترجمہ اور روایت ہے ثور بن زید دیلمی سے کہ کہا تحقیق حضرت عمرؓ نے مشورہ کیا بیچ تعین[۲] حد شراب کے پس کہا واسطے انکے علیؓ نے کہ رای میری یہ ہے کہ مارو اسکو اسّی دُرے اسلیے کہ تحقیق جس وقت پیتا ہے شراب مست ہوجاتا ہے اور جس وقت مست ہوتا ہے بکتا ہے اور جس وقت بکتا ہے بہتان[۳] لیتا ہے پس حکم کیا حضرت عمرؓ نے بیچ مارنے حد شراب کے اسّی دُرے نقل کی یہ مالک نے **باب ہے** اس چیز کا کہ دعا بد نہ کیجاوے اسپر کہ حد مارا جاوے **فصل پہلی** (۱) ترجمہ روایت ہے حضرت عمر بن الخطابؓ سے کہ ایک شخص نام اُسکا تھا عبد اللہ لقب کیا جاتا تھا حمار ہنساتا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اور تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہ حد ماری تھی اسکو بسبب پینے شراب کے پس لایا گیا وہ ایک اور دن پس حکم کیا واسطے اسکے دُرے مارنیکا پس دُرے مارا گیا پس کہا ایک شخص نے قوم میں سے یا الٰہی لعنت کر اسکو کیا بہت لایا جاتا ہے اسکو پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ لعنت کرو اسکو قسم ہے اللہ کی وہ چیز کہ جانتا ہوں میں یہ ہے کہ وہ دوست رکھتا ہے اللہ اور رسول اُسکو نقل کی یہ بخاری نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہؓ سے کہ کہا لایا گیا آنحضرتؐ کے پاس ایک شخص کہ پی تھی شراب پس فرمایا مارو اسکو پس بعضے ہم میں سے مارنیوالے تھے ساتھ ہاتھ اپنے کے اور بعضے مارنیوالے تھے ساتھ پاپوشوں اپنی کے اور بعضے مارنیوالے تھے ساتھ کپڑے اپنے کے پس جب پھرا وہ شخص کہا بعضوں نے کہ رسوا کرے تجھ کو اللہ فرمایا نہ کہو اس طرح سے نہ مدد دلاؤ اسپر شیطان[۴] کو نقل کی یہ بخاری نے **فصل دوسری** (۱) ترجمہ روایت ہے ابو ہریرہؓ سے کہ کہا آیا ماعز اسلمی پاس نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اور گواہی[۵] دی نفس اپنے پر یہ کہ جماع کیا ایک عورت سے بطریق زنا کے چار بار ہر بار منہ پھیرتے تھے حضرتؐ اس سے پس متوجہ ہوے پانچویں بار میں فرمایا کیا صحبت کی تو نے اس سے کہا کہ ہاں فرمایا یہانتک کہ غائب ہوا عضو[۶] تیرا بیچ عضو عورت[۷] کے کہا اُس نے کہ ہاں فرمایا جیسے غائب ہوجاتی ہے سلائی سرمہ دانی میں اور رسی کوئیں میں کہا کہ ہاں فرمایا کیا جانتا ہے تو کہ کیا ہے زنا کہا کہ ہاں کیا میں نے

---

[۱] یعنے مرجاوے بسبب حد مارنے کے [۲] پس پاؤں میں الخ یعنے غم اسلیے کہ یہ حکم شرع ہے ۱۲ [۳] یعنے حضرتؐ نے شراب کی حد معین نہیں کی کہ اتنے کوڑے مارنا چاہیے پس ہونگا اسّی کوڑے ماروں اور وہ مرجاوے تو میں ڈرتا ہوں کہ زیادتی میری طرف سے ہو پس اس جہت سے میں دیت دونگا اور یہ بطور احتیاط کے فرمایا نہیں تو اجماع ہے علما کا اسپر کہ اگر حد میں مرجاوے تو دیت نہیں آتی ۱۲ لمعات [۴] یعنے افترا کرتا ہے بے عیب عورتوں پر بہتان لیتا ہے اور بہتان کی حد اسّی کوڑے ہیں ۱۲ [۵] نہ لعنت کرو الخ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بالخصوص بھی کسی گنہگار کو لعنت کرنا جائز نہیں ہے ۱۲ مرقاۃ [۶] یعنے جب گنہگار کی سزا ہوچکی تو اسکو برا نہ کہو اسواسطے کہ شیطان خوش ہوتا ہے مسلمان کی رسوائی کر بلکہ اس سے

ہوں کہو کہ خدا تیری توبہ قبول کرے ۱۲ ترجمہ مشارق حدہ ۱۹ [۷] گواہی دی یعنے اقرار کیا ۱۲ حق [۸] بوجہ اسکے یعنے واسطے ساقط کرنے حد کے ۱۲ حق [۹] عضو یعنے عضو مخصوص ۱۲ حق [۱۰] بیچ عضو عورت کے یعنے بیچ عضو مخصوص عورت کے ۱۲ حق

مِنْهَا حَرَامًا مَا يَأْتِي الرَّجُلُ مِنْ أَهْلِهِ حَلَالًا قَالَ فَمَا تُرِيدُ بِهَذَا الْقَوْلِ قَالَ أُرِيدُ أَنْ تُطَهِّرَنِي فَأَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ فَسَمِعَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَيْنِ مِنْ أَصْحَابِهِ يَقُولُ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ انْظُرْ إِلَى هَذَا الَّذِي سَتَرَ اللهُ عَلَيْهِ فَلَمْ تَدَعْهُ نَفْسُهُ حَتَّى رُجِمَ رَجْمَ الْكَلْبِ فَسَكَتَ عَنْهُمَا ثُمَّ سَارَ سَاعَةً حَتَّى مَرَّ بِجِيفَةِ حِمَارٍ شَائِلٍ بِرِجْلِهِ فَقَالَ أَيْنَ فُلَانٌ وَفُلَانٌ فَقَالَا نَحْنُ ذَانِ يَا رَسُولَ اللهِ فَقَالَ انْزِلَا فَكُلَا مِنْ جِيفَةِ هَذَا الْحِمَارِ فَقَالَا يَا نَبِيَّ اللهِ مَنْ يَأْكُلُ مِنْ هَذَا قَالَ فَمَا نِلْتُمَا مِنْ عِرْضِ أَخِيكُمَا آنِفًا أَشَدُّ مِنْ أَكْلٍ مِنْهُ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّهُ الْآنَ لَفِي أَنْهَارِ الْجَنَّةِ يَنْغَمِسُ فِيهَا رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ (۲) **وَعَنْ** خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَصَابَ ذَنْبًا أُقِيمَ عَلَيْهِ حَدُّ ذَلِكَ الذَّنْبِ فَهُوَ كَفَّارَتُهُ رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ (۳) **وَعَنْ** عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَصَابَ حَدًّا فَعُجِّلَ عُقُوبَتُهُ فِي الدُّنْيَا فَاللهُ أَعْدَلُ مِنْ أَنْ يُثَنِّيَ عَلَى عَبْدِهِ الْعُقُوبَةَ فِي الْآخِرَةِ وَمَنْ أَصَابَ حَدًّا فَسَتَرَهُ اللهُ عَلَيْهِ وَعَفَا عَنْهُ فَاللهُ أَكْرَمُ مِنْ أَنْ يَعُودَ فِي شَيْءٍ قَدْ عَفَا عَنْهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هَذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ **بَابُ التَّعْزِيرِ** **اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ** (۱) **عَنْ** أَبِي بُرْدَةَ بْنِ نِيَارٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُجْلَدُ فَوْقَ عَشْرِ جَلَدَاتٍ إِلَّا فِي حَدٍّ مِنْ حُدُودِ اللهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ **اَلْفَصْلُ الثَّانِي** (۱) **عَنْ** أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس عورت سے بوجہ حرام وہ کہ کرتا ہے مرد اپنی بیوی سے حلال فرمایا کیا ارادہ رکہتا ہے تو ساتھ اس کہنے کے کہا کہ ارادہ رکہتا ہون یہ کہ پاک کرو تم مجہکو گناہ سے پس حکم فرمایا حضرت نے پس سنگسار کیا گیا پہر سنا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دو شخصون کو اپنے یارون مین سے کہ کہتا ہے ایک اُن مین سے واسطے یار اپنے کے دیکہہ طرف اس شخص کی کہ پردہ پوشی کی تہی اللہ نے اسپر پس نہ چہوڑا نفس اسکے نے یہانتک کہ سنگسار کیا گیا مانند سنگسار کرنے کتے کے پس چپ ہو رہے حضرت دونون کی طرف سے اور کچہہ نہ فرمایا پہر چلے ایک ساعت یہانتک کہ گزرے ایک مرے ہوے گدہے پر کہ اُٹہائے تہا پاؤن اپنا پس فرمایا حضرت نے کہان ہے فلانا اور فلانا پس کہا دو شخصون نے کہ ہم ہین وہ دونو یا رسول اللہ پس فرمایا اترو اور کہاؤ گوشت مردار اس گدہے سے پس عرض کیا اُن دونون نے اے پیغمبر خدا کون کہاتا ہے اس سے فرمایا جو کچہہ آبروریزی کی تمنے بہائی اپنے کی ابہی سخت تر ہے کہانے اس گدہے کے سے قسم ہے اُس ذات کی کہ جان میری اُسکے ہاتھ مین ہے تحقیق وہ البتہ بیچ نہرون بہشت کے ہے غوطے مارتا اُن مین نقل کی یہ ابو داؤد نے۔ (۲) ترجمہ اور روایت ہے خزیمہ بن ثابت سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پہونچے ایک گناہ کو اور قائم کی جاوی اُسپر حد اُس گناہ کی پس وہ حد مٹانیوالی اُس گناہ کی ہے نقل کی یہ شرح السنۃ مین (۳) ترجمہ اور روایت ہے علی سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کہا جو شخص کہ پہونچے حد کو پس جلدی دی گئی سزا اسکی دنیا مین پس اللہ تعالیٰ عادل تر ہے اس سے کہ دوبارہ دے سزا اپنے بندے کو آخرت مین اور جو شخص کہ پہونچا حد کو اور ڈہانکا اسکو اللہ نے اسپر اور معاف کیا اُسسے پس اللہ تعالیٰ کریم تر ہے کہ دوبارہ کرے مواخذہ بیچ ایک چیز کے کہ معاف کیا ہو اُسسے نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہے **باب** ہے بیچ بیان تعزیر کے **فصل پہلی** (۱) ترجمہ روایت ہے ابی بردہ بن نیار سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہ مارے جاوین کوڑے زیادہ دس کوڑون سے مگر بیچ حد کے حدون اللہ کی سے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **فصل دوسری** (۱) ترجمہ روایت ہے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے

ف ۱ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ چار بار اقرار کے بعد یہی تحقیق کرنا ضرور ہے کہ کیا تو نے اپنے ذکر کو اس طرح عورت کی شرمگاہ مین داخل کیا تہا جیسے سلائی سرمہ دانی مین داخل ہوتی ہے ۱۲ ف ۲ اُٹہائے ہوئے تہا پاؤن اپنا یعنے بسبب بہت پہول جانے کے ۱۲ حق ف ۳ فلانا اور فلانا یعنے پوچہا اُن شخصون کو کہ حقارت ماعز کی تہی بسبب سنگسار ہونے کے ۱۲ حق ف ۴ کون کہاتا ہے اس سے یعنے یہ لائق کہانے کے نہین ہمکو کیون فرماتے ہین آپ اسکے کہانیکو ۱۲ حق ف ۵ البتہ بیچ نہرون بہشت کی ہے غوطے مارتا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آدمی کا گناہ حد سے پاک ہو جاتا ہے ۱۲ ف ۶ یعنے جب حد ہو چکی ۱۲ ف ۷ کہ اللہ تعالیٰ عادل تر ہے الخ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حد لگنے سے گناہ اتر جاتا ہے ۱۲ ف ۸ نہ مارے جاوین الخ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تعزیر دس کوڑون سے زیادہ نہین درست اور یہی مذہب ہے امام احمد کا اور امام ابو حنیفہ اور

قَالَ إِذَا ضَرَبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَتَّقِ الْوَجْهَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ (۲) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ
يَا يَهُودِيُّ فَاضْرِبُوهُ عِشْرِينَ وَإِذَا قَالَ يَا مُخَنَّثُ فَاضْرِبُوهُ عِشْرِينَ وَمَنْ وَقَعَ عَلَى ذَاتِ مَحْرَمٍ فَاقْتُلُوهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ
وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ (۳) وَعَنْ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا وَجَدْتُمُ الرَّجُلَ قَدْ غَلَّ فِي سَبِيلِ اللهِ فَأَحْرِقُوا
مَتَاعَهُ وَاضْرِبُوهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ **بَابُ** بَيَانِ الْخَمْرِ وَوَعِيدِ شَارِبِهَا

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ (۱) عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْخَمْرُ مِنْ هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ النَّخْلَةِ وَالْعِنَبَةِ
رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۲) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ خَطَبَ عُمَرُ عَلَى مِنْبَرِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّهُ قَدْ نَزَلَ تَحْرِيمُ الْخَمْرِ وَ
هِيَ مِنْ خَمْسَةِ أَشْيَاءَ الْعِنَبِ وَالتَّمْرِ وَالْحِنْطَةِ وَالشَّعِيرِ وَالْعَسَلِ وَالْخَمْرُ مَا خَامَرَ الْعَقْلَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ (۳) وَعَنْ أَنَسٍ
قَالَ لَقَدْ حُرِّمَتِ الْخَمْرُ حِينَ حُرِّمَتْ وَمَا نَجِدُ خَمْرَ الْأَعْنَابِ إِلَّا قَلِيلًا وَعَامَّةُ خَمْرِنَا الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ (۴) وَ
عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سُئِلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِتْعِ وَهُوَ نَبِيذُ الْعَسَلِ فَقَالَ كُلُّ شَرَابٍ أَسْكَرَ فَهُوَ حَرَامٌ مُتَّفَقٌ
عَلَيْهِ (۵) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ وَمَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فِي الدُّنْيَا

فرمایا جس وقت کہ مارے ایک تمہارا پس چاہیے کہ بچے منہ سے نقل کی یہ ابو داؤد نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباسؓ سے کہ نقل کی نبی صلی
اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جس وقت کہ کہے ایک شخص دوسرے شخص کو اے یہودی پس مارو اسکو بیس کوڑے اور جس وقت کہ کہے اے مخنث پس مارو اسکو بیس
کوڑے اور جو شخص زنا کرے محرم سے پس مار ڈالو اسکو نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے (۳) ترجمہ اور روایت ہے
حضرت عمرؓ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کہ پاؤ تم ایک شخص کو کہ خیانت کی اُس نے بیچ راہ خدا کے پس جلا دو
اسباب اُسکا اور مارو اُسکو نقل کی یہ ترمذی اور ابو داؤد نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے **باب** ہے بیچ بیان خمر کے اور وعید پینے والے
اُسکے کے **فصل پہلی** (۱) ترجمہ روایت ہے ابو ہریرہؓ سے کہ نقل کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا شراب بنتی ہے ان دو درختوں سے
کھجور اور انگور سے نقل کی یہ مسلم نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ کہا خطبہ فرمایا حضرت عمرؓ نے اوپر منبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کے پس کہا تحقیق نازل ہوئی تحریم خمر کی اور خمر بنتی ہے پانچ چیزوں سے انگور اور کھجور اور گیہوں اور جو اور شہد اور شراب وہ
ہے کہ ڈھانکے عقل کو نقل کی یہ بخاری نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے انسؓ سے کہ کہا تحقیق حرام کی گئی شراب اُسوقت کہ حرام کی گئی اور
نہیں پاتے تھے ہم شراب انگوروں کی مگر کم اور اکثر شراب ہماری کھجور کچی اور کھجور خشک کی تھی نقل کی بخاری نے (۴) ترجمہ اور
روایت ہے عائشہؓ سے کہ کہا سوال کیا گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بتع سے اور وہ ہے نبیذ شہد کی فرمایا جو چیز پینے کی نشہ کرے پس وہ
حرام ہے متفق علیہ (۵) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو چیز نشہ کرنے والی ہے شراب ہے اور جو
چیز نشہ کرنے والی ہے حرام ہے اور جو پیویگا شراب دنیا میں

---

۱ یعنی منہ پر خواہ حد ماری یا تعزیر تادیب کے لیے منہ پر نہ مارے ۱۲ ۲ دوسرے شخص کو یعنی مسلمان کو ۳ ای مخنث مخنث اُس شخص کو کہتے ہیں کہ جسکی کلام
اور اعضا میں نرمی ہو اور مشابہ ہو عورتوں کی حرکات اور سکنات میں یہاں اُسکو زنانہ کہتے ہیں ۱۲ مرقاۃ ۴ جلا دو اسباب اُسکا امام احمد نے اس حدیث کے ظاہر
پر عمل کیا ہے اور کہا کہ جلا دیا جاوے اسباب سوائے قرآن مجید اور ہتیار اور حیوان کے اور مار بطور تعزیر کے ہے اور بعضوں نے کہا کہ یہ حکم منسوخ ہے یا
تشدید پر محمول ہے ۱۲ لمعات ۵ اور شراب وہ ہے الخ کہا علماء نے اسمیں اشارہ ہے اس طرف کہ شراب ان پانچ چیزوں میں منحصر نہیں بلکہ انکے سوائے اور چیزوں
سے بھی بنتی ہے ۱۲ لمعات ۶ جو چیز نشہ کرنے والی ہے اس حدیث سے بھی صاف معلوم ہوا کہ جو چیز نشہ لاوے وہ شراب ہے اور حرام ہے خواہ انگور سے بنے
خواہ کھجور خواہ منقے یا شہد یا گیہوں یا جوار یا باجرا یا جو سے یا درخت کا عرق جیسے تاڑی یا کوئی گھاس ہو جیسے بھنگ وغیرہ قلیل اور کثیر اُسکا حرام ہے اور یہی مذہب
ہے امام مالک اور امام شافعی اور امام احمد اور امام محمد اور محدثین کا اور ابو حنیفہ کے نزدیک حرام شراب وہی ہے جو شیرہ انگور سے بنے اور چیزیں اُسکے سوا بعض نشے

ثم مات وهو يدمنها لم يتب لم يشربها في الآخرة رواه مسلم (۶) **وعن** جابر ان رجلا قدم من اليمن فسأل النبي صلى الله
عليه وسلم عن شراب يشربونه بارضهم من الذرة يقال له المزر فقال النبي صلى الله عليه وسلم او مسكر هو قال نعم قال كل مسكر حرام ان
على الله عهدا لمن يشرب المسكر ان يسقيه من طينة الخبال قالوا يا رسول الله وما طينة الخبال قال عرق اهل النار
وعصارة اهل النار رواه مسلم (۷) **وعن** ابي قتادة ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن خليط التمر والبسر وعن خليط الزبيب
والتمر وعن خليط الزهو والرطب وقال انتبذوا كل واحد على حدة رواه مسلم (۸) **وعن** انس ان النبي صلى الله
عليه وسلم سئل عن الخمر تتخذ خلا فقال لا رواه مسلم (۹) **وعن** وائل الحضرمي ان طارق بن سويد سأل النبي
صلى الله عليه وسلم عن الخمر فنهاه فقال انما اصنعها للدواء فقال انه ليس بدواء ولكنه داء رواه مسلم

الفصل الثاني

(۱) **عن** عبد الله بن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من شرب الخمر لم يقبل الله له صلوة اربعين
صباحا فان تاب تاب الله عليه فان عاد لم يقبل الله له صلوة اربعين صباحا فان تاب تاب الله عليه فان عاد لم يقبل
الله له صلوة اربعين صباحا فان تاب تاب الله عليه فان عاد الرابعة لم يقبل الله له صلوة اربعين صباحا فان تاب
لم يتب الله عليه وسقاه من نهر الخبال رواه الترمذي ورواه النسائي وابن ماجة والدارمي عن عبد الله بن عمرو

پھر مر گیا اس حال میں کہ ہمیشہ پیتا تھا کہ توبہ نہ کی اس سے نہ پیوے گا شراب آخرت میں نقل کی یہ مسلم نے (۶) **ترجمہ** اور روایت ہے جابر سے یہ کہ ایک شخص
آیا یمن سے اور پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے احوال شراب کا کہ پیتے تھے یمن کے ملک میں جینی کی کہا جاتا تھا اسکو مزر پس فرمایا نبی صلی اللہ
علیہ وسلم نے کیا نشہ لاتی ہے وہ کہا اس نے ہاں فرمایا حضرت نے ہر چیز نشہ کرنیوالی حرام ہے تحقیق اللہ پر عہد ہے واسطے اس شخص کے کہ پیوے
نشہ کی چیز یہ کہ پلاویگا اسکو طینۃ الخبال عرض کیا صحابہؓ نے یا رسول اللہ کیا ہے طینۃ الخبال فرمایا خبال پسینہ ہے دوزخیوں کا یا فرمایا
خبال پیپ لہو کہ بہتا ہے دوزخیوں کے زخموں سے نقل کی یہ مسلم نے (۷) **ترجمہ** اور روایت ہے ابو قتادہؓ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
منع فرمایا ملانے خشک کھجور اور کچی کھجور کے سے اور منع فرمایا ملانے انگور خشک اور کھجور خشک کے سے اور ملانے کچی کھجور اور تر کھجور کے سے اور فرمایا بلکہ بھگو
ڈالو ہر ایک کو جدا جدا نقل کی یہ مسلم نے (۸) **ترجمہ** اور روایت ہے انسؓ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پوچھے گئے شراب کے کہ بنائی جاوے سرکہ
پس فرمایا نہیں یعنی حلال نقل کی یہ مسلم نے (۹) **ترجمہ** اور روایت ہے وائل حضرمیؓ سے کہ طارق بن سویدؓ نے پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بنانی
شراب کے سے پس منع فرمایا حضرتؐ نے اسکو پس کہا طارقؓ نے کہ سوا اس کے نہیں کہ بناتا ہوں میں شراب کو دوا کے لیے پس فرمایا حضرتؐ نے
نہیں وہ دوا ولیکن وہ ہی بیماری نقل کی یہ مسلم نے **فصل دوسری** (۱) **ترجمہ** روایت ہے عبد اللہ بن عمرؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی
اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پیتا ہے شراب نہیں قبول کرتا اللہ تعالی اسکی نماز چالیس دن پس اگر توبہ کی قبول کرتا ہے اللہ توبہ اسکی پس اگر اس نے
پھر پی شراب پس نہیں قبول کرتا اللہ اسکی نماز چالیس روز پھر اگر توبہ کی توبہ قبول کرتا ہے اللہ تعالی اسکی پس اگر پھر پی اس نے شراب نہیں قبول
کرتا اللہ تعالی نماز اسکی چالیس روز پھر اگر توبہ کرتا ہے توبہ قبول کرتا ہے اللہ تعالی اسکی پھر اگر پیتا ہے شراب چوتھی بار نہیں قبول کرتا اللہ
تعالی نماز اسکی چالیس روز پھر اگر توبہ کرتا ہے نہیں قبول کرتا اللہ تعالی توبہ اسکی اور پلاویگا اسکو نہر پیپ لہو دوزخیوں کی سے نقل کی یہ ترمذی
نے اور روایت کیا اسکو نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے عبد اللہ بن عمروؓ سے

۱ نبیذ ڈالو الخ دونو کو ملا کر بھگونے سے منع اس واسطے فرمایا کہ اس میں نشہ بہت جلد پیدا ہو جاتا ہے اور پینے والا گمان کرتا ہے کہ حد نشہ کو نہیں پہونچا اور حالانکہ
وہ حد نشہ کو پہونچ گیا ہوتا ہے اور جمہور کے نزدیک یہ نہی تنزیہی ہے نہ تحریمی ۱۲ روضہ صفحہ ۲۲۲ ۲ فرمایا نہیں حلال یہ حدیث دلیل ہے شافعی اور جمہور کی کہ شراب کا سرکہ
بنانا جائز نہیں اور وہ سرکہ بننے سے پاک نہیں ہوتی ۱۲ نووی صفحہ ۱۶۳ ۳ وہ ہے بیماری الخ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شراب دوا نہیں ہے پس اسکے ساتھ معالجہ کرنا حرام ہے
نووی صفحہ ۱۶۳ ۴ نہیں قبول کرتا اللہ تعالی توبہ اسکی الخ یہ حکم توبہ قبول نہ ہوگا بطور زجر و تشدید کے ہے اسلیے کہ توبہ ہر گناہ سے مقبول ہے یا مطلب یہ ہے کہ اسکی شومی سے توبہ کی توفیق

(۲) وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَسْکَرَ کَثِیْرُهٗ فَقَلِیْلُهٗ حَرَامٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ (۳)
وَعَنْ عَائِشَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا اَسْکَرَ مِنْهُ الْفَرَقُ فَمِلْاءُ الْکَفِّ مِنْهُ حَرَامٌ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ (۴)
وَعَنْ نُعْمَانَ بْنِ بَشِیْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنَ الْحِنْطَةِ خَمْرًا وَّمِنَ الشَّعِیْرِ خَمْرًا وَّمِنَ التَّمْرِ خَمْرًا وَّمِنَ الزَّبِیْبِ خَمْرًا وَّ
مِنَ الْعَسَلِ خَمْرًا رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ (۵) وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ
قَالَ کَانَ عِنْدَنَا خَمْرٌ لِیَتِیْمٍ فَلَمَّا نَزَلَتِ الْمَائِدَةُ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ وَقُلْتُ اِنَّهٗ لِیَتِیْمٍ فَقَالَ اَهْرِیْقُوْهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ
(۶) وَعَنْ اَنَسٍ عَنْ اَبِیْ طَلْحَةَ اَنَّهٗ قَالَ یَا نَبِیَّ اللّٰهِ اِنِّیْ اشْتَرَیْتُ خَمْرًا لِاَیْتَامٍ فِیْ حِجْرِیْ قَالَ اَهْرِقِ الْخَمْرَ وَاکْسِرِ الدِّنَانَ
رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَضَعَّفَهٗ وَفِیْ رِوَایَةِ اَبِیْ دَاوٗدَ اَنَّهٗ سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَیْتَامٍ وَّرِثُوْا خَمْرًا قَالَ اَهْرِقْهَا قَالَ اَفَلَا اَجْعَلُهَا
خَلًّا قَالَ لَا **اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ** (۱) عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ کُلِّ مُسْکِرٍ وَّمُفْتِرٍ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ
(۲) وَعَنْ دَیْلَمٍ الْحِمْیَرِیِّ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا بِاَرْضٍ بَارِدَةٍ وَّنُعَالِجُ فِیْهَا عَمَلًا شَدِیْدًا وَّاِنَّا نَتَّخِذُ شَرَابًا مِّنْ هٰذَا
الْقَمْحِ نَتَقَوّٰی بِهٖ عَلٰی اَعْمَالِنَا وَعَلٰی بَرْدِ بِلَادِنَا قَالَ هَلْ یُسْکِرُ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَاجْتَنِبُوْهُ قُلْتُ اِنَّ النَّاسَ غَیْرُ تَارِکِیْهِ قَالَ اِنْ
لَّمْ یَتْرُکُوْهُ فَقَاتِلُوْهُمْ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ (۳) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ وَالْکُوْبَةِ وَالْغُبَیْرَاءِ

(۲) **ترجمہ** اور روایت ہی جابرؓ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو چیز کہ نشہ لاوی بہت اُسکا تھوڑا اُسکا بھی حرام ہے نقل کی یہ ترمذی
اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے (۳) **ترجمہ** اور روایت ہی حضرت عائشہؓ سے کہ نقل کی رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو چیز نشہ لاوی بقدر
فرق[1] کے پس بھرا ہوا چلو اُس میں سے حرام ہے نقل کی یہ احمد اور ترمذی اور ابوداؤد نی (۴) **ترجمہ** اور روایت ہی نعمان بن بشیرؓ سے کہا فرمایا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق گیہوں سے بھی شراب ہوتی ہے اور جو سے بھی شراب ہوتی ہے اور کھجور سے بھی شراب ہوتی ہے اور انگور سے
بھی شراب ہوتی ہے اور[2] شہد سے بھی شراب ہوتی ہے نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے
(۵) **ترجمہ** اور روایت ہی ابوسعید خدریؓ سے کہ کہا تھی ہمارے پاس شراب ایک یتیم کی پس جب اتری سورۃ[3] مائدہ پوچھا میں نے رسول خدا
صلے اللہ علیہ وسلم سے حال شراب یتیم کا اور کہا میں نے کہ وہ یتیم کی ہے فرمایا پھینکدو اُسکو نقل کی یہ ترمذی نے (۶) **ترجمہ** اور روایت ہی
انسؓ سے کہ نقل کی ابوطلحہؓ سے کہ کہا اے نبی اللہ کے تحقیق خریدی تھی میں نے شراب واسطے یتیموں کے کہ بیچ پرورش میری کے ہیں فرمایا پھینکدے
شراب اور توڑ ڈال باسن شراب کے نقل کی یہ ترمذی نے اور ضعیف کہا اس حدیث کو اور بیچ روایت ابوداؤد کے یہ ہی کہ ابوطلحہؓ نے پوچھا نبی صلی
اللہ علیہ وسلم سے حال یتیموں کا کہ وارث ہوی تھے شراب کے فرمایا پھینکدے اُسکو کہا کیا نہ بناؤں میں اُسکو سرکہ فرمایا نہیں[4] **فصل تیسرے**
(۱) **ترجمہ** روایت ہی ام سلمہؓ سے کہ کہا منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر نشہ کرنیوالی چیز سے اور مفتر[5] سے نقل کی یہ ابوداؤد نی (۲)
ترجمہ اور روایت ہی دیلم حمیریؓ سے کہ کہا کہا میں نے یا رسول اللہ ہم بیچ زمین سرد میں اور کرتے ہیں ہم اُسمیں کام سخت[6] اور ہم بناتے ہیں شراب
اس گیہوں سے قوت حاصل کرتے ہیں ہم ساتھ اُسکے اوپر کاموں اپنے کے اور اوپر سردی شہروں اپنے کے فرمایا کیا نشہ لاتی ہے وہ شراب کہا میں
نے کہ ہاں فرمایا پس بچو اُس سے کہا میں نے کہ تحقیق لوگ نہیں چھوڑنیوالی اُسکو فرمایا اگر نہ[7] چھوڑیں اُسکو تو لڑو اُن سے نقل کی یہ ابوداؤد نی (۳) **ترجمہ**
اور روایت ہی عبد اللہ بن عمروؓ سے یہ کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا پینے شراب کے سے اور کھیلنے جوے کے سے اور نردسے[8] اور غبیراء شراب سے

[1] بقدر فرق کے یعنے آٹھ سیر کے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو چیز نشہ لانیوالی ہو اُسکا ایک چلو پینا بھی حرام ہے اگرچہ اُسکا آٹھ سیر پینے سے نشہ آوے ۱۲ [2] مقصود حصر نہیں انہیں چیزوں
میں اور خاص انکو اس واسطے کیا کہ وہاں اکثر انہیں چیزوں سے بنتی تھی اور یہ دلیل ہے اسپر کہ انگور کے پانی کے ساتھ خمر خاص نہیں ۱۲ مرقاۃ لمعات [3] یعنے آیۃ تحریم خمر کی کہ وہ
یہ ہی یا ایہا الذین آمنوا انما الخمر الآیۃ [4] فرمایا نہیں اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ شراب کا سرکہ بنانا جائز نہیں کما مر ۱۲ [5] مفتر اُس چیز کو کہتے ہیں جسکے پینے سے بدن
میں ضعف اور دماغ میں فتور واقع ہو ۱۲ لمعات [6] کام سخت جو بدون قوت نہیں ہوسکتا ۱۲ [7] اور اگر نہ چھوڑیں اسکو یعنے حلال جانیں اُسکے پینے کو ۱۲ [8] اور غبیراء

وقال کل مسکر حرام رواہ ابو داود (۴) وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَاقٌّ وَلَا قَمَّارٌ وَلَا مَنَّانٌ
وَلَا مُدْمِنُ خَمْرٍ رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ وَلَا وَلَدُ زِنْيَةٍ بَدَلَ قَمَّارٍ (۵) وَعَنْ اَبِي اُمَامَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى بَعَثَنِي رَحْمَةً لِلْعٰلَمِيْنَ وَهُدًى لِلْعٰلَمِيْنَ وَاَمَرَنِي رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ بِمَحْقِ الْمَعَازِفِ وَالْمَزَامِيْرِ وَالْاَوْثَانِ وَالصُّلُبِ
وَاَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ وَحَلَفَ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ بِعِزَّتِي لَا يَشْرَبُ عَبْدٌ مِنْ عَبِيْدِي جُرْعَةً مِنْ خَمْرٍ اِلَّا سَقَيْتُهُ مِنَ الصَّدِيْدِ مِثْلَهَا وَلَا يَتْرُكُهَا
مِنْ مَخَافَتِي اِلَّا سَقَيْتُهُ مِنْ حِيَاضِ الْقُدُسِ رَوَاهُ اَحْمَدُ (۶) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثَةٌ قَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ
عَلَيْهِمُ الْجَنَّةَ مُدْمِنُ الْخَمْرِ وَالْعَاقُّ وَالدَّيُّوْثُ الَّذِي يُقِرُّ فِي اَهْلِهِ الْخُبْثَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ (۷) وَعَنْ اَبِي
مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثَةٌ لَا تَدْخُلُ الْجَنَّةَ مُدْمِنُ الْخَمْرِ وَقَاطِعُ الرَّحِمِ وَمُصَدِّقٌ بِالسِّحْرِ رَوَاهُ اَحْمَدُ (۸)
وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُدْمِنُ الْخَمْرِ اِنْ مَاتَ لَقِيَ اللّٰهَ تَعَالٰى كَعَابِدِ وَثَنٍ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَرَوَى ابْنُ
مَاجَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ وَقَالَ ذَكَرَ الْبُخَارِيُّ فِي التَّارِيْخِ عَنْ مُحَمَّدِ
بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ (۹) وَعَنْ اَبِي مُوْسٰى اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ مَا اُبَالِي شَرِبْتُ الْخَمْرَ اَوْ عَبَدْتُ هٰذِهِ السَّارِيَةَ دُوْنَ اللّٰهِ

اور فرمایا جو چیز کہ نشے کی ہو حرام ہے نقل کی یہ ابوداود نے (۴) **ترجمہ** اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہ داخل ہوگا[1] بہشت میں نافرمانی کرنیوالا ماں باپ کی[2] اور نہ جواری اور نہ احسان کا کہنے والا فقرا پر صدقہ دیکر اور نہ ہمیشہ پینیوالا شراب کا نقل کی یہ دارمی نے اور ایک روایت دارمی کی میں یوں آیا ہے کہ نہ داخل ہوگا بہشت میں ولد الزنا[3] بجای جواری کے (۵) **ترجمہ** اور روایت ہے ابو امامہ سے کہا فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق اللہ تعالی نے بھیجا مجھ کو رحمت واسطے تمام عالم کے اور سبب رہنمائی واسطے عالم کے اور حکم کیا مجھ کو میرے رب عزت والے اور بزرگی والے نے ساتھ مٹانے باجوں اور مزامیر کے اور بتوں اور سولیوں کے اور تمام رسومات وعادات جاہلیت[4] کے اور قسم کھائی میرے رب عزت والے اور بزرگی والے نے ساتھ عزت اپنی کے کہ نہ پیویگا کوئی بندہ میرے بندوں میں سے ایک گھونٹ شراب کا مگر کہ پلاؤنگا میں اسکو پیپ دوزخیوں کی سی مقدار اسکی اور نہ چھوڑیگا اسکو بسبب ڈر میرے کے مگر کہ پلاؤں گا میں اسکو حوضوں پاک[5] سے نقل کی یہ احمد نے (۶) **ترجمہ** اور روایت ہے ابن عمر سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین شخص ہیں کہ حرام کی اللہ نے[6] اُنپر بہشت ایک ہمیشہ پینے والا شراب کا اور دوسرا نافرمانی کرنے والا ماں باپ کی اور تیسرا دیوث کہ وہ تجویز کرے اپنے اہل وعیال میں ناپاکی کو نقل کی یہ احمد اور نسائی نے (۷) **ترجمہ** اور روایت ہے ابو موسی اشعری سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین شخص نہیں داخل ہونگے بہشت میں ہمیشہ شراب پینے والا اور توڑنیوالا ناتے کا اور یقین کرنے والا سحر کا نقل کی یہ احمد نے (۸) **ترجمہ** اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ پینے والا شراب کا اگر مرجاوے ملاقات کریگا اللہ تعالی سے مانند بتوں کے پوجنے والے[7] کی نقل کی یہ احمد نے اور نقل کی ابن ماجہ نے ابوہریرہ سے اور بیہقی نے بیچ کتاب شعب الایمان کے محمد بن عبید اللہ سے کہ نقل کی اُسنے اپنے باپ سے اور کہا بیہقی نے کہ ذکر کی بخاری نے اپنی تاریخ میں محمد بن عبید اللہ سے کہ نقل کی اپنے باپ سے (۹) **ترجمہ** اور روایت ہے ابو موسی اشعری سے کہ وہ کہتے تھے کہ نہیں پروا کرتا میں کہ پیوں شراب یا پوجوں[8] میں اس ستون کو سوائے اللہ کے

ل نہ داخل ہوگا یعنی پہلے ساتھ نجات یافتہ لوگوں کے ۱۲ ۲ نافرمانی کرنے والا ماں باپ کی یعنی بلا وجہ شرعی ۱۲ ۳ ولد الزنا سے مراد اس حدیث میں وہ شخص ہے جو ہمیشہ زنا کرتا ہو والا ولد الزنا کوئی گناہ نہیں رکھتا کہ عذاب دیا جاوے اسپر ۔ لمعات ۴ عادات جاہلیت کی یعنی عادات کفر کی ۱۲ ۵ حوضوں پاک سے یعنی بہشت کے حوضوں سے شراب طہور پلاؤنگا اور حدیث دلالت کرتی ہے اوپر حرام ہونے باجوں کے اور مزامیر کے جیسے ڈھول نقارہ تاشہ طبلہ طنبورہ بانسری وغیرہ فقہا نے لکھا ہے کہ آگ ساتھ باجوں اور مزامیر کے حرام ہے لمعات و مرقاۃ ۶ حرام کی اللہ نے یعنی اول اول نہ جاویگا اور دیوث وہ ہے کہ دیکھے اپنے اہل میں چیز بری یعنی زنا یا مقدمات زنا کو اور غیرت نہ کرے اُنپر اور نہ منع کرے انکو اس سے ۱۲ مرقاۃ ۷ مانند بتوں کے پوجنے والے کی یعنی وہ مشرک ہے اور یہ زجر شدید ہے شراب خوار کے حق میں ۱۲ مرقاۃ ۸ یا پوجوں

رواه النسائي **كتاب الامارة والقضاء** **الفصل الاول** (۱) **عن** ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
من اطاعني فقد اطاع الله ومن عصاني فقد عصى الله ومن يطع الامير فقد اطاعني ومن يعص الامير فقد عصاني و
انما الامام جنة يقاتل من ورائه ويتقى به فان امر بتقوى الله وعدل فان له بذلك اجرا وان قال بغيره فان
عليه منه متفق عليه (۲) **وعن** ام الحصين قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان امر عليكم عبد مجدع يقودكم
بكتاب الله فاسمعوا له واطيعوا رواه مسلم (۳) **وعن** انس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اسمعوا واطيعوا وان
استعمل عليكم عبد حبشي كان راسه زبيبة رواه البخاري (۴) **وعن** ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
السمع والطاعة على المرء المسلم فيما احب وكره ما لم يؤمر بمعصية فاذا امر بمعصية فلا سمع ولا طاعة متفق عليه (۵)
وعن علي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا طاعة في معصية انما الطاعة في المعروف متفق عليه (۶) **وعن**
عبادة بن الصامت قال بايعنا رسول الله صلى الله عليه وسلم على السمع والطاعة في العسر واليسر والمنشط والمكره وعلى اثرة
علينا وعلى ان لا ننازع الامر اهله وعلى ان نقول بالحق اينما كنا لا نخاف في الله لومة لائم وفي رواية وعلى

نقل کی یہ نسائی نے **کتاب ہے** بیچ بیان سرداری اور قضا کے **فصل پہلی** (۱) ترجمہ روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے جو شخص کہ فرمانبرداری کرے میری پس تحقیق فرمانبرداری کی اُس نے اللہ کی اور جس نے نافرمانی کی میری پس نافرمانی کی اللہ کی اور
جس نے اطاعت کی امیر کی پس تحقیق اطاعت کی میری اور جس نے نافرمانی کی امیر کی پس تحقیق نافرمانی کی میری اور سوا اسکے نہیں کہ امام
بمنزلہ سپر کے ہے قتال کیا جاتا ہے پیچھے اُسکے اور بچاؤ کیا جاتا ہے سبب اسکے پس اگر حکم کرے ساتھ تقوی اللہ کے اور انصاف کرے پس
تحقیق واسطے اس امیر کے بسبب اسکے ہے ثواب بڑا اور اگر حکم کرے ساتھ غیر اسکے کے پس اوپر اسکے ہے بسبب اس کام کے گناہ متفق علیہ (۲) ترجمہ
اور روایت ہے ام حصینؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر امیر کیا جاوے تم پر غلام نکٹا کنکٹا حکم کرے تمکو موافق حکم اللہ کے پس
سنو حکم اسکا اور فرمانبرداری کرو اسکی نقل کی یہ مسلم نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے انسؓ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سنو اور
اطاعت کرو اگرچہ عامل کیا جاوے تم پر غلام حبشی گویا کہ سر اسکا انگور ہے نقل کی یہ بخاری نے (۴) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے
کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سننا اور فرمانبرداری کرنی واجب ہے اوپر مرد مسلمان کے بیچ اُس چیز کے کہ خوش لگے اور ناخوش لگے
جب تک کہ نہ حکم کیا جاوے ساتھ گناہ کے پس جسوقت کہ حکم کیا جاوے ساتھ گناہ کے تو نہیں ہے سننا اور نہ فرمانبرداری کرنی متفق علیہ
(۵) ترجمہ اور روایت ہے حضرت علیؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے فرمانبرداری کرنی گناہ مین سوا اسکے نہیں کہ
فرمانبرداری کرنی بیچ امر نیک کے ہے متفق علیہ (۶) ترجمہ اور روایت ہے عبادہ بن صامتؓ سے کہ کہا بیعت کی ہمنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و
سلم سے اوپر سننے اور فرمانبرداری کرنے کے بیچ تنگی اور آسانی کے اور وقت خوشی اور ناخوشی کے اور اوپر ترجیح دینے ہمپر اور اوپر کہ نہ نکالیں
ہم امر کو اہل اُسکے سے اور اوپر کہ کہیں ہم حق جہان ہون ہم نہ ڈرین ہم بیچ مقدمہ اللہ کے ملامت ملامت کرنیوالی کی سے اور ایک روایت مین ہے کہ

ف۱ فرمان برداری کی اُسنے اللہ کی معلوم ہوا کہ اطاعت خدا کی بدون حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کے ممکن نہیں اس واسطے کہ خدا کی مرضی نامرضی ہمکو
حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے معلوم ہوئی ۱۲ ترجمہ مشارق صـ۱۱ **ف۲** غلام حبشی کا خلیفہ اور بادشاہ ہونا درست نہیں تو اس حدیث مین ریاست
جزوی مراد ہے یعنے اگر حبشی تمہارا تھانیدار یا صوبہ دار ہو تو اسکی اطاعت بھی ضرور ہے اگرچہ کم لیاقت اور بدظاہر ہو کہ اسکی فرمان برداری درحقیقت
بادشاہ کی اطاعت ہے جس نے اسکو سردار بنایا ۱۲ ترجمہ مشارق صـ۳۳ **ف۳** تو نہیں سننا الخ یعنے بادشاہ یا ماں باپ یا استاد کی نیک کام مین اطاعت
کرے اور خلاف شرع کام مین اطاعت نہ چاہیے ۱۲ ترجمہ مشارق صـ۱۳۳ **ف۴** اور اوپر ترجیح الخ یعنے عہد کیا ہمنے کہ صبر کرین گے ہم اوپر کہ ترجیح دی
جاوے ہم پر یعنے بخشش اور انعام اور حکومت مین ۱۲

اَنْ لَّا نُنَازِعَ الْاَمْرَ اَھْلَہٗ اِلَّا اَنْ تَرَوْا کُفْرًا بَوَاحًا عِنْدَکُمْ مِّنَ اللّٰہِ فِیْہِ بُرْھَانٌ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ (۷) **وَعَنِ** ابْنِ عُمَرَ قَالَ کُنَّا اِذَا بَایَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَی السَّمْعِ وَالطَّاعَۃِ یَقُوْلُ لَنَا فِیْمَا اسْتَطَعْتُمْ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ (۸) **وَعَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ رَّاٰی مِنْ اَمِیْرِہٖ شَیْئًا یَّکْرَھُہٗ فَلْیَصْبِرْ فَاِنَّہٗ لَیْسَ اَحَدٌ یُّفَارِقُ الْجَمَاعَۃَ شِبْرًا فَیَمُوْتُ اِلَّا مَاتَ مِیْتَۃً جَاھِلِیَّۃً مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ (۹) **وَعَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ خَرَجَ مِنَ الطَّاعَۃِ وَفَارَقَ الْجَمَاعَۃَ فَمَاتَ مَاتَ مِیْتَۃً جَاھِلِیَّۃً وَمَنْ قَاتَلَ تَحْتَ رَایَۃٍ عِمِّیَّۃٍ یَّغْضَبُ لِعَصَبِیَّۃٍ اَوْ یَدْعُوْ لِعَصَبِیَّۃٍ اَوْ یَنْصُرُ عَصَبِیَّۃً فَقُتِلَ فَقِتْلَۃٌ جَاھِلِیَّۃٌ وَمَنْ خَرَجَ عَلٰی اُمَّتِیْ بِسَیْفِہٖ یَضْرِبُ بَرَّھَا وَفَاجِرَھَا وَلَا یَتَحَاشٰی مِنْ مُّؤْمِنِھَا وَلَا یَفِیْ لِذِیْ عَھْدٍ عَھْدَہٗ فَلَیْسَ مِنِّیْ وَلَسْتُ مِنْہُ رَوَاہُ مُسْلِمٌ (۱۰) **وَعَنْ** عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِیِّ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ خِیَارُ اَئِمَّتِکُمُ الَّذِیْنَ تُحِبُّوْنَھُمْ وَیُحِبُّوْنَکُمْ وَتُصَلُّوْنَ عَلَیْھِمْ وَیُصَلُّوْنَ عَلَیْکُمْ وَشِرَارُ اَئِمَّتِکُمُ الَّذِیْنَ تُبْغِضُوْنَھُمْ وَیُبْغِضُوْنَکُمْ وَتَلْعَنُوْنَھُمْ وَیَلْعَنُوْنَکُمْ قَالَ قُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَفَلَا نُنَابِذُھُمْ عِنْدَ ذٰلِكَ قَالَ لَا مَا اَقَامُوْا فِیْکُمُ الصَّلٰوۃَ لَا مَا اَقَامُوْا فِیْکُمُ الصَّلٰوۃَ اَلَا مَنْ وُّلِّیَ عَلَیْہِ وَالٍ فَرَاٰہُ یَاْتِیْ شَیْئًا مِّنْ مَّعْصِیَۃِ اللّٰہِ فَلْیَکْرَہْ مَا یَاْتِیْ مِنْ مَّعْصِیَۃِ اللّٰہِ وَلَا یَنْزِعَنَّ یَدًا مِّنْ طَاعَۃٍ رَوَاہُ مُسْلِمٌ (۱۱) **وَعَنْ**

کہ عہد کیا ہمنے اسپر کہ نہ نکالڈالین ہم امر کو اہل اُسکے سے مگر یہ کہ دیکھو تم کفر صریح کہ نزدیک تمہارے اللہ کیطرف سے اُس امر مین دلیل ہو متفق علیہ (۷) ترجمہ اور روایت ہی ابن عمرؓ سے کہ کہا تھے ہم جس وقت بیعت کرتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اوپر سننے اور فرمان برداری کرنے کے فرماتی واسطے ہمارے بیچ اُس چیز کے کہ طاقت رکھو تم متفق علیہ (۸) ترجمہ اور روایت ہی ابن عباسؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ دیکھے اپنے سردار سے کوئی چیز کہ ناخوش رکھے اُسکو پس چاہیے کہ صبر کرے پس تحقیق نہین کوئی کہ جدا ہو جماعت سے ایک بالشت پس مرے مگر کہ مریگا اُس طرح کا مرنا کہ مرتے ہین اُسپر اہل جاہلیت متفق علیہ (۹) ترجمہ اور روایت ہی ابو ہریرہؓ سے کہ کہا سنا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے جو شخص کہ نکلے امام کی اطاعت سے اور جدا ہو جماعت اسلام سے پھر مرے اُسپر مرتا ہے مرنا جاہلیت کا اور جو شخص کہ لڑے نیچے نشان اندھا دھند کے اسحال مین کہ غصہ ہوتا ہے واسطے تعصب کے یا بلاتا ہے واسطے تعصب کے یا مدد کرتا ہے کسی کی واسطے تعصب کے پس مارا گیا پس مرنا اُسکا بطور مرنے جاہلیت کے ہے اور جو کوئی نکلے اُمت میری پر ساتھ تلوار اپنی کے کہ مارتا ہے نیک کو امت میری سے اور بُرے کو اور نہین پروا کرتا مسلمان اُمت میری کی اور نہین پورا کرتا عہد والے سے عہد اُسکا پس نہین وہ میری امت سے اور نہین مین اُس سے نقل کی یہ مسلم نے (۱۰) ترجمہ اور روایت ہی عوف بن مالک اشجعیؓ سے کہ نقل کی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا بہترین حاکمون تمہارے کے وہ ہین کہ دوست رکھو تم اُنکو اور دوست رکھین وہ تمکو اور دعا کرو تم اُنپر اور دعا کرین وہ تمپر اور بدترین حاکمون تمہارے کے وہ ہین کہ بغض رکھو تم اُنسے اور بغض رکھین وہ تم سے اور لعنت کرو تم اُنکو اور لعنت کرین وہ تمکو کہا عوف نے کہ کہا ہمنے یا رسول اللہ کیا نہ پھینکدین ہم عہد اُنکا نزدیک اس حال کے فرمایا نہین جب تک کہ قائم کرین تم مین نماز نہین جب تک کہ قائم کرین تم مین نماز خبردار ہو جو شخص کہ حاکم کیا جاوے اُس پر کوئی حاکم پس دیکھے اُسکو کہ کرتا ہے ایک چیز گناہ خدا کے سے پس چاہیے کہ مکروہ رکھے اُس چیز کو کہ گناہ خدا کے سے اور نہ کھینچے ہاتھ فرمانبرداری سے نقل کی یہ مسلم نے (۱۱) ترجمہ اور روایت

۷ مگر یہ کہ دیکھو تم کفر صریح یعنے اگر کفر صریح دیکھو امام سے تو اُسکا معزول کرنا جائز ہے اور امام فسق و فجور سے معزول نہین ہوتا نزدیک ابو حنیفہ کے اور نزدیک امام شافعی کے معزول ہوجاتا ہے ۱۲ مرقاۃ ۸ کہ مرتے ہین اُسپر اہل جاہلیت یعنی جس سردار کے ساتھ امارت کی بیعت کی ہو تو اُسکے ظلم اور بری باتون پر صبر کرنا چاہیے اسلام کی ترقی اتفاق پر موقوف ہی آپس مین پھوٹ ڈالنا کافرون کا کام ہے مسلمانون کو ہرگز درست نہین ۱۲ ترجمہ مشارق صفحہ ۱۳ ۹ لڑے نیچے نشان اندھا دھند کے یعنے یہ نہ ظاہر ہو حق و باطل ہونا اُسکا ۱۲ ۱۰ یا مدد کرتا ہے واسطے تعصب کے یعنے واسطے مدد کرنے قوم کے ظلم پر نہ واسطے اظہار دین کے اور مرا جاہلیت پر یعنے اُس حال پر کہ مرتے ہین اُسپر اہل جاہلیت کہ دین سے کچھ خبر نہین رکھتے ۱۲ مرقاۃ ۱۱ بہترین حاکمون تمہارے کے وہ ہین الخ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر حاکم نماز کو ترک کرے تو اُسکی فرمانبرداری

اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَکُوْنُ عَلَیْکُمْ اُمَرَاءُ تَعْرِفُوْنَ وَتُنْکِرُوْنَ فَمَنْ اَنْکَرَ فَقَدْ بَرِئَ وَمَنْ کَرِہَ فَقَدْ سَلِمَ وَلٰکِنْ مَنْ رَضِیَ وَتَابَعَ قَالُوْا اَفَلَا نُقَاتِلُھُمْ قَالَ لَا مَا صَلَّوْا لَا مَا صَلَّوْا اَیْ مَنْ کَرِہَ بِقَلْبِہٖ وَاَنْکَرَ بِقَلْبِہٖ رَوَاہُ مُسْلِمٌ (۱۲) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّکُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِیْ اَثَرَةً وَّاُمُوْرًا تُنْکِرُوْنَھَا قَالُوْا فَمَا تَاْمُرُنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ اَدُّوْا اِلَیْھِمْ حَقَّھُمْ وَسَلُوا اللّٰہَ حَقَّکُمْ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ (۱۳) وَعَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ قَالَ سَاَلَ سَلَمَةُ بْنُ یَزِیْدَ الْجُعْفِیُّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اَرَاَیْتَ اِنْ قَامَتْ عَلَیْنَا اُمَرَاءُ یَسْئَلُوْنَا حَقَّھُمْ وَیَمْنَعُوْنَا حَقَّنَا فَمَا تَاْمُرُنَا قَالَ اسْمَعُوْا وَاَطِیْعُوْا فَاِنَّمَا عَلَیْھِمْ مَا حُمِّلُوْا وَعَلَیْکُمْ مَا حُمِّلْتُمْ رَوَاہُ مُسْلِمٌ (۱۴) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ خَلَعَ یَدًا مِّنْ طَاعَةٍ لَقِیَ اللّٰہَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ لَا حُجَّةَ لَہٗ وَمَنْ مَّاتَ وَلَیْسَ فِیْ عُنُقِہٖ بَیْعَةٌ مَّاتَ مِیْتَةً جَاھِلِیَّةً رَوَاہُ مُسْلِمٌ (۱۵) وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ کَانَتْ بَنُوْ اِسْرَائِیْلَ تَسُوْسُھُمُ الْاَنْبِیَاءُ کُلَّمَا ھَلَکَ نَبِیٌّ خَلَفَہٗ نَبِیٌّ وَاِنَّہٗ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ وَسَیَکُوْنُ خُلَفَاءُ فَیَکْثُرُوْنَ قَالُوْا فَمَا تَاْمُرُنَا قَالَ فُوْا بِبَیْعَةِ الْاَوَّلِ فَالْاَوَّلِ اَعْطُوْھُمْ حَقَّھُمْ فَاِنَّ اللّٰہَ سَائِلُھُمْ عَمَّا اسْتَرْعَاھُمْ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ (۱۶) وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا بُوْیِعَ لِخَلِیْفَتَیْنِ

[ف] یعنے بسبب تقصیر کرنیکے بیچ دریافت کرنے حق کے ۔ [ب] مراد غلبہ سے یہ ہے کہ ایک دوسرے سے زیادہ ہو لیکن کہا علماء نے کہ ایک دوسرے کو مانع ہو مثلاً عدل قوت پکڑے اس طرح کہ ظلم وجود مین نہ آوے وبالعکس ۔ لمعات [ج] یعنے قاضی اور حاکم کر کر اور نہ قصور کرونگا مین اجتہاد مین یعنے طلب کرونگا حکم اس واقعہ کا ساتھ قیاس کرنے کے ان مسائل مین کہ آگئی ان مین نص پس حکم کرونگا مین مانند اسکی اس حدیث سے ثابت ہوا کہ اجتہاد کرنا جائز ہے برخلاف اصحاب ظواہر کے ۔ مرقات و لمعات [ع] یعنے نوجوان کم تجربہ کار ہوتا ہے اور نہین مجکو علم یعنے کامل ساتھ کیفیت فیصل کرنے مقدمہ کے اور ثابت کریگا تیرے دل کو یعنے ساتھ سمجھنے کے اور

حَرِيفًا رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ (۲) وَعَنْ عَائِشَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيَأْتِيَنَّ عَلَى الْقَاضِي
الْعَدْلِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَتَمَنّٰى اَنَّهٗ لَمْ يَقْضِ بَيْنَ اثْنَيْنِ فِي تَمْرَةٍ قَطُّ رَوَاهُ اَحْمَدُ (۳) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي اَوْفٰى قَالَ قَالَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الْقَاضِي مَا لَمْ يَجُرْ فَاِذَا جَارَ تَخَلّٰى عَنْهُ وَلَزِمَهُ الشَّيْطَانُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ
وَفِي رِوَايَةٍ فَاِذَا جَارَ وَكَلَهٗ اِلٰى نَفْسِهٖ (۴) وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ مُسْلِمًا وَيَهُوْدِيًّا اخْتَصَمَا اِلٰى عُمَرَ فَرَاٰى
الْحَقَّ لِلْيَهُوْدِيِّ فَقَضٰى لَهٗ عُمَرُ بِهٖ فَقَالَ لَهُ الْيَهُوْدِيُّ وَاللّٰهِ لَقَدْ قَضَيْتَ بِالْحَقِّ فَضَرَبَهٗ عُمَرُ بِالدِّرَّةِ وَقَالَ وَمَا يُدْرِيْكَ
فَقَالَ الْيَهُوْدِيُّ وَاللّٰهِ اِنَّا نَجِدُ فِي التَّوْرٰىةِ اَنَّهٗ لَيْسَ قَاضٍ يَقْضِي بِالْحَقِّ اِلَّا كَانَ عَنْ يَمِيْنِهٖ مَلَكٌ وَعَنْ شِمَالِهٖ مَلَكٌ
يُسَدِّدَانِهٖ وَيُوَفِّقَانِهٖ لِلْحَقِّ مَا دَامَ مَعَ الْحَقِّ فَاِذَا تَرَكَ الْحَقَّ عَرَجَا وَتَرَكَاهُ رَوَاهُ مَالِكٌ (۵) وَعَنِ ابْنِ مَوْهَبٍ
اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ قَالَ لِابْنِ عُمَرَ اقْضِ بَيْنَ النَّاسِ قَالَ اَوَتُعَافِيْنِيْ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَ وَمَا تَكْرَهُ مِنْ ذٰلِكَ وَقَدْ كَانَ
اَبُوْكَ يَقْضِيْ قَالَ لِاَنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ كَانَ قَاضِيًا فَقَضٰى بِالْعَدْلِ فَبِالْحَرِيِّ اَنْ يَنْقَلِبَ مِنْهُ
كَفَافًا فَمَا رَاجَعَهٗ بَعْدَ ذٰلِكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَفِي رِوَايَةِ رَزِيْنٍ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ لِعُثْمَانَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ

برس کے نقل کی یہ احمد اور ابن ماجہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں (۲) ترجمہ اور روایت ہی عائشہ سے کہ نقل کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا آویگا اوپر قاضی منصف کے زمانہ دن قیامت کے آرزو کریگا وہ اس میں کہ کاش کہ نہ حکم کیا ہوتا درمیان دو شخصوں کے بیچ ایک کھجور
کے ہرگز نقل کی یہ احمد نے (۳) ترجمہ اور روایت ہی عبد اللہ بن ابی اوفی سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اللہ تعالیٰ ساتھ قاضی
کے ہے جب تک کہ نہیں ظلم کرتا پس جسوقت کہ ظلم کرتا ہے الگ ہو جاتا ہے اس سے اللہ تعالیٰ اور ہمیشہ رہتا ہے ساتھ اسکے شیطان نقل
کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے اور بیچ ایک روایت ابن ماجہ کے یوں ہے کہ پس جب ظلم کرتا ہے قاضی سونپتا ہے اسکو طرف نفس اسکے کی
(۴) ترجمہ اور روایت ہی سعید بن مسیب سے کہ ایک مسلمان اور ایک یہودی جھگڑتے آئے طرف عمر کے پس دیکھا حق واسطے یہودی
کے پس حکم کیا واسطے اسکے عمر نے ساتھ اس حق کے پس کہا واسطے عمر کے یہودی نے قسم ہے اللہ کی تحقیق حکم کیا تمنے ساتھ حق کے پس
مارا اسکو عمر نے ایک درہ اور فرمایا کس چیز نے معلوم کروایا تجھ کو کہا یہودی نے قسم ہے خدا کی تحقیق ہم پاتے ہیں توریت میں یہ کہ نہیں
کوئی قاضی کہ حکم کرے ساتھ حق کے مگر ہوتا ہے داہنے اسکے فرشتہ اور بائیں اسکے فرشتہ کہ مضبوط کرتے ہیں دونو فرشتے اسکو اور توفیق
دیتے ہیں اسکو واسطے حق کے جب تک کہ ہوتا ہے قاضی حق پر پس جسوقت چھوڑتا ہے قاضی حق کو چڑھ جاتے ہیں وہ اور چھوڑ دیتے ہیں اسکو
نقل کی یہ مالک نے (۵) ترجمہ اور روایت ہی ابن موہب سے کہ عثمان بن عفان نے کہا واسطے ابن عمر کے کہ قاضی ہو درمیان لوگوں
کے کہا ابن عمر نے معاف کرو مجھ کو اے امیر المومنین اس کام سے کہا عثمان نے کیوں مکروہ رکھتے ہو اسکو اور تحقیق تھے باپ تمہارے حکم کرتے
کہا ابن عمر نے تحقیق میں نے سنا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے جو شخص کہ ہو قاضی پس حکم کرے ساتھ انصاف کے پس لائق
ہے یہ کہ پھرے اس سے برابر پس نہ گفتگو کی عثمان نے ان سے پیچھے اس کے نقل کی یہ ترمذی نے اور بیچ روایت رزین کے نافع سے
یہ ہے کہ ابن عمر نے کہا واسطے عثمان کے اے امیر المومنین

ف۱ یعنی ایک کھجور کے ہرگز جو شئے قلیل اور حقیر ہے چہ جائیکہ قاضی ظالم ہو اور چہ جائیکہ حکم بیچ شئے بہت کے ہو ۱۲ حق ف۲ ساتھ قاضی کے ہے یعنے توفیق اور
تائید اسکی ساتھ قاضی کے ہوتی ہے ف۳ پس مارا اسکو حضرت عمر نے درہ یعنے بطور خوش طبعی کے نہ بطور قہر اور غصہ کے اور تطبیق جواب کی اس طور پر ہے کہ اگر عمر
فاروق حق سے باطل کی طرف جھکتے تو مسلمان کے حق میں فیصلہ کرتے اور انہوں نے یہودی کے حق میں فیصلہ کیا تو معلوم ہوا کہ انہوں نے حق سے باطل کی طرف میل نہیں
کی ۱۲ مرقاۃ ف۴ تھے باپ تمہارے حکم کرتے یعنے خلافت کے زمانے سے پہلے بھی ۱۲ ف۵ پس لائق ہے یہ کہ نکلے اس سے برابر کہ نہ فائدہ دے اور نہ نقصان نہ ثواب
پاوے نہ عذاب ۱۲ حق ط ف کس چیز نے معلوم کروایا تجھ کو یعنی میں نے حکم ساتھ حق کے کیا

لا اقضي بين رجلين قال فان اباك كان يقضي فقال ان ابي لو اشكل على رسول الله صلى الله عليه وسلم شيء سال جبرائيل عليه
السلام واني لا اجد من اساله وسمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من عاذ بالله فقد عاذ بعظيم وسمعته يقول
من عاذ بالله فاعيذوه واني اعوذ بالله ان تجعلني قاضيا فاعفاه وقال لا تخبر احدا **باب** رزق الولاة
وهداياهم **الفصل الاول** (۱) **عن** ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما اعطيكم ولا امنعكم
انا قاسم اضع حيث امرت رواه البخاري (۲) **وعن** خولة الانصارية قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان رجالا
يتخوضون في مال الله بغير حق فلهم النار يوم القيمة رواه البخاري (۳) **وعن** عائشة قالت لما استخلف
ابو بكر قال لقد علم قومي ان حرفتي لم تكن تعجز عن مؤنة اهلي وشغلت بامر المسلمين فسياكل آل ابي بكر
من هذا المال ويحترف للمسلمين فيه رواه البخاري **الفصل الثاني** (۱) **عن** بريدة عن النبي صلى الله
عليه وسلم قال من استعملناه على عمل فرزقناه رزقا فما اخذ بعد ذلك فهو غلول رواه ابو داود (۲) **وعن** عمر قال
عملت على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فعملني رواه ابو داود (۳) **وعن** معاذ قال بعثني رسول الله صلى الله عليه وسلم

نہین حکم کرونگا مین درمیان دو شخصون کے کہا عثمان نے تحقیق باپ تمہارا تھے حکم کرتے کہا ابن عمر نے تحقیق باپ میرے اگر مشکل ہوتی انپر
کوئی چیز پوچھ لیتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور اگر مشکل ہوتی پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم پر کوئی چیز پوچھتے جبرئیل علیہ السلام سے اور
تحقیق مین نہین پاتا اس شخص کو کہ پوچھوں اس سے اور سنا ہے مینے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے جو پناہ مانگے ساتھ اللہ کے پس
تحقیق پناہ مانگی ساتھ بڑی ذات کے اور سنا مینے حضرت سے فرماتے جو شخص کہ پناہ مانگے ساتھ اللہ کے پس پناہ دو اسکو اور تحقیق مین پناہ مانگتا
ہون ساتھ اللہ کے اس سے کہ مقرر کرو مجھ کو قاضی پس معاف کیا عثمان نے ابن عمر کو اور کہا کہ نہ خبر دینا تو کسیکو باب بیچ بیان رزق والیون
کے اور ہدیون انکے کے فصل پہلی (۱) ترجمہ روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین تحقیق دیتا مین تمکو اور نہین
منع کرتا تم سے مین ہون بانٹنے والا رکھتا ہون جس جگہ حکم کیا گیا ہون مین نقل کی یہ بخاری نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے خولہ
انصاریہ سے کہ کہا فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق کتنے آدمی کہ تصرف کرتے ہین مال خدا مین ناحق پس واسطے انکے آگ ہے
دن قیامت کے نقل کی یہ بخاری نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے عائشہ سے کہا کہ جب خلیفہ کیے گئے ابو بکر صدیق تو کہا تحقیق
جانتی ہے میری قوم کہ کسب میرا نہین قصور کرتا خرچ اہل میرے سے اور مین مشغول کیا گیا اب ساتھ کام مسلمانون کے پس کھاوینگے
اہل عیال ابو بکر کے اس مال مین سے اور کام کریگا ابو بکر واسطے مسلمانون کے اس مال مین نقل کی یہ بخاری نے فصل دوسری
(۱) ترجمہ روایت ہے بریدہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا جس شخص کو عامل کیا ہمنے کسی کام پر اور دیا ہمنے اسکو رزق پس جو چیز
کہ لیگا بعد اسکے پس وہ خیانت ہے غنیمت مین روایت کی یہ ابو داؤد نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے عمر سے کہ کہا ہوا مین عامل بیچ زمانہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پس دیا مجھ کو محنتانہ میری عمل کا روایت کی یہ ابو داؤد نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے معاذ سے کہا بھیجا مجھ کو رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ملہ درمیان دو شخصون کے چہ جائیکہ زیادہ مین اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جہانتک ہوسکے آدمی حاکم نہ بنے اور سرداری اختیار نہ کرے ۱۲ ملہ نہ خبر دینا
تو کسیکو یعنی حکومت نہ قبول کریگا اور بھی قبول نہ کرین اور یہ کارخانہ معطل ہو جائے یعنی بغیر حاکم کے ۱۲ حق ملہ نہین دیتا الخ یعنی ایک کا مال ایک کو تقسیم کیا یعنی خود
[illegible] ہوا انکا تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنی دینا اور نہ دینا میری طرف سے نہین خدا کی طرف سے ہے ۱۲ ترجمہ مشارق ملہ ناحق یعنی ناحق بانٹتے کہا تم مین اور میرا مال
[illegible] متصرف ہے اور کسی کو لینا درست نہین ہے ۱۲ ترجمہ مشارق ملہ نہین قصور کرتا خرچ اہل میرے سے یعنی مین ایسا کسب کرتا ہون کہ میرے عیال کے خرچ کو کفایت کرتا ہے
ملہ یعنی بیت المال مین سے اور اسمین یعنی اس مال مین سے تجارت کرنا اسکے اور محافظت اور خرچ کرنے کو اسکے مصارف اور حاجات مسلمانون مین اور حضرت ابو بکر خلیفہ
ہونے سے پہلے بازار مین کپڑا بیچا کرتے تھے ملہ اور دیا ہمنے انکو یعنی اجرت اس عمل کی کہ مقرر کی ہے ملہ بعد اسکے یعنی زیادہ اپنی اجرت سے ۱۲

إلى اليمن فلما سرت أرسل في أثري فرددت فقال أتدري لم بعثت إليك لا تصيبن شيئا بغير إذني فإنه غلول ومن
يغلل يأت بما غل يوم القيمة لهذا دعوتك فامض لعملك رواه الترمذي (٤) وعن المستورد بن شداد قال سمعت
النبي صلى الله عليه وسلم يقول من كان لنا عاملا فليكتسب زوجة فإن لم يكن له خادم فليكتسب خادما فإن لم يكن له مسكن فليكتسب مسكنا وفي رواية من اتخذ
غير ذلك فهو غال رواه أبو داود (٥) وعن عدي بن عميرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال يا أيها الناس من عمل منكم
لنا على عمل فكتمنا منه مخيطا فما فوقه فهو غال يأتي به يوم القيمة فقام رجل من الأنصار فقال يا رسول الله اقبل
عني عملك قال وما ذاك قال سمعتك تقول كذا وكذا قال وأنا أقول ذلك من استعملناه على عمل فليأت بقليله
وكثيره فما أوتي منه أخذ وما نهي عنه انتهى رواه مسلم وأبو داود واللفظ له (٦) وعن عبد الله بن عمرو قال
لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم الراشي والمرتشي رواه أبو داود وابن ماجة ورواه الترمذي عنه وعن أبي هريرة ورواه أحمد و
البيهقي في شعب الإيمان عن ثوبان وزاد والرائش يعني الذي يمشي بينهما (٧) وعن عمرو بن العاص قال
أرسل إلي رسول الله صلى الله عليه وسلم أن اجمع عليك سلاحك وثيابك ثم ائتني قال فأتيته وهو يتوضأ فقال يا عمرو

طرف یمن کے جب چلا مین بھیجا پیچھے میرے بلانیکو پس پہر آیا مین طرف حضرت کی پس فرمایا کیا جانتا ہی تو کہ کس واسطے بھیجا تھا مینے طرف
تیری بھیجا تھا اسلیے کہ کھو مین تجھ کو کہ نہ لے تو کچھ بے اذن میرے پس تحقیق وہ خیانت ہی اور جو شخص کہ خیانت کریگا لاویگا خیانت کی چیز دن قیامت
کے اسی کہنے کے لیے بلایا تھا مینے تجھ کو پس جا کام اپنے پر روایت کی یہ ترمذی نے (۴) ترجمہ اور روایت ہی مستورد بن شداد سے کہا سنا
مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے جو شخص کہ ہو ہمارا عامل پس چاہیے کہ حاصل کرلے ایک بی بی پس اگر نہ ہو اسکے لیے کوئی خادم پس چاہیے کہ
خریدلے خادم پس اگر نہ ہو اسکے لیے گھر پس چاہیے کہ حاصل کرے ایک مکان اور ایک روایت مین ہی جو شخص کہ لیوے سوا اسکے پس وہ خیانت
کرنیوالا ہی روایت کی یہ ابوداؤد نے (۵) ترجمہ اور روایت ہی عدی بن عمیرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ای لوگو جو شخص کہ عامل
کیا جاوی تم مین سے واسطے ہمارے اوپر کسی عمل کے پھر چھپاوی ہمسے حاصل اس عمل سے ایک سوئی یا زیادہ اس سے پس وہ خیانت کرنیوالا ہے لاویگا
اسکو دن قیامت کے پس کھڑا ہوا ایک شخص انصار مین سے اور کہا یا رسول اللہ لیلو مجھ سے عمل اپنا کہا کیا ہے کہا سنا مینے آپکو فرماتے ہوے ایسا
اور ایسا فرمایا مین کہتا ہون جسکو کہ عامل کیا ہمنے کسی کام پر پس چاہیے کہ لاوی تھوڑا حاصل اسکا اور بہت حاصل اسکا پس جو کچھ کہ دیا
جاوی اس مین سے لے اسکو اور جو کچھ کہ بازر کہا جاوی اس سے باز رہے روایت کی یہ مسلم اور ابوداؤد اور لفظ ابوداؤد کے مین
(۶) ترجمہ اور روایت ہی عبد اللہ بن عمرو سے کہ کہا لعنت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رشوت دینیوالے کو اور رشوت لینیوالے کو
نقل کی یہ ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور نقل کی یہ ترمذی نے عبد اللہ بن عمرو سے اور ابوہریرہ سے اور نقل کی یہ احمد اور بیہقی نے شعب الایمان
مین ثوبان سے اور زیادہ کیا بیہقی نے یہ کہ لعنت کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے رائش کو یعنے جو کہ واسطہ ہو درمیان رشوت لینے دینیوالے
کے (۷) ترجمہ اور روایت ہی عمرو بن عاص سے کہ کہا بھیجا کسی کو طرف میری پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کہے مجھ کو یہ کہ جمع کر تو اپنے اوپر
ہتیار اپنے اور کپڑے پھر آ تو میرے پاس کہا عمرو نے پس آیا مین آنحضرت کے پاس اور حضرت وضو کرتے تھے پس فرمایا اے عمرو

ہ چلا مین یعنے تھوڑا سا آگے بھیجا یعنے کسیکو ہ پس چاہیے الخ یعنے حلال ہے تحصیلدار کو لیوی بیت المال سے بقدر مہر بیوی کے اور نفقہ اور لباس اسکے
بقدر حاجت کی بغیر اسراف کے اور بقدر قیمت خادم اور مکان کے بقدر ضرورت کے اور اگر حاجت سے زیادہ لیوی تو حرام ہے ۱۲ لمعات ہ ایک سوئی یا زیادہ اس سے
یعنے قلت مین یا کثرت مین یا بڑائی یا چھٹائی مین کہا کیا ہے یعنے تو یہ کیون کہتا ہے اور ایسا ایسا یعنے بیجو وعید کے عمل پر کہتا ہون یعنے بیجہ ہون اس بات مین پہرا
نہین ہوں ہ ان حدیثون سے معلوم ہوا کہ تحصیلدار کو ایک سوئی کے برابر بہی چیز اپنے تصرف مین لانا جائز نہین ۱۲ ہ لعنت کی الخ رشوت وہ مال جو دیا جاوی
واسطے باطل کرنے حق اور ثابت کرنے باطل کے اور اگر واسطے ثابت کرنے حق کے اور دفع کرنے ظلم کے نفس کے سے دیوی تو اسکا کچھ مضائقہ نہین ۱۲ ہ رشوت لینیوالے پر

انی ارسلت الیک لابعثک فی وجہ یسلمک اللہ ویغنمک وارغب لک رغبۃ من المال فقلت یا رسول اللہ ما کانت ہجرتی
للمال وما کانت الا للہ ولرسولہ قال نعما بالمال الصالح للرجل الصالح رواہ فی شرح السنۃ وروی احمد نحوہ وفی روایتہ
قال نعم المال الصالح للرجل الصالح **الفصل الثالث** (۱) عن ابی امامۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من
شفع لاخیہ شفاعۃ فاھدی لہ ھدیۃ علیھا فقبلھا فقد اتی بابا عظیما من ابواب الربا رواہ ابو داود **باب**
الاقضیۃ والشہادات **الفصل الاول** (۱) عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لو یعطی الناس بدعواھم
لادعی ناس دماء رجال واموالھم ولکن الیمین علی المدعی علیہ رواہ مسلم وفی شرحہ للنووی انہ قال وجاء
فی روایۃ البیہقی باسناد حسن او صحیح زیادۃ عن ابن عباس مرفوعا لکن البینۃ علی المدعی والیمین علی من
انکر (۲) **وعن** ابن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من حلف علی یمین صبر وھو فیھا فاجر یقتطع بھا مال امرئ
مسلم لقی اللہ یوم القیمۃ وھو علیہ غضبان فانزل اللہ تعالی تصدیق ذلک ان الذین یشترون بعھد اللہ وایمانھم
ثمنا قلیلا الی اخر الایۃ متفق علیہ (۳) **وعن** ابی امامۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اقتطع حق امرئ مسلم بیمینہ

تحقیق بھیجا میں نے طرف تیری اور بلایا تجھ کو تاکہ بھیجوں میں تجھ کو ایک طرف میں کہ سلامت رکھے تجھ کو اللہ اور غنیمت دیوے تجھ کو اور دوں میں تجھ کو ٹکڑا
مال سے پس کہا میں نے یا رسول اللہ نہ تھی[ف۱] ہجرت میری واسطے مال کے اور نہ تھی ہجرت میری مگر واسطے اللہ کے اور رسول اسکے کے فرمایا اچھی چیز ہے
مال اچھا واسطے مرد نیک بخت کے روایت کی یہ شرح السنہ میں اور روایت کی احمد نے مانند اسکے اور بیچ روایت احمد کے یوں ہے کہ فرمایا اچھا ہے مال
نیک واسطے مرد نیک کے **فصل تیسری** (۱) ترجمہ روایت ہے ابو امامہ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ سفارش کرے کسیکی
سفارش کرنا پھر بھیجے وہ اس کے لیے تحفہ پس قبول کرے وہ اس تحفہ کو پس تحقیق آیا وہ ایک دروازے بڑے میں دروازوں[ف۲] سود کے سے نقل کی
کی یہ ابو داؤد نے **باب** ہے بیچ بیان قضیوں کے اور گواہیوں کے **فصل پہلی** (۱) ترجمہ روایت ہے ابن عباس سے کہ نقل کی نبی صلی
اللہ علیہ وسلم سے فرمایا اگر[ف۳] دیے جاویں آدمی مدعا اپنا بمجرد دعوی کے البتہ دعوی کریں لوگ خونوں آدمیوں کا اور مالوں کا لیکن قسم ہے
اوپر مدعا علیہ کے نقل کی یہ مسلم نے اور بیچ شرح مسلم نووی کے یہ ہے کہ کہا اور آئی ہے بیچ روایت بیہقی کے ساتھ اسناد حسن کے یا صحیح کے
زیادتی ابن عباس سے بطریق مرفوع کے یہ لیکن شاہد اوپر مدعی کے اور قسم اوپر اس شخص کے کہ انکار کرے (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابن مسعود
سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ قسم کھاوے کسی چیز پر بند[ف۴] ہو کر اور وہ ہو قسم کھانے میں جھوٹا تاکہ لیوے بسبب قسم کے مال
ایک شخص مسلمان کا ملاقات کریگا اللہ تعالی سے دن قیامت کے اور وہ اسپر ہوگا غصے پس نازل کی اللہ تعالی نے واسطے سچ کرنے اس حکم کے
یہ آیت تحقیق وہ لوگ کہ خریدتے ہیں ساتھ عہد اللہ کے اور قسموں اپنی کے مول تھوڑا آخر آیت تک نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے (۳) ترجمہ
اور روایت ہے ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ لیوے حق شخص مسلمان کا ساتھ قسم اپنی کے ۔

ف۱ نہ تھی ہجرت میری یعنی میرا ایمان خالصاً للہ تھا اور مال اچھا وہ ہے جو وجہ حلال سے کمایا گیا ہو اور خرچ کیا جاوے اچھی جگہ میں اور مرد نیک کا
یہ ہے کہ رعایت کرے حقوق اللہ اور حقوق بندوں کی ۱۲ لمعات ف۲ دروازوں سود کے سے الخ یعنی رشوت ہی سو سود فرمایا بسبب ہونے اس کے
کے خالی عوض سے ۱۲ لمعات ف۳ اگر دیے جاویں آدمی الخ یعنی اگر شرع میں مدعی سے گواہ طلب نہ ہوتے صرف دعوی کرنے پر مقدمہ فیصل ہوتا
تو نوبت یہ ہوتی کہ لوگ لوگوں کے ناحق خون کر ڈالتے اور اسی واسطے شرع میں یہ قاعدہ مقرر ہوا کہ جب مدعی دعوی کرے اور معتبر گواہ لاوے تو جیتے
اور اگر اس کے گواہ نہ ہوں تو مدعا علیہ قسم کھاوے کہ مدعی جھوٹا ہے تو مدعی ہارے اور اگر گواہ نہ ہوں اور مدعا علیہ قسم سے انکار کرے تو مدعا علیہ
ہارے مدعی جیتے ۱۲ ترجمہ مشارق ف۴ بند ہو کر یعنی مجلس حاکم کی میں محبوس ہو کر ۱۲

فَقَدْ اَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ النَّارَ وَحَرَّمَ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ وَاِنْ كَانَ شَيْئًا يَسِيْرًا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَاِنْ كَانَ قَضِيْبًا مِّنْ اَرَاكٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۴) **وَعَنْ** اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ وَاِنَّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ اِلَيَّ وَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ اَنْ يَّكُوْنَ اَلْحَنَ بِحُجَّتِهٖ مِنْ بَعْضٍ فَاَقْضِيْ لَهٗ عَلٰى نَحْوِ مَا اَسْمَعُ مِنْهُ فَمَنْ قَضَيْتُ لَهٗ بِشَيْءٍ مِّنْ حَقِّ اَخِيْهِ فَلَا يَاْخُذَنَّهٗ فَاِنَّمَا اَقْطَعُ لَهٗ قِطْعَةً مِّنَ النَّارِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۵) **وَعَنْ** عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَبْغَضَ الرِّجَالِ اِلَى اللّٰهِ الْاَلَدُّ الْخَصِمُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۶) **وَعَنْ** ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِيَمِيْنٍ وَّشَاهِدٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۷) **وَعَنْ** عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مِّنْ حَضْرَمَوْتَ وَرَجُلٌ مِّنْ كِنْدَةَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الْحَضْرَمِيُّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ هٰذَا غَلَبَنِيْ عَلٰى اَرْضٍ لِّيْ فَقَالَ الْكِنْدِيُّ هِيَ اَرْضِيْ وَفِيْ يَدِيْ لَيْسَ لَهٗ فِيْهَا حَقٌّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْحَضْرَمِيِّ اَلَكَ بَيِّنَةٌ قَالَ لَا قَالَ فَلَكَ يَمِيْنُهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الرَّجُلَ فَاجِرٌ لَّا يُبَالِيْ عَلٰى مَا حَلَفَ عَلَيْهِ وَلَيْسَ يَتَوَرَّعُ مِنْ شَيْءٍ قَالَ لَيْسَ لَكَ مِنْهُ اِلَّا ذٰلِكَ فَانْطَلَقَ لِيَحْلِفَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اَدْبَرَ لَئِنْ حَلَفَ عَلٰى مَالِهٖ لِيَاْكُلَهٗ ظُلْمًا لَيَلْقَيَنَّ اللّٰهَ وَهُوَ عَنْهُ مُعْرِضٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۸) **وَعَنْ** اَبِيْ ذَرٍّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنِ ادَّعٰى

تحقیق واجب کی اللہ نے واسطے اسکے آگ اور حرام کی اسپر بہشت پس کہا واسطے انکے ایک شخص نے اور اگرچہ ہو وہ چیز تھوڑی یا رسول اللہ فرمایا اگرچہ ہو ٹکڑا درخت پیلو کا نقل کی یہ مسلم نے (۵) **ترجمہ** اور روایت ہے ام سلمہ سے یہ کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوا اسکے نہیں کہ میں آدمی ہوں اور تحقیق تم جھگڑتے آتے ہو طرف میری اور شاید کہ بعض تمہارا ہووے خوب تقریر کرنیوالا ساتھ دلیل اپنی کے بعض سے پس حکم کرتا ہوں میں واسطے اسکے اوپر مانند اس چیز کے کہ سنتا ہوں میں اس سے پس وہ شخص کہ حکم کروں میں واسطے اسکے ساتھ کسی چیز کے حق بھائی اس کے سے پس نہ لیوے اسکو پس سوا اسکے نہیں کہ حکم کرتا ہوں میں واسطے اسکے ایک ٹکڑا آگ سے متفق علیہ (۶) **ترجمہ** اور روایت ہے عائشہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق مبغوض ترین مردوں کا طرف اللہ کے بہت ناحق جھگڑنیوالا ہے متفق علیہ (۷) **ترجمہ** اور روایت ہے ابن عباس سے کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا ساتھ قسم کے اور ایک شاہد کے نقل کی یہ مسلم نے (۸) **ترجمہ** اور روایت ہے علقمہ بن وائل سے کہ روایت کی اپنے باپ سے کہ کہا آیا ایک شخص حضرموت سے اور ایک شخص کندہ میں سے طرف نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کہا حضرمی نے یا رسول اللہ تحقیق اس نے غلبہ کیا مجھ پر اوپر زمین میری کے پس کہا کندی نے وہ زمین میری ہے اور بیچ ہاتھ میرے کے ہے نہیں واسطے اسکے زمین میں حق پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے واسطے حضرمی کے کیا تیرے پاس ہیں شاہد کہا کہ نہیں فرمایا پس واسطے تیرے ہے قسم اسکی کہا حضرمی نے یا رسول اللہ یہ شخص فاجر ہے نہیں پروا کرتا اوپر اس چیز کے کہ قسم کھاوے اس پر اور نہیں پرہیز کرتا کسی چیز سے فرمایا نہیں واسطے تیرے اس سے مگر یہ پس چلا تاکہ قسم کھائے پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب پیٹھ پھیری اس نے اگر قسم کھاویگا یہ اوپر مال اسکے کے تاکہ کھاوے مال اسکا از راہ ظلم کے البتہ ملاقات کریگا اللہ تعالی سے اس حال میں کہ وہ اس سے بیزار ہوگا روایت کی یہ مسلم نے (۹) **ترجمہ** اور روایت ہے ابوذر سے کہ انہوں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے جو شخص کہ دعوی کرے

ف اسکی تاویل دو طرح پر ہے ایک یہ کہ محمول ہے اس شخص کے حق میں جو اسکو حلال جانے اور بے توبہ مر جاوے اور دوسری یہ کہ وہ مستحق آگ کا ہے اور جائز ہے عفو کرنا اس کا اور حرام ہے اسپر داخل ہونا بہشت میں اول وہلہ میں ساتھ نجات پانیوالوں کے اور ذمی کافر بھی مسلمان کے حکم میں ہے ۱۲ مرقاۃ ف پس نہ لیوے الخ امام نووی نے شرح صحیح مسلم میں کہا کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حکم حاکم کا باطن میں نافذ نہیں ہوتا اور باطن میں حرام کو حلال نہیں کرتا اور اگر قاضی دو جھوٹے گواہوں کی گواہی پر فیصلہ کردے کہ اسنے اپنی عورت کو طلاق دی تو جو اسکو جھوٹ کو جانتا ہو اسکو اس عورت سے نکاح کرنا حلال نہیں ہے اور کہا ابو حنیفہ نے کہ فروج میں حلال ہے اموال میں نہیں ۱۲ ف حکم فرمایا الخ یعنی اگر مدعی کے پاس ایک شاہد ہو تو دوسرے شاہد کے بدلے مدعی سے قسم لیجاوے اگر قسم کھالے تو اسکے حق میں فیصلہ کیا جاوے یہ قول تینوں اماموں کا ہے اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک نہیں جائز ہے فیصلہ ساتھ ایک شاہد اور قسم مدعی کے بلکہ ضرور ہے ہونا دو گواہوں کا ۱۲ لمعات ف حضرموت ہے ایک شہر یمن میں ۱۲ ف کندہ یمن میں ہے کندہ ایک قبیلہ ہے یمن میں ۱۲ ف طرف پیغمبر خدا

ما ليس له فليس منا وليتبوأ مقعده من النار رواه مسلم (۹) وعن زيد بن خالد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ألا
أخبركم بخير الشهداء الذي يأتي بشهادته قبل أن يسألها رواه مسلم (۱۰) وعن ابن مسعود قال قال رسول
الله صلى الله عليه وسلم خير الناس قرني ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم ثم يجيء قوم تسبق شهادة أحدهم يمينه ويمينه
شهادته متفق عليه (۱۱) وعن أبي هريرة أن النبي صلى الله عليه وسلم عرض على قوم اليمين فأسرعوا فأمر أن يسهم بينهم
في اليمين أيهم يحلف رواه البخاري

الفصل الثاني

(۱) عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده أن النبي
صلى الله عليه وسلم قال البينة على المدعي واليمين على المدعى عليه رواه الترمذي (۲) وعن أم سلمة عن
النبي صلى الله عليه وسلم في رجلين اختصما إليه في مواريث لم تكن لهما بينة إلا دعواهما فقال من قضيت له بشيء من حق
أخيه فإنما أقطع له قطعة من النار فقال الرجلان كل واحد منهما يا رسول الله حقي هذا لصاحبي فقال لا ولكن
اذهبا فاقتسما وتوخيا الحق ثم استهما ثم ليحلل كل واحد منكما صاحبه وفي رواية قال إنما أقضي بينكما
برأيي فيما لم ينزل علي فيه رواه أبو داود (۳) وعن جابر بن عبد الله أن رجلين تداعيا دابة فأقام

اس چیز کا کہ نہیں اسکے لیے پس نہیں وہ ہم میں سے اور چاہیے کہ طلب کرے ٹھکانا اپنا آگ میں نقل کی یہ مسلم نے (۹) ترجمہ اور روایت ہے زید بن
خالد سے کہ کہا فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ خبر دوں میں تمکو ساتھ بہترین گواہوں کے بہترین گواہوں میں وہ ہے کہ دیوے گواہی
اپنی پہلے سوال کیے جانے کے گواہی سے روایت کی یہ مسلم نے (۱۰) ترجمہ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بہترین
لوگوں کے قرن میرا ہے پھر وہ لوگ کہ متصل ہیں انکے پھر وہ لوگ کہ متصل انکے ہیں پھر آویگی ایک قوم کہ سبقت کریگی گواہی ایک انکے کی
قسم اسکی سے اور قسم اسکی گواہی اسکی سے متفق علیہ (۱۱) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے پیش کیا ایک قوم پر قسم
کو پس جلدی کی اس قوم نے پس حکم فرمایا یہ کہ قرعہ ڈالا جاوے درمیان انکے بیچ کھانے قسم کے کہ کونسا انمیں سے قسم کھاوے نقل کی یہ بخاری
نے **فصل دوسری** (۱) ترجمہ روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اس نے اپنے دادا سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
شاہد مدعی پر ہے اور قسم مدعا علیہ پر نقل کی یہ ترمذی نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے ام سلمہ سے کہ نقل کی حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے بیچ مقدمہ
دو شخصوں کے کہ جھگڑتے آئے پاس حضرت کے بیچ مقدمہ میراث کے نہ تھے انکے لیے گواہ مگر دعوی انکا پس فرمایا جس شخص کے واسطے حکم کروں میں
ساتھ کسی چیز کے حق بھائی اسکے سے پس سوا اسکے نہیں کہ حکم کرتا ہوں میں واسطے اسکے ایک ٹکڑی کا آگ سے پس کہا دونوں شخصوں نے ہر ایک نے
ان میں سے یا رسول اللہ یہ حق واسطے یار میرے کے ہے فرمایا کہ نہیں ولیکن جاؤ تم بانٹ لو اور طلب کرو حق کو پھر قرعہ ڈالو پس چاہیے کہ معاف
کرے ہر ایک تم میں سے یار اپنے کو اور ایک روایت میں یوں آیا ہے کہ فرمایا حضرت نے حکم کرتا ہوں تمہارے درمیان اپنے قیاس سے بیچ اس چیز کے
کہ وحی نہیں آئی مجھ پر اس میں روایت کی یہ ابوداؤد نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے جابر بن عبداللہ سے کہ دو شخصوں نے دعوی کیا ایک جانور
کا پس قائم کیے

ل پہلے سوال کیے جانے کے بے گواہی مانگے گواہی دینا اس صورت میں افضل ہے جب کہ اسکے سوا اور کوئی گواہ نہ ہو اور بدون اسکی گواہی کے کسی
کا حق تلف ہوتا ہو اس واسطے کہ بے ضرورت معاملات میں قبل طلب کے گواہی دینا دینداری کی بات نہیں چنانچہ اگلی حدیث میں اور حدیث میں آیا ہے کہ میرے بعد وہ لوگ
پیدا ہونگے جو بے مانگے گواہی دینے کو طیار ہونگے ۱۲ ترجمہ مشارق ص ۳۱۷ ۲ قرن میرا ہے یعنے صحابہ ۱۲ ۳ پھر وہ لوگ کہ متصل ہیں انکے یعنے تابعین ۱۲ ۴
پھر وہ لوگ کہ متصل ہیں انکے یعنے تبع تابعین ۱۲ ۵ فرمایا کہ قرعہ ڈالا جاوے الخ صورت اس مسئلہ کی شارحین نے یہ لکھی ہے کہ دو آدمیوں نے دعوی کیا ایک چیز کا کہ تیسرے
شخص کے پاس ہے اور گواہ کسی کے پاس نہیں اور تیسرا شخص کہتا ہے کہ میں نہیں جانتا کہ یہ چیز کس کی ہے اس صورت میں دونوں مدعیوں کے درمیان قرعہ ڈالا جاوے جسکے نام پر
قرعہ نکلے وہ قسم کھاوے اور وہ چیز اسکو دیجاوے ۱۲ لمعات مرقاۃ ۶ بیچ مقدمہ میراث کے یعنے ایک نے دعوی کیا ایک چیز کا کہ میری ہے کہ ارث میں پہونچی ہے مجھ کو اور دوسرے نے بھی
ایسا ہی کہا ۱۲ ح ۷ مگر دعوی انکا یعنے صرف دعوی ہی تھا بغیر گواہوں کے ۱۲ ح ۸ حکم کروں میں یعنے اسکا حق نہ ہو اور جھوٹے گواہ گذار دیا قسم کھاوے اور میں وہ چیز
اسکو دیدوں ۱۲ ۹ کر بانٹ لو یعنے آدھوں آدھ ۱۲

كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا الْبَيِّنَةَ اَنَّهَا دَابَّتُهُ نَتَجَهَا فَقَضٰى بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلَّذِيْ فِيْ يَدِهٖ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ (۴) وَعَنْ
اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ رَجُلَيْنِ ادَّعَيَا بَعِيْرًا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَعَثَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا شَاهِدَيْنِ فَقَسَمَهُ النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا نِصْفَيْنِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ وَلِلنَّسَائِيِّ وَابْنِ مَاجَةَ اَنَّ رَجُلَيْنِ ادَّعَيَا بَعِيْرًا لَّيْسَتْ لِوَاحِدٍ
مِّنْهُمَا بَيِّنَةٌ فَجَعَلَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا (۵) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا فِيْ دَابَّةٍ وَّلَيْسَ لَهُمَا بَيِّنَةٌ
فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَهِمَا عَلَى الْيَمِيْنِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ (۶) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَالَ لِرَجُلٍ حَلَّفَهُ احْلِفْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ مَا لَهٗ عِنْدَكَ شَيْءٌ يَعْنِيْ لِلْمُدَّعِيْ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ (۷) وَعَنِ الْاَشْعَثِ
ابْنِ قَيْسٍ قَالَ كَانَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ رَجُلٍ مِّنَ الْيَهُوْدِ اَرْضٌ فَجَحَدَنِيْ فَقَدَّمْتُهٗ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَلَكَ بَيِّنَةٌ قُلْتُ
لَا قَالَ لِلْيَهُوْدِيِّ احْلِفْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِذًا يَّحْلِفُ وَيَذْهَبُ بِمَالِيْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ
اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا اَلْاٰيَةَ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ (۸) وَعَنْهُ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ كِنْدَةَ وَرَجُلًا مِّنْ
حَضْرَمَوْتَ اخْتَصَمَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَرْضٍ مِّنَ الْيَمَنِ فَقَالَ الْحَضْرَمِيُّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَرْضِيْ اغْتَصَبَنِيْهَا

ہر ایک نے ان میں سے شاہد اسپر کہ یہ جانور میرا ہے کہ جنایا[۱] ہے اسکو پس حکم فرمایا ساتھ جانور کے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے واسطے اس شخص کے کہ بیچ
ہاتھ اسکے کے تہا روایت کی یہ شرح السنہ میں (۴) ترجمہ اور روایت ہی ابو موسیٰ اشعری سے کہ دو شخصوں نے دعویٰ کیا ایک اونٹ کا بیچ
زمانے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پہر قائم کیے ہر ایک شخص نے ان دونوں میں سے دو دو گواہ پس بانٹا[۲] اسکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے
درمیان ان دونوں کے آدہوں آدہ روایت کی یہ ابوداؤد نے اور ایک روایت ابوداود اور نسائی اور ابن ماجہ کی میں یہ ہے کہ دو
شخصوں نے دعویٰ کیا اونٹ کا کہ نہ تہے ان میں سے کسی کے پاس شاہد پس گردانا اسکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے درمیان ان دونو
کے (۵) ترجمہ اور روایت ہی ابوہریرہ سے کہ دو شخص جھگڑے بیچ ایک جانور کے اور نہ تہے ان دونو پاس شاہد پس فرمایا پیغمبر خدا صلی
اللہ علیہ وسلم نے قرعہ ڈالو[۳] اوپر قسم کہانے کے روایت کی یہ ابوداؤد اور ابن ماجہ نے (۶) ترجمہ اور روایت ہی ابن عباسؓ سے کہ رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا واسطے ایک شخص کے کہ قسم دی[۴] اسکو قسم کہا تو ساتھ اس اللہ کی کہ نہیں کوئی معبود مگر وہ کہ نہیں واسطے اسکے نزدیک
تیرے کچھ یعنی واسطے مدعی کے روایت کی یہ ابوداؤد نے (۷) ترجمہ اور روایت ہی اشعث بن قیس سے کہ کہا تہی درمیان میرے
اور درمیان ایک شخص کے یہودیوں میں سے ایک زمین مشترک پس انکار کیا اس یہودی نے مجھ سے پس لے گیا میں اسکو پاس نبی صلی اللہ
علیہ وسلم کے پس فرمایا حضرت نے کیا ہے واسطے تیرے شاہد کہا میں نے نہیں فرمایا واسطے یہودی کے قسم کہا تو کہا میں نے یا رسول اللہ اسوقت قسم کہاوےگا
اور لیجاویگا مال میرا پس اتاری[۵] اللہ تعالیٰ نے یہ آیت تحقیق وہ لوگ کہ خریدتے ہیں ساتھ عہد اللہ کے اور قسموں اپنی کے مول تہوڑا آخر
آیۃ تک روایت کی یہ ابوداؤد اور ابن ماجہ نے (۸) ترجمہ اور روایت ہی اشعث سے یہ کہ ایک شخص قوم کندہ سے اور ایک شخص حضرموت
سے جھگڑتے ہوئے آگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیچ مقدمہ ایک زمین کے یمن سے پس کہا حضرمی نے یا رسول اللہ تحقیق زمین میری
چھین لی ہے مجھ سے

[۱] جنایا ہی اسکو یعنی جھوڑا ہے اسنے اور تدبیری ہے جننے اسکے کی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ گواہ قبضہ والے کے مقدم ہیں اسکے غیر کے گواہوں پر ۱۲
[۲] پس بانٹا اسکو کہا ابن ملک نے یہ حدیث دلالت کرتی ہے کہ اگر دعویٰ کریں دو شخص ایک چیز کا اور کسی کے پاس گواہ نہوں یا دونوں کے پاس گواہ ہوں اور وہ چیز دونوں کے
قبضہ میں ہو یا دونوں میں سے کسی کے قبضہ میں نہ ہو تو اسکو آدہوں آدہ تقسیم کیا جاوے انکے درمیان مرقاۃ [۳] قرعہ ڈالو الخ یہ مثل اسکی ہے کہ گذرا ہے ابوہریرہ رضی اللہ
تعالیٰ عنہ کی حدیث میں اول فصل کے آخر میں ۱۲ [۴] قسم دی اسکو یعنی ارادہ کیا قسم دینے کا ۱۲ [۵] پس اتاری الخ یعنی بیچ مثل اس قصے کے
اور مراد حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ ہے کہ شریعت میں بیچ اس صورت کے قسم ہی ۔ لیکن جو جھوٹی قسم کہاوے گا اس کا وبال اسکی گردن پر ہوگا ۱۲

ابوھذا وھی فی یدہ فقال ھل لک بینۃ قال لا ولکن احلفہ واللہ ما یعلم انھا ارضی اغتصبنیھا ابوہ فتھیأ الکندی للیمین فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یقطع احد مالا بیمین الا لقی اللہ وھو اجذم فقال الکندی ھی ارضہ رواہ ابوداؤد (۹) **وعن** عبد اللہ بن انیس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان من اکبر الکبائر الشرک باللہ وعقوق الوالدین والیمین الغموس وما حلف حالف باللہ یمین صبر فادخل فیھا مثل جناح بعوضۃ الا جعلت نکتۃ فی قلبہ الی یوم القیمۃ رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب (۱۰) **وعن** جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یحلف احد عند منبری ھذا علی یمین اثمۃ ولو علی سواک اخضر الا تبوأ مقعدہ من النار او وجبت لہ النار رواہ مالک وابوداؤد وابن ماجۃ (۱۱) **وعن** خریم بن فاتک قال صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوۃ الصبح فلما انصرف قام قائما فقال عدلت شھادۃ الزور بالاشراک باللہ ثلث مرات ثم قرأ فاجتنبوا الرجس من الاوثان واجتنبوا قول الزور حنفاء للہ غیر مشرکین بہ رواہ ابوداؤد وابن ماجۃ ورواہ احمد والترمذی عن ایمن بن خریم الا ان ابن ماجۃ لم یذکر القراءۃ (۱۲) **وعن** عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تجوز شھادۃ خائن ولا خائنۃ ولا مجلود حدا ولا ذی غمر علی اخیہ ولا ظنین فی ولاء ولا قرابۃ ولا القانع مع اھل البیت

اسکو باپ نے اور وہ زمین ہی بیچ ہاتھ اسکے کے فرمایا حضرمی کو کیا ہے واسطے تیرے شاہد کہا کہ نہیں لیکن قسم کہلاؤنگا مین اسکو اس طرح قسم ہے اللہ کی نہین جانتا وہ کہ یہ زمین میری ہے چھین لیا ہے اسکو مجہسے باپ اسکے نے پس تیار ہوا کندی واسطے قسم کہانے کے فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین لیتا کوئی مال بدلے قسم کے مگر کہ ملاقات کریگا اللہ سے اس حال مین کہ ہاتہ کٹا ہوا ہوگا پس کہا کندی نے کہ وہ زمین اسی کی ہے نقل کی یہ ابوداؤد نے (۹) **ترجمہ** اور روایت ہے عبد اللہ بن انیس سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بہت بڑا گناہ وڑے گناہوں مین شرک کرنا ہے ساتہ خدا کے اور نافرمانی ماباپ کی اور قسم جہوٹی کہانی اور نہین قسم کہائی کسی قسم کہانیوالے نے ساتہ اللہ کے قسم صبر پس داخل کیا اس قسم مین مانند بازو مچھر کے (جہوٹ) مگر کہ گردانا جاتا ہے ایک نکتہ بیچ دل اسکے کے قیامت تک نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے (۱۰) **ترجمہ** اور روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین قسم کہاتا کوئی نزدیک منبر میرے کے یہ اور قسم جہوٹی اگرچہ قسم کہاوے اوپر مسواک سبز کے مگر کہ تیار کرتا ہے جگہ بیٹھنے اپنے کی آگ مین یا فرمایا کہ واجب ہوتی ہے اسکے لیے آگ روایت کی یہ مالک اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے (۱۱) **ترجمہ** اور روایت ہے خریم بن فاتک سے کہ کہا نماز پڑہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی پس جب فارغ ہوے کہڑے ہوکر پھر فرمایا کہ برابر کی گئی گواہی جہوٹی ساتہ شرک کرنیکے ساتہ اللہ کے یہ تین بار فرمایا پہر پڑہی یہ آیت پس بچو پلیدی سے کہ پرستش بتون کی ہے اور بچو کلام جہوٹ سے ایک اللہ کی طرف کی ہوکر نہ ساجہی بناکر ساتہ اسکے نقل کی یہ ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت کی احمد اور ترمذی نے ایمن بن خریم سے مگر ابن ماجہ نے نہین ذکر کیا پڑہنا آیت مذکور کا (۱۲) **ترجمہ** اور روایت ہے عائشہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین جائز گواہی مرد خیانت کرنیوالے اور عورت خیانت کرنیوالی کی اور نہ اس شخص کی کہ حد ماری گئی ہو اسکو تہمت کی اور نہ دشمن کی اوپر بہائی اپنے کے اور نہ اس شخص کی کہ متہم ہو بیچ ولا کے اور نہ اسکی کہ متہم ہو قرابت مین اور نہ اسکی کہ قناعت کرنیوالا ہو ساتہ ایک گہر والون کے

لہ بیچ ہاتہ اسکے کے یعنی اب ۱۲ ۔ ۲ء زا

یعنے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ۳ء ہاتھ کٹا ہوا ہوگا یا بے برکت یا بے دلیل ہوگا ۱۲ ۔ ۴ء مانند بازو مچھر کے یعنی تھوڑا سا جھوٹ اور خیانت ۱۲ ۔ ۵ء قیامت تک یعنی اثر اس نکتہ کا باقی رہتا ہے قیامت تک پھر تب ہوگا اسپر وبال اسکا اور عذاب پس کیا حال ہے جبکہ محض جھوٹ ہو اور خاص چیز کا خاص کر عذاب بیان کیا تاکہ معلوم ہو اکہ یہی اکبر الکبائر مین داخل ہے تاکہ لوگ اسکو حقیر نہ جانین وبال اسکا اس عالم مین ظاہر ہوگا ۱۲ ۔ ۶ء نزدیک منبر میرے کے منبر کی ہے واسطے قید لگائی کہ وہ جگہ متبرک ہے وہان جھوٹی قسم کہانا بہت بڑا گناہ ہے اور لا جہوٹی قسم کہائی مطلق موجب غضب الہی ہے جہان کہاوے اور مسواک سبز کا اسواسطے کہی کہ وہ بہت حقیر چیز ہے ۱۲ ۔ ۷ء برابر کی گئی یعنے

رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب ويزيد بن زياد الدمشقي الراوي منكر الحديث (١٣) **وعن** عمرو بن شعيب عن
ابيه عن جده عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تجوز شهادة خائن ولا خائنة ولا زان ولا زانية ولا ذي غمر على اخيه
ورد شهادة القانع لاهل البيت رواه ابو داود (١٤) **وعن** ابي هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا يجوز شهادة
بدوي على صاحب قرية رواه ابو داود وابن ماجة (١٥) **وعن** عوف بن مالك ان النبي صلى الله عليه وسلم قضى بين رجلين
فقال المقضي عليه لما ادبر حسبي الله ونعم الوكيل فقال النبي صلى الله عليه وسلم ان الله تعالى يلوم على العجز ولكن عليك
بالكيس فاذا غلبك امر فقل حسبي الله ونعم الوكيل رواه ابو داود (١٦) **وعن** بهز بن حكيم عن ابيه عن جده
ان النبي صلى الله عليه وسلم حبس رجلا في تهمة رواه ابو داود وزاد الترمذي والنسائي ثم خلى عنه **الفصل الثالث**
(١) **عن** عبد الله بن الزبير قال قضى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الخصمين يقعدان بين يدي الحاكم رواه احمد
وابو داود **كتاب الجهاد الفصل الاول** (١) **عن** ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من آمن
بالله ورسوله واقام الصلوة وصام رمضان كان حقا على الله ان يدخله الجنة جاهد في سبيل الله او جلس

نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور یزید بن زیاد دمشقی روایت کرنیوالا حدیث کا منکر الحدیث ہی (١٣) **ترجمہ**
اور روایت ہی عمرو بن شعیب سے کہ روایت کی اپنے باپ سے اس نے اپنے دادا سے اس نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہین جائز گواہی
خیانت کرنے والے مرد اور خیانت کرنیوالی عورت کی اور نہ زناکار مرد اور زناکار عورت کی اور نہ دشمن کی دشمن پر اور رد کی حضرت نے گواہی
قناعت کرنیوالی کی ساتھ ایک گھر والون کے واسطے انکے روایت کی یہ ابوداؤد نے (١٤) **ترجمہ** اور روایت ہی ابوہریرہ سے کہ نقل کی پیغمبر
خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہین جائز گواہی جنگلی کی اوپر رہنے والی بستی کے روایت کی یہ ابوداؤد اور ابن ماجہ نے (١٥) **ترجمہ**
اور روایت ہی عوف بیٹے مالک کے سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا درمیان دو شخصون کے پس کہا اُس نے کہ جسپر حکم کیا تھا جبکہ پیٹھ
پھیری کفایت کرتا ہے مجھ کو اللہ اور اچھا ہے کارساز پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالی ملامت کرتا ہے نادانی پر ولیکن لازم
ہے تجھ پر ہوشیاری پس جس وقت کہ غلبہ کرے تجھ پر کوئی چیز پس کہہ کفایت ہی مجھ کو اللہ اور اچھا ہے کارساز روایت کی یہ ابوداؤد نے (١٦)
ترجمہ اور روایت ہی بہز بن حکیم سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اس نے اسکے دادا سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے قید کیا ایک شخص
کو تہمت مین روایت کیا یہ ابوداؤد نے اور زیادہ کیا ترمذی اور نسائی نے یہ کہ پھر چھوڑ دیا حضرت نے اسکو **فصل تیسری**
(١) **ترجمہ** روایت ہی عبد اللہ بن زبیر سے کہ کہا حکم فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ مدعی اور مدعا علیہ بیٹھین روبرو حاکم
کے روایت کی یہ احمد اور ابوداؤد نے **کتاب ہے** بیچ بیان جہاد کے **فصل پہلی** (١) **ترجمہ** روایت ہی ابوہریرہ
رضی اللہ تعالی عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ایمان لایا ساتھ اللہ کے اور رسول اس کے اور برپا
کی نماز اور روزے رکھے رمضان کے ہے لازم اللہ پر کہ داخل کرے اُسے بہشت مین جہاد کرے بیچ راہ اللہ کے یا بیٹھا رہے

ل۱ جنگلی کی اوپر رہنے والی بستی کے اسلیے کہ جنگل والے اکثر جاہل اور گمراہ ہوتے ہین اور نہین جانتے احکام شریعت کو اور نہ ادا ے گواہی کی کیفیت
کو اور نسیان انپر غالب ہوتا ہے اور امام مالک نے عمل کیا ہے ساتھ ظاہر اس حدیث کے اور اکثر ائمہ کے نزدیک جائز ہے شہادت جنگلی عادل کی شہری پر
۱۲ مرقاۃ ل۲ پس جس وقت الخ یعنے تونے گواہ دینے مین کچھ قصور کیا اور عاجز ہوکر کیون یہ کہا بلکہ ہوشیار ہونا تھا ۱۲ ل۳ تہمت مین الخ
یعنے دعوی کیا تھا کسی نے اسپر قرض کا یا کسی گناہ کا پس قید کیا اسکو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے پھر جب اسپر جرم ثابت نہ ہوا تو اسکو چھوڑ دیا ۱۲ مرقاۃ

فِي اَرْضِهِ الَّتِيْ وُلِدَ فِيْهَا قَالُوْا اَفَلَا نُبَشِّرُ النَّاسَ قَالَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ مِائَةَ دَرَجَةٍ اَعَدَّهَا اللّٰهُ لِلْمُجَاهِدِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَا بَيْنَ الدَّرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ فَاِذَا سَاَلْتُمُ اللّٰهَ فَسْئَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ فَاِنَّهُ اَوْسَطُ الْجَنَّةِ وَاَعْلَى الْجَنَّةِ وَفَوْقَهُ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ وَمِنْهُ تَفَجَّرُ اَنْهَارُ الْجَنَّةِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ (٢) **وَعَنْهُ** قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُجَاهِدِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ الصَّائِمِ الْقَائِمِ الْقَانِتِ بِاٰيَاتِ اللّٰهِ لَا يَفْتُرُ مِنْ صِيَامٍ وَّلَا صَلٰوةٍ حَتّٰى يَرْجِعَ الْمُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (٣) **وَعَنْهُ** قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْتَدَبَ اللّٰهُ لِمَنْ خَرَجَ فِيْ سَبِيْلِهٖ لَا يُخْرِجُهُ اِلَّا اِيْمَانٌ بِيْ وَتَصْدِيْقٌ بِرُسُلِيْ اَنْ اُرْجِعَهُ بِمَا نَالَ مِنْ اَجْرٍ اَوْ غَنِيْمَةٍ اَوْ اُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (٤) **وَعَنْهُ** قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوْلَا اَنَّ رِجَالًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَا تَطِيْبُ اَنْفُسُهُمْ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنِّيْ وَلَا اَجِدُ مَا اَحْمِلُهُمْ عَلَيْهِ مَا تَخَلَّفْتُ عَنْ سَرِيَّةٍ تَغْزُوْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوَدِدْتُّ اَنْ اُقْتَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ اُحْيٰى ثُمَّ اُقْتَلَ ثُمَّ اُحْيٰى ثُمَّ اُقْتَلَ ثُمَّ اُحْيٰى ثُمَّ اُقْتَلَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (٥) **وَعَنْ** سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِبَاطُ يَوْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (٦) **وَعَنْ** اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

بیچ وطن اپنے کے کہ پیدا کیا گیا اس مین کہا صحابہ نے کیا نہ خوشخبری دین ہم لوگون کو فرمایا تحقیق بہشت مین سو درجے ہین تیار کیا انکو اللہ نے واسطے جہاد کرنیوالون کے بیچ راہ اللہ کے درمیان دو درجون کے ایسا فرق ہے جیسا درمیان آسمان و زمین کے پس جس وقت کہ مانگو تم اللہ سے پس مانگو اسکے فردوس پس بتحقیق فردوس اوسط بہشت ہے اور بلند تر بہشتون کی ہے اور اوپر اسکے عرش رحمن ہے اور فردوس مین بہتی ہین نہرین نقل کی یہ بخاری نے (٢) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مثل مجاہد فی سبیل اللہ کی مثل روزے دار قیام کرنے والے پڑھنے والے کے خدا کی آیتون کو نہین تھکتا روزے سے اور نہ نماز سے یہانتک کہ پھرے جہاد کرنے والا بیچ راہ اللہ کے طرف گھر کے متفق علیہ (٣) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ضامن ہوا اللہ واسطے اس شخص کے کہ نکلا بیچ راہ اللہ کے نہین نکالا اسکو مگر ایمان لانے نے ساتھ میرے اور تصدیق کرنے نے میرے رسولون کو یہ کہ پھیرون گا اسکو ساتھ اس چیز کے کہ پایا ہے ثواب آخرت سے یا غنیمت سے یا داخل کرونگا اسکو بہشت مین متفق علیہ (٤) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اس ذات کی کہ جان میری بیچ ہاتھ اس کے ہے اگر نہ ہوتا ڈر اسکا کہ کتنے ایک آدمی مسلمانون سے خوش نہین ہوتے نفس انکے کہ پیچھے رہین مجھ سے اور نہین پاتا ہون مین سواری کہ سوار کرون مین انکو اس پر نہ پیچھے رہتا مین کسی لشکر سے کہ جہاد کرتا بیچ راہ اللہ کے قسم ہے اللہ کی البتہ دوست رکھتا ہون مین یہ کہ مارا جاؤن مین بیچ راہ اللہ کے پھر زندہ کیا جاؤن مین پھر مارا جاؤن مین پھر زندہ کیا جاؤن مین پھر مارا جاؤن مین پھر زندہ کیا جاؤن مین پھر مارا جاؤن مین متفق علیہ (٥) ترجمہ اور روایت ہے سہل بن سعد سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چوکیداری کرنی ایکدن کی بیچ راہ اللہ کے بہتر ہے دنیا سے اور اس چیز سے کہ دنیا پر ہے متفق علیہ (٦) ترجمہ اور روایت ہے انس سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

ف فرمایا تحقیق بہشت مین الخ یعنے ہر چند جہاد پر بہشت موقوف نہین اصل نجات کے واسطے ایمان اور نماز اور روزہ کفایت کرتا ہے لیکن تم ہمت کو پست نہ کرو کہ صرف نجات پر قناعت کرو بلکہ ہمت بلند رکھو جہاد کرو تاکہ فردوس پاؤ جسکے آگے سب بہشتین پست ہین ۱۲ ترجمہ مشارق صفحہ ف مثل روزے دار الخ یعنے مجاہد کو دائمی روزہ دار و شب بیدار کا ثواب ملتا ہے ۱۲ ف ضامن ہوا الخ یعنے خالص نیت والے غازی کا خدا ضامن ہے کہ اگر وہ شہید ہوا تو بہشت مین گیا اور اگر زندہ رہا تو ثواب یا غنیمت کا مال لیکر اپنے گھر مین آیا وہ دونون صورت مین اسکا بھلا ہے ۱۲ ترجمہ مشارق صفحہ ف اگر نہ ہوتا ڈر الخ اس حدیث سے بھی جہاد کی بڑی فضیلت ثابت ہوئی اور معلوم ہوا کہ جہاد کے برابر کوئی عبادت نہین ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ جہاد فرض کفایہ ہے فرض عین نہین ۱۲ نووی ف چوکیداری کرنی الخ رباط کے معنی ہین اسلام کی سرحد پر چوکیداری کرنا یعنے جو چوکیداری کرنا اسلام کی سرحد پر بہتر ہے اس مال سے کہ خرچ کیا جاوے بیچ راہ اللہ کے یا ثواب اسکا بہتر ہے دنیا سے اور اس چیز سے کہ دنیا مین ہے ۱۲ مرقاۃ ف اس حدیث سے جہاد کی بڑی فضیلت معلوم ہوئی ۱۲

علیہ لَغَدْوَۃٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَوْرَوْحَۃٌ خَیْرٌ مِّنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْھَا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ (۷) وَعَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِیِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ رِبَاطُ یَوْمٍ وَّلَیْلَۃٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ خَیْرٌ مِّنْ صِیَامِ شَھْرٍ وَّقِیَامِہٖ وَاِنْ مَّاتَ جَرٰی عَلَیْہِ عَمَلُہُ الَّذِیْ کَانَ یَعْمَلُہٗ وَاُجْرِیَ عَلَیْہِ رِزْقُہٗ وَاَمِنَ الْفَتَّانَ رَوَاہُ مُسْلِمٌ (۸) وَعَنْ اَبِیْ عَبْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا اغْبَرَّتْ قَدَمَا عَبْدٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَتَمَسَّہُ النَّارُ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ (۹) وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَجْتَمِعُ کَافِرٌ وَّقَاتِلُہٗ فِی النَّارِ اَبَدًا رَوَاہُ مُسْلِمٌ (۱۰) وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ خَیْرِ مَعَاشِ النَّاسِ لَھُمْ رَجُلٌ مُّمْسِکٌ عِنَانَ فَرَسِہٖ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ یَطِیْرُ عَلٰی مَتْنِہٖ کُلَّمَا سَمِعَ ھَیْعَۃً اَوْ فَزْعَۃً طَارَ عَلَیْہِ یَبْتَغِی الْقَتْلَ وَالْمَوْتَ مَظَانَّہٗ اَوْ رَجُلٌ فِیْ غُنَیْمَۃٍ فِیْ رَأْسِ شَعْفَۃٍ مِّنْ ھٰذِہِ الشَّعَفِ اَوْ بَطْنِ وَادٍ مِّنْ ھٰذِہِ الْاَوْدِیَۃِ یُقِیْمُ الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتِی الزَّکٰوۃَ وَیَعْبُدُ رَبَّہٗ حَتّٰی یَاْتِیَہُ الْیَقِیْنُ لَیْسَ مِنَ النَّاسِ اِلَّا فِیْ خَیْرٍ رَوَاہُ مُسْلِمٌ (۱۱) وَعَنْ زَیْدِ بْنِ خَالِدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جَھَّزَ غَازِیًا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَقَدْ غَزَا وَمَنْ خَلَفَ غَازِیًا فِیْ اَھْلِہٖ فَقَدْ غَزَا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ (۱۲) وَعَنْ بُرَیْدَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حُرْمَۃُ نِسَاءِ الْمُجَاھِدِیْنَ عَلَی الْقَاعِدِیْنَ کَحُرْمَۃِ اُمَّھَاتِھِمْ وَمَا مِنْ رَجُلٍ مِّنَ الْقَاعِدِیْنَ

علیہ وسلم نے ایک صبح کو جانا بیچ راہ اللہ کے یا ایک شام کو جانا بہتر ہے[ا] دنیا سے اور اس چیز سے کہ دنیا مین ہے متفق علیہ (۷) ترجمہ اور روایت ہے سلمان فارسی سے کہا سنا مینے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے چوکیداری کرنی ایک دن اور رات کی جہاد مین بہتر ہے روزے ایک مہینے سے اور شب بیداری اس کی سے اور اگر مر جاوے[۲] وہ چوکیدار جاری ہوتا ہے اسپر ثواب عمل اسکے کا کہ تھا عمل کرتا اور جاری کیا جاتا ہے اس پر رزق اسکا اور امن مین رہتا ہے منکر و نکیر کے خوف سے روایت کی یہ مسلم نے (۸) ترجمہ اور روایت ہے ابو عبس سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین گرد آلودہ ہوتے دونون قدم کسی بندے[۳] کے بیچ راہ اللہ کے پھر پہونچے اسکو آگ نقل کی یہ بخاری نے (۹) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہین[۴] جمع ہوتا کافر اور مارنیوالا اسکا آگ دوزخ مین کبھی روایت کی یہ مسلم نے (۱۰) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہترین زندگانی لوگون کی واسطے انکے زندگانی اس شخص کی ہے کہ پکڑنے والا ہے باگ گھوڑے اپنے کی بیچ راہ خدا کے جلدی جاتا ہے اوپر پشت گھوڑے کے جبکہ سنتا ہے آواز ڈر کی یا فریاد رسی چاہنی دوڑتا ہے سوار ہو کر گھوڑے پر ڈھونڈھتا پھرتا ہے مارے جانا اور مرنا جگہہ گمان موت کی یا زندگانی اس شخص کی کہ کتنی ایک بکریون مین رہتا ہے بیچ چوٹی پہاڑ کے ان پہاڑون مین سے یا رہتا ہے بیچ ایک نالے کے ان نالون مین سے قائم رکھتا ہے نماز کو اور دیتا ہے زکوۃ اور بندگی کرتا ہے پروردگار اپنے کی یہانتک کہ آوے اسکو موت نہین[۵] ہے لوگون سے مگر بیچ بھلائی کے نقل کی یہ مسلم نے (۱۱) ترجمہ اور روایت ہے زید بن خالد سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے[۶] کہ سامان درست کر دیا جہاد کرنے والے کا بیچ راہ اللہ کے پس تحقیق جہاد کیا اس نے اور جو کوئی کہ خلیفہ ہو غازی کا بیچ اہل اسکے کے پس تحقیق جہاد کیا اس نے متفق علیہ (۱۲) ترجمہ اور روایت ہے بریدہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ حرمت عورتوں مجاہدین کی اوپر بیٹھنے والون کے مانند حرمت ماؤن انکے کی ہے نہین کوئی شخص بیٹھنے والون مین سے

[ا] بہتر ہے الخ آخرت کا کمتر ثواب تمام دنیا سے اسوا سطے بہتر ہوا کہ دنیا ...... فانی ہے اور آخرت عمدہ اور باقی ۱۲ ترجمہ مشارق ص ۲۷۹ [۲] اور اگر مر جاوے الخ یعنے موت سے شہید کا رزق اور عمل کا ثواب موقوف نہین ہوتا اور قبر کے سوال و جواب کا کچھ کھٹکا نہین رہتا ۱۲ ترجمہ مشارق ص ۲۷۹ [۳] بیچ راہ اللہ کے یعنے جہاد یا حج مین یا سب عبادتون مین لیکن فی سبیل اللہ سے جہاد مین زیادہ تر مستعمل ہے ۱۲ ترجمہ مشارق ص ۲۸۱ [۴] نہین یعنے جس مسلمان نے کافر کو جہاد مین مارا وہ خلود دوزخ سے بچا ۱۲ ترجمہ مشارق ص ۱۳۲ [۵] نہین ہے لوگون سے مگر بیچ بھلائی کے حضرت نے اس حدیث مین دو شخصون کو سب سے افضل بتایا ایک مجاہد جان نثار کو دوسرے گوشہ گیر عابد کو گوشہ گیری مین ہزارون فائدے ہین غیبت اور حسد اور حق تلفی اور شر و فساد سے بچاؤ اور فراغت سے عبادت ہو سکتی ہے لیکن گوشہ گیری اس وقت مین بہتر ہے کہ اسلام ضعیف ہو جاوے عالم مین شر و فساد پھیلے درستی کی توقع باقی نہ رہے اور اگر ایسا نہ ہو تو ...

کیا یعنے غازی کے برابر ثواب پاویگا ۱۲

يَخْلُفُ رَجُلًا مِّنَ الْمُجَاهِدِيْنَ فِيْ اَهْلِهٖ فَيَخُوْنُهٗ فِيْهِمْ اِلَّا وُقِفَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيَأْخُذُ مِنْ عَمَلِهٖ مَا شَاءَ فَمَا ظَنُّكُمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ
(۱۳) وَعَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ بِنَاقَةٍ مَّخْطُوْمَةٍ فَقَالَ هٰذِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
لَكَ بِهَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ سَبْعُ مِائَةِ نَاقَةٍ كُلُّهَا مَخْطُوْمَةٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۱۴) وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ
بَعْثًا اِلٰى بَنِيْ لِحْيَانَ مِنْ هُذَيْلٍ فَقَالَ لِيَنْبَعِثْ مِنْ كُلِّ رَجُلَيْنِ اَحَدُهُمَا وَالْاَجْرُ بَيْنَهُمَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۱۵) وَعَنْ
جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنْ يَّبْرَحَ هٰذَا الدِّيْنُ قَائِمًا يُقَاتِلُ عَلَيْهِ عِصَابَةٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ حَتّٰى تَقُوْمَ
السَّاعَةُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۱۶) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُكْلَمُ اَحَدٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ
بِمَنْ يُّكْلَمُ فِيْ سَبِيْلِهٖ اِلَّا جَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَجُرْحُهٗ يَثْعَبُ دَمًا اَللَّوْنُ لَوْنُ الدَّمِ وَالرِّيْحُ رِيْحُ الْمِسْكِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۱۷)
وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَحَدٍ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ يُحِبُّ اَنْ يَّرْجِعَ اِلَى الدُّنْيَا وَلَهٗ مَا فِي الْاَرْضِ
مِنْ شَيْءٍ اِلَّا الشَّهِيْدُ يَتَمَنّٰى اَنْ يَّرْجِعَ اِلَى الدُّنْيَا فَيُقْتَلَ عَشْرَ مَرَّاتٍ لِمَا يَرٰى مِنَ الْكَرَامَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۱۸) وَعَنْ
مَسْرُوْقٍ قَالَ سَاَلْنَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَاءٌ

کہ نیابت کرے ایک شخص کی مجاہدین میں سے بیچ اہل اسکے کے پھر خیانت کرے اسکی اسکے اہل میں مگر کہ کھڑا کیا جاویگا وہ شخص واسطے مجاہد کے دن قیامت کے پس لیویگا مجاہد عمل اسکے سے جو چاہیگا پس کیا ہے گمان تمہارا نقل کی یہ مسلم نے (۱۳) ترجمہ اور روایت ہے ابو مسعود انصاری سے کہ کہا لایا ایک شخص اونٹنی مہار کی ہوئی اور کہا یہ بیچ راہ خدا کے ہے پس فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ واسطے تیرے بدلے اس اونٹنی کے دن قیامت کے سات سو اونٹنیاں ہونگی سب مہار کی ہوئیں روایت کی یہ مسلم نے (۱۴) ترجمہ اور روایت ہے ابو سعید خدری سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارادہ بھیجنے کا کیا ایک لشکر کو طرف بنی لحیان کے قبیلہ ہذیل سے پس فرمایا چاہیے کہ اٹھے دو شخصوں میں سے ایک اُنکا اور ثواب جہاد کا مشترک ہوگا درمیان دونوں کے نقل کی یہ مسلم نے (۱۵) ترجمہ اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہیگا یہ دین قائم لڑتی رہے گی اس دین پر ایک جماعت مسلمانوں میں سے یہانتک کہ قائم ہو قیامت روایت کی یہ مسلم نے (۱۶) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں زخمی کیا جاتا کوئی شخص بیچ راہ اللہ کے اور اللہ خوب جانتا ہے اسکو کہ زخمی کیا جاتا ہے اسکی راہ میں مگر کہ آویگا وہ دن قیامت کے اس حال میں کہ اسکے زخم سے بہتا ہوگا خون رنگ خون کا ہوگا اور بو مشک کی متفق علیہ (۱۷) ترجمہ اور روایت ہے انس سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی کہ داخل ہو بہشت میں دوست رکھے پھر آنا طرف دنیا کے اور ہو اسکے لیے وہ چیز کہ زمین میں ہے کچھ مگر شہید آرزو کرتا ہے کہ پھر آوے دنیا میں اور مارا جاوے دس بار بسبب اس چیز کے کہ دیکھتا ہے ثواب شہادت کا متفق علیہ (۱۸) ترجمہ اور روایت ہے مسروق سے کہ کہا پوچھے ہمنے عبد اللہ بن مسعود سے معنے اس آیت کے اور نہ گمان کرو تم ان لوگوں کو کہ مارے گئے بیچ راہ اللہ کے مردے بلکہ زندہ ہیں۔

لہ پس کیا ہے گمان تمہارا یعنے اسکو حق جانتے ہو یا کچھ تردد ہے یا کیا وہ غازی اسکی کوئی نیکی چھوڑے گا نہیں بلکہ سب لیوے گا ۱۲ ؎ یعنے سات سو اونٹنیاں ہونگی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی راہ خدا میں ایک پیسہ خرچ کرے گا تو اسکو سات سو پیسہ کا ثواب ملیگا ۱۲ ؎ یعنے دو شخصوں میں سے ایک ان کا یعنے ہر قبیلے میں سے آدھے جاویں اور جو مجاہدوں کے گھروں کی خبرگیری کریں گے انکو بھی مجاہدین کے برابر ثواب ملیگا ۱۲ مرقاۃ ؎ بہتا ہوگا خون الخ اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ یہ ثواب مذکور خاص اسی شخص کے واسطے ہے جو لڑے اس واسطے کہ خدا کا بول بالا ہو ۱۲ نووی شرح صحیح مسلم صفحہ ۱۳۳ جلد ۲ ؎ یعنے اور حالانکہ دنیا کے اسباب اور باغات اور املاک اور خادم سب اس کے پاس وہاں موجود ہونگے پھر وہ دنیا میں آنا کیوں چاہیگا ۱۲ مرقاۃ خزمشکوۃ

کَقَوْلِیْ لِامْرَاَۃٍ وَّاحِدَۃٍ رَوَاہُ **اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ** (۱) **عَنِ** الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ اِعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ فِیْ ذِیْ الْقَعْدَۃِ فَاَبٰی اَھْلُ مَکَّۃَ اَنْ یَّدَعُوْہُ یَدْخُلُ مَکَّۃَ حَتّٰی قَاضَاھُمْ عَلٰی اَنْ یَّدْخُلَ یَعْنِیْ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ یُقِیْمُ بِھَا ثَلٰثَۃَ اَیَّامٍ فَلَمَّا کَتَبُوا الْکِتَابَ کَتَبُوْا ھٰذَا مَا قَاضٰی عَلَیْہِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ فَقَالُوْا لَا نُقِرُّ بِھَا فَلَوْ نَعْلَمُ اَنَّکَ رَسُوْلُ اللّٰہِ مَا مَنَعْنَاکَ وَلٰکِنْ اَنْتَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ فَقَالَ اَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ ثُمَّ قَالَ لِعَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ اُمْحُ رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ لَا وَاللّٰہِ لَا اَمْحُوْکَ اَبَدًا فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَلَیْسَ یُحْسِنُ یَکْتُبُ فَکَتَبَ ھٰذَا مَا قَاضٰی عَلَیْہِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ لَا یَدْخُلُ مَکَّۃَ بِالسِّلَاحِ اِلَّا السَّیْفَ فِی الْقِرَابِ وَاَنْ لَّا یَخْرُجَ مِنْ اَھْلِھَا بِاَحَدٍ اِنْ اَرَادَ اَنْ یَّتْبَعَہٗ وَاَنْ لَّا یَمْنَعَ مِنْ اَصْحَابِہٖ اَحَدًا اِنْ اَرَادَ اَنْ یُّقِیْمَ بِھَا فَلَمَّا دَخَلَھَا وَمَضَی الْاَجَلُ اَتَوْا عَلِیًّا فَقَالُوْا قُلْ لِصَاحِبِکَ اُخْرُجْ عَنَّا فَقَدْ مَضَی الْاَجَلُ فَخَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ

بَابُ اِخْرَاجِ الْیَھُوْدِ مِنْ جَزِیْرَۃِ الْعَرَبِ **اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ** (۱) **عَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ بَیْنَا نَحْنُ فِی الْمَسْجِدِ خَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ فَقَالَ انْطَلِقُوْا اِلٰی یَھُوْدَ فَخَرَجْنَا مَعَہٗ حَتّٰی جِئْنَا بَیْتَ الْمِدْرَاسِ فَقَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ فَقَالَ یَا مَعْشَرَ یَھُوْدَ اَسْلِمُوْا تَسْلَمُوْا اِعْلَمُوْا اَنَّ الْاَرْضَ لِلّٰہِ وَلِرَسُوْلِہٖ وَاِنِّیْ اُرِیْدُ اَنْ اُجْلِیَکُمْ مِنْ ھٰذِہِ الْاَرْضِ فَمَنْ وَّجَدَ مِنْکُمْ بِمَالِہٖ شَیْئًا

مانند کہنے میری کی ہے واسطے ایک عورت کے روایت کی یہ **فصل تیسری** (۱) ترجمہ روایت ہے براء بیٹے عازب رضہ سے کہا عمرہ کے لیے چلے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بیچ ذی القعدہ[1] کے پس انکار کیا اہل مکہ نے یہ کہ چھوڑیں حضرت کو کہ داخل ہوں مکہ میں یہانتک کہ صلح کی حضرت نے اہل مکہ سے اسپر کہ داخل ہوں یعنی سال آیندہ میں ٹھیریں اسمیں تین دن پس جب لکھا صلحنامہ لکھا صحابہ نے نام شریف حضرت کا اس طرح یہ وہ چیز ہے کہ صلح کی اسپر محمد رسول اللہ نے کہا مشرکون نے نہیں اقرار کرتے ہم ساتھ رسالت تمہاری کے پس اگر جانتے ہم کہ تم رسول اللہ ہو نہ منع کرتے ہم تمکو ولیکن تم محمد بن عبداللہ ہو پس فرمایا حضرت صلعم نے کہ میں ہوں رسول اللہ اور میں ہوں محمد بن عبداللہ پھر فرمایا علی بن ابی طالب رض کو کہ مٹادو لفظ رسول اللہ کو کہا حضرت علی رض نے قسم ہے اللہ کی نہیں مٹاؤنگا[2] میں نام تمہارا کبھی پس[3] لیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حالانکہ نہیں لکھہ جانتے تھے پس[4] لکھا حضرت صلعم نے یہ وہ چیز ہے کہ صلح کی اسپر محمد بن عبداللہ نے نہ داخل ہو مکہ میں ساتھ ہتیار والے مگر اس طرح سے کہ تلوار ہوں غلافوں میں اور یہ کہ نہ نکلے مکہ کے لوگوں میں سے کوئی اگر ارادہ[5] کرے کوئی حضرت صلعم کے ساتھ جانیکا اور یہ کہ نہ منع کریں اپنے یاروں میں سے کسی کو اگر ارادہ کرے ٹھیرنیکا مکہ میں پس جبکہ داخل ہوئے[6] حضرت صلعم مکہ میں اور گزر گئی مدت[7] آئے کفار قریش علی رض کے پاس اور کہا کہو واسطے صاحب[8] اپنے کے نکلو ہمارے شہر سے پس تحقیق گذر گئی مدت پس نکلے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے متفق علیہ **باب** ہے بیچ بیان نکالدینے یہود کے جزیرہ عرب سے **فصل پہلی** (۱) ترجمہ روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا اسوقت کہ تھے ہم مسجد میں نکلے نبی صلے اللہ علیہ وسلم پس فرمایا چلو طرف یہود کے پس نکلے ہم ساتھ حضرت کے یہانتک کہ آئے ہم مدرسہ یہود میں پس کھڑے ہوئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور فرمایا اے گروہ یہود مسلمان ہو تا سلامت[9] رہو جانو کہ تحقیق زمین[10] خدا کے لیے ہے اور واسطے رسول اسکے کے ہے اور تحقیق میں ارادہ کرتا ہوں یہ کہ جلا وطن کروں تمکو اس زمین سے پس جو شخص کہ پاوے تم میں سے مال اپنے سے کوئی چیز

[1] بیچ ذی القعدہ کے یعنی سنہ چھ ہجری میں ۱۲ [2] نہیں مٹاؤنگا نام تمہارا کبھی یہ عذر اس واسطے کیا گویا سمجھے کہ امر ایجاب کے لیے نہیں والا مخالفت ذکرتے ۱۲ [3] لیا حضرت نے بیچ صلحنامہ پکڑا ۱۲ [4] پس لکھا حضرت صلعم نے اور بعضے کہتے ہیں کہ حضرت نے اپنے ہاتھ سے لکھا اور بعضے کہتے ہیں کہ اپنے ہاتھ سے نہیں لکھا بلکہ مراد یہ ہے کہ حکم کیا ساتھ لکھنے کے ۱۲ لمعات [5] اگر ارادہ کرے یعنی بعد داخل ہونیکے جو مکہ سے نکلیں تو کسیکو ساتھ نہ لیجاویں ۱۲ [6] داخل ہوئے یعنی سال آیندہ [7] اور گذر گئی مدت یعنی تین دن جو قرار پائی تھی [8] صاحب اپنے کے یعنی آنحضرت صلعم کے ۱۲ [9] تا سلامت رہو یعنی آفات دنیا و آخرت کی سے ۱۲ [10] زمین خدا کے لیے ہے یعنی خدا کا ملک ہے اور یہ یہود بنی نضیر تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی امان میں تھے پھر انہوں نے عہد و پیمان توڑ ڈالا اور حضرت کی لڑائی پر قریش کی مدد کی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو وطن سے نکالدیا اس سے معلوم ہوا کہ ذمی عہد توڑنے سے حربی ہوجاتا ہے امیر المومنین کو جائز ہے کہ ان میں سے جس کو چاہے قید کرے اور جس کو چاہے چھوڑ دے احسان سے ۱۲ نووی

فليبعه متفق عليه (٢) وعن ابن عمر قال قام عمر خطيبا فقال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان عامل يهود خيبر على اموالهم
وقال نقركم ما اقركم الله وقد رايت اجلاءهم فلما اجمع عمر على ذلك اتاه احد بني ابي الحقيق فقال يا امير المؤمنين
اتخرجنا وقد اقرنا محمد وعاملنا على الاموال فقال عمر اظننت اني نسيت قول رسول الله صلى الله عليه وسلم كيف
بك اذا اخرجت من خيبر تعدو بك قلوصك ليلة بعد ليلة فقال هذه كانت هزيلة من ابي القاسم فقال كذبت
يا عدو الله فاجلاهم عمر واعطاهم قيمة ما كان لهم من الثمر مالا وابلا وعروضا من اقتاب وحبال وغير ذلك
رواه البخاري (٣) وعن ابن عباس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم اوصى بثلاثة قال اخرجوا المشركين من جزيرة
العرب واجيزوا الوفد بنحو ما كنت اجيزهم قال ابن عباس وسكت عن الثالثة او قال فانسيتها متفق عليه (٤) و
عن جابر بن عبد الله قال اخبرني عمر بن الخطاب انه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لاخرجن اليهود و
النصارى من جزيرة العرب حتى لا ادع فيها الا مسلما رواه مسلم وفي رواية لئن عشت ان شاء الله لاخرجن
اليهود والنصارى من جزيرة العرب

الفصل الثاني

(١) ليس فيه الا حديث ابن عباس لا يكون

پس چاہیے کہ بیچ ڈالے اسکو متفق علیہ (٢) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ کہا کھڑے ہوے عمرؓ خطبہ فرمانیکو پس کہا تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ و
سلم نے معاملہ کیا تہا یہود خیبر سے انکے مالونپر اور فرمایا تہا کہ ٹہیراوینگے ہم تمکو جب تک کہ ٹہیراوے تمکو اللہ اور تحقیق دیکہا مینے مناسب جلاوطن
کرنا انکا پس جب قصد کیا عمرؓ نے اسکا آیا انکے پاس ایک شخص قبیلہ بنی ابی الحقیق مین سے پس کہا اے امیر المومنین کیا نکالتے ہو تم ہمکو حالانکہ
تحقیق ٹہیرایا ہمکو محمدؐ نے اور معاملہ کیا تہا ہمسے مالونپر پس کہا عمرؓ نے کیا گمان کرتا ہے تو کہ تحقیق مین بہول گیا فرمانا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کا کہ تجہسے فرمایا تہا کہ کیا حال ہوگا تیرا جسوقت کہ نکالا جاویگا تو خیبر سے اس حال مین کہ دوڑیگی ساتہ تیرے اونٹنی تیری رات کو
پیچہے رات کے پس کہا ابن ابی الحقیق نے کہ یہ کلمہ تہا از راہ ہنسی کے ابو القاسم سے پس فرمایا عمرؓ نے کہ جہوٹا ہے تو اے دشمن خدا کے پہر جلا
وطن کیا یہود کو عمرؓ نے اور دی انکو قیمت اس چیز کی کہ تہی واسطے انکے میوہ سے مال دیا اور اونٹ اور اسباب پالان اور رسیان وغیر ذلک روایت
کی یہ بخاری نے (٣) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباسؓ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وصیت فرمائی ساتہ تین چیزون کے فرمایا
نکالدینا مشرکون کو جزیرہ عرب سے اور سلوک کیا کرنا تم ایلچیون سے مانند اس چیز کے کہ تہا مین سلوک کرتا ان سے کہا راوی نے اور سکوت
کیا ابن عباسؓ نے تیسری چیز سے یا کہا ابن عباسؓ نے پس بہلایا گیا مین اسکو متفق علیہ (٤) ترجمہ اور روایت ہے جابر بن عبد اللہ سے کہا
خبر دی مجہکو عمر بن الخطابؓ نے یہ کہ انہون نے سنا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تہے البتہ نکالونگا مین یہود و نصاری کو جزیرہ عرب
سے یہانتک کہ نہ چہوڑونگا اس مین مگر مسلمان کو روایت کی یہ مسلم نے اور ایک روایت مین ہے کہ فرمایا اگر جیتا رہا مین انشاء اللہ تعالی البتہ
نکالونگا مین یہود و نصارے کو جزیرہ عرب سے

فصل دوسری

(١) نہین ہے اس فصل مین مگر حدیث ابن عباسؓ کی کہ مراد اسکا یہ ہے لا یکون

١ـه معاملہ کیا الخ یعنے انکو خیبر مین رہنے دیا کہ کہیتی کرین اور زراعت وغیرہ انکی انہین کے طور پر رکہین اور ان کے محاصل مین سے آدہون آدہ ٹہیرا لیا اور جزیہ مقرر کیا انپر ١٢ حق ٢ـه جب تک کہ ٹہیراوے الخ یعنے نہ حکم کرے ہمکو ساتہ نکالنے تمہارے کے ١٢ ٣ـه اسکا یعنے جلاوطن کرنیکا ٤ـه اونٹنی تیری رات کو پیچہے رات کے یعنے تو سوار ہوکر سفر کریگا۔ خیبر مین یہودی رہتے تہے جب خیبر فتح ہوا تو حضرتؐ نے وہان کے یہودیون کو بطریق محنت مزدوری کے رہنے دیا عمر فاروقؓ نے اپنی خلافت مین جو انکو شرارت [illegible] بدر کرین پہر انکو شام کی طرف نکالدیا وہان جا بسے ١٢ ترجمہ بخاری ص ۴٨٩ ٥ـه جہوٹا ہے تو اے دشمن خدا کے یعنے ٹہٹہا کرنا پیغمبرون کی شان نہین ١٢ ٦ـه [illegible] یعنے وقت وفات کے ١٢ ٧ـه اور سلوک الخ یعنے جب تک وہ رہین دنیا انکو وہ چیز کہ محتاج ہون دیکر ١٢ ٨ـه اور سکوت کیا الخ فاعل سکوت [illegible] کہا احتمال ہے کہ تیسری چیز [illegible] اکا یہ قول ہوا اور نہ بنا دیجیو میری قبر کو بت کہ اسکو پوجا جاوے اور امام مالک نے اسکو موطا مین ذکر کیا ہے ١٢ مرقاۃ ٩ـه البتہ نکالونگا مین یہود و نصاری کو جزیرہ عرب سے الخ جزیرہ عرب [illegible] اسلام ہے تو حکمت یہی تہی کہ وہان سوا مسلمانون کے کوئی نہ رہے چنانچہ فاروق اعظم نے بموجب اس حدیث کے یہود کو خیبر وغیرہ سے نکالکر شام مین رکہا ١٢ ترجمہ بخاری ص [illegible]

قبلتان وقد مرّ في باب الجزية **الفصل الثالث** (١) عن ابن عمر ان عمر بن الخطاب اجلى اليهود والنصارى
من ارض الحجاز وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم لما ظهر على اهل خيبر اراد ان يخرج اليهود منها وكانت الارض لما ظهر عليها
لله ولرسوله وللمسلمين فسأل اليهود رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يتركهم على ان يكفوا العمل ولهم نصف الثمر فقال
رسول الله صلى الله عليه وسلم نقركم على ذلك ما شئنا فاقروا حتى اجلاهم عمر في امارته الى تيماء واريحاء متفق عليه

باب الفيء **الفصل الاول**

(١) عن مالك بن اوس بن الحدثان قال قال عمر بن الخطاب ان الله
قد خص رسوله في هذا الفيء بشيء لم يعطه احدا غيره ثم قرأ ما افاء الله على رسوله منهم الى قوله قدير فكانت
هذه خالصة لرسول الله صلى الله عليه وسلم ينفق على اهله نفقة سنتهم من هذا المال ثم يأخذ ما بقي فيجعله مجعل
مال الله متفق عليه (٢) وعن عمر قال كانت اموال بني النضير مما افاء الله على رسوله مما لم يوجف المسلمون
عليه بخيل ولا ركاب فكانت لرسول الله صلى الله عليه وسلم خاصة ينفق على اهله نفقة سنتهم ثم يجعل ما بقي في السلاح
والكراع عدة في سبيل الله متفق عليه **الفصل الثاني** (١) عن عوف بن مالك ان رسول الله صلى الله عليه وسلم
كان اذا اتاه الفيء قسمه في يومه فاعطى الآهل حظين واعطى الاعزب حظا فدعيت فاعطاني حظين وكان

قبلتان اور تحقیق گذر چکی یہ حدیث باب الجزیہ مین **فصل تیسری** (١) ترجمہ روایت ہی ابن عمرؓ سی یہ کہ عمر بن الخطابؓ نے جلاوطن کیا یہود
نصاری کو زمین حجاز سے اور تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب غالب ہوے اہل خیبر پر ارادہ ... کیا یہ کہ نکالین یہودیون کو خیبر سے اور
تھی زمین جب غلبہ کیا گیا اُس پر واسطے اللہ اور رسول اُسکے کے اور واسطے مسلمانون کے پس سوال کیا یہود نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے
یہ کہ چھوڑ دین انکو اس شرط پر کہ کیا کرین کام تھے اور واسطے اُنکے ہوا آدھا میوہ پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ٹہیرا دینگے ہم تمکو اُس پر
جبتک کہ چاہین پس ٹہیرائے گئے یہانتک کہ جلاوطن کیا انکو حضرت عمرؓ نے اپنی خلافت مین طرف تیما اور اریحا کے متفق علیہ **باب** ہے بیچ
بیان فے کے **فصل پہلی** (١) ترجمہ روایت ہی مالک بن اوس بن حدثان سے کہ کہا فرمایا حضرت عمر بن الخطابؓ نے یہ کہ اللہ تعالی نے خاص کیا اپنے
رسول کو بیچ اس مال کے ساتھ ایک چیز کے کہ نہین دی وہ چیز کسی کو سوا حضرتؐ کے پہر پڑہی یہ آیت جو چیز دی اللہ نے اپنے رسول کو اُنمین سے لفظ
قدیر تک پڑہی پس تہا یہ مال خالص واسطے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خرچ کرتے تھے اپنے گہر کے لوگونپر خرچ برس روز کا اُس مال مین سے پہر
لیتے ما بقی کو پس گردانتے اُسکو بیچ جگہ گردانے مال اللہ کے متفق علیہ (٢) ترجمہ اور روایت ہے حضرت عمرؓ سے کہ کہا تہا اموال بنی النضیر
کا اُس قسم سے کہ عطا فرمایا تہا اللہ تعالی نے اپنے رسول پر کہ نہین دوڑے تھے مسلمانون نے اُسپر گہوڑے اور نہ اونٹ پس ہوا واسطے
پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ مال خاص نکالتے تہے اپنے اہل کے لیے خرچ برس روز کا پہر خرچ کرتے ما بقی کو بیچ ہتھیار دینے کے اور چارپایون کے
یہ سبب سامان کرنے کے راہ خدا مین متفق علیہ **فصل دوسری** (١) ترجمہ روایت ہی عوف بن مالکؓ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تہے
جسوقت کہ آتا انکے پاس مال فے بانٹتے اُسکو اسی دن مین پس دیتے بیوی والے کو دو حصے اور دیتے مجرد کو ایک حصہ پس بلایا گیا مین پس دیے مجکو دو حصے اور تہی

ل زمین حجاز سے یعنے جزیرہ عرب سے ١٢ ؎ تھی زمین یعنی جو زمین ہو ١٢ ؎ چھوڑ دین انکو یعنے انکی زمینون مین ١٢ ؎ کیا کرین کام یعنے درختون کو پانی دیا کرین ؎
تیما اور اریحا کے یہ دو بستیون کا نام ہے شام کے ملک مین ١٢ ؎ بیچ بیان فے کے فے اُس مال کو کہتے مین کہ بدون لڑائی کے کفار سے ہاتھ لگا اور حکم اسکا یہ ہے کہ وہ مسلمانون
کی مصلحتون مین خرچ کیا جاوے اُسمین خمس نہ ... غازیون مین تقسیم ... جو لڑائی سے ہاتھ لگے اسکو غنیمت کہتے مین اور حکم اسکا یہ ہے کہ پانچوان حصہ نکالکر باقی غازیون مین تقسیم کیا جاوے اور
مال فی کا بعد حضرتؐ کے بعض کے نزدیک لڑنے والون کے لیے ہے اور امام شافعی کے نزدیک مصالح مسلمین مین خرچ کیا جاوے ١٢ لمعات ؎ پس گردانتے الخ یعنے صرف کرتے اسکو مسلمانون
کی مصلحتون مین اور دیتے تھے جسکو چاہتے تھے محتاج مساکین مین سے ١٢ ؎ نکالتے تھے اپنے اہل کے لیے الخ اس سے معلوم ہوا کہ جائز ہے ذخیرہ کرنا ایک سال کا اور
یہ توکل کے منافی نہین ١٢ لمعات و مرقاة

لِاَهْلِ ثُمَّ دَعَى بَعْدَهُ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ فَاُعْطِيَ حَظًّا وَّاحِدًا رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ (۲) **وَعَنْ** اِبْنِ عُمَرَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلَ مَاجَاۗءَهُ شَيْءٌ بَدَاَ بِالْمُحَرَّرِيْنَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ (۳) **وَعَنْ** عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِظَبْيَةٍ فِيْهَا خَرَزٌ
فَقَسَمَهَا لِلْحُرَّةِ وَالْاَمَةِ قَالَتْ عَائِشَةُ كَانَ اَبِيْ يَقْسِمُ لِلْحُرِّ وَالْعَبْدِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ (۴) **وَعَنْ** مَالِكِ بْنِ اَوْسِ ابْنِ
الْحَدَثَانِ قَالَ ذَكَرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَوْمًا الْفَيْءَ فَقَالَ مَا اَنَا اَحَقُّ بِهٰذَا الْفَيْءِ مِنْكُمْ وَمَا اَحَدٌ مِّنَّا بِاَحَقَّ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ
اِلَّا اَنَّا عَلٰى مَنَازِلِنَا مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَقَسْمِ رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَالرَّجُلُ وَقِدَمُهٗ وَالرَّجُلُ وَبَلَاۗؤُهٗ وَالرَّجُلُ
وَعِيَالُهٗ وَالرَّجُلُ وَحَاجَتُهٗ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ (۵) **وَعَنْهُ** قَالَ قَرَاَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَاۗءِ وَالْمَسٰكِيْنِ
حَتّٰى بَلَغَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ فَقَالَ هٰذِهٖ لِهٰۗؤُلَاۗءِ ثُمَّ قَرَاَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ حَتّٰى بَلَغَ وَابْنِ السَّبِيْلِ
ثُمَّ قَالَ هٰذِهٖ لِهٰۗؤُلَاۗءِ ثُمَّ قَرَاَ مَآ اَفَاۗءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى حَتّٰى بَلَغَ لِلْفُقَرَاۗءِ وَالَّذِيْنَ جَاۗءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ثُمَّ قَالَ
هٰذِهٖ اسْتَوْعَبَتِ الْمُسْلِمِيْنَ عَامَّةً فَلَئِنْ عِشْتُ فَلَيَاْتِيَنَّ الرَّاعِيَ وَهُوَ بِسَرْوِ حِمْيَرَ نَصِيْبُهٗ مِنْهَا لَمْ يَعْرَقْ فِيْهَا جَبِيْنُهٗ
رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ (۶) **وَعَنْهُ** قَالَ كَانَ فِيْمَا احْتَجَّ بِهٖ عُمَرُ اَنْ قَالَ كَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثُ

پھر بیوی پھر بلایا گیا پیچھے جس کے عمار بن یاسر[۱] پس دیا گیا ایک حصہ روایت کی یہ ابوداؤد نے (۲) **ترجمہ** اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا دیکھا
میں نے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو شروع کرتے تھے اول وقت آنے فے کے ساتھ[۲] آزاد کیے گیوں کے روایت کی یہ ابوداؤد نے (۳) **ترجمہ** اور روایت
ہے حضرت عائشہ رض سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم لائے گئے تھیلا اس میں تھے نگینے پس بانٹا اسکو .. واسطے بیبیوں کو اور لونڈیوں کے کہا عائشہ رض
نے تھے باپ میرے تقسیم کرتے واسطے آزاد[۳] کے اور غلام کے روایت کی یہ ابوداؤد نے (۴) **ترجمہ** اور روایت ہے مالک بن اوس بن حدثان
سے کہ کہا ذکر کیا عمر بن خطاب رض نے ایک دن فے کا اور کہا نہیں ہوں لائق تر ساتھ اس فے کے تم سے اور نہیں کوئی ہم میں سے لائق تر
ساتھ اس فے کے کسی سے لیکن ہم اوپر مراتب اپنے کے ہیں کتاب اللہ عزوجل سے اور تقسیم کرنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سے پس[۴] شخص اور قدیم ہونا اسکا اور
شخص اور سعی اسکی اور شخص اور عیال اسکے اور شخص اور حاجت اسکی نقل کی یہ ابوداؤد نے (۵) **ترجمہ** اور روایت ہے مالک سے کہ کہا پڑہی
حضرت عمر بن خطاب رض نے یہ آیت[۵] سوا اس کے نہیں کہ صدقہ واسطے فقیروں اور مسکینوں کے ہے یہانتک کہ پہونچے علیم حکیم تک اور کہا یہ
زکوۃ واسطے ان[۶] لوگوں کے ہے پھر پڑہی یہ آیت[۷] جانو کہ تحقیق وہ چیز کہ غنیمت میں لی ہے تم نے کچھ پس تحقیق واسطے اللہ کے ہے پانچواں
حصہ اسکا اور واسطے رسول کے یہانتک کہ پہونچے لفظ وابن السبیل تک پھر کہا کہ یہ واسطے ذوی القربے وغیرہ کے ہے پھر پڑہی یہ[۸]
آیت جو چیز کہ دی اللہ نے اپنے رسول کو بستیوں میں سے یہانتک کہ پہونچے اس آیت تک واسطے فقیروں کے اور ان لوگوں کے
کہ آئے ان کے پیچھے پھر کہا کہ اس آیت نے پورا کیا مسلمانوں کو سب کو پس اگر زندہ رہا میں پس البتہ پہونچے گا چرواہے کو
اس حال میں کہ وہ ہو گا سرو حمیر[۹] میں حصہ اسکا اموال فے سے نہ پسینا لاوے گی اس میں پیشانی اس کی روایت کی یہ شرح
السنہ میں (۶) **ترجمہ** اور روایت ہے مالک سے کہ کہا تھا بیچ اس چیز کے کہ حجت پکڑی[۱۰] ساتھ اس کے عمر رض نے یہ کہ کہا عمر رض نے تھے واسطے
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے تین

---

[۱] عمار بن یاسر کی بیوی مرگئی تھا ۱۲ ح [۲] ساتھ آزاد کیے گیوں کے کیونکہ وہ بیچارے بے ٹھکانے اور بے سہارے ہوتے ہیں یا مرید بن سے غلام مکاتب
ہیں ۱۲ مرقاۃ [۳] پس معلوم ہوا کہ نگینے عورتوں کے ساتھ مخصوص تھے ولیکن حضرت نے تخصیص کی تھی ۱۲ [۴] پس شخص اور قدیم ہونا الخ یعنی فے کی تقسیم
کرنے میں لحاظ قدامت کا و شجاعت و مشقت و اہل و عیال اور حاجت کا چاہیے جس شخص کو جیسے حاجت ہو اس کے موافق فے اسکو دیجیے ۱۲ لمعات و مرقاۃ [۵] یہ آیت
کریمہ بیان مصارف زکوۃ کے ہے ۱۲ [۶] واسطے ان لوگوں کے ہے یعنی ان اشخاص کے کہ مذکور ہیں اس آیت میں ۱۲ [۷] یہ آیت کریمہ بیان تقسیم غنائم کے ہے ۱۲ [۸] یہ آیت کریمہ
بیان حکم فے کے ہے ۱۲ حضرت عمر رض کی یہ تھی کہ فے میں سے خمس نکالنا نہ چاہیے بلکہ مصالح مسلمانوں میں خرچ کیا جاوے بقدر تفاوت درجات کے اور یہی فتوی ہے اکثر اماموں کا ۱۲

صفایا بنو النضیر وخیبر وفدك فاما بنو النضیر فکانت حبسا لنوائبه واما فدك فکانت حبسا لابناء السبیل واما خیبر فجزاها رسول الله صلی الله علیه وسلم ثلثة اجزاء جزئین بین المسلمین وجزء نفقة لاهله فما فضل عن نفقة اهله جعله بین فقراء المهاجرین رواه ابوداود

الفصل الثالث (۱) عن المغیرة قال ان عمر بن عبد العزیز جمع بنی مروان حین استخلف فقال ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کانت له فدك فکان ینفق منها ویعود منها علی صغیر بنی هاشم ویزوج منها ایمهم وان فاطمة سألته ان یجعلها لها فابی فکانت کذلك فی حیوة رسول الله صلی الله علیه وسلم حتی مضی لسبیله فلما ان ولی ابوبکر عمل فیها بما عمل رسول الله صلی الله علیه وسلم فی حیوته حتی مضی لسبیله فلما ان ولی عمر بن الخطاب عمل فیها بمثل ما عملا حتی مضی لسبیله ثم اقطعها مروان ثم صارت لعمر بن عبد العزیز فرأیت امرا منعه رسول الله صلی الله علیه وسلم فاطمة لیس لی بحق وانی اشهدکم انی رددتها علی ما کانت یعنی علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم وابی بکر وعمر رواه ابوداود

کتاب الصید والذبائح

الفصل الاول

صفایا بنو نضیر اور خیبر اور فدک پس بنو نضیر تہا محبوس واسطے حاجات حضرت کے اور حاصل فدک کا تہا محبوس واسطے مسافرون کے اور خیبر تقسیم کیا تہا اسکو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تین حصے دو حصے درمیان مسلمانون کے اور ایک حصہ واسطے خرچ اہل عیال اپنے کے پس جو کچہ بچتا خرچ اہل ان کے سے گردانتے اسکو درمیان فقرا اور مہاجرین کے روایت کی یہ ابوداود نے **فصل تیسری** (۱) ترجمہ روایت ہے مغیرہ سے کہا تحقیق عمر بیٹے عبدالعزیز کے نے جمع کیا مروان کے بیٹون کو اوسوقت کہ خلیفہ کیا گیا پس کہا تحقیق پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم تہا واسطے انکے فدک پس تہے خرچ کرتے اسمین سے اور احسان کرتے تہے اسمین سے اوپر چہوٹے لڑکون بنی ہاشم کے اور نکاح کرتے تہے اس سے عورتون بے شوہر کا اور مرد بے زن کا اور تحقیق حضرت فاطمہ نے سوال کیا تہا حضرت سے یہ کہ دیوین فدک کو واسطے انکے پس نہ دیا پس تہا اسی طرح سے بیچ زندگی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے یہانتک کہ وفات ہوی حضرت کی پس جبکہ خلیفہ کیے گئے ابوبکر صدیق کیا بیچ اسکے موافق اوس چیز کے کہ کیا تہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زندگی مین یہانتک کہ وفات ہوئی انکی پس جبکہ خلیفہ کیے گئے حضرت عمر بن الخطاب کیا موافق اوس چیز کے کہ کیا تہا دونون صاحبون نے یہانتک کہ وفات ہوئی حضرت عمر کی بہی پہر جاگیر کیا اسکو مروان نے پہر ہوا عمر بن عبدالعزیز کے لیے پس دیکہی مینے ایک چیز کہ نہیں دیا اسکو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فاطمہ کو نہیں واسطے میرے سزاوار اور تحقیق مین گواہ کرتا ہون تمکو اسپر کہ تحقیق مینے پہیر دیا اسکو اس طرح پر کہ تہا یعنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین اور حضرت ابوبکر صدیق اور عمر فاروق کے زمانہ مین روایت کی یہ ابوداود نے **باب بیچ بیان شکار اور جانورون ذبح کیے گیون کے**

فصل پہلی

لـه بنو نضیر یعنے مال جو حاصل ہوتا تہا انکی زمین سے ۱۲ تـه تہا محبوس یعنے مقرر ۱۲ حق سـه واسطے حاجات حضرت کے یعنے واسطے ضیافت مہمانون کے اور ہتہیار و سواری مجاہدون کے وغیر ذلک ۱۲ حق

کـه واسطے مسافرون کے یعنے جو کہ مال اپنے پاس نہ رکہتے ہون اگرچہ اپنے وطن مین مالدار ہون اور صفایا جمع ہے صفیہ کی صفیہ اسکو کہتے ہین کہ چہانٹ لے امام اپنے لیے غنیمت سے کوئی چیز پہلے تقسیم ہونے غنیمت کے اور بنو نضیر یعنے انکی زمین کہ بعد جلا وطن کرنے انکے کے ہاتہ لگی اور فدک ایک قریہ ہے خیبر کی بستیون سے اور تہی حضرت کے لیے آدہی زمین اسکی کہ صلح کی اہل اسکے سے زمین اسکی پر پس وہ بہی خاص حضرت کے لیے تہا اور خیبر کو طرح مذکور پر اسلیے تقسیم کیا کہ خیبر کے گاؤن بہت تہے بعض تو قہر فتح ہوئے تہے ان میں سے خمس لیتے تہے اور بعض صلح سے وہ فی تہی خاص حضرت کے لیے تقسیم کرتے جہان مناسب جانتے اپنی حوائج مین اور اپنے اہل پر اور مصالح مسلمین پر پس مقتضی ہوئی قسمت

ورابری اسکو کہ ہو تمام اسکا درمیان حضرت کے اور لشکر مسلمین کے تین حصے ۱۲ مرقاۃ ولمعات لـه تحقیق مینے پہیر دیا الخ یعنے حضرت کی بی بیون اور اولاد پر اور محتاج اور سائلین اور یتیمون اور بیوہ عورتون کے نکاح مین خرچ کیا جاوے خاص کسی کو نہین ... حضرت کی اولاد کی وراثت ہے ... اعتراض شیعون کا حضرت صدیق اکبر پر

محض بیجا ہے اور جب خود حضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت فاطمہ کو اپنی زندگی مین نہ دیا باوجود یکہ فاطمہ نے حضرت سے طلب بہی کیا تو پہر صدیق پر کیا اعتراض ہے جو ... بر خلاف ... اعتراض ... صدیق اکبر نے ... مرتضی علی بہی ... اس اعتراض مین ... کچہ فائدہ نہین

(۱) **عن** عدي بن حاتم قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا ارسلت كلبك فاذكر اسم الله فان امسك عليك فادركته حيا فاذبحه وان ادركته قد قتل ولم ياكل منه فكله وان اكل فلا تاكل فانما امسك على نفسه فان وجدت مع كلبك كلبا غيره وقد قتل فلا تاكل فانك لا تدري ايهما قتل واذا رميت بسهمك فاذكر اسم الله فان غاب عنك يوما فلم تجد فيه الا اثر سهمك فكل ان شئت وان وجدته غريقا في الماء فلا تاكل متفق عليه (۲) **وعنه** قال قلت يا رسول الله انا نرسل الكلاب المعلمة قال كل ما امسكن عليك قلت وان قتلن قال وان قتلن قلت انا نرمي بالمعراض قال كل ما خرق وما اصاب بعرضه فقتله فانه وقيذ فلا تاكل متفق عليه (۳) **وعن** ابي ثعلبة الخشني قال قلت يا نبي الله انا بارض قوم اهل الكتاب افناكل في انيتهم وبارض صيد اصيد بقوسي وبكلبي الذي ليس بمعلم وبكلبي المعلم فما يصلح لي قال اما ما ذكرت من انية اهل الكتاب فان وجدتم غيرها فلا تاكلوا فيها وان لم تجدوا فاغسلوها وكلوا فيها وما صدت بقوسك فذكرت اسم الله فكل وما صدت بكلبك المعلم فذكرت اسم الله فكل وما صدت بكلبك غير معلم فادركت ذكوته فكل متفق عليه (۴) **وعنه** قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا رميت بسهمك فغاب

(۱) ترجمہ روایت ہے عدی بیٹے حاتم کے سے کہ کہا کہا واسطے میرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ چھوڑے تو اپنے کتے کو پس ذکر کر نام اللہ کا پس اگر پکڑ رکھا کتے نے شکار کو تیرے لیے اور پایا تو نے اسکو زندہ پس ذبح کر لے اسکو اور اگر پایا تو نے شکار کو کہ مار ڈالا اسکو کتے نے اور نہ کھایا اس میں سے پس کھا اسکو اور اگر کھایا پس نہ کھا پس سوا اسکے نہیں کہ بند رکھا کتے نے اس شکار کو اپنے لیے اور سو اگر پاوے تو ساتھ کتے اپنے کے کتا غیر کا اور حالانکہ تحقیق مار ڈالا پس نہ کھا اسلیے کہ تحقیق تو نہیں جانتا کہ کس نے ان دونوں میں سے مارا اسکو اور جس وقت پھینکے تو تیر اپنا پس ذکر کر تو نام اللہ کا پس اگر غائب ہو شکار تجھ سے ایکدن پس نہ پایا تو نے اس میں کچھ نشان سوا نشان تیر اپنے کے پس کھا تو اگر چاہے اور اگر پاوے تو اسکو غرق پانی میں پس نہ کھا روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے عدی بن حاتم سے کہ کہا کہا میں نے یا رسول اللہ تحقیق ہم چھوڑتے ہیں کتے سدھے ہوؤں کو فرمایا کھا اس چیز کو کہ پکڑ رکھیں کتے تیرے لیے کہا میں نے اور اگرچہ مار ڈالیں فرمایا اور اگرچہ مار ڈالیں کہا میں نے تحقیق ہم پھینکتے ہیں تیر بے پروں کا فرمایا کھا اس چیز کو کہ زخمی کر دے اور وہ چیز کہ پہونچے ساتھ چوڑان اپنی کے پس قتل کرے اسکو پس تحقیق وہ چوٹ سے مرا ہے پس مت کھا متفق علیہ (۳) ترجمہ اور روایت ہے ابو ثعلبہ خشنی سے کہ کہا کہا میں نے یا نبی اللہ تحقیق ہم ہیں بیچ زمین قوم اہل کتاب کے آیا پس کھاویں ہم بیچ باسنوں انکے کے اور ہم بیچ زمین شکار کے ہیں شکار کرتا ہوں میں ساتھ کمان اپنی کے اور ساتھ کتے اپنے کے کہ نہیں ہے سدھا ہوا اور ساتھ کتے اپنے کے کہ سدھا ہوا ہے پس کیا درست ہے واسطے میرے فرمایا پھر وہ چیز کہ ذکر کیا تو نے باسنوں اہل کتاب کے سے پس اگر پاؤ تم سوائے ان باسنوں کے پس نہ کھاؤ انکے باسنوں میں اور اگر نہ پاؤ سوا انکے باسنوں کے پس دھو ڈالو انکو اور کھاؤ ان میں اور وہ چیز کہ شکار کی تو نے ساتھ کمان اپنی کے پس ذکر کیا تو نے نام اللہ کا پس کھا اور وہ جانور کہ شکار کیا تو نے ساتھ کتے سدھے ہوئے اپنے کے پس ذکر کیا تو نے نام اللہ کا پس کھا اور جو شکار کیا تو نے ساتھ کتے غیر سدھے ہوئے اپنے کے پس پایا تو نے ذبح کرنا اسکا پس کھا اسکو متفق علیہ (۴) ترجمہ اور روایت ہے ابو ثعلبہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ پھینکے تو تیر اپنا پس غائب ہو

لے پس تحقیق وہ چوٹ سے مرا ہے پس مت کھا اس حدیث سے شکار کے بہت مسئلے معلوم ہوئے اول یہ کہ کتے کا شکار کھانا درست ہے دوسرا یہ کہ کتے کا تعلیم یافتہ ہونا شرط ہے اور تعلیم کی علامت یہ ہے کہ اسکو تین بار شکار پر چھوڑے اور ہر بار وہ شکار مار لاوے اور خود نہ کھاوے تیسرا یہ کہ کتے کو چھوڑتے وقت بسم اللہ کہنا شرط ہے اگر بسم اللہ کہا اور کتے نے شکار کو مار ڈالے تو حلال ہے اگر قصداً بسم اللہ نہ بولا شکار مردار ہوا اور اگر بھولے سے نہ کہا تو حلال ہے چوتھا یہ کہ اگر شکاری کتے کے ساتھ دوسرا کتا جسکی تعلیم نہیں ہوئی شکار مارنے میں شریک ہو تو شکار مردار ہوا پانچواں یہ کہ بے پر تیر کے شکار میں زخم ہونا شرط ہے تاکہ خون ناپاک نکل جاوے اور اگر بے زخم صدمے سے مر جاوے تو شکار حلال نہیں جیسے غلیل کا یا پتھر جانور کو مار ڈالے تو مردار ہے کہ خون نہ نکلا شکار حلال اس چیز سے ہوتا ہے جو تیز ہو اور جسم پھاڑ ڈالے جیسے تلوار چھری تیر پھلدار ۱۲ ۔ سے اہل کتاب کے یعنی یہود و نصاریٰ کے ۔ لے ذکر کیا تو نے نام اللہ کا یعنی [illegible] تو نے نام اللہ کا یعنی وقت چھوڑنے اسکے کے ۱۲

عَنْكَ فَاَدْرَكْتَهٗ فَكُلْ مَالَمْ يُنْتِنْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۵) وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الَّذِيْ يُدْرِكُ صَيْدَهٗ بَعْدَ ثَلٰثٍ فَكُلْهُ مَالَمْ يُنْتِنْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۶) وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ هُنَا اَقْوَامًا حَدِيْثٌ عَهْدُهُمْ بِشِرْكٍ يَاْتُوْنَنَا بِلُحْمَانٍ لَا تَدْرِيْ اَيَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا اَمْ لَا قَالَ اُذْكُرُوْا اَنْتُمْ اسْمَ اللّٰهِ وَكُلُوْا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ (۷) وَعَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ قَالَ سُئِلَ عَلِيٌّ هَلْ خَصَّكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ فَقَالَ مَا خَصَّنَا بِشَيْءٍ لَمْ يَعُمَّ بِهِ النَّاسَ اِلَّا مَا فِيْ قِرَابِ سَيْفِيْ هٰذَا فَاَخْرَجَ صَحِيْفَةً فِيْهَا لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ ذَبَحَ لِغَيْرِ اللّٰهِ وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ سَرَقَ مَنَارَ الْاَرْضِ وَفِيْ رِوَايَةٍ مَنْ غَيَّرَ مَنَارَ الْاَرْضِ وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ لَعَنَ وَالِدَهٗ وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ اٰوٰى مُحْدِثًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۸) وَعَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا لَاقُوا الْعَدُوِّ غَدًا وَلَيْسَتْ مَعَنَا مُدًى اَفَنَذْبَحُ بِالْقَصَبِ قَالَ مَا اَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ فَكُلْ لَيْسَ السِّنَّ وَالظُّفْرَ وَسَاُحَدِّثُكَ عَنْهُ اَمَّا السِّنُّ فَعَظْمٌ وَاَمَّا الظُّفْرُ فَمُدَى الْحَبَشِ وَاَصَبْنَا نَهْبَ اِبِلٍ وَغَنَمٍ فَنَدَّ مِنْهَا بَعِيْرٌ فَرَمَاهُ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَحَبَسَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِهٰذِهِ الْاِبِلِ اَوَابِدَ كَاَوَابِدِ الْوَحْشِ فَاِذَا غَلَبَكُمْ

تجھ سے پھر پایا تو شکار پس کھا جب تک کہ نہ متغیر ہو روایت کی یہ مسلم نے (۵) ترجمہ اور روایت ہے ابو ثعلبہ سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا بیچ حق اُس شخص کے کہ پاوے شکار اپنے کو بعد تین دن کے پس کھا جب تک کہ نہ متغیر ہو نقل کی یہ مسلم نے (۶) ترجمہ اور روایت ہے حضرت عائشہ رض سے کہ کہا صحابہ نے یا رسول اللہ یہاں کتنی قومیں ہیں کہ قریب ہے زمانہ اُنکا ساتھ شرک کے لاتی ہیں ہمارے پاس گوشت نہیں جانتے ہیں ہم آیا ذکر کرتے ہیں اُنپر نام خدا کا یا نہیں فرمایا ذکر کرو تم نام اللہ کا اور کھاؤ روایت کی یہ بخاری نے (۷) ترجمہ اور روایت ہے ابو الطفیل سے کہ کہا پوچھے گئے علیؓ کہ آیا مخصوص کیا ہے ہمکو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ساتھ کسی چیز کے پس فرمایا علیؓ نے کہ نہیں خاص کیا ہمکو ساتھ کسی چیز کے ایسی چیز کہ نہ عام کیا ہو ساتھ اُسکے لوگوں کو لیکن وہ چیز کہ بیچ اس غلاف تلوار میری کے ہے پس نکالا علیؓ نے ایک کاغذ کہ اُس میں تھے یہ احکام کہ لعنت کرے اللہ اُس شخص کو کہ ذبح کرے جانور سوا نام اللہ کے اور لعنت کرے اللہ اُس شخص کو کہ چراوے نشان زمین کا اور ایک روایت میں ہے جو شخص کہ بدلے علامت زمین کی اور لعنت کرے اللہ اُس شخص کو کہ لعنت کرے اپنے ماں باپ کو اور لعنت کرے اللہ اُس شخص کو کہ ٹھکانا دیوے بدعتی کو روایت کی یہ مسلم نے (۸) ترجمہ اور روایت ہے رافع بن خدیج سے کہ کہا کہا میں نے یا رسول اللہ تحقیق ہم ملنے والے ہیں دشمنوں سے کل کو اور نہیں ساتھ ہمارے چھریاں کیا پس ذبح کروں ساتھ کھپاچ کے فرمایا جو چیز کہ بہا دیوے خون کو اور ذکر کیا جاوے نام اللہ کا اُسپر پس کھا سوے دانت اور ناخن کے اور بیان کروں میں تجھ سے حال ہر ایک کا ایسی دانت پس ہڈی ہے اور یہ ناخن پس چھریاں ہیں حبشیوں کی اور ہونچے ہم لوٹ اُونٹوں اور بکریوں کی کو پس بھاگا اُن میں سے ایک اونٹ پس مارا اُسکو ایک شخص نے تیر پس بند کیا اُسکو پس فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق ان اونٹوں میں نفرت کرنے والے ہیں مانند بھاگنے والے جنگلی جانوروں کے پس جس وقت کہ غالب ہوں تمپر

ف۱ یعنی اگر شکار زخمی ہو کر کسی تیر سے اور پھر کہیں غائب ہو جاوے پھر تلاش کیجالت میں جسکو مردہ پاوے اُسکا کھانا حلال ہے بشرطیکہ سڑ نہ گیا ہو اگرچہ تین دن کے بعد پاوے کھانا فوری نہیں نہیں بھی ہے یعنی سڑا ہوا بودار گوشت کھانا مکروہ ہے حرام نہیں ۱۲ ف۲ ذکر کرو تم نام اللہ کا یعنی اہل اسلام پر گمان خیر چاہیے کہ وہ لوگ خدا کے نام کو ذبح کیوقت ترک نہ کرتے ہونگے تم اپنے رفع شبہ کیواسطے خدا کا نام لے لیا کرو اور یہ مطلب نہیں کہ اگرچہ اُنہوں نے ذبح کے وقت خدا کا نام نہ لیا ہو تو بھی تمہارے لبسم کہنے سے پاک ہوجاویگا اس واسطے کہ ذبح کے وقت بسم اللہ کہنا شرط ہے ۱۲ ترجمہ مشارق ص ۲۳ ف۳ لعنت کرے اپنے ماں باپ کو گالی دینا دو صورت سے ہوتا ہے یا خود گالی دیوے یا دلواوے اس طرح کہ جب اُس نے دوسرے کے ماں باپ کو گالی دی تو وہ اُسکے ماں باپ کو گالی دیگا تو حقیقت میں یہی سبب ٹھیرا اور غیر خدا کیواسطے ذبح کرنا کئی صورت سے ہوتا ہے ایک صورت یہ کہ خدا کا نام ذبح کیوقت نہ لیا جاوے جیسے اچھوت کرتے ہیں دوسری صورت یہ کہ قبر پر یا توپ پر یا نشان پر یا عمارت پر یا دیو بھوت کو ذبح کریں تیسری یہ کہ ہر چند ذبح کیوقت تو خدا کا نام لیں لیکن تعظیم اور تقرب اور منت اور نیاز غیر خدا کے واسطے کریں جیسے سید احمد کبیر کی گائے اور شیخ سدو کی بکری ان تینوں صورتوں میں جانور تو مردار ہے اور ذبح کرنیوالے کو بموجب اس حدیث کے لعنت ہے ۱۲ ترجمہ مشارق ص ۲۵ ف۴ جو چیز کہ بہا دے خون الخ یعنی جو تیز چیز لوہا یا لکڑی یا پتھر حلال جانور کا خون بہاوے یعنی خون کو نکالدے اور خدا کا نام لیکر بوقت ذبح لیا جاوے تو وہ گوشت حلال و پاک ہے لیکن دانت اور ناخن سے حلال کرنا درست نہیں ۱۲ ترجمہ مشارق ص ۲۱ ف۵ پس جس وقت کہ غالب ہو الخ یعنی جب

مِنْهَا شَيْءٌ فَافْعَلُوا بِهِ هٰكَذَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۹) وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّهُ كَانَ لَهُ غَنَمٌ تَرْعٰى بِسَلْعٍ فَأَبْصَرَتْ جَارِيَةٌ لَنَا بِشَاةٍ مِنْ غَنَمِنَا مَوْتًا فَكَسَرَتْ حَجَرًا فَذَبَحَتْهَا بِهِ فَسَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَهُ بِأَكْلِهَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ (۱۰) وَعَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى كَتَبَ الْإِحْسَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ فَإِذَا قَتَلْتُمْ فَأَحْسِنُوا الْقِتْلَةَ وَإِذَا ذَبَحْتُمْ فَأَحْسِنُوا الذَّبْحَ وَلْيُحِدَّ أَحَدُكُمْ شَفْرَتَهُ وَلْيُرِحْ ذَبِيْحَتَهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۱۱) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى أَنْ تُصْبَرَ بَهِيْمَةٌ أَوْ غَيْرُهَا لِلْقَتْلِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۱۲) وَعَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ مَنِ اتَّخَذَ شَيْئًا فِيْهِ الرُّوْحُ غَرَضًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۱۳) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَتَّخِذُوْا شَيْئًا فِيْهِ الرُّوْحُ غَرَضًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۱۴) وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الضَّرْبِ فِي الْوَجْهِ وَعَنِ الْوَسْمِ فِي الْوَجْهِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۱۵) وَعَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَيْهِ حِمَارٌ وَقَدْ وُسِمَ فِيْ وَجْهِهِ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الَّذِيْ وَسَمَهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۱۶) وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ غَدَوْتُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ لِيُحَنِّكَهُ فَوَافَيْتُهُ فِيْ يَدِهِ الْمِيْسَمُ يَسِمُ إِبِلَ الصَّدَقَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۱۷) وَعَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِيْ مِرْبَدٍ فَرَأَيْتُهُ يَسِمُ شَاءً

ان وحشیوں میں سے کوئی اونٹ پس کرو ساتھ اسکے اسی طرح متفق علیہ (۹) ترجمہ اور روایت ہے کعب بن مالک سے یہ کہ تھا واسطے انکے ریوڑ چرتا تھا سلع پر پس دیکھی ایک لونڈی ہماری نے بکری ریوڑ میں کہ مرتی ہے پس توڑا ایک ٹکڑا پتھر کا پس ذبح کی بکری ساتھ ٹکڑے پتھر کے پھر پوچھا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے پس حکم فرمایا حضرت نے کعب کو اسکے کھانے کا نقل کی یہ بخاری نے (۱۰) ترجمہ اور روایت ہے شداد بن اوس سے کہ روایت کی پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا تحقیق اللہ تعالی نے لازم کیا احسان کرنا ہر چیز پر پس جسوقت کہ قتل کرو تم پس اچھی طرح قتل کرو اور جس وقت کہ ذبح کرو کسی جانور کو پس اچھی طرح ذبح کرو اور چاہیے کہ تیز کرے ایک تمہارا چھری اپنی کو اور آرام دے ذبیحہ اپنے کو روایت کی یہ مسلم نے (۱۱) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ منع فرماتے تھے اس سے کہ نشانہ ٹھیرایا جاوے چارپایہ یا غیر اسکا واسطے قتل کے متفق علیہ (۱۲) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمر سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے لعنت کی اس شخص کو کہ ٹھیراوے نشانہ اس چیز کو کہ اس میں روح ہو متفق علیہ (۱۳) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ پکڑو اس چیز کو کہ اس میں روح ہو نشانہ روایت کی یہ مسلم نے (۱۴) ترجمہ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مارنے کی منہ پر اور منع فرمایا داغ دینے سے منہ پر روایت کی یہ مسلم نے (۱۵) ترجمہ اور روایت ہے جابر سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے گزرا ایک گدھا اس حال میں کہ تحقیق داغ دیا گیا تھا اسکے منہ پر فرمایا لعنت کرے اللہ اس شخص کو کہ داغا ہے اسکو روایت کی یہ مسلم نے (۱۶) ترجمہ اور روایت ہے انس سے کہ کہا لیگیا میں صبح کو پاس رسول خدا کے عبد اللہ بن ابو طلحہ کو تاکہ تحنیک کریں آپ اسکی پس پایا میں نے حضرت کو اس حال میں کہ انکے ہاتھ میں تھا آلہ داغ دینے کا داغ دیتے تھے زکوۃ کے اونٹوں کو روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے (۱۷) ترجمہ اور روایت ہے ہشام بن زید سے کہ روایت کی انس سے کہ کہا گیا میں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور آپ احاطہ میں تھے تو میں نے دیکھا آپ کو داغ دیتے کسی جانور کو

لے سلع پر سلع ایک پہاڑ کا نام ہے مدینہ میں ۱۲ ش ہ پھر پوچھا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ حلال ہے کھانا اسکا یا نہیں ۱۲ ش ہ لازم کیا احسان ہر چیز پر یعنی بیان تمکو کہ قتل اور ذبح میں بھی احسان چاہیے کہ جلد فراغت کر ڈالے اور چھری کو پہلے تیز کر رکھے ۔ ش ہ جس وقت کہ قتل کرو تم تو اچھی طرح قتل کرو یعنی اگر خون کا بدلہ خون کرو تو جلدی فراغت کرو ترسا ترسا کر مت مارو ۱۲ ترجمہ مشارق ش ہ اور آرام دے ذبیحہ اپنے کو یعنی ٹھنڈا ہونے تک مت چھوڑو اور سرد ہو جاوے ۱۲ ش ہ نہ پکڑو نشانہ الخ ان حدیثوں سے نکلا کہ جو بعضے لوگ زندہ جانور کو جو بند کر غلیلہ میں نہایت حرام ہے اور کمال بے دردی اور سخت دلی ہے کہ ناحق عذاب کرنا ہے اور شکار پر نشانہ لگانا البتہ درست ہے ۱۲ ترجمہ مشارق ص ۱۹۰ ش ہ لعنت کرے اللہ جانور کا منہ داغنا حرام ہے سب علما کے نزدیک منہ کے سوا اور بدن ہماری کے واسطے داغنا درست ہے ۱۲ ترجمہ مشارق ص ۲۵ ش ہ تحنیک کہتے ہیں کھجور چبا کر بچہ کے تالو میں لگانے کو ۔ ش ہ داغ دیتے تھے الخ یعنی داغنا سوا منہ کے تھا ۱۲

حبسته قال فی اذنہا متفق علیہ

الفصل الثانی

(۱) عن عدی بن حاتم قال قلت یا رسول اللہ ارأیت احدنا اصاب صیدا ولیس معه سکین ایذبح بالمروة وشقة العصا فقال امرر الدم بما شئت واذکر اسم اللہ رواه ابوداود والنسائی (۲) وعن ابی العشراء عن ابیه انه قال یا رسول اللہ اما تکون الذکوة الا فی الحلق واللبة فقال لو طعنت فی فخذها لاجزأ عنک رواه الترمذی وابوداود والنسائی وابن ماجة والدارمی وقال ابوداود هذا ذکوة المتردی وقال الترمذی هذا فی الضرورة (۳) وعن عدی بن حاتم ان النبی صلی اللہ علیه وسلم قال ما علمت من کلب او باز ثم ارسلته وذکرت اسم اللہ فکل مما امسک علیک قلت وان قتل قال اذا قتله ولم یاکل منه شیئا فانما امسکه علیک رواه ابوداود (۴) وعنه قال قلت یا رسول اللہ ارمی الصید فاجد فیه من الغد سهمی قال اذا علمت ان سهمک قتله ولم تر فیه اثر سبع فکل رواه ابوداود (۵) وعن جابر قال نهینا عن صید کلب المجوس رواه الترمذی (۶) وعن ابی ثعلبة الخشنی قال قلت یا رسول اللہ انا اهل سفر نمر بالیهود والنصاری والمجوس فلا نجد غیر آنیتهم قال فان لم تجدوا غیرها فاغسلوها بالماء ثم کلوا فیها واشربوا رواه الترمذی (۷) وعن قبیصة بن هلب عن ابیه قال سألت النبی صلی اللہ علیه وسلم عن طعام النصاری وفی روایة سأله رجل فقال ان من الطعام طعاما اتحرج

میں خیال کرتا ہوں کہ کہا بکریوں کے کانوں[1] میں روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے **فصل دوسری** (۱) ترجمہ روایت ہے عدی بن حاتم سے کہ کہا کہا میں نے یا رسول اللہ خبر دو مجھ کو کہ ایک ہمارا پہنچا شکار کو اس حال میں کہ نہیں ساتھ اسکے چھری کیا ذبح کرے ساتھ کنکر تیز کے یا ٹکڑے لکڑی کے پس فرمایا بہا تو خون کو ساتھ جس چیز کے کہ چاہے تو اور یاد کر تو نام اللہ کا روایت کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابو العشراء سے کہ نقل کی اپنے باپ سے یہ کہ انہوں نے کہا یا رسول اللہ کیا نہیں ہوتا ذبح[2] مگر بیچ حلق اور سر سینہ کے پس فرمایا اگر زخم لگاوے تو شکار کی ران میں البتہ کفایت کریگا تجھ سے روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور کہا ابوداؤد نے کہ یہ ذبح کرنا اس جانور کا ہے کہ گرا ہو کنوئیں میں اور کہا ترمذی نے کہ یہ حالت[3] ضرورت میں ہے (۳) ترجمہ اور روایت ہے عدی بیٹے حاتم کے سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسکو سکھلایا تو نے کتا[4] ہو یا باز پھر چھوڑا تو نے اسکو اور ذکر کیا نام اللہ کا پس کہا اس جانور کو کہ پکڑ رکھا تجھ پر کہا میں نے اگرچہ مار ڈالا اس نے فرمایا جس وقت کہ مار ڈالا کتے یا باز نے شکار کو اور نہ کھایا اس میں سے کچھ پس سوا اسکے نہیں کہ پکڑ رکھا ہے اسکو تجھ پر روایت کی یہ ابوداؤد نے (۴) ترجمہ اور انہیں سے روایت ہے کہ کہا کہا میں نے یا رسول اللہ پھینکتا ہوں میں تیر شکار پر پھر پاتا ہوں میں اسمیں اگلے دن تیر اپنا فرمایا جس وقت کہ جانے تو یہ کہ تیر تیرے نے قتل کیا اسکو اور نہ دیکھے[5] اسمیں نشان کسی درندے کا پس کہا روایت کی یہ ابوداؤد نے (۵) ترجمہ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا منع کیے گئے ہم کھانے شکار کتے[6] مجوس کے سے روایت کی یہ ترمذی نے (۶) ترجمہ اور روایت ہے ابو ثعلبہ خشنی سے کہ کہا کہا میں نے یا رسول اللہ تحقیق ہم ہیں اہل سفر گذرتے ہیں یہود اور نصاریٰ اور مجوس پر پس نہیں پاتے ہم سوا باسن انکے پس ہو وے انکے باسنوں کو ساتھ پانی کے پھر کھاؤ ان میں اور پیو روایت کی یہ ترمذی نے (۷) ترجمہ اور روایت ہے قبیصہ بن ہلب سے کہ روایت کی اپنے باپ سے کہ کہا پوچھا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے طعام نصاریٰ کی سے اور ایک روایت میں یوں ہے کہ پوچھا حضرت سے ایک شخص نے پس کہا اس شخص نے کہ تحقیق کھانوں میں سے ایک کھانا ہے کہ پرہیز کرتا ہوں میں

---

[1] بیچ کانوں کے کہ اس سے معلوم ہوا کہ کان مونہہ میں داخل نہیں ہیں کیونکہ منہ پر داغ دینے سے تو آپ نے منع فرمایا ہے کان پر کلمہ ہے کو داغ دیتے ہے مرقاۃ [2] کیا نہیں ہوتا ذبح یعنی ذبح شرعی [3] یہ تفسیر ابوداؤد کی تفسیر سے تمام تر ہے اسواسطے کہ شامل ہے بھاگے ہوئے اونٹ کو ۱۲ مرقاۃ [4] کتا ہو یا باز ایسے ہی اور کوئی درندہ یا پرندہ ہو اور حرف دونوں کو ذکر کیا بطور مثال کے ۱۲ [5] اور نہ دیکھے نشان اسمیں کسی درندے کا پس کہا یعنی اگر نشان درندے کا پاوے تو مت کہا اور اسیطرح اگر زخم کسی اور تیر کا پاوے تو مت کہا ۱۲ [6] شکار کتے مجوس کے سے واسطے یعنی اگر مجوسی اپنے کتے یا مسلمان کتے سے شکار کرے اسکا کہانا حلال نہیں مگر زندہ پاوے تو ذبح کرے اور اگر مسلمان مجوسی

مِنْهُ فَقَالَ لَا يَتَخَلَّجَنَّ فِيْ صَدْرِكَ شَيْءٌ ضَارَعْتَ فِيْهِ النَّصْرَانِيَّةَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ (٨) **وَعَنْ** اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ نَهٰى
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَكْلِ الْمُجَثَّمَةِ وَهِيَ الَّتِيْ تُصْبَرُ بِالنَّبْلِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ (٩) **وَعَنِ** الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ اَنَّ
رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ كُلِّ ذِيْ نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ وَعَنْ كُلِّ ذِيْ مِخْلَبٍ مِّنَ الطَّيْرِ وَعَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ
وَعَنِ الْمُجَثَّمَةِ وَعَنِ الْخَلِيْسَةِ وَاَنْ تُوْطَاَ الْحَبَالٰى حَتّٰى يَضَعْنَ مَا فِيْ بُطُوْنِهِنَّ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى سُئِلَ اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ
الْمُجَثَّمَةِ فَقَالَ اَنْ يُّنْصَبَ الطَّيْرُ اَوِ الشَّيْءُ فَيُرْمٰى وَسُئِلَ عَنِ الْخَلِيْسَةِ فَقَالَ الذِّئْبُ اَوِ السَّبُعُ يُدْرِكُهُ الرَّجُلُ فَيَاْخُذُ
مِنْهُ فَيَمُوْتُ فِيْ يَدِهٖ قَبْلَ اَنْ يُّذَكِّيَهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ (١٠) **وَعَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ وَّاَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ شَرِيْطَةِ الشَّيْطٰنِ زَادَ ابْنُ عِيْسٰى هِيَ الذَّبِيْحَةُ يُقْطَعُ مِنْهَا الْجِلْدُ وَلَا تُفْرٰى الْاَوْدَاجُ ثُمَّ تُتْرَكُ حَتّٰى
تَمُوْتَ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ (١١) **وَعَنْ** جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَكٰوةُ الْجَنِيْنِ ذَكٰوةُ اُمِّهٖ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَ
الدَّارِمِيُّ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ (١٢) **وَعَنْ** اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَنْحَرُ النَّاقَةَ
وَنَذْبَحُ الْبَقَرَةَ وَالشَّاةَ فَنَجِدُ فِيْ بَطْنِهَا الْجَنِيْنَ اَنُلْقِيْهِ اَمْ نَاْكُلُهٗ قَالَ كُلُوْهُ اِنْ شِئْتُمْ فَاِنَّ ذَكٰوتَهٗ ذَكٰوةُ اُمِّهٖ رَوَاهُ

اُس سے پس فرمایا حضرتؐ نے کہ نہ آوے بیچ سینہ تیرے کے کچھ مشابہ ہوا تو بیچ اسکے نصرانیت[1] کو تئین روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے (٨) ترجمہ اور روایت ہے ابوالدرداؓ سے کہ کہا منع کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کھانے مجثمہ کے سے اور مجثمہ وہ جانور ہے جسکو کھڑا کر کے تیروں سے مارین نقل کی یہ ترمذی نے (٩) ترجمہ اور روایت ہے عرباض بن ساریہؓ سے کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا دن خیبر کے کھانے ہر کچلی والے[2] کے سے درندوں میں سے اور منع فرمایا کھانے ہر پنجہ والے[3] کے سے پرندوں میں سے اور منع فرمایا کھانے گوشت گدہوں گھر کے پلے ہووں کے سے اور منع فرمایا مجثمہ سے اور منع فرمایا کھانے خلیسہ کے سے اور منع فرمایا صحبت کرنے لونڈیوں حاملیوں کے سے یہانتک کہ جنیں وہ چیز کہ بیچ پیٹ اُنکے ہے کہا محمد بن یحییٰ نے کہ پوچھے گئے ابوعاصم معنوں مجثمہ کے سے پس کہا یہ کہ کھڑا کیا جاوے پرندہ یا چرندہ پھر تیر سے مارا جاوے اور پوچھے گئے ابوعاصم معنوں خلیسہ کے سے پس کہا بھیڑیے یا اور کسی درندے نے پکڑ لیا ہو کسی جانور کو اور پاوے اُسکو کوئی پس چھین لیوے اُس سے اُس جانور کو پھر مر جاوے اُسکے ہاتھ میں پہلے ذبح کرنے اُسکے سے روایت کی یہ ترمذی نے (١٠) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباسؓ سے اور ابوہریرہؓ سے یہ کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا شریطہ شیطان سے زیادہ کیا ابن عیسیٰ نے بیان اُسکا کہ وہ یہ کہ جانور دور کیا جاوے اُس سے چمڑا اور نہ کاٹی جاویں رگیں گردن کی پھر چھوڑ دیا جاوے یہانتک کہ مر جاوے روایت کی یہ ابوداؤد نے (١١) ترجمہ اور روایت ہے جابرؓ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ذبح کرنا پیٹ کے بچے کا ذبح کرنا ماں اُسکی کا ہے روایت کی یہ ابوداؤد اور دارمی نے اور روایت کی ترمذی نے ابوسعید سے (١٢) ترجمہ اور روایت ہے ابوسعید خدریؓ سے کہ کہا کہا ہمنے یارسول اللہ نحر کرتے ہیں ہم اونٹنی کو اور ذبح کرتے ہیں ہم گائے اور بکری کو پس پاتے ہیں ہم اُسکے پیٹ میں بچہ کیا پھینکدیں اُسکو یا کھاویں فرمایا کھاؤ اُسکو اگر چاہو ہو تحقیق ذبح کرنا[4] اُسکا ذبح کرنا ماں اُسکی کا ہے روایت کی یہ

---

[1] مشابہ ہوا تو بیچ اسکے نصرانیت کے تئیں یعنے وہ پرہیز کرنے میں جبکہ ان کے دل میں واقع ہوتا ہے شک کرنا حرام ہے یا مکروہ یعنے بے دلیل شک کرکے مت کرو اور پر ملت حنیفیہ اسلام کے کہ سہل ہے عمل کرو ۱۲ مرقاۃ [2] ہر کچلی والے کے الخ یعنے جو دانت سے شکار کرتا ہے جیسے شیر بھیڑیا چیتا ریچھ بندر بلاؤ وغیرہ ۱۲ [3] ہر پنجہ والے کے الخ یعنے جو پنجہ سے شکار کرتا ہے مانند باز اور چرغ وغیرہ کے اسی حدیث سے معلوم ہوا کہ حرام ہے کھانا ہر دانت والے درندے اور ہر پنجہ دار پرندہ کا جو دانت یا پنجہ سے شکار کرے اور یہی مذہب ہے شافعی اور امام ابوحنیفہ اور احمد اور جمہور علماء کا ۱۲ نووی [4] بچہ یعنے مردہ ذبح کرنا اسکا ذبح کرنا ماں اُسکی کا ہے یعنے اگر بکری ذبح کی جاوے اور اُسکے پیٹ میں کو مرا ہوا بچہ نکلے تو اُسکا کھانا حلال ہے اور ذبح ہونا اُسکی ماں کا کافی ہے اُسکے حلال ہونے کے اور یہی مذہب ہے تینوں اماموں کا اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اُسکا کھانا حلال نہیں مگر یہ کہ زندہ نکلے اور حلال کیا جاوے ۱۲ لمعات

ابو داود و ابن ماجة (١٣) وعن عبد الله بن عمرو بن العاص ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من قتل عصفورا فما فوقها بغير حقها سأله الله عن قتله قيل يا رسول الله وما حقها قال ان يذبحها فيأكلها ولا يقطع رأسها فيرمي بها رواه احمد والنسائي والدارمي (١٤) وعن ابي واقد الليثي قال قدم النبي صلى الله عليه وسلم المدينة وهم يجبون اسنمة الابل ويقطعون اليات الغنم فقال ما يقطع من البهيمة وهي حية فهي ميتة لا تؤكل رواه الترمذي وابو داود

الفصل الثالث

(١) عن عطاء بن يسار عن رجل من بني حارثة انه كان يرعى لقحة بشعب من شعاب احد فرأى بها الموت فلم يجد ما ينحرها به فاخذ وتدا فوجأ به في لبتها حتى اهراق دمها ثم اخبر رسول الله صلى الله عليه وسلم فامره باكلها رواه ابو داود ومالك وفي رواية قال فذكاها بشظاظ (٢) وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من دابة في البحر الا وقد ذكاها الله لبني ادم رواه الدارقطني

باب ذكر الكلب

الفصل الاول

(١) عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اقتنى كلبا الا كلب ماشية او ضار نقص من عمله كل يوم قيراطان متفق عليه (٢) وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اتخذ كلبا الا كلب ماشية او صيد او زرع انتقص من اجره كل يوم قيراط متفق عليه (٣) وعن جابر قال امرنا رسول الله صلى

ابوداؤد اور ابن ماجہ نے (١٣) ترجمہ اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو بن العاص سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ قتل کرے چڑیا یا کسی بڑی چیز کو بغیر حق اسکے کے سوال کریگا اس سے اللہ قتل کرنے اسکو سے کہا گیا یا رسول اللہ اور کیا ہے حق اسکا فرمایا یہ کہ ذبح کرے اسکو اور کھاوے اسکو اور نہ کاٹے سر اسکا اور پھینکدے اسکو روایت کی یہ احمد اور نسائی اور دارمی نے (١٤) ترجمہ اور روایت ہے ابو واقد لیثی سے کہ کہا آئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم مدینہ میں اس حال میں کہ مدینہ والے کاٹ لیا کرتے تھے کوہان اونٹوں کی اور کاٹ لیتے تھے چکتیاں دنبوں کی پس فرمایا حضرت نے کہ جو چیز کاٹی جاوے جانور سے اس حال میں کہ وہ ہو زندہ پس وہ چیز مردار ہے نہ کھائی جاوے روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے

فصل تیسری

(١) ترجمہ روایت ہے عطاء بن یسار سے کہ نقل کی ایک شخص سے کہ تھا قبیلہ بنی حارثہ سے یہ کہ وہ تھا چراتا اونٹنی کو بیچ درے کے درون پہاڑ احد کے سو دیکھا اسمین اثر موت کا پس نہ پائی اس نے کوئی چیز کہ نحر کرے اسکو ساتھ اسکے پس لی ایک میخ اور چبھودی میخ اسکے سینہ کے اوپر یہانتک کہ بہا دیا خون پھر خبر دی پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو پس حکم دیا اسکو ساتھ کھانے اسکے کے نقل کی یہ ابوداؤد اور مالک نے اور مالک کی ایک روایت میں یوں ہے کہ کہا پس ذبح کیا اسکو ساتھ لکڑی تیز کے (٢) ترجمہ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں کوئی جانور دریا میں مگر کہ ذبح کیا ہے اسکو خدا نے واسطے بنی آدم کے روایت کی یہ دارقطنی نے

باب ہے بیچ بیان کتے کے

فصل پہلی

(١) ترجمہ روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پالے کتا سوائے کتے مواشی کے یا شکاری کے کم کیا جاتا ہے ثواب عمل اسکے سے ہر روز دو قیراط متفق علیہ (٢) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پالے کتا سوائے کتے مواشی کے یا شکار کے یا کھیتی کے کم ہوتا ہے ثواب اسکے سے ہر روز موافق قیراط کو متفق علیہ (٣) ترجمہ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا حکم کیا ہمکو رسول اللہ صلی

ف١ یعنے نہ مارے اسکو اسطرح اور پوچھے گا اس سے اللہ یعنے عذاب کریگا اسکو دن قیامت کے ١٢ ف٢ نہ کھائی جاوے الخ یعنے جو عضو زندہ جانور سے کاٹ لیا جاوے وہ مردار ہے اسکا کھانا درست نہیں ١٢ ف٣ ساتھ لکڑی تیز کے اس سے معلوم ہوا کہ ضرورت کے وقت نوکدار لکڑی سے ذبح کرنا درست ہے ف٤ نہیں الخ اس حدیث سے معلوم ہوا دریا کے مری ہوئی جانور سب حلال ہیں خواہ خود بخود مر جاویں یا شکار کرنے سے مریں اور مچھلی بالاجماع حلال ہے اور سیند کی حرام ہے اور بعض کے نزدیک پانی کا کتا سور گدھا بھی حرام ہے اور جو مچھلی کہ دریا میں خود بخود مر جاوے وہ جمہور علما کے نزدیک مباح ہے اور ابوحنیفہ کے نزدیک مباح نہیں ہے ١٢ نووی ف٥ کم ہوتا ہے معلوم ہوا کہ ان تین کاموں کے سوا کتا پالنا … نہیں درست کہ نیک عمل گھٹے جاتے ہیں ف٦ اور قیراط سے مراد مقدار معلوم ہے نزدیک اللہ تعالی کے اور اس حدیث میں ایک قیراط کہا اور پہلی حدیث میں دو قیراط کہا اور یہ اختلاف باعتبار سبب انواع کتوں کے ہے کہ بعض زیادہ موذی ہوتے ہیں اور بعض کم

ابوالفضل یا اختلاف … ١٢ لمعات

اللهُ عليه وسلم بِقتلِ الكلابِ حتّى اَنّ المرأةَ تقدمُ من البادية بِكلبِها فنقتلُهُ ثمّ نهى رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم عن قتلِها وقال عليكم بالاسوَدِ البهيمِ ذي النُّقطتينِ فانّه شيطانٌ رواه مسلم (۴) وَعَن ابنِ عمرَ انّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم امرَ بقتلِ الكلابِ الّا كلبَ صيدٍ اوكلبَ غنمٍ اوماشيةٍ متفقٌ عليه

الفصل الثانی (۱) **عَن** عبدِ اللهِ بنِ مُغفّلٍ عنِ النبيّ صلى الله عليه وسلم قال لولا انّ الكلابَ امّةٌ من الامم لامرتُ بقتلِها كلِّها فاقتلوا منها كلَّ اسودَ بهيمٍ رواه ابوداود والدارمي وزادَ الترمذيُّ والنسائيُّ ومامن اهلِ بيتٍ يرتبطونَ كلباً الّا نقصَ من عملِهم كلَّ يومٍ قيراطٌ الّا كلبَ صيدٍ اوكلبَ حرثٍ اوكلبَ غنمٍ (۲) **وَعَن** ابنِ عبّاسٍ قال نهى رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم عنِ التحريشِ بينَ البهائمِ رواه الترمذيُّ وابوداود

باب ما يحلُّ اكلُه وما يحرمُ **الفصل الاول** (۱) **عَن** ابي هريرةَ قال قال رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم كلُّ ذي نابٍ من السباعِ فاكلُه حرامٌ رواه مسلم (۲) **وَعَن** ابنِ عبّاسٍ قال نهى رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم عن اكلِ كلِّ ذي نابٍ من السباعِ وكلِّ ذي مخلبٍ من الطيرِ رواه مسلم (۳) **وَعَن** ابي ثعلبةَ قال حرّمَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم لحومَ الحُمُرِ الاهليّةِ متفقٌ عليه (۴) **وَعَن** جابرٍ انّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم نهى يومَ خيبرَ عن لحومِ الحُمُرِ الاهليّةِ واذِنَ في لحومِ الخيلِ متفقٌ عليه (۵) **وَعَن** قتادةَ انّه راى حمارًا

اللہ علیہ وسلم نے ساتھ قتل کرنے کتوں کے یہانتک کہ عورت آتی تھی جنگل سے ساتھ کتے اپنے کے پہر قتل کرتے ہم اسکو پہر منع فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قتل کرنے انکے سے اور فرمایا لازم ہے تمپر قتل کرنا کتے سیاہ خالص دو نقطوں والے کا کہ وہ شیطان ہے روایت کی یہ مسلم نے (۴) **ترجمہ** اور روایت ہے ابن عمرؓ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا ساتھ قتل کرنے کتوں کے سوائے کتے شکاری کے یا کتے بکریوں کی یا مواشی کے روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے **فصل دوسری** (۱) **ترجمہ** روایت ہے عبداللہ بن مغفلؓ سے وہ اُس نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا اگر نہ ہوتی یہ بات کہ کتے ایک جماعت ہیں جماعتوں میں سے تو البتہ حکم کرتا میں ساتھ قتل کرنے اُن سب کے پس قتل کرو اُن میں سے ہر کتے سیاہ خالص کے تئیں روایت کی یہ ابوداؤد اور دارمی نے اور زیادہ کیا ترمذی اور نسائی نے یہ عبارت اور نہیں کوئی گھر والے کہ پالیں کتے کو مگر کہ کم کیا جاتا ہے ثواب عمل اُنکے سے ہر روز ایک حصہ معین مگر کتا شکاری یا کتا کھیتی کا یا کتا ریوڑ کا (۲) **ترجمہ** اور روایت ہے ابن عباسؓ سے کہ کہا منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لڑائی سے درمیان چارپایوں کے روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے **باب** بیچ بیان اُن چیزوں کے کہ حلال ہے کہانا اسکا اور اُن چیزوں کے کہ حرام ہے کھانا اُسکا **فصل پہلی** (۱) **ترجمہ** روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو جانور صاحب کچلی کا ہے درندوں سے پس کہانا اُسکا حرام ہے روایت کی یہ مسلم نے (۲) **ترجمہ** اور روایت ہے ابن عباسؓ سے کہ کہا منع فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہانے ہر کچلی والے کے سے درندوں میں سے اور کہانے ہر چنگل والے کے سے پرندوں میں سے روایت کی یہ مسلم نے (۳) **ترجمہ** اور روایت ہے ابوثعلبہؓ سے کہ کہا حرام فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گوشت گدہے گھر کے پلے ہوؤں کے سے متفق علیہ (۴) **ترجمہ** اور روایت ہے جابرؓ سے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا دن خیبر کے کہانے گوشت گدہوں گھر کے پلے ہوؤں سے اور اذن فرمایا بیچ کھانے گوشت گھوڑوں کے متفق علیہ (۵) **ترجمہ** اور روایت ہے ابوقتادہؓ سے یہ کہ انہوں نے دیکھا گورخر

ف۶ مانند اسکے آگ سے دن قیامت کے ان حدیثوں سے معلوم ہوا کہ سونے کا خالص زیور پہننا عورت کو بھی منع ہے لیکن یہ حکم منسوخ ہے یا اس عورت کے حق میں ہے جو اوسکی زکوۃ ادا نہ کرے ۱۲ لمعات مرقاۃ ۱۲ نووی نے کہا کہ عورتوں کو سونے کی انگوٹھی جائز ہے اور مردوں کو بالاجماع حرام ہے ۱۲ ۱۹۵۵

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال یا معشر النساء اما لکن فی الفضۃ ما تحلین بہ اما انہ لیس منکن امرأۃ تحلی ذہبا تظہرہ الا عذبت بہ رواہ ابوداود والنسائی **الفصل الثالث** (۱) **عن** عقبۃ بن عامر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یمنع اہل الحلیۃ والحریر ویقول ان کنتم تحبون حلیۃ الجنۃ وحریرہا فلا تلبسوہا فی الدنیا رواہ النسائی (۲) **وعن** ابن عباس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتخذ خاتما فلبسہ قال شغلنی ہذا عنکم منذ الیوم الیہ نظرۃ والیکم نظرۃ ثم القاہ رواہ النسائی (۳) **وعن** مالک قال انا اکرہ ان یلبس الغلمان شیئا من الذہب لانہ بلغنی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہی عن التختم بالذہب فانا اکرہ للرجال الکبیر منہم والصغیر رواہ فی الموطا **باب النعال الفصل الاول** (۱) **عن** ابن عمر قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یلبس النعال التی لیس فیہا شعر رواہ البخاری (۲) **وعن** انس قال ان نعل النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان لہا قبالان رواہ البخاری (۳) **وعن** جابر قال سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی غزوۃ غزاہا یقول استکثروا من النعال فان الرجل لا یزال راکبا ما انتعل رواہ مسلم (۴) **وعن** ابی ہریرۃ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے جماعت عورتون کی کیا نہین ہے واسطے تمہارے بیچ چاندی کے وہ چیز کہ زیور بناؤ تم ساتہ اوسکے خبردار ہو تحقیق نہین تم مین سے کوئی عورت کہ زیور بناوے سونیکا کہ ظاہر کرے[1] اوسکو مگر عذاب کیجاویگی بسبب اوسکے روایت کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے **فصل تیسری** (۱) ترجمہ روایت ہے عقبہ بیٹے عامر کے سے کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم تہے منع فرماتے زیور والون اور حریر والون کو اور فرماتے کہ اگر تم دوست رکھتے ہو زیور جنت کو اور حریر جنت کو پس[2] نہ پہنو انکو دنیا مین روایت کی یہ نسائی نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباسؓ سے کہ تحقیق رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بنوائی ایک انگشتری[3] پس پہنا اوسکو فرمایا مشغول کیا مجکو اسنے تمسے آج کے دن طرف اسکے دیکہنا ایکدفعہ اور طرف تمہاری دیکہنا ایکدفعہ پہر پہینکدیا اسکو روایت کی یہ نسائی نے (۳) ترجمہ اسیدا سے ہے مالکؓ سے کہ کہا مین مکروہ رکہتا ہون یہ کہ پہنائے جاوین لڑکے کچہ بہی سونے سے اسواسطے کہ پہنچا ہے مجکو یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا استعمال کرنے انگشتری سونے کی سے پس مین مکروہ رکہتا ہون واسطے مردونکے بڑے ہون انمین سے یا چہوٹے روایت کی یہ مالکؒ نے موطا مین **باب[4] بیچ بیان پاپوشونکے فصل پہلی** (۱) ترجمہ روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ کہا دیکہا مینے رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنتے تہے ایسی پاپوش کہ نہ تہی اوسمین بال روایت کی یہ بخاری نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے انسؓ سے کہ کہا تحقیق پاپوش نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تہی واسطے اوسکے دو تسمے[5] روایت کی یہ بخاری نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے جابرؓ سے کہ کہا سنا مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک غزوے مین کہ غزوہ کیا اوسکو فرمایا بہت لیا کرو تم پاپوش اسواسطے کہ مرد ہمیشہ مانند سوار کے ہے جبتک[6] کہ پاپوش پہنے رہتا ہے نقل کی یہ مسلم نے (۴) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے

---

[1] ظاہر کرے اوسکو یعنی بے جگہ ۱۲ [2] پس نہ پہنو انکو دنیا مین یہ حدیث بہی منسوخ ہے ۱۲ [3] ظاہر یہ ہے کہ یہ انگوٹہی سونے کی تہی ۱۲ مولانا [4] بیچ بیان پاپوشونکے نعل اسکو کہتے ہین کہ بچایا جاوے پاؤن بسبب اوسکے زمین سے اور وہ ہر قوم کی عرف کے ساتہ مختلف ہے اور مراد یہان بیان کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پاپوش کے صفات کا ہے جو عرب کے ملک مین مشہور ہین ۱۲ لمعات [5] تہے واسطے اسکے دو تسمے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جوتے کو دو تسمے تہے ایک تسمہ تو ہوتا تہا درمیان انگوٹہے کے اور اسکے پاس والی اونگلی کے اور ایک تسمہ ہوتا تہا درمیان بیچ کی اونگلی کے اور اس اونگلی کے کہ اوسکے متصل ہے کہ اوسکو بنصر کہتے ہین اور یہ پاپوش عرب مین مثل چپل کے ہوتی ہے جسکو یہان پہنکر مسجد مین جاتے ہین ۱۲ لمعات [6] جبتک کہ پاپوش پہنے رہتا ہے الخ عرب مین دیہات کے لوگون کو جوتا پہننے کی کم عادت تہی اس واسطے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو یہ تعلیم کی خصوصا انکو جہاد اور سفر اکثر رہتا تو اس سبب سے زیادہ تر حاجت تہی کہ جوتا پہنے کے آدمی سوار کی طرح چلنے پہرنے مین مضبوط ہو جاتا ہے ۱۲ ترجمہ مشارق

قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا انتعل احدکم فلیبدأ بالیمنی واذا نزع فلیبدأ بالشمال لتکن الیمنی اولهما تنعل واٰخرهما تنزع متفق علیه (۵) **وعنه** قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یمشی احدکم فی نعل واحدة لیحفهما جمیعا او لینعلهما جمیعا متفق علیه (۶) **وعن** جابر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا انقطع شسع نعل احدکم فلا یمش فی نعل واحدة حتی یصلح شسعه ولا یمش فی خف واحد ولا یاکل بشماله ولا یحتبی بالثوب الواحد ولا یلتحف الصماء رواه مسلم **الفصل الثانی** (۱) **عن** ابن عباس قال کان لنعل رسول الله صلی الله علیه وسلم قبالان مثنی شراکهما رواه الترمذی (۲) **وعن** جابر قال نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم ان ینتعل الرجل قائما رواه ابو داود ورواه الترمذی وابن ماجة عن ابی هریرة (۳) **وعن** القاسم بن محمد عن عائشة قالت ربما مشی النبی صلی الله علیه وسلم فی نعل واحدة وفی روایة انها مشت بنعل واحدة رواه الترمذی وقال هذا اصح (۴) **وعن** ابن عباس قال من السنة اذا جلس الرجل ان یخلع نعلیه فیضعهما بجنبه رواه ابو داود (۵) **وعن** ابن بریدة عن ابیه ان النجاشی اهدی الی النبی صلی الله علیه وسلم خفین اسودین ساذجین فلبسهما رواه ابن ماجة وزاد الترمذی عن ابن بریدة عن ابیه ثم توضأ ومسح علیهما **باب الترجل الفصل الاول** (۱) **عن** عائشة قالت کنت ارجل راس رسول الله صلی الله علیه وسلم

کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ پہنے ایک تمہارا پاپوش پس چاہیے کہ شروع کرے ساتھ داہنے پانو کے اور جسوقت کہ اتارے پس چاہیے کہ شروع کرے ساتھ بائین طرف کی چاہیے کہ ہو داہان پانون پہلے پہننے مین اور آخر ہو اوتارنے مین متفق علیہ (۵) **ترجمہ** اور روایت ہی انہین سے کہ کہا فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ چلے ایک تمہارا ایک پاپوش مین چاہیے کہ ننگا کرے دونون پانونکو یا پہنے دونون مین متفق علیہ (۶) **ترجمہ** اور روایت ہی جابر سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسوقت ٹوٹ جاوے تسمہ کسی کی پاپوش کا پس نہ چلے ایک پاپوش مین یہانتک کہ درست کرے تسمہ اسکا اور نہ چلے ایک موزہ مین اور نہ کھاوے بائین ہاتہ سے اور نہ گوٹ مارے ساتھ ایک کپڑے کے اور نہ اوڑہے کپڑیکو اسطرح سے کہ لپٹا ہوا ہو تمام بدن پر روایت کی یہ مسلم نے **فصل دوسری** (۱) **ترجمہ** روایت ہی ابن عباس سے کہ کہا تھے واسطے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کے دو تسمے دوہرے تھے تسمے اونکے روایت کی یہ ترمذی نے (۲) **ترجمہ** اور روایت ہی جابر سے کہ کہا منع فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ پاپوش پہنے آدمی کھڑے ہو کر روایت کی یہ ابوداود نے اور روایت کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے ابوہریرہ سے (۳) **ترجمہ** اور روایت ہی قاسم بن محمد سے اونہون روایت کی عائشہ سے کہ کہا بعضے وقت چلتے تہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک پاپوش مین اور ایک روایت مین یون ہی کہ تحقیق عائشہ چلین ایک پاپوش مین روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ صحیح تر ہے (۴) **ترجمہ** اور روایت ہی ابن عباس سے کہ کہا تحقیق سنت ہے جسوقت کہ بیٹھے آدمی یہ کہ ڈالے پاپوش اپنی اور رکھے اونکو اپنے پہلو کی طرف روایت کی یہ ابوداود نے (۵) **ترجمہ** اور روایت ہی ابن بریدہ سے کہ نقل کی اپنے باپ سے یہ کہ بھیجا نجاشی نے بطور تحفہ کے بیچ طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دو موزے سیاہ سادے پس پہنا حضرت نے انکو روایت کی یہ ابن ماجہ نے اور زیادہ کیا ترمذی نے ابن بریدہ سے اونہون نے اپنے باپ سے کہ پھر وضو کیا حضرت نے اور مسح کیا اونپر **باب** بیچ بیان کنگھی کرنیکے **فصل پہلی** (۱) **ترجمہ** روایت ہی عائشہ سے کہ کہا تہی مین کنگھی کرتی سر مبارک رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے بیچ

ف ساتھ داہنے پانون کے یعنی اول داہان پانون ڈالی جوتی مین داہنے پانو کو بزرگی ہے بہ نسبت بائین کے پس اکرام کرو اسکا اور اکرام اسکا یہ ہے کہ جو تہ پہنتے تو پہلے اسکو ڈالی ۱۲ مظاہر حق **ف۲** نہ چلے الخ یعنی یون نہ کرے کہ ایک پانون مین جوتہ پہنے اور دوسرا پانون ننگا ہو کہ اسمین تکلیف بھی ہے اور معیوب بھی ترجمہ مشارق **ف۳** اور نہ گوٹ مارے ساتھ ایک کپڑے کے پینے بدن کھلی رہیگا ۱۲ **ف۴** تمام بدن کہ نماز یا اور کسی کام مین ہاتہ نہ نکل سکین ۱۲ **ف۵** فرمایا اسکے بیچ اس حکمت مین ہے کہ کھڑے ہوکر جوتہ پہنے مین مشقت ہے یعنی ایسا جوتہ ہو کہ اوسکے پہننے مین ہاتہ محتاج ہو نہ جوتی مین ۱۲ **ف۶** اس حدیث کی صحت مین کلام ہے بر تقدیر صحت یہ حال نادر رہا ۱۲ **ف۷** سیاہ سادے یعنے غیر منقش ۱۲ حق **ف۸** پہنا حضرت نے انکو یعنے طہارت سے ۱۲ حق

وَاَنَا حَائِضٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۲) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْفِطْرَةُ خَمْسٌ اَلْخِتَانُ وَ الْاِسْتِحْدَادُ وَقَصُّ الشَّارِبِ وَتَقْلِيْمُ الْاَظْفَارِ وَنَتْفُ الْاِبِطِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۳) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِفُوا الْمُشْرِكِيْنَ اَوْفِرُوا اللِّحٰى وَاَحْفُوا الشَّوَارِبَ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَنْهِكُوا الشَّوَارِبَ وَاَعْفُوا اللِّحٰى مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۴) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ وُقِّتَ لَنَا فِيْ قَصِّ الشَّارِبِ وَتَقْلِيْمِ الْاَظْفَارِ وَنَتْفِ الْاِبِطِ وَحَلْقِ الْعَانَةِ اَنْ لَا نَتْرُكَ اَكْثَرَ مِنْ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۵) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى لَا يَصْبُغُوْنَ فَخَالِفُوْهُمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۶) وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اُتِيَ بِاَبِيْ قُحَافَةَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ وَرَاْسُهٗ وَلِحْيَتُهٗ كَالثَّغَامَةِ بَيَاضًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيِّرُوْا هٰذَا بِشَيْءٍ وَاجْتَنِبُوا السَّوَادَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۷) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ مُوَافَقَةَ اَهْلِ الْكِتَابِ فِيْمَا لَمْ يُؤْمَرْ فِيْهِ وَكَانَ اَهْلُ الْكِتَابِ يَسْدِلُوْنَ اَشْعَارَهُمْ وَكَانَ الْمُشْرِكُوْنَ يَفْرُقُوْنَ رُءُوْسَهُمْ فَسَدَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاصِيَتَهٗ ثُمَّ فَرَقَ بَعْدُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۸) وَعَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنِ الْقَزَعِ قِيْلَ لِنَافِعٍ مَا الْقَزَعُ قَالَ يُحْلَقُ بَعْضُ رَاْسِ الصَّبِيِّ وَيُتْرَكُ الْبَعْضُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَاَلْحَقَ بَعْضُهُمُ التَّفْسِيْرَ بِالْحَدِيْثِ (۹) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ

اور میں[ف۱] حائضہ ہوتی متفق علیہ (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پیدائشی[ف۲] پانچ چیزیں ہیں ختنہ کرنا اور بال زیر ناف کے لینے اور لبین لینیں اور ترشوانا ناخونکا اور اوکھیڑنا بغلوں کے بالون کا متفق علیہ (۳) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ کہا فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مخالفت کرو مشرکون کی بڑہاؤ ڈاڑہیان اور پست کرو لبین اور ایک روایت مین ہے خوب پست کرو لبین اور چہوڑ دو ڈاڑہیان متفق علیہ (۴) ترجمہ اور روایت ہے انسؓ سے کہ کہا معین کیا گیا واسطے ہمارے بیچ کتروانے لبوں کے اور ترشوانے ناخونوں کے اور دور کرنے بال بغلوں کے اور مونڈنے بال زیر ناف کے یہ کہ نہ چہوڑین ہم زیادہ چالیس رات سے روایت کی یہ مسلم نے (۵) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہؓ سے تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق یہود و نصارے نہیں خضاب کرتے ہیں پس[ف۳] مخالفت کرو انکی متفق علیہ (۶) ترجمہ اور روایت ہے جابرؓ سے کہ کہا لائے گئے ابی قحافہ دن فتح مکہ کے اور سر اونکا اور داڑہی اونکی مانند[ف۴] ثغامہ کے تھی سفیدی میں پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تغیر کرو انکی سفیدی کو ساتھ کسی چیز کے اور بچو رنگ سیاہ سے روایت کی یہ مسلم نے (۷) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباسؓ سے کہ کہا تہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم دوست رکھتے موافقت اہل کتاب کی بیچ اوس چیز کے کہ نہیں حکم کیے گئے اوسمین اور تہے اہل کتاب چہوڑتے اپنے بالون کو اور تہے مشرک مانگ نکالتے اپنے سرمین پس چہوڑتے نبی صلی اللہ علیہ وسلم بال اپنی پیشانی کے بطور اہل کتاب کے پہر مانگ[ف۵] نکالنے لگے پیچھے اوسکے متفق علیہ (۸) ترجمہ اور روایت ہے نافعؓ سے کہ نقل کی ابن عمرؓ سے کہا ابن عمرؓ نے سنا مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو منع فرماتے قزع سے کہا گیا واسطے نافع کے کہ کیا ہے قزع کہا مونڈا جاوے[ف۶] کچہ سر لڑکے کا اور چہوڑا جاوے کچہ روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور ملایا بعضے راویوں نے تفسیر کو ساتھ حدیث کے (۹) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے

ف۱ اور میں حائضہ ہوتی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بدن حائض کا پاک ہے اور مخالطت ساتھ اوسکے جائز ہے ۱۲ ف۲ پیدائشی پانچ چیزیں ہیں یعنی یہ پانچوں چیزیں ہر ایک انسان جسمین کہ درستی ہے وہ ان پانچوں چیزون کو ایسا پسند کرتا ہے گویا کہ یہ پیدائشی بات ہے تعلیم کی اسمین [illegible] ترجمہ مشارق عفی عنہ ف۳ پس مخالفت کرو انکی یعنی تم خضاب کیا کرو مہندی کا خضاب قول سنت ہے اور وسمہ بھی درست ہے لیکن در خضاب جو سیاہ بال کر دیوے سو درست نہیں ۱۲ ترجمہ مشارق عفی عنہ ف۴ مانند ثغامہ کے یہ ایک گھاس ہے سفید [illegible] ابو قحافہ صدیق اکبرؓ کے باپ مسلمان ہوئے تو انکے سر اور داڑہی کے بال نہایت سفید تہے تب حضرتؐ نے یہ حدیث فرمائی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سیاہ خضاب کرنا مکروہ ہے [illegible] کہتے ہیں کہ وسمہ کا خضاب درست ہے اسواسطے کہ بعضے اصحاب کرتے تہے وسمہ کو سو اور خضاب سیاہ رنگ درست نہیں ترجمہ مشارق عفی عنہ ف۵ پہر مانگ نکالنے لگے [illegible] کہ پہلا منسوخ ہے اسواسطے کہ مانگ نکالنے کا حکم وحی سے تہا اور بعضوں نے کہا کہ دونوں امر جائز ہین لیکن مانگ نکالنی افضل ہے ۱۲ لمعات ف۶ مونڈا جاوے کچہ سر لڑکے کا اور چہوڑا جاوے کچہ بیچ اور چوٹیاں اور زلفین بھی اسمین داخل ہین ۱۲ لمعات

اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَاٰی صَبِیًّا قَدْ حُلِقَ بَعْضُ رَاْسِہٖ وَتُرِکَ بَعْضُہٗ فَنَھَاھُمْ عَنْ ذٰلِکَ وَقَالَ اِحْلِقُوْا کُلَّہٗ اَوِ اتْرُکُوْا کُلَّہٗ رَوَاہُ مُسْلِمٌ (۱۰) وَعَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَعَنَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْمُخَنَّثِیْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالْمُتَرَجِّلَاتِ مِنَ النِّسَآءِ وَقَالَ اَخْرِجُوْھُمْ مِّنْ بُیُوْتِکُمْ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ (۱۱) وَعَنْہُ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَعَنَ اللّٰہُ الْمُتَشَبِّھِیْنَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَآءِ وَالْمُتَشَبِّھَاتِ مِنَ النِّسَآءِ بِالرِّجَالِ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ (۱۲) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَعَنَ اللّٰہُ الْوَاصِلَۃَ وَالْمُسْتَوْصِلَۃَ وَالْوَاشِمَۃَ وَالْمُسْتَوْشِمَۃَ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ (۱۳) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَعَنَ اللّٰہُ الْوَاشِمَاتِ وَالْمُسْتَوْشِمَاتِ وَالْمُتَنَمِّصَاتِ وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ الْمُغَیِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰہِ فَجَآءَتْہُ امْرَاَۃٌ فَقَالَتْ اِنَّہٗ بَلَغَنِیْ اَنَّکَ لَعَنْتَ کَیْتَ وَکَیْتَ فَقَالَ مَالِیْ لَآ اَلْعَنُ مَنْ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَمَنْ ھُوَ فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ فَقَالَتْ لَقَدْ قَرَاْتُ مَا بَیْنَ اللَّوْحَیْنِ فَمَا وَجَدْتُّ فِیْہِ مَا تَقُوْلُ قَالَ لَئِنْ کُنْتِ قَرَاْتِیْہِ لَقَدْ وَجَدْتِّیْہِ اَمَا قَرَاْتِ مَآ اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَھُوْا قَالَتْ بَلٰی قَالَ فَاِنَّہٗ قَدْ نَھٰی عَنْہُ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ (۱۴) وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْعَیْنُ حَقٌّ وَنَھٰی عَنِ الْوَشْمِ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ (۱۵) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ

کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا ایک لڑکے کو تحقیق مونڈا گیا تھا بعض سر اوسکا اور چھوڑا گیا تھا بعض سر اوسکا پس منع فرمایا انکو اُس سے اور فرمایا کہ مونڈو تمام سر یا چھوڑو تمام سر روایت کی یہ مسلم نے (۱۰) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا لعنت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مخنثوں کو مردوں میں سے اور اُن عورتوں کو جو مشابہ ہوتی ہیں ساتھ مردوں کے اور فرمایا کہ نکالدو مخنثوں کو اپنے گھروں سے روایت کی یہ بخاری نے (۱۱) ترجمہ اور انہیں سے روایت ہے کہ کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت کی اللہ تعالی نے مشابہت کرنیوالے مردوں کو ساتھ عورتوں کے اور مشابہت کرنیوالی عورتوں کو ساتھ مردوں کے روایت کی یہ بخاری نے (۱۲) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمر سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لعنت کی اللہ تعالے نے اُس عورت کو کہ ملاوے بال اپنے ساتھ بالوں اور عورت کے اور ملوائے اپنے بالوں کو ساتھ اور کے بال کے اور گودنیوالی کو اور گدوانیوالی کو متفق علیہ (۱۳) ترجمہ اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہ کہا لعنت کی اللہ تعالی نے گودنیوالیوں کو اور گدوانیوالیوں کو اور اُن عورتوں کو کہ چنواویں بال منہ پر سے اور لعنت کی سوہن کروانیوالیوں کو دانتوں پر واسطے حسن کے کہ تغیر کرنیوالیاں ہیں اللہ کی پیدائش کو پس آئی ابن مسعود کے پاس ایک عورت اور کہا کہ تحقیق شان یہ ہے کہ پہونچی مجھکو یہ بات کہ تم لعنت کرتے ہو ایسی اور ایسی پس کہا ابن مسعود نے کہ کیا ہے مجھکو کہ لعنت نہ کروں اوسکو کہ لعنت کی رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور اوسکو کہ وہ ملعون ہو بیچ کتاب اللہ کے پس کہا اُس عورت نے کہ تحقیق پڑھا میں نے اوس چیز کو کہ درمیان دو دفتیوں کے ہے پس نہ پایا میں نے اوسمیں جو کہتے ہو کہا ابن مسعود نے اگر پڑھتی تو اوسکو تو البتہ پاتی تو اوس حکم کو کیا نہیں پڑھی تو نے یہ آیت کہ جو دیں تمکو رسول پس عمل کرو اوس پر اور جس چیز سے کہ منع کریں تمکو پس باز رہو کہا عورت نے کہ ہاں کہا ابن مسعود نے پس تحقیق حضرت نے منع کیا اُس سے متفق علیہ (۱۴) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تاثیر نظر حق ہے اور منع کیا گودنے سے روایت کی یہ بخاری نے (۱۵) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمر سے

ف۱ مونڈو تمام سر یا چھوڑو تمام سر اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سر منڈانا سوا حج و عمرہ کے بھی جائز ہے ولیکن افضل یہ ہے کہ نہ منڈاوے سوا حج و عمرہ کے جیسے کہ معمول تھا آنحضرت کا اور اکثر اصحابہ کرام کا ۱۲ مرقاۃ ف۲ مخنثوں کو یعنی ہیجڑوں کو اور مخنث دو طرح کے ہوتے ہیں ایک تو خلقی کہ پیدائش میں عورتوں کی وضع پر واقع ہو دوسرا یہ کہ تکلف سے اپنے تئیں مشابہ عورتوں کے کرے ملعون یہی ہے نہ اول ۱۲ لمعات مرقاۃ ف۳ کہ ملاوے الخ بال میں بال جوڑنا اور بدن گودنا حرام ہے اسواسطے کہ اسمیں تغییر خلقت الٰہی ہے اور بناوٹ ہی ہے کہ آدمی دھوکا کھاوے ۱۲ ترجمہ شارق ۲۵ ف۴ تم لعنت کرتے ہو الخ یعنے ایسی عورتوں کو ۱۲ ف۵ اگر پڑھتی تو الخ یعنے تامل سے اور سمجھ کر ۱۲ ف۶ پس باز رہو الخ جب بندے مامور ہوئے ساتھ باز رہنے کے رسول کی منع کی چیزوں سے اور رسول نے ان چیزوں سے منع کیا ہے تو گویا یہ سب منع کی ہوئی چیزیں قرآن میں مذکور ہیں اور لعنت پیغمبر کی مانند لعنت خدا کی تو واجب ہے کہ عمل کیا جاوے اسپر ۱۲ لمعات و مرقاۃ ف۷ تاثیر نظر حق ہے الخ یعنے بعضی نظر لگ جاتی ہے خدا نے اوسمیں تاثیر رکھی ہے ۱۲

قَالَ لَقَدْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُلَبِّدًا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ (۱۶) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَتَزَعْفَرَ الرَّجُلُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۱۷) وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اُطَيِّبُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَطْيَبِ مَا نَجِدُ حَتّٰى اَجِدَ وَبِيْصَ الطِّيْبِ فِيْ رَاْسِهٖ وَلِحْيَتِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۱۸) وَعَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا اسْتَجْمَرَ اسْتَجْمَرَ بِالْاُلُوَّةِ غَيْرَ مُطَرَّاةٍ وَبِكَافُوْرٍ يَطْرَحُهٗ مَعَ الْاُلُوَّةِ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا كَانَ يَسْتَجْمِرُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ (۱) عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُصُّ اَوْ يَاْخُذُ مِنْ شَارِبِهٖ وَكَانَ اِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ الرَّحْمٰنِ يَفْعَلُهٗ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ (۲) وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَّمْ يَاْخُذْ مِنْ شَارِبِهٖ فَلَيْسَ مِنَّا رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ (۳) وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْخُذُ مِنْ لِّحْيَتِهٖ مِنْ عَرْضِهَا وَطُوْلِهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ (۴) وَعَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى عَلَيْهِ خَلُوْقًا فَقَالَ اَلَكَ امْرَاَةٌ قَالَ لَا قَالَ فَاغْسِلْهُ ثُمَّ اغْسِلْهُ ثُمَّ اغْسِلْهُ ثُمَّ لَا تَعُدْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ (۵) وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَلٰوةَ رَجُلٍ فِيْ جَسَدِهٖ شَيْءٌ مِّنْ خَلُوْقٍ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ (۶) وَعَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ قَدِمْتُ عَلٰى اَهْلِيْ مِنْ سَفَرٍ وَّقَدْ تَشَقَّقَتْ يَدَايَ

کہا تحقیق دیکھا مینے رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم کو ملبد[1] روایت کی یہ بخاری نے (۱۶) ترجمہ اور روایت ہی انس رضی اللہ عنہ سے کہ کہا منع کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہ زعفران[2] ملے مرد متفق علیہ (۱۷) ترجمہ اور روایت ہی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا تھی مین خوشبو لگاتی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ساتھ بہتر خوشبو کی کہ پاتی مین یہانتک کہ پاتی مین چمک خوشبوئی کی حضرت کی سر مین اور داڑہی مین متفق علیہ (۱۸) ترجمہ اور روایت ہی نافع سے کہ کہا تھے ابن عمر جسوقت کہ دہونی لیتے خوشبوئی کی دہونی لیتے اگر کی بغیر ملونی مشک وغیرہ کے اور دہونی لیتے کافور کی کہ ڈالتے اوسکو ساتھ اگر کی پہر کہا ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ اسیطرح دہونی لیتے تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم روایت کی یہ مسلم نے **فصل دوسری** (۱) ترجمہ روایت ہی ابن عباس سے کہ کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کترتے یا لیتے لبین اپنی اور تھے ابراہیم علیہ السلام دوست خدا کی کرتے یہ روایت کی یہ ترمذی نے (۲) ترجمہ اور روایت ہی زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ نہ لیوی لبین اپنی پس نہین ہم مین سی[3] روایت کی یہ احمد اور ترمذی اور نسائی نے (۳) ترجمہ اور روایت ہی عمرو بن شعیب سے اوسنے نقل کی اپنے باپ سے اوسنے اپنے دادا سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے لیتے داڑہی اپنی کی عرض مین[4] سے اور طول مین سی روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہے (۴) ترجمہ اور روایت ہی یعلی بن مرہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھی یعلی پر خلوق پس فرمایا کیا تیرے[5] لیے بیوی ہے کہا نہین فرمایا پس دہو ڈال اسکو پہر دہو اسکو پہر دہو اسکو پہر نہ استعمال کرنا اوسکو روایت کی یہ ترمذی اور نسائی نے (۵) ترجمہ اور روایت ہے ابو موسیٰ سے کہ کہا فرمایا رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین قبول کرتا اللہ تعالیٰ نماز اُس شخص کی کہ ہو اوسکے بدن مین کچہ خلوق[6] سے روایت کی یہ ابو داؤد نے (۶) ترجمہ اور روایت ہی عمار بن یاسر سے کہ کہا آیا مین گہر کے لوگوں پاس سفر سے اسحالمین کہ پہٹ گئے تھے دونوں ہاتھ میرے

[1] یعنی سر کے بال گوندے جمائے ہوئے یہ حالت احرام کا بیان ہی ۱۲

[2] زعفران ملے کا اور بعض صحابہ سے منقول ہی استعمال زعفران کا خوشبو مین تو وہ محمول ہی نہی سے پہلے پر ۱۲ لمعات و مرقاۃ

[3] اسی طرح ہے مطلب یعنی کبھی فقط اگر کی اور کبھی کافور کے ساتھ ملاکر ۱۲

[4] پس نہین ہم مین سے یعنی ہمارے سنت و طریقہ پر نہین یعنی مومن کامل نہین یا محمول ہے تہدید پر ۱۲

[5] عرض میں سے اور طول میں سے الخ ایک روایت میں آیا ہے کہ داڑہی کو بڑہاؤ تو مطلب یہ ہے کہ عجمیوں کی طرح داڑہی کو چہوٹا نہ کرو اور طول جن بالوں کا لمبا واسطے اصلاح داڑہی کے لگے خلاف نہیں اسواسطے کہ یہ حضرت سے منقول ہے اور بعضوں نے کہا کہ مٹھی سے زیادہ داڑہی کتروانے مین کچہ مضائقہ نہین ابن عمر اور ایک جماعت تابعین کا یہ قول ہے ۱۲ مرقاۃ

[6] کیا تیرے لیے بیوی ہے یہ سوال اسلیے کیا کہ اگر اوسکے بدن یا کپڑے سے عورت کے بدن یا کپڑے کو لگ جاوے تو معذور ہے ۱۲

[7] کچہ خلوق خلوق خوشبوئی مرکب کا ہی جو زعفران وغیرہ سے بنتی ہے ۱۲

تخلقت بزعفران فغدوت على النبي صلى الله عليه وسلم فسلمت عليه فلم يرد علي وقال اذهب فاغسل هذا عنك رواه ابو داود (۷) وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم طيب الرجال ما ظهر ريحه وخفي لونه وطيب النساء ما ظهر لونه وخفي ريحه رواه الترمذي والنسائي (۸) وعن انس قال كانت لرسول الله صلى الله عليه وسلم سكة يتطيب منها رواه ابو داود (۹) وعنه قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يكثر دهن رأسه وتسريح لحيته ويكثر القناع كأن ثوبه ثوب زيات رواه في شرح السنة (۱۰) وعن ام هانئ قالت قدم رسول الله صلى الله عليه وسلم علينا بمكة قدمة وله اربع غدائر رواه احمد وابو داود والترمذي وابن ماجة (۱۱) وعن عائشة قالت اذا فرقت لرسول الله صلى الله عليه وسلم رأسه صدعت فرقه عن يافوخه وارسلت ناصيته بين عينيه رواه ابو داود (۱۲) وعن عبد الله بن مغفل قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الترجل الا غبا رواه الترمذي وابو داود والنسائي (۱۳) وعن عبد الله بن بريدة قال قال رجل لفضالة بن عبيد مالي اراك شعثا قال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان ينهانا عن كثير من الارفاه قال مالي لا ارى عليك حذاء قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يامرنا ان نحتفي احيانا رواه ابو داود

پس لیپ کیا بیوی نے میرے ہاتھ پر خوشبوئی زعفران ملی ہوئی کا پس آیا مین صبح کو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس سلام کیا مینے حضرت کو پس نہ جواب دیا مجھکو اور فرمایا جا اور دھو ڈال اسکو اپنے بدن سے روایت کی یہ ابوداؤد نے (۷) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خوشبوئی مرد کی وہ ہے کہ ظاہر ہو بو اوسکی اور پوشیدہ ہو رنگ اسکا اور خوشبوئی عورت کی وہ ہے کہ ظاہر ہو رنگ اسکا اور پوشیدہ ہو بو اسکی روایت کی یہ ترمذی اور نسائی نے (۸) ترجمہ اور روایت ہے انس سے کہ کہا تھی واسطے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سکہ خوشبوئی لگاتے تھے اوس میں سے روایت کی یہ ابوداؤد نے (۹) اور روایت ہے انس سے کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم بہت استعمال کرتے تیل اپنے سر مبارک پر اور بہت کرتے کنگھی اپنی داڑھی کو اور بہت رکھتے تھے کپڑا سر پر گویا وہ کپڑا حضرت کا کپڑا تھا تیلی کا نقل کی یہ شرح السنہ میں (۱۰) ترجمہ اور روایت ہے ام ہانی سے کہ کہا ام ہانی نے آئے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم اوپر ہمارے مکہ مین ایکدفعہ اور آنحضرت کے چار گیسو تھے روایت کی یہ احمد اور ابوداؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے (۱۱) ترجمہ اور روایت ہے عائشہ سے کہ کہا جسوقت کہ مانگ نکالتی مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک کے بالوں میں چیرتی مین مانگ اونکی تالو پر سے اور چھوڑتی مین بال حضرت کی پیشانی کے درمیان دونوں آنکھوں اونکی کے روایت کی یہ ابوداؤد نے (۱۲) ترجمہ اور روایت ہے عبد اللہ بن مغفل سے کہ کہا منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کنگھی کرنے سے مگر ایک روز درمیان میں چھوڑ کر روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے (۱۳) ترجمہ اور روایت ہے عبد اللہ بن بریدہ سے کہ کہا کہا ایک شخص نے واسطے فضالہ بن عبید کے کیا ہے واسطے میرے کہ دیکھتا ہوں میں تمکو پراگندہ بال کہا تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم تھے منع کرتے ہمکو بہت چین عیش کی باتوں سے کہا اس شخص نے فضالہ کو کہ کیا ہے مجھکو کہ نہیں دیکھتا تیرے پاؤں میں پاپوش کہا فضالہ نے کہ تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم حکم دیتے ہمکو یہ کہ ننگے پاؤں پھرا کریں کبھی کبھی روایت کی یہ ابوداؤد نے

ف پس نہ الخ ظاہر اگر یہ خفگی بسبب نہ معلوم ہونے علت اونکے تھی ۱۲ سے اور پوشیدہ ہو رنگ اسکا یعنے مانند مشک و عنبر اور عطر وغیرہ کے ۱۲ سے ظاہر الخ یعنے مانند مہندی اور زعفران وغیرہ کی ۱۲ سے سکہ الخ نام ایک خوشبوئی مرکب کا ہے ۱۲ ف لیکن ایک اور روایت مین حضرت نے ہر روز کنگھی کرنے سے منع فرمایا تو یہی تنزیہی ہے نہ تحریمی اور کثرت کبھی صادق آتی ہے اوس چیز پر کہ بسبب حاجت کہ کرے ۱۲ الخ ت چار گیسو الخ معلوم ہوا کہ سر کے بالوں کو گوندھ کر چوٹیاں بنانا جائز ہے ۱۲ ف اور چیرتی مین الخ یعنے مانگ کا ایک سرا چوٹی پر ہوتا اور ایک سرا پیشانی پر محاذی بیچ دونوں آنکھوں کے اس طرح کہ ہوتے تھے آدھے بال ماتھے کے داہنی طرف مانگ کے اور آدھے بائیں طرف اسکی ۱۲ طیبی ف مراد نہی سے مواظبت کرنی اوسپر کر اور زینت کرنے میں ظاہر یہ ہے کہ ہر روز کنگھی نا مردوں کو منع ہے نہ عورتوں کو بعض نے کہا کہ نہی شامل ہے سبکو مرد ہوں یا عورتیں

(۱۴) وعن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من کان لہ شعر فلیکرمہ رواہ ابو داؤد
(۱۵) وعن ابی ذر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان احسن ما غیر بہ الشیب الحناء والکتم
رواہ الترمذی وابو داؤد والنسائی (۱۶) وعن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یکون قوم فی
اٰخر الزمان یخضبون بھذا السواد کحواصل الحمام لا یجدون رائحۃ الجنۃ رواہ ابو داؤد والنسائی (۱۷) و
عن ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یلبس النعال السبتیۃ ویصفر لحیتہ بالورس والزعفران وکان
ابن عمر یفعل ذلک رواہ النسائی (۱۸) وعن ابن عباس قال مر علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم رجل قد خضب بالحناء
فقال ما احسن ھذا قال فمر اٰخر قد خضب بالحناء والکتم فقال ھذا احسن من ھذا ثم مر اٰخر قد خضب بالصفرۃ
فقال ھذا احسن من ھذا کلہ رواہ ابو داؤد (۱۹) وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غیروا
الشیب ولا تشبھوا بالیھود رواہ الترمذی ورواہ النسائی عن ابن عمر والزبیر (۲۰) وعن عمرو بن شعیب
عن ابیہ عن جدہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تنتفوا الشیب فانہ نور المسلم من شاب شیبۃ فی الاسلام
کتب اللہ لہ بھا حسنۃ وکفر عنہ بھا خطیئۃ ورفعہ بھا درجۃ رواہ ابو داؤد (۲۱) وعن کعب بن مرۃ

(۱۴) ترجمہ ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ ہوں واسطے اوسکے بال پس چاہیے کہ اچھی طرح رکھے انکو روایت کی یہ
ابو داؤد نے (۱۵) ترجمہ اور روایت ہے ابو ذرؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بہتر چیز کہ تغیر کیا جاوے ساتھ اوسکے بڑھاپا
مہندی اور وسمہ ہے روایت کی یہ ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی نے (۱۶) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباسؓ سے اونسے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے
کہ فرمایا ہو گی ایک قوم اخیر زمانہ میں کہ خضاب کرینگی ساتھ اس سیاہی کے مانند پوٹون کبوتر کے نہ پاوینگی بو جنت کی روایت کی یہ ابو داؤد
اور نسائی نے (۱۷) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے پہنتے پاپوش چمڑے دباغت کیے ہوے اور زرد رنگتے
ڈاڑھی اپنی کو ساتھ ورس کے اور رنگتے ساتھ زعفران کے اور تھے ابن عمرؓ کرتے یہ روایت کی یہ نسائی نے (۱۸) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباسؓ سے
کہ کہا گذرا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک شخص کہ خضاب کیا تھا اونے ساتھ مہندی کے پس فرمایا کیا خوب ہے یہ کہا راوی نے پس گذرا ایک اور شخص کہ
خضاب کیا تھا اونے ساتھ مہندی اور وسمہ کے پس فرمایا حضرتؐ نے یہ بہت اچھا ہے پہلے سے پھر گذرا ایک اور شخص کہ خضاب کیے ہوے تھا ساتھ زرد رنگ کے
پس فرمایا یہ بہت خوب ہے ان سب سے روایت کی یہ ابو داؤد نے (۱۹) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
تغیر کرو بڑھاپے کو اور نہ مشابہت کرو ساتھ یہود کے روایت کی یہ ترمذی نے اور روایت کی یہ نسائی نے ابن عمرؓ اور زبیرؓ سے (۲۰) ترجمہ اور
روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اونے اپنے دادا سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ چنو سفید بالوں کو اسلیے کہ تحقیق
بڑھاپا سبب نورانیت کا ہے مسلمانونکو جس شخص کا سفید ہوا ایک بال مسلمانی میں لکھتا ہے اللہ واسطے اوسکے بسبب اوسکے ایک نیکی اور دور
کرتا ہے اس کے سبب اوسکے ایک خطا اور بلند کرتا ہے اسکا بسبب اوسکے ایک درجہ روایت کی یہ ابو داؤد نے (۲۱) ترجمہ اور روایت ہے کعب بن مرہؓ سے

ف ۱ اچھی طرح رکھو انکو یعنے دھویا کرے اور تیل لگایا کرے اور کنگھی کیا کرے ۱۲ ف ۲ خضاب کرینگے ساتھ اس سیاہی کے یعنے نری سیاہی کی گوشتا تا کہ نکل جاوے جیسا
بالکل پیٹ مانند کتم اور مہندی کے اس سے معلوم ہوا کہ خضاب سیاہ حرام ہے اور نہ پاوینگے بو بہشت کی یہ مبالغہ زجر میں خضاب سیاہ پر محمول ہے حلال جاننے والے پر ۱۲
مرقاۃ ف ۳ اور زرد رنگتے الخ مراد یہ ہے کہ دھوتے تھے ڈاڑھی شریف کو ساتھ مہندی اور زعفران کے واسطے پاک و صاف کرنے
کے نہ یہ کہ خضاب کرتے تھے ۱۲ ف ۴ تغیر کرو الخ یعنے خضاب کرو ۱۲ ف ۵ نہ چنو الخ اسی حدیث کے رو سے اکثر علماء کے نزدیک سفید
بالوں کا چننا مکروہ ہے ۱۲ لمعات و مرقاۃ۔

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من شاب شيبة في الاسلام كانت له نورا يوم القيمة رواه الترمذي والنسائي
(۲۲) وعن عائشة قالت كنت اغتسل انا ورسول الله صلى الله عليه وسلم من اناء واحد وكان له شعر فوق
الجمة ودون الوفرة رواه الترمذي (۲۳) وعن ابن الحنظلية رجل من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم قال
قال النبي صلى الله عليه وسلم نعم الرجل خريم الاسدي لولا طول جمته واسبال ازاره فبلغ ذلك خريما
فاخذ شفرة فقطع بها جمته الى اذنيه ورفع ازاره الى انصاف ساقيه رواه ابو داود (۲۴) وعن انس
قال كانت لي ذؤابة فقالت لي امي لا اجزها كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يمدها وياخذها رواه ابو داود
(۲۵) وعن عبد الله بن جعفر ان النبي صلى الله عليه وسلم امهل ال جعفر ثلثا ثم اتاهم فقال لا تبكوا على
اخي بعد اليوم ثم قال ادعوا لي بني اخي فجيء بنا كانا افرخ فقال ادعوا الى الحلاق فامره فحلق رؤوسنا رواه
ابو داود والنسائي (۲۶) وعن ام عطية الانصارية ان امراة كانت تختن بالمدينة فقال لها النبي
صلى الله عليه وسلم لا تنهكي فان ذلك احظى للمراة واحب الى البعل رواه ابو داود وقال هذا الحديث
ضعيف وراويه مجهول (۲۷) وعن كريمة بنت همام ان امراة سالت عائشة عن خضاب الحناء

اونسے روایت کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو شخص کہ بوڑھا ہو بوڑھے ہونے کر اسلام میں ہوتا ہے واسطے اوسکے نور دن قیامت کے
روایت کی یہ ترمذی اور نسائی نے (۲۲) ترجمہ اور روایت ہے عائشہؓ سے کہ کہا تھی میں نہاتی میں اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ایک باسن سے
اور تھے حضرتؐ کے بال اوپر جمہ کے اور نیچے وفرہ سے روایت کی یہ ترمذی نے (۲۳) ترجمہ اور روایت ہے ابن حنظلیہؓ سے کہ ایک شخص ہے صحابیوں
میں سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اچھا شخص ہے خریم اسدی اگر نہ ہوتے لمبے بال اوسکے اور درازی تہبند
اوسکی کی پس پہونچی یہ خبر خریم کو پس لی اوسنے چھری پس کاٹ ڈالے ساتھ اوسکے بال اپنے کانوں تک اور بلند کیا تہبند اپنا آدھی پنڈلی تک
روایت کی یہ ابوداؤد نے (۲۴) ترجمہ اور روایت ہے انسؓ سے کہ کہا تھے واسطے میرے گیسو پس کہا واسطے میرے ماں میری نے نہیں کاٹونگی انکو
انکو تھے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کھینچتے انکو اور پکڑتے انکو روایت کی یہ ابوداؤد نے (۲۵) ترجمہ اور روایت ہے عبد اللہ بن جعفرؓ سے
کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مہلت دی اولاد جعفر طیارؓ کو تین دن تک پھر آئے اونکے پاس اور فرمایا مت روؤ اوپر بھائی میرے کے بعد آج کے
دن کے پھر فرمایا بلاؤ میرے پاس میرے بھتیجوں کو پس لائے گئے ہم گویا کہ ہم چوزے تھے پھر فرمایا بلاؤ واسطے میرے نائی کو پس حکم کیا
اوسکو سر مونڈنے کا پس مونڈے سر ہمارے روایت کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے (۲۶) ترجمہ اور روایت ہے ام عطیہ انصاریہؓ سے کہ تحقیق
ایک عورت تھی ختنہ کرتی مدینہ میں پس فرمایا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ مبالغہ کر تو بیچ کاٹنے چمڑے کے اسلیے کہ نہ مبالغہ کرنا اسمیں بہت
لذت دیتا ہے عورت کو اور محبوب تر ہے طرف خاوند کے روایت کی یہ ابوداؤد نے اور کہا یہ حدیث ضعیف ہے اور راوی اسکے مجہول ہیں (۲۷)
ترجمہ اور روایت ہے کریمہ بیٹی ہمام کی سے کہ تحقیق ایک عورت نے پوچھا عائشہؓ سے حکم خضاب کرنے مہندی کا

؎۱ ایک باسن سے یعنی دھرا ہوا تھا درمیان میرے اور حضرتؐ کے ۱۲ ؎۲ اوپر جمہ کے اور نیچے وفرہ کے جمہ بال مونڈھوں تک ہیں اور وفرہ لو تک اور لمہ
بیچ میں کانوں اور کندھوں کے ۱۲ لمعات ؎۳ اگر نہ ہوتے لمبے بال اس کے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سر کے بالوں کا کندھوں سے دراز کرنا
مکروہ ہے افضل یہ ہے کہ کندھوں کے برابر رکھو ۱۲ ؎۴ کھینچتے انکو یعنی ازراہ پیار کے پس بسبب تبرک و تیمن کے ماں بال کی کترتی نہ تھیں پس کراہت
مذکورہ کے منافی نہیں ۱۲ لمعات ؎۵ پس مونڈے سر ہمارے جعفر کی بی بی اپنے خاوند کے مرنے کے غم میں مشغول تھیں لڑکوں کا سر نہیں دھو سکتی تھیں
پس جوئیں نہ پڑ جاویں اسکا خوف تھا اسلیے حضرتؐ نے سر مونڈنے کا حکم کیا معلوم ہوا کہ عذر سے بال منڈانا جائز ہے ۱۲ مرقاۃ ؎۶ اس حدیث
سے معلوم ہوا کہ عورتوں کا بھی ختنہ کرنا جائز بلکہ سنت ہے جیسا مردوں کے حق میں سنت ہے ۱۲ ؎۷ حکم خضاب کرنے مہندی کا یعنی سر میں خضاب ظاہر ہے
کہ مکروہ رکھنا حضرتؐ کا مہندی کے خضاب کو خاص بالوں میں تھا اسلیے کہ آگے حدیث میں آیا ہے کہ بیعت نہ لی حضرتؐ نے ہندہ سے بسبب [illegible]

فقالت لا باس ولکنی اکرهه کان حبیبی یکره ریحه رواه ابوداود والنسائی (۲۸) وعن عائشة ان هندا بنت عتبة قالت یا نبی الله بایعنی فقال لا ابایعک حتی تغیری کفیک فکانهما کفا سبع رواه ابوداود (۲۹) وعنها قالت اومت امراة من وراء ستر بیدها کتاب الی رسول الله صلی الله علیه وسلم فقبض النبی صلی الله علیه وسلم یده فقال ما ادری اید رجل ام ید امراة قالت بل ید امراة قال لو کنت امراة لغیرت اظفارک یعنی بالحناء رواه ابوداود والنسائی (۳۰) وعن ابن عباس قال لعنت الواصلة والمستوصلة والنامصة والمتنمصة والواشمة والمستوشمة من غیر داء رواه ابوداود (۳۱) وعن ابی هریرة قال لعن رسول الله صلی الله علیه وسلم الرجل یلبس لبسة المراة والمراة تلبس لبسة الرجل رواه ابوداود (۳۲) وعن ابن ابی ملیکة قال قیل لعائشة ان امراة تلبس النعل قالت لعن رسول الله صلی الله علیه وسلم الرجلة من النساء رواه ابوداود (۳۳) وعن ثوبان قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا سافر کان اخر عهده بانسان من اهله فاطمة واول من یدخل علیها فاطمة فقدم من غزاة وقد علقت مسحا او سترا علی بابها وحلت الحسن والحسین قلبین من فضة فقدم فلم یدخل فظنت ان ما منعه ان یدخل ما رای فهتکت الستر

پس کہا عائشہؓ نے کچھ مضائقہ نہیں لیکن میں ناخوش رکھتی ہوں اُسکو تھے دوست میرے مکروہ رکھتے تھے بو اُسکی روایت کی یہ ابوداود اور نسائی نے (۲۸) ترجمہ اور روایت ہے عائشہؓ سے کہ تحقیق ہند بیٹی عتبہ کی نے کہا اے نبی اللہ کے بیعت لو مجھسے پس فرمایا نہیں بیعت لیتا میں تجھسے یہانتک کہ تغیر کرے تو دونوں ہاتھوں اپنے کو پس گویا کہ دونوں ہاتھ تیرے ہاتھ درندے کے ہیں روایت کی یہ ابوداود نے (۲۹) ترجمہ اور روایت ہے عائشہؓ سے کہا اشارہ کیا ایک عورت نے پس پردہ سے کہ اوسکے ہاتھ میں ایک خط تھا طرف رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس کھینچ لیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ اپنا پس فرمایا کہ نہیں جانتا میں کہ آیا ہاتھ مرد کا ہے یا ہاتھ عورت کا کہا اُس عورت نے بلکہ ہاتھ عورت کا فرمایا حضرتؐ نے اگر ہوتی تو عورت البتہ تغیر کرتی ناخن اپنے یعنی ساتھ مہندی کے روایت کی یہ ابوداود اور نسائی نے (۳۰) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباسؓ سے کہا لعنت کی گئی بالوں کو ملانیوالی اور ملوانیوالی اور بال چننے والی اور چنوانیوالی اور گودنیوالی اور گدوانیوالی بغیر بیماری کے روایت کی یہ ابوداود نے (۳۱) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا لعنت کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اوس شخص کو کہ پہنے پہناوا عورت کا اور لعنت کی اُس عورت کو کہ پہنے پہناوا مرد کا روایت کی یہ ابوداود نے (۳۲) ترجمہ اور روایت ہے ابن ابی ملیکہؒ سے کہا اونے کہا گیا واسطے عائشہؓ کے کہ تحقیق ایک عورت پہنتی ہے پاپوش مردوں کی سی کہا عائشہؓ نے کہ لعنت کی رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس عورت کو کہ مشابہت کرے ساتھ مردوں کے روایت کی یہ ابوداود نے (۳۳) ترجمہ اور روایت ہے ثوبانؓ سے کہ کہا تھے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم جس وقت سفر کرتے ہوتا آخر عہد اونکا ساتھ لوگوں کے اہل اونکے سے عہد فاطمہؓ کا اور ہوتیں اول وہ کہ آتے حضرتؐ اونکے پاس فاطمہؓ پس آئے آنحضرتؐ ایک جہاد سے اور حالانکہ لٹکایا تھا فاطمہؓ نے ٹاٹ یا پردہ اپنے دروازہ پر اور پہنائے تھے حضرت حسنؓ اور حسینؓ کو دو کڑے چاندی کے پس تشریف لائے آنحضرتؐ اور نہ داخل ہوے پس گمان کیا فاطمہؓ نے یہ کہ اُس چیز نے منع کیا حضرتؐ کو داخل ہونے سے وہ ہے کہ دیکھا پس پھاڑ ڈالا فاطمہؓ نے

ف یعنی پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم ۱۲

ف یعنی بیعت الخ یعنی ساتھ زبان کے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورتوں کو مہندی لگانی ہاتھوں میں مستحب ہے اور ترک کرنا اوسکا مکروہ ہے بسبب مشابہت مردوں کے ۱۲ ف پس کھینچ لیا حضرتؐ نے ہاتھ اپنا یعنی اُسکے ہاتھ سے نہ لیا وہ خط ۱۲ ف اگر ہوتی تو عورت یعنی رعایت کرنیوالی شعار عورتوں کی اسمیں تاکید ہے استحباب مہندی لگانیکی عورتوں کو اور کمال تعلیم آداب کی ہے ۱۲ لمعات ف لعنت کی الخ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ لباس اور بول چال میں عورت کو مرد کے ساتھ مشابہت کرنا جائز نہیں لیکن عقل اور علم میں عورت کو مردوں کے ساتھ مشابہت کرنی جائز ہے جیسا کہ آیا ہے کہ عائشہؓ کی عقل مردوں کی طرح تھی ۱۲ مرقاۃ ف آخر عہد اونکا یعنی کلام اور وصیت اور کار ان کا یعنی سب کو رخصت کرکر اور سب سے فارغ ہو کر حضرت فاطمہؓ کے پاس تشریف لاتے اور جو کچھ کہنا ہوتا اونسے کہتے اور جو کچھ وصیت کرنی ہوتی اونکو

وَفَكَّتِ الْقُلْبَيْنِ عَنِ الصَّبِيَّيْنِ وَقَطَعَتْهُ مِنْهُمَا فَانْطَلَقَا إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْكِيَانِ فَأَخَذَهُ مِنْهُمَا فَقَالَ يَا ثَوْبَانُ اذْهَبْ بِهٰذَا إِلَى آلِ فُلَانٍ إِنَّ هٰؤُلَاءِ أَهْلِيْ أَكْرَهُ أَنْ يَأْكُلُوْا طَيِّبَاتِهِمْ فِيْ حَيَاتِهِمُ الدُّنْيَا يَا ثَوْبَانُ اشْتَرِ لِفَاطِمَةَ قِلَادَةً مِنْ عَصَبٍ وَسِوَارَيْنِ مِنْ عَاجٍ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوُدَ (۳۴) **وَعَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اكْتَحِلُوْا بِالْإِثْمِدِ فَإِنَّهُ يَجْلُو الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ وَزَعَمَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ لَهُ مُكْحُلَةٌ يَكْتَحِلُ بِهَا كُلَّ لَيْلَةٍ ثَلٰثَةً فِيْ هٰذِهٖ وَثَلٰثَةً فِيْ هٰذِهٖ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ (۳۵) **وَعَنْهُ** قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْتَحِلُ قَبْلَ أَنْ يَنَامَ بِالْإِثْمِدِ ثَلٰثًا فِيْ كُلِّ عَيْنٍ قَالَ وَقَالَ إِنَّ خَيْرَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ اللَّدُوْدُ وَالسَّعُوْطُ وَالْحِجَامَةُ وَالْمَشِيُّ وَخَيْرُ مَا اكْتَحَلْتُمْ بِهِ الْإِثْمِدُ فَإِنَّهُ يَجْلُو الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ وَإِنَّ خَيْرَ مَا تَحْتَجِمُوْنَ فِيْهِ يَوْمَ سَبْعَ عَشْرَةَ وَيَوْمَ تِسْعَ عَشْرَةَ وَيَوْمَ إِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ وَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ عُرِجَ بِهٖ مَا مَرَّ عَلٰى مَلَإٍ مِنَ الْمَلٰئِكَةِ إِلَّا قَالُوْا عَلَيْكَ بِالْحِجَامَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ (۳۶) **وَعَنْ** عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى الرِّجَالَ وَالنِّسَاءَ عَنْ دُخُوْلِ الْحَمَّامَاتِ ثُمَّ رَخَّصَ لِلرِّجَالِ أَنْ يَدْخُلُوْا بِالْمَيَازِرِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ (۳۷) **وَعَنْ** أَبِي الْمَلِيْحِ

اور اُتار لیے دونون کڑے دولون صاحبزادہ اُن کے ہاتھ سے اور توڑ ڈالا ہار ایک کڑے کو اُن دونون کے ہاتھ سے پس گئے دونون صاحبزادے حضرت کے پاس روتے ہوئے پس لیا حضرت صلعم نے زیور کو اُن دونون سے اور فرمایا اے ثوبان لیجا اس زیور کو طرف آل فلان کے اسلیے کہ یہ اہل بیت میرے ہین مکروہ رکھتا ہون کہ کہاوین لذائذ اپنی بیچ زندگانی اپنی کے دنیا مین اے ثوبان خرید کر واسطے فاطمہؓ کے ایک ہار عصب کا اور خرید کر دو کڑے ہاتھی دانت کے روایت کی یہ احمد اور ابوداؤد نے (۳۴) **ترجمہ** اور روایت ہے ابن عباسؓ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سرمہ لگاؤ ساتھ سرمے اصفہانی کے پس تحقیق وہ روشن کرتا ہے بینائی کو اور اوگاتا ہے بالونکو اور کہا ابن عباسؓ نے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے لیے تھی سرمہ دانی سرمہ لگاتے تھے اس سے ہر شب مین تین بار اس آنکھ مین اور تین بار اسمین روایت کی یہ ترمذی نے (۳۵) **ترجمہ** اور روایت ہے ابن عباسؓ سے کہ کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سرمہ لگاتے پہلے سونیکے ساتھ سرمہ اصفہانی کے تین تین دفعہ ہر آنکھ مین کہا ابن عباسؓ نے اور فرمایا حضرتؐ نے کہ بہترین چیز کہ دوا کرو تم ساتھ اسکے یہ چار چیزین ہین لدود اور سعوط اور حجامت اور مشی اور بہترین چیز کہ سرمہ لگاؤ تم ساتھ اوسکے سرمہ اصفہانی ہے پس تحقیق وہ روشن کرتا ہے بینائی کو اور جماتا ہے بالونکو اور تحقیق بہترین دنونکا کہ بھری ہوئی سینگی کھچواؤ اُس دن مین سترہوین اور انیسوین اور اکیسوین ہین اور تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو جب معراج ہوئی نہین گذرے وہ کسی جماعت پر فرشتون سے مگر کہا اُنہون نے حضرتؐ کو لازم ہے تمکو بھری ہوئی سینگی کھچوانی روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے (۳۶) **ترجمہ** اور روایت ہے حضرت عائشہؓ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا مردون اور عورتون کو داخل ہونے حمامون کے سے پھر رخصت دی مردون کو داخل ہونیکی ساتھ تہبندونکے روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے (۳۷) **ترجمہ** اور روایت ہے ابو الملیح سے

ف۱ لیجا اس زیور کو طرف آل فلان کے یعنے اپنے قرابتیون کا جو محتاج تھے نام لیا ۱۲ حق **ف۲** ایک ہار عصب کا کہ دانت ہوتا ہے ایک جانور دریائی کا اسکا ہار بناتے ہین ۱۲ حق **ف۳** دو کڑے ہاتھی دانت کے الخ یعنے دونو صاحبزادون کے لیئے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ہاتھی دانت کے کڑے پہننے لڑکون کو جائز ہین ۱۲ **ف۴** بالون کو الخ یعنے پلکون کو ۱۲ **ف۵** لدود اور سعوط اور حجامت اور مشی لدود کہتے ہین اوس دوا کو کہ ٹپکائی جاوے منہ مین باچھ کیطرف سے اور سعوط اوس دوا کو کہتے ہین کہ ٹپکائی جاوے ناک مین اور حجامت کہتے ہین بھری ہوئی سینگی کھچنے کو اور مشی دوائے مسہل کو کہتے ہین ۱۲ لمعات **ف۶** اول مہینے مین لہو اور تمام رطوبتین غلبہ اور جوش مین ہوتی ہین اور آخر مین نقصان مین ہوتی ہین پس مہینے کے اوسط کے ایام مناسب ہین ساتھ اعتدال کے خصوصًا یہ ایام مذکورہ ۱۲ لمعات

قال قدم على عائشة نسوة من اهل حمص فقال من اين انتن قلن من الشام قالت فلعلكن من الكورة التي تدخل نساؤها الحمامات قلن بلى قالت فاني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا تخلع امرأة ثيابها في غير بيت زوجها الا هتكت الستر بينها وبين ربها وفي رواية في غير بيتها الا هتكت سترها فيما بينها وبين الله عز وجل رواه الترمذي وابو داود (۳۸) **وعن** عبد الله بن عمرو ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ستفتح لكم ارض العجم وستجدون فيها بيوتا يقال لها الحمامات فلا يدخلنها الرجال الا بالازر وامنعوها النساء الا مريضة او نفساء رواه ابو داود (۳۹) **وعن** جابر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يدخل الحمام بغير ازار ومن كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يدخل حليلته الحمام ومن كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يجلس على مائدة تدار عليها الخمر رواه الترمذي والنسائي

الفصل الثالث

(۱) **عن** ثابت قال سئل انس عن خضاب النبي صلى الله عليه وسلم فقال لو شئت ان اعد شمطات كن في راسه فعلت قال ولم يختضب وزاد في رواية وقد اختضب ابو بكر بالحناء والكتم واختضب عمر

کر کہا اونسے آئین حضرت عائشہ رضہ کے پاس کتنی ایک عورتین اہل حمص سے پس کہا عائشہ رضہ نے کہ کہانکی ہو تم کہا ان عورتون نے کہ شام کی فرمایا عائشہ رضہ نے کہ شاید تم اس بستی کی ہو کہ داخل ہوتی ہین عورتین اوسکی حامون مین کہا اُنہون نے کہ ہان فرمایا عائشہ رضہ نے پس تحقیق سنا مینے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے ہین نہین اُتارتی کوئی عورت کپڑے اپنے بیچ غیر گہر خاوند اپنے کے مگر کہ پہاڑا اوسنے پردہ درمیان اپنے اور درمیان پروردگار اپنے کے اور بیچ ایک روایت کے بیچ غیر گہر اپنے کے مگر پہاڑا اُسنے پردہ اپنا بیچ اُس چیز کے کہ درمیان اوسکے ہی اور درمیان اللہ عز وجل کے روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے (۳۸) ترجمہ اور روایت ہی عبد اللہ بن عمرو رضہ سے کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فتح کیجاویگی واسطے تمہارے زمین عجم کی اور پاوگے تم اُسمین گھر کہ کہا جاویگا واسطے اونکے حمام پس نہ داخل ہوویں اونمین مرد بدون تہبند کے اور منع کرو اونمین داخل ہونے سے عورتون کو مگر بیمار ہو یا نفاس والی ہو روایت کی یہ ابوداؤد نے (۳۹) ترجمہ اور روایت ہی جابر رضہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ ایمان رکھتا ہو ساتھ اللہ کے اور روز آخرت کے پس نہ داخل ہووے حمام مین بغیر تہبند کے اور جو شخص کہ ایمان رکھتا ہو ساتھ اللہ کے اور دن آخرت کے پس نہ داخل کرے اپنی عورت کو حمام مین اور جو شخص کہ ایمان رکھتا ہو ساتھ اللہ کے اور روز آخرت کے پس نہ بیٹھا وے دسترخوان پر کہ دور کیجاتی ہو اُسپر شراب روایت کی یہ ترمذی اور نسائی نے

فصل تیسری (۱) ترجمہ روایت ہی ثابت رضہ سے کہا پوچھے گئے انس بن مالک رضہ خضاب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے سے پس کہا انس رضہ نے کہ اگر چاہتا مین کہ شمار کرون مین بال سفید کہ اونکے سر مبارک مین تھے شمار کرتا مین کہا کہ نہین خضاب کیا آنحضرت نے اور زیادہ کیا ایک روایت مین کہ تحقیق خضاب کیا حضرت ابوبکر رضہ نے ساتھ مہندی اور وسمہ کے اور خضاب کیا حضرت عمر رضہ نے

ف حمص کہ ایک شہر ہے شام مین ۱۲ ف مگر کہ پہاڑا الخ اسلیے کہ عورت حکم کی گئی ہے ساتھ پردہ کرنے کے اور محافظت کے اس کے گرد یہانتک کہ اُسکو بھی بہانتک کہ نہین لائق ہے واسطے اوسکے یہ کہ کھولے ستر اپنا خلوت مین بھی مگر نزدیک خاوند اپنے کے پس جسوقت کہ کھولا اعضا اپنے حمام مین بغیر ضرورت کے پس پہاڑا اوسنے پردہ کہ حکم کیا تھا اسکو اللہ تعالی نے اوسکا کہا طیبی نے یہ اسلیے ہے کہ اللہ تعالی نے نازل کیا ہے لباس تاکہ ڈہانکیں اوسکے ساتھ ستر اپنا اور زینت کا ہو پس اگر نہ تقوے کیا اللہ تعالے سے اور کھولا ستر اپنا پہاڑا پردہ کہ درمیان اوسکے اور درمیان اللہ تعالی کے ہے ۱۲ مرقاۃ ف مگر بیمار ہو یا نفاس والی یعنی اگر چنین تو انکو غسل کے واسطے حمام مین داخل ہونا جائز ہے یا کسی اور عذر سے اور بغیر عذر کے عورت کو حمام مین جانا جائز نہین حاشیہ مرقاۃ ف پس نہ داخل کرے یعنے اذن نہ دیوے اپنی بیوی کو حمام مین جانے کا اور اسی کے حکم مین ہے مان اور بیٹی اور بہن وغیرہا جو اوسکے تحت حکم مین اور مکروہ ہے مرد کو یہ کہ دیوے اوسکو اجرت حمام کی اسلیے کہ ہوگا مددگار اوس کا مکروہ پر ۱۲ لمعات ومرقاۃ ف نہین خضاب کیا آنحضرت نے الخ یعنے سر مبارک مین پس نہین منافی ہے یہ داڑہی کے خضاب کرنے کو کما مر ۱۲ مرقاۃ

بِالْحِنَّاءِ عَجَّتَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۲) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ كَانَ يُصَفِّرُ لِحْيَتَهٗ بِالصُّفْرَةِ حَتّٰى يَمْتَلِئَ ثِيَابُهٗ مِنَ الصُّفْرَةِ
فَقِيْلَ لَهٗ لِمَ تَصْبُغُ بِالصُّفْرَةِ قَالَ اِنِّيْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْبُغُ بِهَا وَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْهَا وَقَدْ كَانَ
يَصْبُغُ بِهَا ثِيَابَهٗ كُلَّهَا حَتّٰى عِمَامَتَهٗ رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ (۳) وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ قَالَ
دَخَلْتُ عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ فَاَخْرَجَتْ اِلَيْنَا شَعْرًا مِّنْ شَعْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَخْضُوْبًا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ (۴) وَعَنْ اَبِيْ
هُرَيْرَةَ قَالَ اُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمُخَنَّثٍ قَدْ خَضَبَ يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ بِالْحِنَّاءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
مَا بَالُ هٰذَا قَالُوْا يَتَشَبَّهُ بِالنِّسَاءِ فَاَمَرَ بِهٖ فَنُفِيَ اِلَى النَّقِيْعِ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا نَقْتُلُهٗ فَقَالَ اِنِّيْ نُهِيْتُ عَنْ
قَتْلِ الْمُصَلِّيْنَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ (۵) وَعَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ لَمَّا فَتَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ جَعَلَ
اَهْلُ مَكَّةَ يَاْتُوْنَهٗ بِصِبْيَانِهِمْ فَيَدْعُوْ لَهُمْ بِالْبَرَكَةِ وَيَمْسَحُ رُءُوْسَهُمْ فَجِيْئَ بِيْ اِلَيْهِ وَاَنَا مُخَلَّقٌ فَلَمْ يَمَسَّنِيْ مِنْ اَجْلِ
الْخَلُوْقِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ (۶) وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّهٗ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِيْ جُمَّةً اَفَاُرَجِّلُهَا قَالَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَاَكْرِمْهَا قَالَ فَكَانَ اَبُوْ قَتَادَةَ رُبَّمَا دَهَنَهَا فِي الْيَوْمِ مَرَّتَيْنِ مِنْ اَجْلِ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ

ساتھ زری مہندی کی متفق علیہ (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے یہ کہ وہ تھے رنگتے اپنی داڑھی ساتھ زردی کے یہانتک کہ بھر جاتے کپڑے
اونکے زردی سے پس کہا گیا واسطے اونکے کہ کیوں رنگتے ہو زردی سو کہا تحقیق دیکھا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ رنگتے تھے ساتھ زردی کے
اور نہ تھی کوئی چیز محبوب تر طرف حضرتؐ کے زردی سے اور تحقیق تھے حضرتؐ رنگتے زردی سے کپڑے اپنے سب یہانتک کہ پگڑی بھی روایت
کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے عثمان بن عبد اللہ بن موہب سے کہ کہا گیا مین ام سلمہؓ کے پاس پس نکالا انہون نے
طرف ہمارے ایک بال بالون نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سے رنگین روایت کی یہ بخاری نے (۴) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا
لایا گیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک مخنث کہ تحقیق رنگا تھا اوسنے ہاتھ پاؤں اپنے ساتھ مہندی کے پس فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا حال ہے اسکا عرض کیا صحابہؓ نے کہ مشابہت کرتا ہے یہ ساتھ عورتون کے پس حکم کیا آپنے اوسکو نکالدینے کا پس نکالا
گیا وہ طرف نقیع کے پس کہا گیا کہ یا رسول اللہ کیا نہ قتل کرین ہم اسکو پس فرمایا حضرتؐ نے کہ تحقیق مین منع کیا گیا ہون قتل کرنے
نمازیون کے سے روایت کی یہ ابوداؤد نے (۵) ترجمہ اور روایت ہے ولید بیٹے عقبہ کے سے کہ کہا اوسنے جب فتح کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
نے مکہ تو شروع کیا مکہ والون نے کہ لاتے تھے حضرتؐ کے پاس اپنے لڑکے پس دعا مانگتے حضرتؐ واسطے اونکے ساتھ برکت کے اور ہاتھ پھیرتے اونکے
سرونپر پس لایا گیا مین بھی حضرتؐ کے پاس اور مین تھا آلودہ ساتھ خلوق کے پس نہ ہاتھ لگایا حضرتؐ نے مجکو بسبب آلودگی خلوق کی
روایت کی یہ ابوداؤد نے (۶) ترجمہ اور روایت ہے ابوقتادہؓ سے کہ کہا واسطے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ تحقیق واسطے میرے ہین
بال مونڈھون تک آیا پس کنگھی کرون مین اونکو فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ ہان اور تعظیم کر اونکی کہا راوی نے پس تھے ابوقتادہ کہ اکثر تیل لگاتے
تھے بالون کو ایک دن مین دو بار بسبب فرمانے رسول خدا

۱؎ اور مختار یہ ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی زردی سے بال رنگے اور اکثر ترک کیا پس جو جسنے دیکھا اوسکی خبر دی ۱۲ مرقاۃ
۲؎ رنگین الخ زیادہ کیا ابن ماجہ اور احمد نے ساتھ مہندی اور وسمہ کے اور آیا ہے کہ حضرتؐ نے خضاب نہین کیا اور شاید مراد ساتھ نفی کے اکثر احوال
آنحضرتؐ کا ہے اور ساتھ اثبات کے اقل احوال یا نفی کی روایت سر پر محمول ہے اور اثبات کی روایت داڑھی پر ۱۲ مرقاۃ ۳؎ مشابہت کرتا ہے
ساتھ عورتون کے یعنے قول و فعل مین ۱۲ ۴؎ طرف نقیع کے نام ایک جگہ کا ہے قریب مدینہ کے ۱۲ ۵؎ کیا نہ قتل کرین ہم اسکو الخ اور بموجب اس قول کے
کہ مسلمان اگر نماز نہ پڑھے تو واجب القتل ہے محمول ہے ظاہر پر ۱۲ لمعات ۶؎ ساتھ خلوق کے کہ نام ایک خوشبوی کا ہے کہ مرکب ہوتی ہے زعفران وغیرہ سے ۱۲
۷؎ اور تعظیم کر اونکی الخ یعنے ساتھ تیل لگانے وغیرہ کے اور محمود ہونا مبالغہ کا بیچ تیل لگانے اور کنگھی کرنے کے بسبب اہتمام تزئین اور تکلف کم کی لیکن بملاحظہ اوس
اہتمام کے تھا بجا آوری حکم کے محمود ہوا جیسے دراز کرنا انس رضی اللہ عنہ کی ہان کا گیسون کو اونکے بسبب کھینچنے اور پکڑنے آنحضرتؐ کے ۱۲

صلی اللہ علیہ وسلم نعم وأكرمهما رواه مالك (۷) وعن الحجاج بن حسان قال دخلنا على أنس بن مالك فحدثتني أختي
المغيرة قالت وأنت يومئذ غلام ولك قرنان أو قصتان فمسح رأسك وبرك عليك وقال احلقوا هذين
أو قصوهما فإن هذا زي اليهود رواه أبو داود (۸) وعن علي قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم أن تحلق
المرأة رأسها رواه النسائي (۹) وعن عطاء بن يسار قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم في المسجد فدخل رجل
ثائر الرأس واللحية فأشار إليه رسول الله صلى الله عليه وسلم بيده كأنه يأمره بإصلاح شعره ولحيته ففعل ثم
رجع فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم أليس هذا خيرا من أن يأتي أحدكم وهو ثائر الرأس كأنه شيطان رواه
مالك (۱۰) وعن ابن المسيب سمع يقول إن الله طيب يحب الطيب نظيف يحب النظافة كريم يحب
الكرم جواد يحب الجود فنظفوا أراه قال أفنيتكم ولا تشبهوا باليهود قال فذكرت ذلك لمهاجر بن مسمار
فقال حدثنيه عامر بن سعد عن أبيه عن النبي صلى الله عليه وسلم مثله إلا أنه قال نظفوا أفنيتكم رواه الترمذي (۱۱)
وعن يحيى بن سعيد أنه سمع سعيد بن المسيب يقول كان إبراهيم خليل الرحمن أول الناس ضيف الضيف وأول

صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ مان اور تعظیم کر روایت کی یہ مالک نے (۷) ترجمہ اور روایت ہے حجاج بن حسان سے کہ کہا داخل ہوئے ہم پاس انس بن
مالک کے پس حدیث کی مجکو بہن میری مغیرہ نے کہ کہا اور تو اوس دن لڑکا تھا اور تیرے دو گیسو گندہی ہوئے یا کہا تھی قصتان[1] پس
ہاتھ پہیرا انس نے تیرے سر پر اور دعا برکت کی کی تیرے لیے اور فرمایا کہ منڈا ڈالو ان دونوں کو یا کتروا ڈالو ان دونوں کو اسلیے کہ یہ شکل
ہیئت ہے یہود کی روایت کی یہ ابوداود نے (۸) ترجمہ اور روایت ہے علی سے کہ کہا منع[2] فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کہ
اور بھول گئی اولاد اُن کی فرمایا آنحضرتؐ نے پس اُسدن سے حکم کیا گیا ساتھ لکھنے کے اور گواہوں کے روایت کی یہ ترمذی نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے اسماء بیٹی یزید کی سے کہ کہا گزرے ہم پر پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم درحالیکہ بیٹھیں تھیں ہم درمیان جماعت عورتوں کے پس سلام[1] کیا حضرتؐ نے ہم پر روایت کی یہ ابوداؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے طفیل بیٹے ابی بن کعب سے یہ کہ وہ تھے آتے ابن عمرؓ کے پاس پس صبح کو جاتے ساتھ ابن عمر کے طرف بازار کے کہا طفیل نے پس جسوقت جاتے ہم طرف بازار کے نہ گذرتے عبداللہ بن عمرؓ اوپر کسی بساطی کے اور نہ اوپر کسی بیچنے والے کے اور نہ اوپر کسی مسکین کے اور نہ کسیپر مگر کہ سلام علیک کرتے اُس سے کہا طفیل نے پس آیا میں عبداللہ بن عمرؓ کے پاس ایک دن پس ہمراہ لیجانے لگے مجھ کو عبداللہؓ طرف بازار کے پس کہا میں نے اُنکو کہ کیا کرو گے تم بازار میں حالانکہ نہ ٹھیرتے ہو تم بیچنے پر اور نہ پوچھتے ہو تم اسباب کو کہ بیچتے ہیں اور نہ چکاتے ہو اُسکو اور نہ بیٹھتے ہو بازار کی مجلسوں میں پس بیٹھو ساتھ ہمارے اس جگہہ باتیں کریں ہم کہا طفیل نے کہ کہا مجھ کو عبداللہ بن عمرؓ نے ای پیٹ والے کہا راوی نے اور تھے طفیل بڑے پیٹ والے سوا اسکے نہیں کہ ہم جاتے ہیں[2] واسطے سلام کے سلام کرتے[3] ہیں ہم اس شخص پر کہ ملتے ہیں ہم اُس سے روایت کی یہ مالک نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں (۴) ترجمہ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا آیا ایک شخص آنحضرتؐ کے پاس اور عرض کیا یا رسول اللہ واسطے فلانے[4] شخص کے بیچ باغ میرے کے درخت ہے کھجور کا اور تحقیق شان یہ ہے کہ ایذا دی[5] ہے مجھ کو ہونے درخت اسکے نے پس بھیجا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکے پاس کہ بیچ تو میرے ہاتھ درخت کھجور اپنی کا کہا اُس نے کہ نہیں بیچتا میں فرمایا پس ہبہ کر[6] واسطے میرے کہا کہ نہیں فرمایا پس بیچ تو میرے ہاتھ اُسکو بدلے درخت کھجور کے کہ جنت میں ہو تیرے لیے پس کہا نہیں پس فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ نہیں[7] دیکھا میں نے اس شخص کو کہ وہ بڑا بخیل ہو تجھ سے مگر وہ شخص کہ بخل کرتا ہے ساتھ سلام کے روایت کی یہ احمد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں (۵) ترجمہ اور روایت ہے عبداللہؓ سے کہ نقل کی اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا ابتداء کرنیوالا[8] ساتھ سلام کے پاک ہے تکبر سے روایت کی یہ بیہقی نے شعب الایمان میں

[1] اجنبی عورت کو سلام کرنا مخصوص ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے ۱۲ لمعات لیکن یہ دعوی بلا دلیل ہے ۱۲ [2] ہم جاتے ہیں یعنی بازار کو ۱۲ حق [3] سلام کرنے میں اجر یعنی ہمیں ثواب حاصل ہوتا ہے ۱۲ حق [4] واسطے فلانے شخص کے یعنی نام لیا اسکا ۱۲ [5] ایذا دی الخ یعنی بقرب اس کے کہ وقت بیوقت باغ میں آتا ہے ۱۲ [6] ہبہ کر یعنی اگر بیچنے میں عار آتی ہے تو یوں ہی ہبہ کر تاکہ میں ہبہ کردوں باغ والے کو ۱۲ حق [7] کہ نہیں الخ یعنی سلام کا جواب نہ دینے والا البتہ تجھ سے زیادہ بخیل ہے کہ بسبب تھوڑے فعل کے ثواب بہت حاصل نہیں کرتا علما نے لکھا ہے کہ حضرتؐ نے اسکو بطریق سفارش کے فرمایا تھا نہ بطریق امر کے ورنہ خلاف امر کیوں کرتا اور وہ شخص مسلمان منافق تھا بدلیل اس کے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکو فرمایا کہ اس کے عوض درخت جنت میں لے ۱۲ لمعات [8] ابتدا کرنیوالا ساتھ سلام کے پاک ہے تکبر سے اس سے معلوم ہوا کہ جب ایک دوسرے سے ملے تو دوسرے کی سلام کا انتظار نہ کرے بلکہ خود پہلے سلام کرے تاکہ تکبر سے پاک ہو اور جس نے دوسرے کی سلام کا انتظار کیا اُس نے تکبر کیا ۱۲

بَابُ الْاِسْتِیْذَانِ **اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ** (۱) **عَنْ** اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ اَتَانَا اَبُوْمُوْسٰی قَالَ اِنَّ عُمَرَ اَرْسَلَ اِلَیَّ اَنْ اٰتِیَهٗ فَاَتَیْتُ بَابَهٗ فَسَلَّمْتُ ثَلٰثًا فَلَمْ یَرُدَّ عَلَیَّ فَرَجَعْتُ فَقَالَ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَاْتِیَنَا فَقُلْتُ اِنِّیْ اَتَیْتُ فَسَلَّمْتُ عَلٰی بَابِكَ ثَلٰثًا فَلَمْ تَرُدُّوْا عَلَیَّ فَرَجَعْتُ وَقَدْ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَاْذَنَ اَحَدُكُمْ ثَلٰثًا فَلَمْ یُؤْذَنْ لَهٗ فَلْیَرْجِعْ فَقَالَ عُمَرُ اَقِمْ عَلَیْهِ الْبَیِّنَةَ قَالَ اَبُوْسَعِیْدٍ فَقُمْتُ مَعَهٗ فَذَهَبْتُ اِلٰی عُمَرَ فَشَهِدْتُ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ (۲) **وَعَنْ** عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ لِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذْنُكَ عَلَیَّ اَنْ تَرْفَعَ الْحِجَابَ وَاَنْ تَسْتَمِعَ سِوَادِیْ حَتّٰی اَنْهَاكَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۳) **وَعَنْ** جَابِرٍ قَالَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ دَیْنٍ كَانَ عَلٰی اَبِیْ فَدَقَقْتُ الْبَابَ فَقَالَ مَنْ ذَا فَقُلْتُ اَنَا فَقَالَ اَنَا اَنَا كَاَنَّهٗ كَرِهَهَا مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ (۴) **وَعَنْ** اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ لَبَنًا فِیْ قَدَحٍ فَقَالَ اَبَا هِرٍّ اِلْحَقْ بِاَهْلِ الصُّفَّةِ فَادْعُهُمْ اِلَیَّ فَاَتَیْتُهُمْ فَدَعَوْتُهُمْ فَاَقْبَلُوْا فَاسْتَاْذَنُوْا فَاُذِنَ لَهُمْ فَدَخَلُوْا رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ **اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ** (۱) **عَنْ** كَلَدَةَ بْنِ حَنْبَلٍ اَنَّ صَفْوَانَ بْنَ اُمَیَّةَ بَعَثَ بِلَبَنٍ وَجِدَایَةٍ وَضَغَابِیْسَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِاَعْلَی الْوَادِیْ قَالَ فَدَخَلْتُ عَلَیْهِ وَلَمْ اُسَلِّمْ وَلَمْ اَسْتَاْذِنْ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِرْجِعْ فَقُلْ

باب ہے بیچ بیان اذن چاہنے کے **فصل اول** (۱) ترجمہ روایت ہے ابوسعید خدری سے کہ کہا آئے ہمارے پاس ابوموسی اشعری کہا کہ تحقیق حضرت عمرؓ نے بھیجا تھا میرے پاس ایک شخص کو کہ حاضر ہوؤں میں انکے پاس پس حاضر ہوا میں انکے دروازے پر اور سلام کیا میں نے تین بار پس نہ جواب دیا مجھ کو پس پھر آیا میں پس کہا عمرؓ نے کس چیز نے منع کیا تھا تمکو کہ آؤ تم میرے پاس پس کہا میں نے کہ تحقیق میں آیا تھا پس سلام کیا میں نے اوپر دروازے تمہارے کے تین بار پس نہ جواب دیا تم نے مجھ کو پس پھر گیا میں اور تحقیق فرمایا تھا مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ اذن مانگے ایک تمہارا تین بار پس نہ اذن دیا جاوے واسطے اسکے پس چاہیے کہ پھر جاوے پس فرمایا عمرؓ نے قائم کر اس حدیث پر گواہ کہا ابوسعیدؓ نے پس کھڑا ہوا میں ساتھ ابوموسیٰؓ کے اور گیا میں پاس حضرت عمرؓ کے پس گواہی دی میں نے روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے عبداللہ بن مسعودؓ سے کہا فرمایا مجھ کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اذن تیرا مجھ پر یہ ہے کہ اٹھا دے تو پردہ اور یہ کہ سنے تو پوشیدہ کلام میری یہانتک کہ منع کروں میں تجھ کو روایت کی یہ مسلم نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے جابرؓ سے کہ کہا آیا میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بیچ مقدمہ قرض کے کہ تھا میرے باپ پر پس کھٹکایا میں نے دروازہ پس فرمایا حضرتؐ نے کون ہے یہ پس کہا میں نے میں ہوں پس فرمایا میں ہوں میں ہوں گویا کہ برا جانا اس کہنے کو متفق علیہ (۴) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہا داخل ہوا میں ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پس پایا حضرتؐ نے دودھ ایک پیالہ میں پس فرمایا اے ابوہریرہؓ جا اہل صفہ کے پاس اور بلا لا انکو میرے پاس پس آیا میں انکے پاس اور بلایا میں نے انکو پس آئے وہ اور اذن مانگا پس اذن دیا انکو پس داخل ہوئے وہ روایت کی یہ بخاری نے **فصل دوسری** (۱) ترجمہ روایت ہے کلدہ بن حنبل سے یہ کہ صفوان بن امیہ نے بھیجا دودھ اور بچہ ہرن کا اور ککڑی پاس نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اور آنحضرت صلعم اترے ہوئے تھے جانب بلند مکہ میں کہا کلدہ نے کہ داخل ہوا میں حضرتؐ کے پاس اور نہ سلام کیا میں نے اور نہ اذن مانگا میں نے پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ پھر جا تو اور کہہ

ؔ اذن مانگو ایک بار تمہارا میں بار جب کیسو دروازہ پر جاوے تو مستحب ہے کہ اذن چاہے گھر میں آنیکے لیے اور سنت اسطرح یہ ہے کہ کہے السلام علیکم میں آؤں اور تین سلام کرکے ایک اسلیے کہ معرفت ہو دوسری تامل کے لیے تیسری اذن یا عدم اذن کے لیے ۱۲ لمعات شرح فارسی ؔ اذن تیرا مجھ پر یہ ہے الخ عبداللہ بن مسعودؓ خادم تھے حضرتؐ کے جب بسبب آنے میں بکثرت ہوا کہ حضرتؐ کے گھر میں لوگ بے اجازت نہ آویں تب حضرتؐ نے عبداللہ بن مسعود سے یہ حدیث فرمائی یعنے تجھ کو بار بار اجازت مانگنے کی حاجت نہیں کہ کام خدمت میں حرج ہوگا تیرا اندر آنا اور پردہ منع نہ کرنا یہی دلیل ہے اجازت کی اور جب میں تجھ کو منع کروں اسوقت آنا درست نہیں ۱۲ ترجمہ مشارق ملخصا ؔ میں ہوں میں ہوں اور سبب اسکی برا جاننے کا یہ ہے کہ اس سے ازالہ ابہام نہیں ہوتا پس چاہیے کہ اپنا نام یا لقب بیان کرے تا تشخص حاصل ہو کہ فلاں شخص ہے ۱۲ ؔ داخل ہوا میں یعنے آپکے گھر میں ۱۲ ؔ جا اہل صفہ کے پاس اہل صفہ کتنے ایک لوگ تھے فقراء مہاجرین اور انصار میں سے کہ مسجد میں رہتے تھے ایک چبوترہ پر اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بلانا کسیکا اذن چاہنے کو ساقط نہیں کرتا مگر یہ کہ زمانہ قریب ہو ۱۲ مرقاۃ ؔ بھیجا تھے میرے ہاتھ ؔ اور نہ سلام کیا میں نے یعنے داخل ہونیکے ؔ فرمایا آپؐ نے یعنے واسطے تعلیم کے ۱۲ ؔ پھر جا یعنے دروازہ پر ۱۲

السلام عليكم أأدخل رواه الترمذي وأبو داود (۲) **وعن** أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إذا دعي أحدكم فجاء مع الرسول فإن ذلك له إذن رواه أبو داود وفي رواية له قال رسول الرجل إلى الرجل إذنه (۳) **وعن** عبد الله بن بسر قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا أتى باب قوم لم يستقبل الباب من تلقاء وجهه ولكن من ركنه الأيمن أو الأيسر فيقول السلام عليكم السلام عليكم وذلك أن الدور لم يكن يومئذ عليها ستور رواه أبو داود وذكر حديث أنس قال عليه الصلوة والسلام السلام عليكم ورحمة الله في باب الضيافة

الفصل الثالث

(۱) **عن** عطاء بن يسار أن رجلا سأل رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال أستأذن على أمي فقال نعم فقال الرجل إني معها في البيت فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم استأذن عليها فقال الرجل إني خادمها فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم استأذن عليها أتحب أن تراها عريانة قال لا قال فاستأذن عليها رواه مالك مرسلا (۲) **وعن** علي قال كان لي من رسول الله صلى الله عليه وسلم مدخل بالليل ومدخل بالنهار فكنت إذا دخلت بالليل تنحنح لي رواه النسائي (۳) **وعن** جابر أن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تأذنوا لمن لم يبدأ بالسلام رواه البيهقي في شعب الإيمان

باب المصافحة والمعانقة الفصل

السلام علیکم کیا داخل ہوں مین روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے (۲) **ترجمہ** اور روایت ہی ابوہریرہؓ سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس وقت بلایا جاوے ایک تمہارا پس آوے ساتھ رسول[1] کے پس تحقیق آنا ہمراہ بلانیوالے کے واسطے اُسکے اذن ہی روایت کی یہ ابوداؤد نے اور بیچ ایک روایت ابوداؤد کے یون ہی کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آدمی بھیجا ہوا[2] ایک شخص کا طرف ایک شخص کے اذن اُسکا ہی (۳) **ترجمہ** اور روایت عبد اللہ بن بسرؓ سے کہا تھے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب آتے کسی شخص کے دروازہ پر تو نہ سامنے[3] کرتے دروازہ کے منہ اپنا ولیکن آتے طرف داہنے دروازہ کے یا بائیں اُسکے پھر کہتے سلام ہے تم پر سلام ہے تم پر اور یہ واسطے تھا کہ نہ تھے اُن دنون مین دروازون پر پردے روایت کی یہ ابوداؤد نے اور ذکر کی گئی حدیث انس کی کہ سرا اُسکا یہ ہے کہ فرمایا آنحضرت علیہ الصلوۃ والسلام نے السلام علیکم ورحمۃ اللہ بیچ باب ضیافت کی

فصل تیسری

(۱) **ترجمہ** روایت ہی عطا بن یسار سے یہ کہ ایک شخص نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پس کہا کیا اذن طلب کرون مین وقت جانیکے اپنی ماں کے پاس پس فرمایا کہ ہاں[4] پس کہا اس شخص نے کہ تحقیق مین ساتھ اُسکے رہتا ہون ایک گھر مین پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اذن طلب کر وقت جانیکے اُسکے پاس پس کہا اُس شخص نے کہ تحقیق مین خادم ہون اُسکا پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اذن مانگ وقت جانیکے اس پاس کیا دوست رکھتا ہی تو یہ کہ دیکھے اُسکو ننگا کہا نہیں فرمایا پس اذن طلب کر وقت جانیکے پاس اُسکے روایت کی یہ مالک نے طریق ارسال کے (۲) **ترجمہ** اور روایت ہی علیؓ سے کہ کہا تھا واسطے میرے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آنا رات کو اور آنا دن کو پس تھا مین جس وقت داخل ہوتا رات کو کھنکارتے[5] حضرت واسطے اذن میرے کے روایت کی یہ نسائی نے (۳) **ترجمہ** اور روایت ہی جابرؓ سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ اذن[6] دو آنیکا اُسکو جو کہ نہ ابتدا کرے ساتھ سلام کے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان مین

باب بیچ بیان[7] مصافحہ اور معانقہ کے

فصل

[1] یعنی آدمی ساتھ رسول کے یعنی بلانیوالے کے ۱۲ [2] آدمی بھیجا ہوا ایک شخص کا طرف ایک شخص کے الخ یعنی جس وقت کسی کو بلانے کے لیے بھیجا اور وہ اُسکے ساتھ آیا حاجت پروانگی مانگنے کی نہیں اور ابوہریرہؓ کی سابق حدیث مین اہل صفہ ابوہریرہ کے ساتھ نہ آئے ہونگے اس واسطے اذن چاہنے کے محتاج ہوئے بادب اذن چاہا ۱۲ مرقاۃ [3] نہ سامنے کرتے دروازے کے منہ اپنا یعنی تاکہ گھروالو پر نظر نہ جا پڑے اور یہ یعنی سامنے نہ آنا معلوم ہوا اگر دروازہ مین کواڑ لگے ہون یا پردہ پڑا ہو تو سامنے آنیکا مضایقہ نہیں لیکن سامنے نہ آنا اولی ہی برعایت اصل سنت کے ۱۲ [4] ہان یعنی اسلیے کہ بعض وقت کھلے ہوتے مین اسکو وہ اعضا کہ نہیں جائز بیٹے کو دیکھنا اُنکا ماں کا سا حکم اور محارم کا بھی ہے خواہ وہ نسبی ہون یا دودھ کے علاوہ کے یا سسرال کے سوا بیوی کے ۱۲ مرقاۃ [5] کھنکارتے الخ اس سے معلوم ہوا کہ علامت اذن کی رات کو کھنکارنا تھا ۱۲ لمعات مرقاۃ [6] نہ اذن دو الخ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو پہلے سلام نہ کہے اُسکو اذن دینا جائز نہیں اور وہ اذن پانیکا مستحق نہیں ہے اور باب کی حدیثون سے معلوم ہوا کہ بدون اجازت کسیکے گھر مین داخل ہونا جائز نہیں ہے ۱۲ [7] بیچ بیان مصافحہ اور معانقہ کے معانقہ کے معنے ہین ہاتھ مین ہاتھ لینا اور یہ سنت ہے وقت ملاقات کے اور چاہیے کہ دونون ہاتھ سے کرے ۱۲ لمعات مرقاۃ

الاول (١) **عن** قتادة قال قلت لانس اكانت المصافحة فی اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم قال نعم رواه البخاری
(٢) **وعن** ابی هریرة قال قبل رسول الله صلی الله علیه وسلم الحسن بن علی وعنده الاقرع بن حابس فقال الاقرع ان لی عشرة
من الولد ما قبلت منهم احدا فنظر الیه رسول الله صلی الله علیه وسلم ثم قال من لا یرحم لا یرحم متفق علیه وسنذکر حدیث
ابی هریرة اثم لکع فی باب مناقب اهل بیت النبی صلی الله علیه وعلیهم اجمعین ان شاء الله تعالی وذکر حدیث ام هانئ
فی باب الامان **الفصل الثانی** (١) **عن** البراء بن عازب قال قال النبی صلی الله علیه وسلم ما من مسلمین یلتقیان
فیتصافحان الا غفر لهما قبل ان یتفرقا رواه احمد والترمذی وابن ماجة وفی روایة ابی داود قال اذا التقی
المسلمان فتصافحا وحمدا الله واستغفراه غفر لهما (٢) **وعن** انس قال قال رجل یا رسول الله الرجل منا یلقی
اخاه او صدیقه اینحنی له قال لا قال افیلتزمه ویقبله قال لا قال افیاخذ بیده ویصافحه قال نعم رواه
الترمذی (٣) **وعن** ابی امامة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال تمام عیادة المریض ان یضع احدکم یده علی
جبهته او علی یده فیسأله کیف هو وتمام تحیاتکم بینکم المصافحة رواه احمد والترمذی وضعفه (٤) **وعن**
عائشة قالت قدم زید بن حارثة المدینة ورسول الله صلی الله علیه وسلم فی بیتی فاتاه فقرع الباب فقام الیه رسول الله

پہلی (١) ترجمہ روایت ہی قتادہ سی کہ کہا مینے واسطے انس رضی اللہ عنہ کے کیا تہا مصافحہ بیچ یاروں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا کہ ہان روایت
کی یہ بخاری نے (٢) ترجمہ اور روایت ہی ابوہریرہ سی کہ کہا بوسہ لیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حسن بن علی کا اور تہے نزدیک حضرت کے اقرع
بن حابس صحابی پس کہا اقرع نے کہ تحقیق میرے دس بیٹے ہین نہین بوسہ لیا مینے انمین سی کسیکا پس دیکھا طرف اُسکی رسول اللہ صلی اللہ علیہ و
سلم نے پہر فرمایا جو شخص نہین مہربانی کرتا نہین رحم کیا جاتا متفق علیہ اور ذکر کرینگے ہم حدیث ابوہریرہ کی کہ سرا اُسکا یہ ہے اثم لکع بیچ باب
مناقب اہل بیت نبی صلی اللہ علیہ وسلم و علیہم اجمعین کے اگر چاہیگا اللہ تعالی اور ذکر کی گئی حدیث ام ہانی کی بیچ باب الامان کے فصل
دوسری (١) ترجمہ روایت ہی براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین دو مسلمان کہ ملاقات کرین اور مصافحہ کرین
مگر کہ بخشش کیجاتی ہے واسطے اُن دونون کے پہلے جدی ہونے سی روایت کی یہ احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور بیچ روایت ابوداؤد کے یون
ہے کہ فرمایا حضرت نے جس وقت ملین دو مسلمان اور مصافحہ کرین اور حمد کرین اللہ کی اور بخشش چاہین اللہ سی بخشش کیجاتی ہے واسطے اُن دونو
کے (٢) ترجمہ اور روایت ہی انس رضی اللہ عنہ سے کہ کہا کہا ایک آدمی نے یا رسول اللہ ایک شخص ہم مین سی ملتا ہے مسلمان بہائی اپنے سی یا دوست
اپنے سے کیا جہکے واسطے اُسکے فرمایا کہ نہین کہا اُس شخص نے کیا گلے لگے اُس سے اور بوسے اُسکا فرمایا کہ نہین کہا اُس شخص نے کیا پکڑے
ہاتہ اُسکا اور مصافحہ کرے اُس سی فرمایا کہ ہان روایت کی یہ ترمذی نے (٣) ترجمہ اور روایت ہی ابوامامہ سی کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا پورا پوچھنا بیمار کا یہ ہے کہ رکہے ایک تمہارا ہاتہ اپنا اُسکی پیشانی پر یا اُسکے ہاتہ پر پہر پوچھے اُس سے کہ کیسا ہے وہ اور
پوری سلام تمہاری کہ آپس مین کرتے ہو مصافحہ ہے روایت کی یہ احمد اور ترمذی نے اور ضعیف کہا اسکو (٤) ترجمہ اور روایت ہے
عائشہ رضی اللہ عنہا سی کہ آئے زید بن حارثہ مدینہ مین اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تہے میرے گہر مین پس آئے زید حضرت کے پاس اور کہٹکہٹایا دروازہ
پس کہڑے ہوے اور چلے طرف اُسکی رسول خدا

ف نہین مہربانی کرتا یعنے خلق خدا پر یا اولاد پر تو اللہ بہی اُسپر رحمت نہین کرتا ۱۲ ف کہ ملاقات کرین اور مصافحہ
کرین یعنے آپس مین ایک حدیث مرفوع مین آیا ہے کہ جب دو مسلمان آپس مین مصافحہ کرین تو اُنپر سو رحمتین نازل ہوتی ہین نوی ابتدا کرنے والے پر اور دس دوسرے پر ۱۲
ف کیا گلے لگے اُسکے الخ اسحدیث سی معلوم ہوا کہ ملاقات کے وقت پیٹہ جہکانا مکروہ ہے اور اسیطرح گلے لگنا اور بوسہ لینا بہی مکروہ ہے اور معانقہ کرنے کی جو حدیث
جو آئی ہے تو وہ محمول ہے ابتدا پر یا جو معانقہ بطور شہوت کے ہو وہ مکروہ ہے اور جو بطور کرامت کی سو وہ مشروع ہے ۱۲

صلى الله عليه وسلم عريانا يجر ثوبه والله ما رأيته عريانا قبله ولا بعده فاعتنقه وقبله رواه الترمذي (۵) **وعن** أيوب بن بشير عن رجل من عنزة أنه قال قلت لأبي ذر هل كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصافحكم إذا لقيتموه قال ما لقيته قط إلا صافحني وبعث إلي ذات يوم ولم أكن في أهلي فلما جئت أخبرت فأتيته وهو على سرير فالتزمني فكانت تلك أجود وأجود رواه أبو داود (۶) **وعن** عكرمة بن أبي جهل قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم جئته مرحبا بالراكب المهاجر رواه الترمذي (۷) **وعن** أسيد بن حضير رجل من الأنصار قال بينما هو يحدث القوم وكان فيه مزاح بينا يضحكهم فطعنه النبي صلى الله عليه وسلم في خاصرته بعود فقال أصبرني قال اصطبر قال إن عليك قميصا وليس علي قميص فرفع النبي صلى الله عليه وسلم عن قميصه فاحتضنه وجعل يقبل كشحه قال إنما أردت هذا يا رسول الله رواه أبو داود (۸) **وعن** الشعبي أن النبي صلى الله عليه وسلم تلقى جعفر بن أبي طالب فالتزمه وقبل ما بين عينيه رواه أبو داود والبيهقي في شعب الإيمان مرسلا وفي بعض نسخ المصابيح وفي شرح السنة عن البياضي متصلا (۹) **وعن** جعفر بن أبي طالب في قصة رجوعه من أرض الحبشة قال فخرجنا حتى أتينا المدينة

صلے اللہ علیہ وسلم ننگے بدن کھینچتے ہوئے کپڑا اپنا قسم خدا کی نہیں دیکھا مین نے انکو ننگا پہلے اسکے اور نہ پیچھے اس کے پس گلے سے لگایا زید کو اور بوسہ لیا اُن کا روایت کی یہ ترمذی نے (۵) ترجمہ اور روایت ہے ایوب بن بشیر سے کہ روایت کی ایک شخص سے کہ بنو عنزہ سے تہا یہ کہ اُس نے کہا کہ کہا مینے واسطے ابوذر کے کہ کیا تہے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم مصافحہ کرتے تم سے جسوقت کہ ملتے تم اُنسے کہا ابوذر نے نہیں ملاقات کی مینے اُن سے کبھی مگر کہ مصافحہ کیا آپنے مجھ سے اور بہیجا میرے پاس ایکدن اور نہ تہا مین اپنے گہر مین پس جب آیا مین خبر دیا گیا مین پس آیا مین حضرت کے پاس اور حضرت بیٹھے ہوئے تہے تخت پر پس گلے سے لگایا مجھ کو پس ہوا یہ لگانا بہتر اور بہتر روایت کی یہ ابوداؤد نے (۶) ترجمہ اور روایت ہے عکرمہ بیٹے ابوجہل کے سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اسدن کہ آیا مین انکے پاس خوش وقتی ہے سوار ہجرت کرنیوالے کو روایت کی یہ ترمذی نے (۷) ترجمہ اور روایت ہے اسید بیٹے حضیر کے سے کہ ایک شخص تہا انصار مین سے کہا راوی نے اسوقت کہ اسید باتین کرتے تہے قوم سے اور تہی انکی مزاج مین خوش طبعی اسوقت کہ ہنسا رہے تہے اسید قوم کو پس چبہو دیا انکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے بیچ پہلو اُن کے کے ساتھ لکڑی کے پس کہا اُس نے بدلہ دو مجھ کو فرمایا حضرت نے کہ بدلہ لے مجھ سے کہا اُس نے کہ تحقیق آپکے بدن مبارک پر کرتہ ہے اور نہ تہا میرے بدن پر کرتہ پس اُٹھایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کرتہ اپنا پس چمٹ گیا وہ حضرت سے اور شروع کیا بوسہ دینا حضرت کے پہلو پر کہا اُس نے کہ سوا اسکے نہیں کہ ارادہ کیا تہا مینے یہ یا رسول اللہ روایت کی یہ ابوداؤد نے (۸) ترجمہ اور روایت ہے شعبی سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم ملے جعفر بن ابی طالب سے پس گلے سے لگایا انکو اور بوسہ دیا درمیان آنکھوں انکی کے روایت کی یہ ابوداؤد نے اور بیہقی نے شعب الایمان مین بطریق ارسال کے اور بیچ بعضے نسخوں مصابیح کے اور شرح السنہ مین بیاضی سے بطریق اتصال کے ہے (۹) ترجمہ اور روایت ہے جعفر بن ابی طالب سے بیچ قصہ پہرنے انکے کے حبشہ کی زمین سے کہا پس نکلے ہم یہانتک کہ آئے ہم مدینہ مین

ف ننگے بدن یعنے ستر بند کے اور کپڑا بدن مبارک پر نہ تہا ۱۲ ف کپڑا اپنا یعنے چادر ۱۲ ف نہیں دیکھا مینے انکو الخ یعنے وقت استقبال کسیکے ساتھ اس طرح کے شوق کے ننگے بدن جاتے نہیں دیکھا ۱۲ حق ف پس گلے سے لگایا الخ اس حدیث اور حدیث جعفر سے معلوم ہوا کہ معانقہ اور بوسہ لینا درست ہے اور مختار یہی ہے کہ معانقہ وقت آنے کے سفر سے جائز ہے بلا کراہت ۱۲ لمعات ف اس دن کہ آیا مین انکے پاس یعنے سال فتح مین واسطے بیعت اسلام کے ۱۲ حق ف اس سے معلوم ہوا کہ خوش طبعی کرنی اور ہنسانا مسلمانکا مباح ہے اگر اُس مین کوئی چیز ممنوع شرعی نہ ہو ۱۲ لمعات ف اور نہ تہا میرے بدن پر کپڑا الخ یعنے اگر مین کرتے کے اوپر سے چبہوؤنگا تو پورا بدلا ادا نہین ہوگا ۱۲ ف معلوم ہوا کہ معانقہ مین گلے لگنا سفر سے آنے کے سوا اور حالت مین بہی درست ہے واسطے محبت کے ۱۲

ثم لقانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاعتنقنی ثم قال ما ادری انا بفتح خیبر افرح ام بقدوم جعفر ووافق ذلک فتح خیبر رواہ فی شرح السنۃ (۱۰) **وعن** زارع وکان فی وفد عبد القیس قال لما قدمنا المدینۃ فجعلنا نتبادر من رواحلنا فنقبل ید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ورجلہ رواہ ابوداؤد (۱۱) **وعن** عائشۃ قالت ما رأیت احدا کان اشبہ سمتا وھدیا ودلا وفی روایۃ حدیثا وکلاما برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من فاطمۃ کانت اذا دخلت علیہ قام الیھا فاخذ بیدھا فقبلھا واجلسھا فی مجلسہ وکان اذا دخل علیھا قامت الیہ فاخذت بیدہ فقبلتہ واجلستہ فی مجلسھا رواہ ابوداؤد (۱۲) **وعن** البراء قال دخلت مع ابی بکر اول ما قدم المدینۃ فاذا عائشۃ ابنتہ مضطجعۃ قد اصابھا حمی فاتاھا ابوبکر فقال کیف انت یا بنیۃ وقبل خدھا رواہ ابوداؤد (۱۳) **وعن** عائشۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اتی بصبی فقبلہ فقال اما انھم مبخلۃ مجبنۃ وانھم لمن ریحان اللہ رواہ فی شرح السنۃ

الفصل الثالث

(۱) **عن** یعلی قال ان حسنا وحسینا استبقا الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فضمھما الیہ وقال ان الولد مبخلۃ مجبنۃ رواہ احمد (۲) **وعن** عطاء الخراسانی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال تصافحوا یذھب الغل وتھادوا تحابوا وتذھب

پس ملے ہمسے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم پس گلے سے لگایا مجکو پھر فرمایا نہین جانتا مین کہ ساتھ فتح خیبر کے زیادہ خوش ہوون مین یا ساتھ آنے جعفر کے اور اتفاق یہی ہوا آنا جعفر کا دن فتح خیبر کے روایت کیا اسکو البغوی نے شرح السنۃ مین (۱۰) ترجمہ اور روایت ہے زارع سے اور تھے وہ بیچ ایلچیون عبدالقیس کے کہا جبکہ آئے ہم مدینہ مین پس شروع کیا ہمنے کہ جلدی کرتے تھے اترنے مین سواریون اپنی سے پس بوسہ دیا ہمنے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ہاتھونپر اور پاؤنپر روایت کی یہ ابوداؤد نے (۱۱) ترجمہ اور روایت ہے عائشہ سے کہ کہا نہین دیکھا مینے کسی کو کہ بہت مشابہ ہو طریقہ مین اور روش مین اور نیک خصلتی مین اور بیچ ایک روایت کے بات کرنے مین اور کلام کرنے مین ساتھ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے حضرت فاطمہ سے تہین فاطمہ جسوقت داخل ہوتین حضرت کے پاس کھڑے ہوجاتے حضرت اور متوجہ ہوتے طرف انکی پھر پکڑتے ہاتہ انکا اور بوسہ لیتے انکا اور بٹھاتے انکو بیچ جگہ بیٹھنے اپنے کے اور تھے حضرت جس وقت کہ آتے حضرت فاطمہ کے پاس کھڑی ہوجاتین طرف حضرت کی اور پکڑتین ہاتہ حضرت کا اور بوسہ لیتین انکا اور بٹھلاتین انکو اپنی جگہہ روایت کی یہ ابوداؤد نے (۱۲) ترجمہ اور روایت ہے براء سے کہ کہا گیا مین ساتھ ابوبکر کے بیچ ابتداء آنے انکے مدینے مین پس ناگہان دیکھا مینے عائشہ بیٹی ابوبکر کی لیٹی ہوئی ہین اس حال مین کہ تحقیق انکو پہونچی تھی تپ پس آئے انکو پاس ابوبکر صدیق اور کہا کہ کیسی ہے تو اے بیٹی میری اور بوسہ دیا انکو رخسارہ پر روایت کی یہ ابوداؤد نے (۱۳) ترجمہ اور روایت ہے عائشہ سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا ایک لڑکا پس بوسہ لیا اسکا حضرت نے اور فرمایا آگاہ ہو کہ تحقیق یہ اولاد باعث ہے بخل کی اور سبب ہے نامردی کی اور تحقیق یہ رزق اور نعمت خدا کی ہے روایت کی یہ بغوی نے شرح السنۃ مین

فصل تیسری (۱) ترجمہ روایت ہے یعلے سے کہ کہا تحقیق حسن اور حسین دوڑ کر آئے طرف پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس گلے لگایا ان دونون کو حضرت نے اور فرمایا کہ تحقیق فرزند سبب ہے بخل کا اور سبب ہے نامردی کا روایت کی یہ احمد نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے عطاء خراسانی سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مصافحہ کرو آپس مین جاتا رہیگا کینہ اور ہدیہ بھیجو آپسمین محبت ہوگی اور جاتی رہیگی

لے اور پاؤن پر اس حدیث سے معلوم ہوا کہ چومنا پاؤن کا جائز ہے لیکن فقہا اسکو منع کرتے ہین اور وہ کہتے ہین کہ حضرت کا خاصہ ہے اور کو جائز نہین ہے لمعات وغیرہ ۲ے یعنے حضرت فاطمہ ان امور مین بہت مشابہ تہین ساتھ آنحضرت کے ۳ے اور بوسہ لیتے انکا یعنے دونون آنکھون کے درمیان مین بوسہ پانچطرح ہے ایک بوسہ مودت کا اور وہ بوسہ والدین کا ہے لڑکے کے رخسار پر اور دوسرا بوسہ رحمت کا اور وہ بوسہ اولاد کا ہے والدین کے سر پر تیسرا بوسہ شہوت کا اور وہ بوسہ خاوند کا ہے اپنی بی بی کے منہ پر چوتھا بوسہ تحیت کا ہے یعنے دعا خیر کا اور وہ مسلمانون کا بوسہ ہے آپس مین پانچوان بوسہ بہن کا ہے بھائی کی پیشانی پر لمعات ۴ے ابتدا آنے انکے مدینے مین یعنے کسی جنگ سے ۵ے یہ اولاد باعث ہے الخ یعنے اولاد کے سبب سے آدمی بخل کرتا ہے کہ کسیکو کچھ دیتا نہین اسلئے کہ سبب نامردی بھی کرتا ہے کہ جہاد مین نہین جاتا بخوف ہلاکت

الشحناء رواه مالك مرسلا (۳) وعن البراء بن عازب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صلى اربعا قبل الهاجرة فكانما صلاهن في ليلة القدر والمسلمان اذا تصافحا لم يبق بينهما ذنب الا سقط رواه البيهقي في شعب الايمان باب القيام الفصل الاول (۱) عن ابي سعيد الخدري قال لما نزلت بنو قريظة على حكم سعد بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم اليه وكان قريبا منه فجاء على حمار فلما دنا من المسجد قال رسول الله صلى الله عليه وسلم للانصار قوموا الى سيدكم متفق عليه ومضى الحديث بطوله في باب حكم الاسراء (۲) وعن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا يقيم الرجل الرجل من مجلسه ثم يجلس فيه ولكن تفسحوا وتوسعوا متفق عليه (۳) وعن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من قام من مجلسه ثم رجع اليه فهو احق به رواه مسلم الفصل الثاني (۱) عن انس قال لم يكن شخص احب اليهم من رسول الله صلى الله عليه وسلم وكانوا اذا راوه لم يقوموا لما يعلمون من كراهيته لذلك رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح (۲) وعن معاوية قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من سره ان يتمثل له الرجال قياما فليتبوأ مقعده من النار رواه الترمذي وابو داود (۳) وعن ابي امامة قال خرج

دشمنی روایت کی یہ مالک نے بطریق ارسال کے (۳) ترجمہ اور روایت ہے براء بیٹے عازب کے سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پڑہے چار رکعتیں پہلے دوپہر کے پس گویا کہ پڑہیں وہ رکعتیں شب قدر میں اور دو مسلمان جسوقت کہ مصافحہ کریں آپسمیں نہیں باقی رہتا درمیان اُن دونوں کے کوئی گناہ مگر جہڑ جاتا ہے[لہ] روایت کی یہ بیہقی نے شعب الایمان میں باب بیچ بیان کہڑے ہونیکے فصل پہلی (۱) ترجمہ روایت ہے ابو سعید خدری سے کہ کہا جب اُتری بنو قریظہ اوپر حکم سعد کے بہیجا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کسی کو طرف سعد بن معاذ کی اور تہے سعد قریب آنحضرت کے پس آئے سعد گدہے پر سوار ہو کر پس جب نزدیک پہونچے سعد مسجد سے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے واسطے انصار کے کہڑے ہوؤ تم طرف سردار اپنے کی روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور گذری حدیث تمامہ بیچ باب حکم قیدیوں کے (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمر سے اُس نے نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہ اُٹہاوے کوئی آدمی کسی شخص کو جگہہ بیٹہنے اُسکی سے پہر آپ بیٹہہ جاوے جگہہ اُسکی میں و لیکن فراخ کرو جگہہ کو اور جگہہ دو آنے والے کو روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ اُٹہے اپنی جگہہ بیٹہنے کی سے پہر پہرے طرف اُسکی پس وہ احق ہے ساتہ اُس جگہہ کے روایت کی یہ مسلم نے فصل دوسری (۱) ترجمہ روایت ہے انس سے کہ کہا نہ تہا کوئی شخص بہت محبوب طرف صحابہ کے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور تہے وہ جسوقت کہ دیکہتے حضرت کو نہ کہڑے ہوتے بسبب اسکے کہ جانتے تہے وہ ناخوش کہنا آنحضرت کا اُسکو روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے (۲) ترجمہ اور روایت ہے معاویہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس شخص کو خوش کرے یہ کہ کہڑے رہیں آگے اُسکے لوگ کہڑے رہنے کر پس چاہیے کہ تیار کرے جگہہ بیٹہنے اپنے کی دوزخ سے روایت کی یہ ترمذی اور ابو داؤد نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے ابو امامہ سے کہ کہا نکلے

لہ مگر کہ جہڑ جاتا ہے الخ ظاہر یہ کہ گناہ ہوں سے غلام گناہ میں اور طیبی نے کہا کہ مراد گناہ سے وہی کینہ اور دشمنی ہے جیسی کہ پہلی حدیث سے معلوم ہوتا ہے ۱۲ لمعات لہ کہڑے ہو تم الخ بنو قریظہ ایک قوم تہی یہود کی حضرت سے اُنہوں نے عہد شکنی کی حضرت نے انکا قلعہ گہیر لیا وے لوگ اس بات پر راضی ہوئے کہ سعد بن معاذ جو ہمارے حق میں تجویز کریں سو ہمکو قبول سعد زخمی تہے حضرت نے انکو بلا بہیجا گدہے پر سوار ہو کر آئے تب حضرت نے انصار سے یہ حدیث فرمائی سعد نے انکو قتل کرنیکا حکم دیا چنانچہ اس قوم کے مرد قتل ہوئے اور عورتیں لڑکے لونڈی غلام ہوئے بعضے علماء نے کہا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سردار اور علماء کی تعظیم کے واسطے قیام کرنا درست ہے اور بعضوں نے جواب دیا ہے کہ یہ قیام تعظیم کے واسطے نہ تہا بلکہ سعد زخمی تہے انکو سنبہالنے کے واسطے حضرت نے قیام کا حکم کیا تہا چنانچہ دوسری حدیث میں آیا ہے کہ ایک دوسرے کے واسطے نہ قیام کیا کرو جیسے عجم کے لوگ کرتے ہیں ۱۲ ترجمہ مشارق مترجم لہ اسکے معنے یہ ہیں کہ جو جہاں آکر بیٹہا اُسکو اُٹہانا اپنے بیٹہنے کے واسطے نہیں درست لیکن یہ کہنا درست ہے کہ کہل بیٹہو صاحبو تاکہ سب کو جگہ ہو جاوے ۱۲ ترجمہ مشارق مترجم لہ اسکو بیٹہنے کو جگہ دینا ہوگی اور حضرت ناخوش ہوتے تہے کہڑے ہونیکو واسطے اُنکے

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُتَّکِئًا عَلٰی عَصًا فَقُمْنَا لَہٗ فَقَالَ لَا تَقُوْمُوْا کَمَا یَقُوْمُ الْاَعَاجِمُ یُعَظِّمُ بَعْضُہَا بَعْضًا رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ (۴) **وَعَنْ** سَعِیْدِ بْنِ اَبِی الْحَسَنِ قَالَ جَاءَنَا اَبُوْبَکْرَۃَ فِیْ شَہَادَۃٍ فَقَامَ لَہٗ رَجُلٌ مِّنْ مَّجْلِسِہٖ فَاَبٰی اَنْ یَّجْلِسَ فِیْہِ وَقَالَ اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَہٰی عَنْ ذَا وَنَہَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ یَّمْسَحَ الرَّجُلُ یَدَہٗ بِثَوْبِ مَنْ لَّمْ یَکْسُہٗ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ (۵) **وَعَنْ** اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا جَلَسَ وَجَلَسْنَا حَوْلَہٗ فَقَامَ فَاَرَادَ الرُّجُوْعَ نَزَعَ نَعْلَہٗ اَوْ بَعْضَ مَا یَکُوْنُ عَلَیْہِ فَیَعْرِفُ ذٰلِکَ اَصْحَابُہٗ فَیَثْبُتُوْنَ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ (۶) **وَعَنْ** عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَحِلُّ لِرَجُلٍ اَنْ یُّفَرِّقَ بَیْنَ اثْنَیْنِ اِلَّا بِاِذْنِہِمَا رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ (۷) **وَعَنْ** عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَجْلِسْ بَیْنَ رَجُلَیْنِ اِلَّا بِاِذْنِہِمَا رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ (۸)

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

(۱) **عَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَجْلِسُ مَعَنَا فِی الْمَسْجِدِ یُحَدِّثُنَا فَاِذَا قَامَ قُمْنَا قِیَامًا حَتّٰی نَرَاہُ قَدْ دَخَلَ بَعْضَ بُیُوْتِ اَزْوَاجِہٖ (۲) **وَعَنْ** وَاثِلَۃَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تکیہ کیے ہوئے اوپر عصا کے پس کھڑے ہوے ہم واسطے حضرت کے پس فرمایا کہ نہ کھڑے ہو جیسے کھڑے ہوتے ہین عجمی تعظیم کرتا ہے بعض انکا بعض کی روایت کی یہ ابوداؤد نے (۴) ترجمہ اور روایت ہے سعید بیٹے ابوالحسن کے سے کہ کہا آئے ہمارے پاس ابوبکرہ واسطے اداے شہادت کے پس کھڑا ہوا واسطے تعظیم انکی کے ایک شخص جگہ اپنی سے پس انکار کیا ابوبکرہ نے بیٹھنے سے اس جگہ مین اور کہا کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے اس سے اور منع کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہ پونچھے آدمی ہاتھ اپنا ساتھ کپڑے اس شخص کے کہ نہین پہنایا اسکو کپڑا روایت کی یہ ابوداؤد نے (۵) ترجمہ اور روایت ہے ابوالدرداء سے کہ کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت کہ بیٹھتے اور بیٹھتے ہم گرد ان کے پہر اٹھتے اور ارادہ رکھتے پہر آنیکا تو اتار جاتے پاپوش اپنی یا چھوڑ جاتے بعض وہ چیز کہ ہوتی بدن مبارک پر پس پہچانتے ساتھ اس کے اصحاب حضرت کے پہر آنا آپ کا پس ٹھیرے رہتے وہ روایت کی یہ ابوداؤد نے (۶) ترجمہ اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہ روایت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں حلال ہے کسی شخص کو یہ کہ جدائی ڈالے درمیان دو شخصون بیٹھے ہوؤن کے مگر ساتھ اذن انکے کے روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے (۷) ترجمہ اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اور انہوں نے روایت کی اپنے دادا سے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت بیٹھ درمیان دو شخصون کے مگر ساتھ اذن انکے روایت کی یہ ابوداؤد نے فصل تیسری (۱) ترجمہ روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا تھے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم بیٹھتے ساتھ ہمارے مسجد مین باتین کرتے ہم سے پس جس وقت اٹھتے کھڑے ہوتے ہم کھڑے ہوتا یہانتک کہ دیکھتے ہم آپ کو کہ داخل ہوے بعضے گھرون بیویون اپنی کے مین (۲) ترجمہ اور روایت ہے واثلہ

ف جیسے کھڑے ہوتے ہین الخ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اصل قیام ممنوع نہین جیسا کہ بعض حدیثون مین آیا ہے بلکہ جو بطور تکبر اور عظمت شان کے ہو ۱۲ لمعات ف واسطے ادای شہادت کے یعنے ایک قضیہ مین کہ گواہ تھے وہ اس مین ۱۲ ف جگہ اپنی سے یعنے تاکہ وہان بیٹھین ۱۲ ف اس سے یعنے بیٹھنے سے اس جگہ مین کہ اٹھے اس سے کوئی اور منع کیا پیغمبر الخ یعنے اگر ہاتھ طعام وغیرہ مین بہرا ہوا ہو تو کسی اجنبی کے کپڑے سے نہ پونچھے اور اگر غلام یا فرزند یا خادم اسکا ہو کہ اس نے کپڑا اسکو دیا ہے اس کے کپڑے سے پونچھے تو مضایقہ نہین اور ظاہر تر یہ ہے کہ اگر اجنبی بہی راضی ہو اس کے پونچھنے سے تو جائز ہے انکو یہ اور اسیطرح اگر جانے کہ کوئی اپنی جگہ سے اپنی مرضی سے اٹھتا ہے تو اسکی جگہ بیٹھنا منع نہین ہے اور آیت تفسحوا فی المجالس اور حدیث صدر المجلس احق بصاحبہا اللا اذا اذن اسپر دلیل ہین اور ابوبکرہ صحابی نے جو انکار کیا تو سبب تہا کہ یا تو ان کو شک ہوگا اس شخص کی رضا مین کہ شاید وہ کسی کے کہنے سے اٹھا ہو یا بسبب حیا کے یا احتیاط کے اور حمل کیا انہون نے حدیث کو اطلاق پر مرقاۃ ف پہر اٹھتے یعنے گھر مین جانے کے لیے ۱۲ ف اتار جاتے پاپوش اپنی یعنے اور اسکو بیٹھنے جگہ پر رکہ جاتے ۱۲ ف بعض وہ چیز الخ یعنے چادر وغیرہ ۱۲ ف نہین الخ یعنے انکو بیچ مین آکے بیٹھے اسلیے کہ کبھی ہوتی ہے ان مین محبت اور خفیہ باتین کرنی منظور ہوتی ہین ۱۲ مرقاۃ لمعات ف کھڑے رہتے یعنے بسبب برخاست ہونی مجلس کے نہ واسطے تعظیم حضرت کے اسلیے کہ صحابہ نہین کھڑے ہوتے تھے وقت تشریف لانے حضرت کے لیکن کھڑے رہتے جو وقت جانے کے اور دیر تک کھڑے رہنا شاید اسلیے ہوا ہو گا کہ وہ منتظر اسکے رہتے ہونگے کہ حضرت

ابن الخطاب قال دخل رجل الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو فی المسجد قاعد فتزحزح لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال الرجل یا رسول اللہ ان فی المکان سعۃ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان للمسلم لحقا اذا راٰہ اخوہ ان یتزحزح لہ رواھما البیھقی فی شعب الایمان

باب الجلوس والنوم والمشی

الفصل الاول (۱) **عن** ابن عمر قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بفناء الکعبۃ محتبیا بیدیہ رواہ البخاری (۲) **وعن** عباد بن تمیم عن عمہ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی المسجد مستلقیا واضعا احدی قدمیہ علی الاخری متفق علیہ (۳) **وعن** جابر قال نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یرفع الرجل احدی رجلیہ علی الاخری وھو مستلق علی ظھرہ رواہ مسلم (۴) **وعنہ** ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یستلقین احدکم ثم یضع احدی رجلیہ علی الاخری رواہ مسلم (۵) **وعن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بینما رجل یتبختر فی بردین وقد اعجبتہ نفسہ خسف بہ الارض فھو یتجلجل فیھا الی یوم القیمۃ متفق علیہ

الفصل الثانی

(۱) **عن** جابر بن سمرۃ قال رأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم متکئا علی وسادۃ علی یسارہ رواہ الترمذی (۲) **وعن** ابی سعید الخدری قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا جلس فی المسجد احتبی بیدیہ رواہ رزین (۳) **وعن** قیلۃ

ابن خطاب سے کہ کہا آیا ایک شخص رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اُس حال مین کہ آپ مسجد مین بیٹھے تھے پس حرکت کی اُسکے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پس کہا اُس شخص نے یا رسول اللہ تحقیق مکان مین فراخی ہے[لے] پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق واسطے مسلمان کے حق ہے جب دیکھے اُسکو بھائی مسلمان اُسکا حرکت کرے[لے] واسطے اُسکے روایت کین یہ دونو حدیثین بیہقی نے شعب الایمان مین باب ہے بیچ بیان بیٹھنے اور سونے اور چلنے کے **فصل پہلی** (۱) ترجمہ روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ کہا دیکھا مینے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو بیچ صحن خانہ کعبہ کے بیٹھے ہوئے گوٹ مارے ساتھ[لے] ہاتھون اپنے کے روایت کی یہ بخاری نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے عباد بن تمیم سے کہ روایت کی اس نے چچا اپنے سے کہا اُسنے کہ دیکھا مینے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد مین چت لیٹے ہوئے رکھنے والے ایک قدم اپنا دوسرے قدم پر روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے جابرؓ سے کہ کہا منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہ اُٹھاوے مرد ایک پاون اپنا دوسرے پاؤن پر اُس حال مین کہ وہ لیٹا ہوا ہے پیٹھ پر روایت کی یہ مسلم نے (۴) ترجمہ اور روایت ہے جابرؓ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ چت لیٹے[لے] ایک تمہارا پھر رکھے ایک پاون اپنا دوسرے پاؤن پر روایت کی یہ مسلم نے (۵) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اُسوقت کہ ایک شخص اتراتا اور اکڑتا چلتا تہا بیچ دو کپڑون خط دار کے اور تحقیق عجب مین ڈالا تہا اُسکو نفس اُسکے نے[لے] دھنسایا گیا زمین مین پس وہ شخص حرکت کرتا ہوا چلا جاتا ہے زمین مین قیامت کے دن تک روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے **فصل دوسری** (۱) ترجمہ روایت ہے جابر بن سمرہؓ سے کہ کہا جابر نے دیکھا مینے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو تکیہ لگائے بیٹھے ہوئے اوپر تکیہ کے کہ رکھا تہا بائین طرف آپکے روایت کی یہ ترمذی نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابو سعید خدریؓ سے کہ کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بیٹھتے مسجد مین گوٹ کرتے ساتھ دونون ہاتھون اپنے کے روایت کی یہ رزین نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے قیلہؓ

لے مکان مین فراخی ہے الخ یعنے پس کیون تکلیف فرمائی آپنے حرکت کرنیکی ۱۲ لے کہ حرکت کرے الخ یعنے قطع نظر تنگی اور فراخی جگہہ سے حرکت کرنا اور ایک طرف ہوجانا جگہہ و بقصد اکرام بھائی مسلمان کے حق ہے ۱۲ مظاہر حق لے گوٹ مارے ساتھ الخ اپنے کے ہیئت اس نشست کی یہ ہے کہ دونو زانو کہڑے رکھے اور چوتڑ زمین پر رکھے اور دونو ہاتھ سے پنڈلیون پر حلقہ کرے خواہ سرین زمین پر رکھے یا نہ رکھے اور کبھی کپڑے سے بھی حلقہ کرتے ہین مانند دوپٹے وغیرہ کی اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اس طرح بیٹھنا جائز بلکہ مستحب ہے ۱۲ لمعات و مرقاۃ لے نہ چت لیٹے ایک تمہارا پھر رکھے ایک پاؤن اپنا دوسرے پاؤن پر کہ اس سے بعض اوقات ستر کھلجاتا ہے اور اس سے تطبیق ہوجاتی ہے درمیان اس حدیث کے اور درمیان حدیثون نہی کے کہ آگے آتی ہے اور اسطرح آپ کبھی کبھی بیٹھتے تھے واسطے بیان جواز کے ۱۲ مرقاۃ لے دھنسایا گیا الخ اس سے معلوم ہوا کہ تکبر اور افتخار اور اترانا اور اکڑ کر چلنے کا بد انجام ہے ۱۲

بِنْتِ مَخْرَمَةَ اَنَّهَا رَاَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْمَسْجِدِ وَهُوَ قَاعِدٌ الْقُرْفُصَاءَ قَالَتْ فَلَمَّا رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَخَشِّعَ اُرْعِدْتُ مِنَ الْفَرَقِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ (۳) وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّی الْفَجْرَ تَرَبَّعَ فِیْ مَجْلِسِهٖ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ حَسْنَاءَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ (۴) وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا عَرَّسَ بِلَیْلٍ اِضْطَجَعَ عَلٰی شِقِّهِ الْاَیْمَنِ وَاِذَا عَرَّسَ قُبَیْلَ الصُّبْحِ نَصَبَ ذِرَاعَهٗ وَوَضَعَ رَاْسَهٗ عَلٰی کَفِّهٖ رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ (۵) وَعَنْ بَعْضِ اٰلِ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَ کَانَ فِرَاشُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوًا مِّمَّا یُوْضَعُ فِیْ قَبْرِهٖ وَکَانَ الْمَسْجِدُ عِنْدَ رَاْسِهٖ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ (۶) وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ رَاٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مُّضْطَجِعًا عَلٰی بَطْنِهٖ فَقَالَ اِنَّ هٰذِهٖ ضِجْعَةٌ لَّا یُحِبُّهَا اللّٰهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ (۷) وَعَنْ یَعِیْشَ بْنِ طِخْفَةَ بْنِ قَیْسٍ الْغِفَارِیِّ عَنْ اَبِیْهِ وَکَانَ مِنْ اَصْحَابِ الصُّفَّةِ قَالَ بَیْنَمَا اَنَا مُضْطَجِعٌ مِّنَ السَّحَرِ عَلٰی بَطْنِیْ اِذَا رَجُلٌ یُّحَرِّکُنِیْ بِرِجْلِهٖ فَقَالَ اِنَّ هٰذِهٖ ضِجْعَةٌ یُّبْغِضُهَا اللّٰهُ فَنَظَرْتُ فَاِذَا هُوَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ (۸) وَعَنْ عَلِیِّ بْنِ شَیْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ بَاتَ عَلٰی ظَهْرِ بَیْتٍ لَّیْسَ عَلَیْهِ حِجَابٌ وَفِیْ رِوَایَةٍ حِجَارٌ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ الذِّمَّةُ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَفِیْ مَعَالِمِ السُّنَنِ لِلْخَطَّابِیِّ حِجِیٌّ (۹) وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ

بیٹی مخرمہ کی ہی کہ تحقیق دیکھا اُس نے رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کو مسجد مین بیٹھے بہیئت قرفصا کے کہا قیلہؓ نے پس جبکہ دیکھا مینے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فروتن کانپ گئی مین مارے ہیبت کے روایت کی یہ ابوداؤد نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہ کہا تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم جسوقت نماز پڑھ چکتے فجر کی چارزانو بیٹھے رہتے یہانتک کہ خوب نکل آتا آفتاب روشن روایت کی یہ ابوداؤد نے (۴) ترجمہ اور روایت ہے ابوقتادہؓ سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم تھے جسوقت کہ اُترتے رات کو سفر مین لیٹتے اپنے داہنی کروٹ پر اور جب اُترتے قریب صبح کے کھڑا کرتے پہنچا مبارک اپنا اور رکھتے سر مبارک اپنا اوپر ہتھیلی اپنی کے روایت کی یہ شرح السنہ مین (۵) ترجمہ اور روایت ہے بعضی اولاد ام سلمہؓ کی سے کہ کہا تھا بچھونا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے آرام کرنیکا مانند اُس کپڑے کے کہ رکھا گیا قبر شریف مین اور تھی مسجد نزدیک سر مبارک آپ کے روایت کی یہ ابوداؤد نے (۶) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا دیکھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو لیٹے اوندھا پس فرمایا آپنے اسکو کہ یہ اُس ہیئت کا لیٹنا ہے کہ نہین دوست رکھتا اسکو اللہ روایت کی یہ ترمذی نے (۷) ترجمہ اور روایت ہے یعیش بیٹے طخفہؓ بیٹے قیس غفاری کے سے کہ روایت کی اپنے باپ سے اور تھا باپ اُسکا اصحاب صفہ سے کہا اُسکے باپ نے اُسوقت کہ مین لیٹا ہوا تھا بسبب درد سینے کے اپنے پیٹ پر ناگہاں ایک شخص ہلاتا ہے مجھکو اپنے پاؤں سے اور کہا اُس شخص نے کہ یہ لیٹنا ہے کہ دشمن رکھتا ہے اللہ تعالی اسکو پس دیکھا مینے پس ناگہاں وہ رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم ہین روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے (۸) ترجمہ اور روایت ہے علی بن شیبانؓ سے کہ کہا فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ رات کو سوئے گھر کی چھت پر کہ نہ ہو اُسپر ریوہ اور ایک روایت مین ہے لفظ حجار کا پس تحقیق بری ہوا اُس سے ذمہ روایت کی یہ ابوداؤد نے اور بیچ معالم السنن کے کہ نام کتاب خطابی کا ہے بجای حجاب کے حجی ہے (۹) ترجمہ اور روایت ہے جابرؓ سے کہ کہا منع فرمایا رسول

---

۱ بہیئت قرفصا کے یہ ایک قسم ہے بیٹھنے کی اور وہ یہ ہے کہ بیٹھنا بیچ دونوں سرین پر اور لگا دی رانین پیٹ کو اور دونون ہاتھوں سے حلقہ کری پاؤں پر یا بیٹھے کمر گرد دونو زانوؤن پر اور لگا دی رانین پیٹ پر اور داخل کری داہنی ہتھیلی بائین بغل مین اور بائین ہتھیلی داہنی بغل مین ۱۲ لمعات ۲ کھڑا کرتے پہنچا الخ تا نہ غفلت کی نہ آجاوی اور فجر کی نماز نہ جاتی رہے ۱۲ ۳ تھا بچھونا حضرؐ کے آرام کرنیکا الخ یعنے تھا بچھونا حضرؐ کے آرام کرنیکا قریب اُس کپڑے کے کہ رکھا گیا قبر شریف بیچ اور وہ تھوڑا سا طول تھا چوڑا نہ تھا ۱۲ لمعات مرقاۃ ۴ اور تھی مسجد نزدیک سر مبارک آنکے یعنے وقت آرام کرنے کے سر مبارک مسجد کی طرف کرتے تھے ۱۲ ۵ کہ نہین دوست رکھتا اسکو اللہ الخ اسلیے کہ یہ لیٹنا اہل غفلت کا ہے کہ سینہ اور منہ اشرف اعضا بدن کے ہین کہ انکو خاک ذلت مین اوندھا ڈالتے ہین غیر طاعت مین اور یہ لیٹنا اغلامیوں کا ہے ۱۲ لمعات مرقاۃ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان ینام الرجل علی سطح لیس بمحجور علیہ رواہ الترمذی (۱۰) وعن حذیفۃ قال ملعون علی لسان محمد
صلی اللہ علیہ وسلم من قعد وسط الحلقۃ رواہ الترمذی وابو داود (۱۱) وعن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
خیر المجالس اوسعہا رواہ ابو داود (۱۲) وعن جابر بن سمرۃ قال جاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واصحابہ جلوس فقال
ما لی اراکم عزین رواہ ابو داود (۱۳) وعن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا کان احدکم فی الفیء فقلص
عنہ الظل فصار بعضہ فی الشمس وبعضہ فی الظل فلیقم رواہ ابو داود وفی شرح السنۃ عنہ قال اذا کان احدکم فی
الفیء فقلص عنہ فلیقم فانہ مجلس الشیطان ہکذا رواہ معمر موقوفا (۱۴) وعن ابی اسید الانصاری انہ
سمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول وہو خارج من المسجد فاختلط الرجال مع النساء فی الطریق فقال للنساء استأخرن
فانہ لیس لکن ان تحققن الطریق علیکن بحافات الطریق فکانت المرأۃ تلصق بالجدار حتی ان ثوبہا لیتعلق بالجدار
رواہ ابو داود والبیہقی فی شعب الایمان (۱۵) وعن ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نہی ان یمشی یعنی الرجل
بین المرأتین رواہ ابو داود (۱۶) وعن جابر بن سمرۃ قال کنا اذا اتینا النبی صلی اللہ علیہ وسلم جلس احدنا حیث

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے آدمی کے سے اُس کوٹھے پر کہ نہ ہو پردہ[1] اُسپر روایت کی یہ ترمذی نے (۱۰) ترجمہ اور روایت ہی حذیفہؓ سے کہ کہا لعنت کیا گیا
ہے اوپر زبان محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ شخص کہ بیٹھے درمیان[2] حلقہ کے روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے (۱۱) ترجمہ اور روایت ہے
ابوسعید خدریؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بہترین مجلسونکی فراخ ترین[3] انکی ہی روایت کی یہ ابوداؤد نے (۱۲) ترجمہ
اور روایت ہی جابر بن سمرہ سے کہ کہا آئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور اصحاب حضرتؐ کے بیٹھے تھے پس فرمایا آپنے کہ کیا ہے[4] مجھکو کہ دیکھتا
ہوں میں تمکو متفرق روایت کیا اسکو ابوداؤد نے (۱۳) ترجمہ اور روایت ہی ابوہریرہؓ سے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبکہ ہو
ایک تمہارا بیٹھا سایہ میں پس اُٹھ جاوے اُس سے سایہ پس ہو کچھ اُسکا آفتاب میں اور کچھ اسکا سایہ میں پس چاہیے[5] کہ اُٹھ کھڑا ہو روایت
کی یہ ابوداؤد نے اور شرح السنہ میں ابوہریرہؓ سے ہے کہ کہا ابوہریرہؓ نے جس وقت کہ ہو ایک تمہارا سایہ میں پس اُٹھ جاوے اُس سے سایہ
پس اُٹھ کھڑا ہو اسلیے کہ وہ جگہ بیٹھنے شیطان کی ہے اسیطرح روایت کیا ہے اسکو معمر نے موقوف ابوہریرہؓ پر[6] (۱۴) ترجمہ اور
روایت ہی ابو اسید انصاری سے کہ اُنہوں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کہتے تھے لوگوں کو اُس حال میں کہ آنحضرت نکلنے والے تھے
مسجد میں سے پس مل گئے مرد ساتھ عورتوں کے راہ میں پس فرمایا حضرتؐ نے عورتوں کو پیچھے چلو مردوں کے اور الگ ہو اسلیے کہ نہیں
پہونچتا تمکو لے عورتو یہ کہ بیچ میں راہ کے چلو لازم کر لو اپنے پر کہ چلو راہ کے کناروں میں پس جب یہ حکم ہوا تو عورت راہ چلنے میں دیوار سے
لگ کر چلتی تھی یہانتک کہ کپڑا اُسکا اٹک[7] جاتا تھا ساتھ دیوار کے روایت کی یہ ابوداؤد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں (۱۵) ترجمہ
اور روایت ہی ابن عمرؓ سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے منع[8] فرمایا یہ کہ چلے یعنے مرد درمیان دو عورتوں کے روایت کی یہ ابوداؤد نے
(۱۶) ترجمہ اور روایت ہی جابر بن سمرہ سے کہ کہا تھے ہم جب آتے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھ جاتا ایک ہم میں سے اس[9] جگہ

[1] کہ نہ ہو پردہ اُسپر یعنے گرد اُسکی دیوار کہ مانع ہو گرنے سے اور بری ہوا اُس سے ذمہ کہ حق سبحانہ نے اُسکی نگہبانی کے لیے باندھا ہے اس سے معلوم ہوا کہ چھت بے پردہ پر سونا جائز نہیں ہے ۱۲ [2] وہ شخص کہ بیٹھے درمیان حلقے کے کہ لوگ ایک دوسرے کا منہ نہ دیکھ سکیں ۱۲ مرقاۃ [3] فراخ ترین انکی ہے یعنے ایسی جگہ مجلس کرنی چاہیے کہ فراخ ہو تا لوگ تنگ نہ ہوں اور ایذا نہ پاویں ۱۲ حق [4] کیا ہے الخ حاصل یہ کہ سب حلقہ کر کر بیٹھو یا صف باندھ کر بیٹھو متفرق جماعتیں بنا کر نہ بیٹھو ۱۲ لمعات و مرقاۃ [5] یعنی چاہیے کہ اُٹھ کر کھڑا ہو اسلیے کہ جب آدمی کچھ سائے میں ہو اور کچھ دھوپ میں تو فاسد ہو جاتا ہے مزاج اُسکا بسبب اختلاف حال بدن کے ۱۲ حق [6] موقوف ابوہریرہؓ پر یعنے قول ابوہریرہؓ کا ہے نہ حدیث ۱۲ [7] اٹک جاتا تھا ساتھ دیوار کے یعنے کبھی بسبب نہایت الگ چلنے کے بسبب فرمانبرداری امر حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ۱۲ حق [8] منع فرمایا اُس اسلیے کہ خلط مرد و عورت کا باعث فتنہ کا ہوتا ہے اور حیا اور مروت کے بھی دور ہے ۱۲ لمعات و مرقاۃ [9] اُس جگہ کہ پہونچتا یعنے جہاں جگہ پاتا وہاں ہی بیٹھ جاتا ۱۲ حق

بنتہی رواہ ابوداؤد وذکر حدیثا عبد اللہ بن عمرو فی باب القیام وسنذکر حدیثی علی وابی ھریرۃ فی باب اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم وصفاتہ ان شاء اللہ تعالیٰ **الفصل الثالث** (۱) **عن** عمرو بن الشرید عن ابیہ قال مر بی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانا جالس ھکذا وقد وضعت یدی الیسری خلف ظھری واتکأت علی الیۃ یدی فقال اتقعد قعدۃ المغضوب علیھم رواہ ابوداؤد (۲) **وعن** ابی ذر قال مر بی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وانا مضطجع علی بطنی فرکضنی برجلہ وقال یا جندب انما ھی ضجعۃ اھل النار رواہ ابن ماجۃ **باب العطاس والتثاوب** **الفصل الاول** (۱) **عن** ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ یحب العطاس ویکرہ التثاؤب فاذا عطس احدکم وحمد اللہ کان حقا علی کل مسلم سمعہ ان یقول لہ یرحمک اللہ فاما التثاؤب فانما ھو من الشیطان فاذا تثاءب احدکم فلیردہ ما استطاع فان احدکم اذا تثاءب ضحک منہ الشیطان رواہ البخاری وفی روایۃ لمسلم فان احدکم اذا قال ھا ضحک الشیطان منہ (۲) **وعنہ** قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا عطس احدکم فلیقل الحمد للہ ولیقل لہ اخوہ او صاحبہ یرحمک اللہ فاذا قال لہ یرحمک اللہ فلیقل یھدیکم اللہ ویصلح بالکم رواہ البخاری (۳) **وعن** انس قال عطس رجلان عندہ

پہنچتا روایت کی یہ ابوداؤد نے اور ذکر کی گئیں دو حدیثیں عبد اللہ بن عمرو کی بیچ باب قیام کے اور ذکر کرینگے ہم دونو حدیثیں علی اور ابوہریرہ کی بیچ باب اسمار النبی صلے اللہ علیہ وسلم وصفاتہ کے انشاء اللہ تعالیٰ **فصل تیسری** (۱) ترجمہ روایت ہے عمرو بن شرید تابعی سے کہ روایت کی اپنے باپ سے کہ کہا گذرے مجہ پر پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم اُس حال مین کہ مین بیٹھا تہا اس طرح اور حال آنکہ تحقیق رکہا تہا مینے بایان ہاتہ اپنا اپنی پیٹہ کے پیچھے اور تکیہ کیا تہا مینے اوپر گوشت کے کہ انگوٹھے کی جڑ مین ہے پس فرمایا حضرت نے کیا بیٹہتا ہے اور ہیئت بیٹہنے اُن لوگون کے کہ غضب کیا گیا ہے اُنپر روایت کی یہ ابوداؤد نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابوذر سے کہا کہ گزرے مجہ پر نبی صلے اللہ علیہ وسلم اس حال مین کہ مین لیٹا تہا اپنے پیٹ کے بل پس لات ماری مجہ کو حضرت نے اور فرمایا اے جندب نہین ہے اس طرح کا لیٹنا مگر لیٹنا دوزخیون کا روایت کی یہ ابن ماجہ نے **باب ہے بیچ بیان چھینکنے اور جمائی لینے کے** **فصل پہلی** (۱) ترجمہ روایت ہے ابوہریرہ سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا تحقیق اللہ تعالے دوست رکہتا ہے چھینکنے کو اور مکروہ رکہتا ہے جمائی کو پس جسوقت کہ چھینکے ایک تمہارا اور تعریف کرے اللہ کی حق ہے ہر مسلمان پر کہ سنے اُسکو یہ کہ کہے واسطے چھینکنے والے کے یرحمک اللہ پس لیکن جمائی پس سوا اسکے نہین کہ وہ شیطان سے ہے پس جسوقت کہ آوے جمائی ایک تمہارے کو پس چاہیے کہ دفع کرے اُسکو جہانتک کہ ہو سکے پس تحقیق ایک تمہارا جسوقت کہ جمائی لیتا ہے ہنستا ہے اُس سے شیطان روایت کی یہ بخاری نے اور بیچ روایت مسلم کے یون ہے اسلیے کہ تحقیق ایک تمہارا جسوقت کہ کہتا ہے ہا ہنستا ہے شیطان اُس سے (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جسوقت کہ چھینکے ایک تمہارا پس چاہیے کہ کہے الحمد للہ اور چاہیے کہ کہے واسطے اُسکے مسلمان بہائی اُسکا یا یار اُسکا یرحمک اللہ پس جسوقت کہ کہے اُسکو یرحمک اللہ پس چاہیے کہ کہے چھینکنے والا یہدیکم اللہ اور درست کرے دل تمہارے روایت کیا اسکو بخاری نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے انس سے کہ کہا چھینکا دو شخص نے نزدیک

ف بیٹھا تہا اسطرح یعنے جس طرح کہ دکہاتا ہون اب مانان بیان کی ہیئت اپنے بیٹھنے کے ساتھ قول اپنے وقد وضعت یدی الخ کے اور ظاہر تر یہ ہے کہ مراد مغضوب علیہم سے بیچ حدیث مین علم مین کافر اور فاجر متکبر کہ جنکی بیٹھنے اور چلنے وغیرہ مین آثار عجب اور تکبر کے ظاہر ہوتے ہین ۱۲ مرقاۃ **ف** جندب نام ہے ابوذر کا اور احتمال ہے کہ مراد یہ ہو کہ اسطرح کا لیٹنا عادت کفار یا فجار کی ہے یا اسی دنیا مین یا دوزخ مین اس طرح لیٹینگے ۱۲ مظاہر حق **ف** اللہ تعالیٰ دوست رکہتا ہے الخ چھینکنے سے بدن ہلکا ہوتا ہے تو آدمی بندگی کر سکتا ہے اسواسطے خدا کو پسند ہے اور جمائی گرانی سے آتی ہے اور غفلت اور سستی لاتی ہے اسواسطے خدا کو بری معلوم ہوتی ہے ۱۲ ترجمہ مشارق مت **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جواب چھینکنے والے کا ساتھ یرحمک اللہ کے فرض ہے ہر مسلمان پر لیکن علما کو اس مین اختلاف ہے صحیح مذہب حنفی مین واجب علی الکفایہ ہے یعنے اگر ایک شخص جواب دیدے تو سب کے ذمہ سے ساقط ہو جاتا ہے اور شافعی کے مذہب مین سنت علی الکفایہ ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ ہر ایک دے اور باتفاق یہ ہے کہ واجب یا سنت اُس صورت مین ہے کہ چھینکنے والا الحمد للہ کہے اور حاضرین سنین اور اگر حمد نہ کہے تو مستحق جواب کا نہین ہوتا ۱۲ لمعات مرقاۃ

ه جہانتک ہو سکے یعنے منہ کو ہاتہ سے بند کرے ۱۲ **ف** یعنی چاہیے کہ کہے الحمد للہ چھینک صحت کی دلیل ہے اسواسطے الحمد للہ کہنا سنت ہوا اور جواب دینا بعضوں کے نزدیک واجب ہے اور بعضوں کے نزدیک مستحب ہے ۱۲ ترجمہ مشارق مت ۱۶۹

النبی صلی اللہ علیہ وسلم فشمت احدھما ولم یشمت الآخر فقال الرجل یا رسول اللہ شمت ھذا ولم تشمتنی قال ان ھذا حمد اللہ و
لم تحمد اللہ متفق علیہ (۴) وعن ابی موسی قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اذا عطس احدکم فحمد اللہ فشمتوہ
وان لم یحمد اللہ فلا تشمتوہ رواہ مسلم (۵) وعن سلمۃ بن الاکوع انہ سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم وعطس رجل عندہ
فقال لہ یرحمک اللہ ثم عطس اخری فقال الرجل مزکوم رواہ مسلم وفی روایۃ للترمذی انہ قال لہ فی الثالثۃ
انہ مزکوم (۶) وعن ابی سعید الخدری ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا تثاوب احدکم فلیمسک بیدہ علی
فمہ فان الشیطان یدخل رواہ مسلم **الفصل الثانی** (۱) عن ابی ھریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا
عطس غطی وجھہ بیدہ او ثوبہ وغض بھا صوتہ رواہ الترمذی وابو داود وقال الترمذی ھذا حدیث حسن
صحیح (۲) وعن ابی ایوب ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا عطس احدکم فلیقل الحمد للہ علی کل حال
ولیقل الذی یرد علیہ یرحمک اللہ ولیقل ھو یھدیکم اللہ ویصلح بالکم رواہ الترمذی والدارمی (۳) وعن
ابی موسی قال کان الیھود یتعاطسون عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم یرجون ان یقول لھم یرحمکم اللہ فیقول یھدیکم

نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پس جواب دیا حضرت نے ان دونوں میں سے ایک کی چھینک کا اور نہ جواب دیا دوسرے کی چھینک کا پس کہا اس شخص نے یا رسول
اللہ جواب دیا آپ نے اسکو اور نہ جواب دیا مجھ کو فرمایا کہ تحقیق اس نے حمد کی تھی اللہ کی اور نہیں حمد کی تونے اللہ کی ف۱ متفق علیہ (۴) ترجمہ اور روایت
ہے ابو موسیٰ سے کہ کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جس وقت کہ چھینکے ایک تمہارا اور حمد کرے اللہ کی پس جواب دو اسکو
اور اگر نہ حمد کرے اللہ کی پس نہ جواب دو اسکو روایت کی یہ مسلم نے (۵) ترجمہ اور روایت ہے سلمہ بن اکوع سے یہ کہ انہوں نے سنا نبی صلی اللہ
علیہ وسلم سے اس حالت میں کہ چھینکا تھا ایک شخص نے نزدیک حضرت کے پس کہا واسطے اسکے حضرت نے یرحمک اللہ پھر چھینکا دوسری بار پس فرمایا
حضرت نے کہ یہ شخص زکامی ہے روایت کی یہ مسلم نے اور ایک روایت ترمذی کی میں ہے یہ کہ حضرت نے فرمایا ف۲ اسکو تیسری بار میں کہ یہ زکامی
ہے (۶) ترجمہ اور روایت ہے ابو سعید خدری سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کہ جمائی لے ایک تمہارا پس چاہیے کہ رکھے
ہاتھ اپنا اپنے منہ پر اسواسطے کہ شیطان ف۳ داخل ہوتا ہے روایت کی یہ مسلم نے فصل دوسری (۱) ترجمہ روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ تحقیق
نبی صلے اللہ علیہ وسلم تھے جس وقت چھینکتے ڈھانک لیتے منہ اپنا ساتھ ہاتھ اپنے کے یا ساتھ کپڑے اپنے کے اور پست کرتے ف۴ تھے ساتھ چھینک
کی آواز اپنی روایت کی یہ ترمذی اور ابو داؤد نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابو ایوب سے کہ
تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کہ چھینکے ایک تمہارا پس چاہیے کہ کہے الحمد للہ اوپر ہر حال کے اور چاہیے کہ کہے
وہ شخص کہ جواب دیتا ہے اسکو یرحمک اللہ اور چاہیے کہ کہے چھینکنے والا ہدایت کرے تمکو اللہ اور درست کرے دل تمہارے روایت کی یہ
ترمذی اور دارمی نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے ابو موسیٰ سے کہ کہا تھے یہود چھینکتے تکلف سے پاس نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے با امید اس
کے کہ کہیں انحضرت انکو یرحمکم اللہ پس فرماتے حضرت ہدایت کرے تمکو

ف۱ اور نہیں حمد کی تونے اللہ کی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر چھینکنے والا الحمد للہ نہ کہے تو مستحق جواب کا نہیں ہوتا ۱۲ ف۲ فرمایا اسکو تیسری بار میں کہ یہ زکامی ہے حدیث میں آیا ہے کہ تین بار جواب دے اور زیادہ میں اختیار ہے پس حاصل حدیث کا یہ ہے کہ چھینک کا جواب دینا واجب یا سنت تین بار ہے اور اس سے زیادہ میں اختیار ہے چاہے جواب دے یا نہ دے لیکن جواب مستحب ہے ۱۲ حق ف۳ شیطان داخل ہوتا ہے یعنی اس کے منہ میں شیطان فرمایا موذی چیز کو جیسے مکھی اور مچھر اور گرد اور غبار کہ جمائی کے وقت اکثر ان میں سے کوئی چیز منہ کے اندر گھس جاتی ہے یا سچ مچ شیطان گھس جاتا ہے اسواسطے کہ جمائی بہت پیٹ بھرنے سے آتی ہے اور بدن اور عبادت میں سستی لاتی ہے یہی اثر ہے شیطان کا ۱۲ ترجمہ مشارق ف۴ اور پست کرتے الخ یعنی آواز بلند نہ کرتے تھے چھینکنے میں اور منہ ڈھانکتے تھے اسلیے کہ یہی ادب ہے مجلس کا کہ اکثر فضلہ دماغ کا چھینک کے ساتھ نکل آتا ہے مبادا اپنے بدن پر یا ہمنشینوں کے بدن پر پڑے ۱۲ لمعات ف۵ یعنے جسکی چھینک کا حضرت نے جواب نہ دیا تھا ۱۲

اللّٰه ويصلح بالكم رواه الترمذي وابو داود (۴) وعن هلال بن يساف قال كنا مع سالم بن عبيد فعطس رجل من القوم فقال السلام عليكم فقال له سالم وعليك وعلى امك فكان الرجل وجد في نفسه فقال اما اني لم اقل الا ما قال النبي صلى اللّٰه عليه وسلم اذ عطس رجل عند النبي صلى اللّٰه عليه وسلم فقال السلام عليكم فقال النبي صلى اللّٰه عليه وسلم عليك وعلى امك اذا عطس احدكم فليقل الحمد للّٰه رب العالمين وليقل له من يرد عليه يرحمك اللّٰه وليقل يغفر اللّٰه لي ولكم رواه الترمذي وابو داود (۵) **وعن** عبيد بن رفاعة عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم قال شمت العاطس ثلثا فما زاد فان شئت فشمته وان شئت فلا رواه ابو داود والترمذي وقال هذا حديث غريب (۶) **وعن** ابي هريرة قال شمت اخاك ثلثا فان زاد فهو زكام رواه ابو داود وقال لا اعلمه الا انه رفع الحديث الى النبي صلى اللّٰه عليه وسلم **الفصل الثالث** (۱) **عن** نافع ان رجلا عطس الى جنب ابن عمر فقال الحمد للّٰه والسلام على رسول اللّٰه قال ابن عمر وانا اقول الحمد للّٰه والسلام على رسول اللّٰه وليس هكذا علمنا رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم ان نقول الحمد للّٰه على كل حال رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب

باب الضحك

الفصل الاول (۱) **عن** عائشة قالت ما رايت النبي صلى اللّٰه عليه وسلم مستجمعا ضاحكا

اللہ اور درست کرے احوال تمہارے روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے (۴) **ترجمہ** اور روایت ہے ہلال بن یساف سے کہ کہا تھے ہم ساتھ سالم بن عبید کے پس چھینکا ایک شخص نے قوم میں سے اور کہا السلام علیکم پس کہا واسطے اُسکے سالم نے تجھ پر اور تیری ماں پر سلام پس گویا وہ شخص خفا ہوا[۱] اپنے جی میں پس کہا سالم نے خبردار رہو تحقیق نہیں کہا میں نے مگر وہ کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ چھینکا تھا ایک شخص نے نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کہا السلام علیکم پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے تجھ پر اور تیری ماں پر بھی سلام اور فرمایا جب چھینکے ایک تمہارا پس چاہیے کہ کہے[۲] الحمد للہ رب العالمین اور چاہیے کہ کہے واسطے اُسکے جواب دینے والا یرحمک اللہ اور چاہیے کہ کہے چھینکنے والا یغفر اللہ لی ولکم روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے (۵) **ترجمہ** اور روایت ہے عبید بن رفاعہ سے اُس نے روایت کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جواب دے چھینکنے والے کو تین بار[۳] پس جبکہ زیادہ چھینکے تین بار سے پس اگر چاہے تو جواب دے اُسکو اور اگر چاہے نہ جواب دے روایت کی یہ ابوداؤد اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہے (۶) **ترجمہ** اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا چھینک کا جواب دے تو بھائی اپنے کو تین بار تک پس اگر زیادہ چھینکے پس وہ زکام ہے روایت کی یہ ابوداؤد نے اور کہا ابوداؤد نے نہیں جانتا میں ابوہریرہ کو مگر یہ کہ اُس نے پہونچائی حدیث[۴] نبی صلے اللہ علیہ وسلم تک **فصل تیسری** (۱) **ترجمہ** روایت ہے نافع سے کہ تحقیق ایک شخص نے چھینکا بیچ پہلو ابن عمر کے پس کہا چھینکنے والے نے الحمد للہ اور سلام ہے اوپر رسول خدا کے کہا ابن عمر نے میں بھی کہتا ہوں الحمد للہ اور سلام اوپر رسول خدا کے ولیکن نہیں[۵] اس طرح سے سکھلایا ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ کہیں ہم حمد ہے واسطے اللہ کے اوپر ہر حال کے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے **باب** ہے بیچ بیان ہنسنے کے **فصل پہلی** (۱) **ترجمہ** روایت ہے عائشہ سے کہ کہا نہیں[۶] دیکھا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو خوب ہنستے ہوئے

---

[۱] خفا ہوا اپنے جی میں یعنے لفظ وعلی امک کے کہنے سے اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جب چھینکنے والا اور لفظ کہے سوائے الحمد للہ کے تو مستحق جواب چھینک کا نہیں ہوتا لیکن چونکہ اُس نے سلام کہا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جواب سلام اُسکو کا دیا اور جواب میں لفظ وعلی امک فرمایا تو اس میں دو اشارے ہیں ایک تو یہ کہ یہ سلام بے محل و بے موقع ہے دوسرا اس میں تنبیہ ہے اس پر کہ اس طرح سلام وہ لوگ کرتے ہیں جنہوں نے عورتوں کے پاس تعلیم پائی ہو نہ مردوں کے ۱۲ لمعات و مرقاۃ [۲] چاہیے کہ کہے الخ یعنے چھینکنے میں یہ الفاظ کہنے چاہئیں سلام کہنا حاضرین پر اس مقام میں کچھ نہیں ہے ۱۲ حق [۳] تین بار یعنے ایک مجلس میں ۱۲ [۴] یعنے یہ حدیث مرفوع ہے موقوف ابوہریرہ پر نہیں ۱۲ [۵] ولیکن نہیں اسطرح یعنے نہیں ادب مامور و مستحب اس طرح کہ ملاویں سلام ساتھ الحمد کے بلکہ ادب پیروی حکم کی ہے بغیر کمی بیشی کے ۱۲ [۶] نہیں دیکھا میں نے الخ یہ حدیث اکثر اوقات پر محمول ہے ۱۲

حَتّٰی اَرٰی مِنْهُ لَهَوَاتِهٖ اِنَّمَا كَانَ يَتَبَسَّمُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ (۲) وَعَنْ جَرِيْرٍ قَالَ مَا حَجَبَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ اَسْلَمْتُ وَلَا رَاٰنِيْ اِلَّا تَبَسَّمَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۳) وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُوْمُ مِنْ مُصَلَّاهُ الَّذِيْ يُصَلِّيْ فِيْهِ الصُّبْحَ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَاِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ قَامَ وَكَانُوْا يَتَحَدَّثُوْنَ فَيَاْخُذُوْنَ فِيْ اَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ فَيَضْحَكُوْنَ وَيَتَبَسَّمُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلتِّرْمِذِيِّ يَتَنَاشَدُوْنَ الشِّعْرَ **اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ** (۱) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ قَالَ مَا رَاَيْتُ اَحَدًا اَكْثَرَ تَبَسُّمًا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ **اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ** (۱) عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سُئِلَ ابْنُ عُمَرَ هَلْ كَانَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضْحَكُوْنَ قَالَ نَعَمْ وَالْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِهِمْ اَعْظَمُ مِنَ الْجَبَلِ وَقَالَ بِلَالُ بْنُ سَعْدٍ اَدْرَكْتُهُمْ يَشْتَدُّوْنَ بَيْنَ الْاَغْرَاضِ وَيَضْحَكُ بَعْضُهُمْ اِلٰی بَعْضٍ فَاِذَا كَانَ اللَّيْلُ كَانُوْا رُهْبَانًا رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ **بَابُ الْاَسَامِيْ** **اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ** (۱) عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السُّوْقِ فَقَالَ رَجُلٌ يَا اَبَا الْقَاسِمِ فَالْتَفَتَ اِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّمَا دَعَوْتُ هٰذَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمُّوْا بِاسْمِيْ وَلَا تَكْتَنُوْا بِكُنْيَتِيْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۲) وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَمُّوْا بِاسْمِيْ وَلَا تَكْتَنُوْا بِكُنْيَتِيْ

یہانتک کہ دیکھوں میں حضرت کا کوا سوائے اسکے نہیں کہ تھے مسکراتے روایت کی یہ بخاری نے (۲) **ترجمہ** اور روایت ہے جریرؓ سے کہا کہ نہیں منع کیا مجھکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جبسے کہ میں مسلمان ہوا اور نہیں دیکھا مجھکو مگر کہ مسکراتے متفق علیہ (۳) **ترجمہ** اور روایت ہے جابر بن سمرہؓ سے کہ کہا تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نہیں اٹھتے مصلے اپنے سے کہ نماز پڑھتے تھے اسمیں صبح کی یہانتک کہ نکلتا آفتاب پس جسوقت کہ نکلتا آفتاب اٹھتے اور تھے صحابہ باتیں کرتے اور مشغول ہوتے بیچ باتوں جاہلیت کے اور ہنستے اور مسکراتے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم روایت کی یہ مسلم نے اور بیچ روایت ترمذی کے یہ ہے کہ پڑھتے تھے صحابہ شعر **فصل دوسری** (۱) ترجمہ روایت ہے عبداللہ بن حارث بن جزءؓ سے کہ کہا نہیں دیکھا میں نے کسی کو بہت مسکرانے زیادہ رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کی یہ ترمذی نے **فصل تیسری** (۱) ترجمہ روایت ہے قتادہ سے کہ کہا سوال کیے گئے ابن عمرؓ کہ کیا تھے صحابی پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ہنستے کہا ابن عمرؓ نے کہ ہاں اور حالانکہ ایمان انکے دلوں میں بہت بڑا تھا پہاڑ سے اور کہا بلال بن سعد تابعی نے کہ پایا میں نے صحابہؓ کو کہ دوڑتے تھے درمیان نشانوں تیر کے اور ہنستا تھا بعض انکا مائل ہوکر طرف بعضے کی پس جسوقت ہوتی رات ہوتے بہت ڈرنیوالے اللہ سے روایت کی یہ بغوی نے شرح السنۃ میں باب ہے بیچ بیان ناموں کے **فصل پہلی** (۱) ترجمہ روایت ہے انسؓ سے کہ کہا تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم بازار میں پس کہا ایک شخص نے اے ابا القاسم پس پھر کر دیکھا طرف اسکی نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے پس کہا اس شخص نے کہ نہیں پکارا تھا میں نے مگر اس شخص کو پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نام رکھو تم ساتھ نام میرے کے اور نہ کنیت کرو ساتھ کنیت میری کے متفق علیہ (۲) **ترجمہ** اور روایت ہے جابرؓ سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نام رکھو تم ساتھ نام میرے کے اور نہ کنیت کرو تم ساتھ کنیت میری کے

لے نہیں منع کیا مجھکو یعنے جو کچھ کہ میں نے حضرتؐ سے مانگا مجھکو دیا یا یہ معنے کہ نہیں منع کیا مجھکو اپنے پاس آنے سے جب چاہتا چلا جاتا اگرچہ مجلس خاص ہوتی لیکن بشرطیکہ مجلس مردوں کی ہوتی ۱۲ لمعات و مرقاۃ **ٹلہ** اور مشغول ہوتے بیچ باتوں جاہلیت کے یعنے بطریق مذمت کے اور مراد شعروں سے وہ شعر ہیں جن میں توحید و ترغیب و ترہیب کا مضمون ہو اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جاہلیت کی باتیں کرنی جائز ہیں اور ہنسنا بھی ۱۲ لمعات و مرقاۃ **ٹلہ** درمیان نشانوں تیر کے یعنے وقت تیر اندازی کے ہے یعنے ایسا نہ ہنستے تھے جیسا اہل غفلت ہنستے ہیں اور ہنسنا دلکو مار ڈالتا ہے اور خلل نور ایمان میں آتا ہے بلکہ اس حال میں بھی آداب شرع نہ چھوڑتے تھے اور ایمان کامل رکھتے تھے اور بہت ڈرنیوالے یعنے مارے خوف الٰہی کے عبادت کرتے تھے ۱۲ لمعات **ٹلہ** بیچ بیان ناموں کے مراد بیان احکام ناموں کا ہے کہ کیا نام رکھے اور کونسا اچھا ہے اور کونسا برا ۱۲ لمعات **ٹلہ** نام رکھو ساتھ نام میرے کے اور نہ کنیت رکھو ساتھ کنیت میری کے الخ کنیت اسکو کہتے ہیں جسپر اب کا لفظ ہو جیسے ابوالقاسم اور ابوالحسن حضرتؐ کی کنیت ابوالقاسم تھی سو فرمایا کہ اپنی اولاد کا نام محمد رکھو ابوالقاسم نہ رکھو حضرتؐ کے نام اور کنیت رکھنے میں علما کے بہت قول ہیں لیکن صحیح قول یہی ہے کہ حضرتؐ کا نام رکھنا تو درست ہے لیکن کسیکو ابوالقاسم کہنا جائز نہیں اسکا مفصل بیان سفر السعادۃ میں موجود ہے ۱۲ ترجمہ مشارق ص ۲۵۸ خواہ تنہا کنیت ہو یا اسم محمد کے یہ قول شافعی اور اصحاب ظواہر کا ہے موافق اس حدیث کے اور محمد شیبانی کا قول یہ ہے کہ جمع جائز نہیں تنہا جائز ہے خواہ اسم ہو یا کنیت اور امام مالک کے نزدیک دونوں کو جمع کرنا بھی درست ہے ۱۲ لمعات

فَاِنِّیْ اِنَّمَا جُعِلْتُ قَاسِمًا اَقْسِمُ بَیْنَکُمْ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ (۳) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَبَّ اَسْمَائِکُمْ اِلَی اللّٰہِ عَبْدُ اللّٰہِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ رَوَاہُ مُسْلِمٌ (۴) وَعَنْ سَمُرَۃَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُسَمِّیَنَّ غُلَامَکَ یَسَارًا وَلَا رَبَاحًا وَلَا نَجِیْحًا وَلَا اَفْلَحَ فَاِنَّکَ تَقُوْلُ اَثَمَّ ھُوَ فَلَا یَکُوْنُ فَیَقُوْلُ لَا رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لَہٗ قَالَ لَا تُسَمِّ غُلَامَکَ رَبَاحًا وَلَا یَسَارًا وَلَا اَفْلَحَ وَلَا نَافِعًا (۵) وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَرَادَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ یَّنْھٰی عَنْ اَنْ یُّسَمّٰی بِیَعْلٰی وَبِبَرَکَۃَ وَبِاَفْلَحَ وَبِیَسَارٍ وَبِنَافِعٍ وَبِنَحْوِ ذٰلِکَ ثُمَّ رَاَیْتُہٗ سَکَتَ بَعْدُ عَنْھَا ثُمَّ قُبِضَ وَلَمْ یَنْہَ عَنْ ذٰلِکَ رَوَاہُ مُسْلِمٌ (۶) وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَخْنَی الْاَسْمَاءِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ عِنْدَ اللّٰہِ رَجُلٌ یُّسَمّٰی مَلِکَ الْاَمْلَاکِ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَفِیْ رِوَایَۃِ مُسْلِمٍ قَالَ اَغْیَظُ رَجُلٍ عَلَی اللّٰہِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ وَاَخْبَثُہٗ رَجُلٌ کَانَ یُسَمّٰی مَلِکَ الْاَمْلَاکِ لَا مَلِکَ اِلَّا اللّٰہُ (۷) وَعَنْ زَیْنَبَ بِنْتِ اَبِیْ سَلَمَۃَ قَالَتْ سُمِّیْتُ بَرَّۃَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُزَکُّوْا اَنْفُسَکُمْ اللّٰہُ اَعْلَمُ بِاَھْلِ الْبِرِّ مِنْکُمْ سَمُّوْھَا زَیْنَبَ رَوَاہُ مُسْلِمٌ (۸) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَتْ جُوَیْرِیَۃُ اسْمُھَا بَرَّۃُ فَحَوَّلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اسْمَھَا جُوَیْرِیَۃَ وَکَانَ یَکْرَہُ اَنْ یُّقَالَ خَرَجَ مِنْ عِنْدِ بَرَّۃَ رَوَاہُ مُسْلِمٌ (۹) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ بِنْتًا کَانَتْ لِعُمَرَ یُقَالُ لَھَا عَاصِیَۃُ فَسَمَّاھَا رَسُوْلُ

اسواسطے کہ تحقیق مین سوا اسکے نہین کہ ٹہیرایا گیا ہون قاسم تقسیم کرتا ہون درمیان تمہارے متفق علیہ (۳) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق دوست تر نامون تمہارے کے طرف اللہ تعالی کے عبد اللہ اور عبد الرحمن ہین روایت کی یہ مسلم نے (۴) ترجمہ اور روایت ہے سمرہ بن جندبؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ نام رکھو اپنے غلام کا[۱] یسار اور نہ رباح اور نہ نجیح اور نہ افلح اسلیے کہ تحقیق تو پوچھیگا کسی سے کیا اس جگہہ ہے وہ پس ہو وہ پس کہے گا نہین[۲] روایت کی یہ مسلم نے اور ایک روایت مسلم کی مین یون ہے کہ فرمایا نہ نام رکھہ اپنے غلام کا رباح اور نہ یسار اور نہ افلح اور نہ نافع (۵) ترجمہ اور روایت ہے جابرؓ سے کہ کہا ارادہ کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ منع کرین نام رکھنے سے ساتھ یعلی کے اور ساتھ برکت کے اور ساتھ افلح کے اور ساتھ یسار کے اور ساتھ نافع کے اور ساتھ مانند انکے پھر دیکھا مینے حضرتؐ کو کہ چپ رہے بعد اسکے ان ناموں کے منع کرنے سے پھر وفات کی گئی اور نہین منع کیا اس سے روایت کی یہ مسلم نے (۶) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بدترین نامون کا دن قیامت کے نزدیک اللہ کے وہ شخص ہے کہ نام رکھا جاوے شہنشاہ[۳] روایت کی یہ بخاری نے اور بیچ روایت مسلم کے فرمایا بہت ناخوش ترین مردون کا نزدیک اللہ کے دن قیامت کے اور بدترین شخصون کا وہ شخص ہے کہ نام رکھا جاوے بادشاہ بادشاہون کا بادشاہ نہین ہے مگر اللہ (۷) ترجمہ اور روایت ہے زینب بنت ابی سلمہؓ سے کہ کہا نام رکھی گئی مین برہ پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ سراہو اپنے نفسون کو اللہ دانا تر ہے ساتھ اہل نیکی کے تم مین سے نام رکھو اسکا زینب روایت کی یہ مسلم نے (۸) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباسؓ سے کہا کہ تہین جویریہؓ نام انکا تہا برہ پس تغیر کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نام انکو جویریہ اور تہے حضرتؐ[۴] مکروہ رکھتے یہ کہ کہا جاوے نکلے برہ کے پاس سے روایت کی یہ مسلم نے (۹) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ تہی بیٹی حضرت عمرؓ کی کہا جاتا تہا اسکو عاصیہ پس نام رکھا اسکا رسول

[۱] تحقیق دوست تر اللہ کو یہ نام مقبول ہوا اسواسطے ہوے کہ ان مین اپنی بندگی اور خدا کی خدائی کا اقرار ہے اور عبد النبی بندہ علی مدار بخش نام رکھنا ہرگز درست نہین خدا کی بندگی چھوڑ کے بندون کا بندہ ہونا ایمان دار کو لائق نہین ۱۲ ترجمہ مشارق [۲] فرمایا نام افلح یسار کے معنے آسانی ہین اور رباح بمعنے فائدہ کے ہین اور نجیح بمعنے مطلب پالینے کے اور فلاح کے معنے ہین خلاصی اور یہ منع اسواسطے ہے کہ اگر کوئی گہر والون سے اگر پوچھے کہ فلانا یہان ہے اور کہے کہ نہین تو باعتبار اصل معنے الفاظ کے مکروہ ہے اور کہا نووی نے کہ یہ نہی تنزیہی ہے نہ تحریمی ۱۲ مرقاۃ [۳] شاہنشاہ کے معنے مین ملک الاملاک اور ہندی مین مہاراج اور چونکہ اس مین کہلا شرک تہا اسواسطے منع کیا ناچار بندہ کو کب مناسب ہے کہ چہوٹا منہ بڑا بول بولے ۱۲ [۴] اس سے معلوم ہوا کہ ایسا نام نہ رکہنا چاہیے جس مین نفس کی تعریف ہو ۱۲ لمعات [۵] اور یہ حضرت مکروہ رکھتے یہ کہ کہا جاوے نکلے برہ کے پاس سے برہ کے معنے ہین نیکوکار اور نکلنا نیکوکار کے پاس سے اچہا نہین ۱۲

[۵] یعنے جواب دینے والا نہین یسار اور رباح یہان ۱۲

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَمِیْلَۃَ رَوَاہُ مُسْلِمٌ (۱۰) **وَعَنْ** سَھْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ اُتِیَ بِالْمُنْذِرِ بْنِ اَبِیْ اُسَیْدٍ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حِیْنَ وُلِدَ فَوَضَعَہٗ عَلٰی فَخِذِہٖ فَقَالَ مَا اسْمُہٗ قَالَ فُلَانٌ قَالَ لَا لٰکِنِ اسْمُہُ الْمُنْذِرُ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ (۱۱) **وَعَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَقُوْلَنَّ اَحَدُکُمْ عَبْدِیْ وَاَمَتِیْ کُلُّکُمْ عَبِیْدُ اللّٰہِ وَکُلُّ نِسَائِکُمْ اِمَاءُ اللّٰہِ وَلٰکِنْ لِّیَقُلْ غُلَامِیْ وَجَارِیَتِیْ وَفَتَایَ وَفَتَاتِیْ وَلَا یَقُلِ الْعَبْدُ رَبِّیْ وَلٰکِنْ لِّیَقُلْ سَیِّدِیْ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لَا یَقُلِ الْعَبْدُ لِسَیِّدِہٖ مَوْلَایَ فَاِنَّ مَوْلَاکُمُ اللّٰہُ رَوَاہُ مُسْلِمٌ (۱۲) **وَعَنْہُ** عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُوْلُوا الْکَرْمَ فَاِنَّ الْکَرْمَ قَلْبُ الْمُؤْمِنِ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لَّہٗ عَنْ وَّائِلِ ابْنِ حُجْرٍ لَا تَقُوْلُوا الْکَرْمَ وَلٰکِنْ قُوْلُوا الْعِنَبَ وَالْحَبَلَۃَ (۱۳) **وَعَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُسَمُّوا الْعِنَبَ الْکَرْمَ وَلَا تَقُوْلُوْا یَا خَیْبَۃَ الدَّھْرِ فَاِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الدَّھْرُ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ (۱۴) **وَعَنْہُ** قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَسُبُّ اَحَدُکُمُ الدَّھْرَ فَاِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الدَّھْرُ رَوَاہُ مُسْلِمٌ (۱۵) **وَعَنْ** عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَقُوْلَنَّ اَحَدُکُمْ خَبُثَتْ نَفْسِیْ وَلٰکِنْ لِّیَقُلْ لَقِسَتْ نَفْسِیْ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَذُکِرَ حَدِیْثُ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ یُؤْذِیْنِیْ ابْنُ اٰدَمَ فِیْ بَابِ الْاِیْمَانِ

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

(۱) **عَنْ** شُرَیْحِ بْنِ ھَانِیٍٔ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّہٗ لَمَّا وَفَدَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جمیلہ روایت کی یہ مسلم نے (۱۰) ترجمہ اور روایت ہی سہل بن سعد سے کہا کہ لایا گیا منذر بن ابی اُسید طرف نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے جس وقت کہ جنا گیا پس رکھا حضرت نے اسکو اپنی ران مبارک پر اور فرمایا کہ کیا ہے نام اسکا کہا لانیوالے نے فلانا فرمایا نہ لیکن نام اسکا منذر ہے متفق علیہ (۱۱) ترجمہ اور روایت ہی ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ کہے ایک تمہارا میرا بندہ[1] اور میری لونڈی سب مرد تمہارے بندے اللہ کے ہیں اور سب عورتیں تمہاری لونڈیاں اللہ کی ہیں ولیکن چاہیے کہ کہے غلام میرا اور لڑکی میری اور خادم میرا اور خادمہ میری اور نہ کہے[2] غلام مالک کو رب میرا ولیکن چاہیے کہ کہے سید میرا اور ایک روایت میں ہی چاہیے کہ کہے سید میرا اور مولی میرا اور ایک روایت میں ہی نہ کہے[3] غلام اپنے مالک کو مولی میرا اس واسطے کہ مولی تمہارا اللہ ہے روایت کی یہ مسلم نے (۱۲) ترجمہ اور روایت ہی ابوہریرہ سے اُس نے نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ نہ کہو کرم[4] اسلیے کہ کرم دل مومن کا ہے روایت کی یہ مسلم نے اور ایک روایت مسلم کی میں وائل بن حجر سے ہی کہ نہ کہو کرم لیکن کہو عنب و حبلہ[5] (۱۳) ترجمہ اور روایت ہی ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ کہو انگور کو کرم اور نہ کہو ای نا امیدی زمانہ کی اسلیے کہ تحقیق اللہ وہی ہے پھیرنیوالا زمانہ کا روایت کی یہ بخاری نے (۱۴) ترجمہ اور روایت ہی اُسی سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ برا کہے[6] ایک تمہارا زمانہ کو اسلیے کہ تحقیق اللہ تعالی وہی ہے پھیرنیوالا زمانہ کا روایت کی یہ مسلم نے (۱۵) ترجمہ اور روایت ہی عائشہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ کہے ایک[7] تمہارا پلید ہوا جی میرا لیکن کہے سست ہوا جی میرا متفق علیہ اور ذکر کی گئی حدیث ابوہریرہ کی کہ سرا اُسکا یہ ہے کہ یوذینی ابن آدم باب الایمان میں فصل دوسری

(۱) ترجمہ روایت ہی شریح بن ہانی سے کہ نقل کی اپنے باپ سے یہ کہ وہ جب آیا پاس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے

---

[1] نہ کہے ایک تمہارا میرا بندہ الخ یعنے سچی بندگی کے لائق سوای خدا کے اور کوئی نہیں اسواسطے منع فرمایا کہ اس میں کبر کی بو نکلتی ہے اور تاکہ غلاموں کے مالک غرور اور گھمنڈ سے بچیں اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عبد النبی اور بندہ علی اور بندہ حسن نام رکھنا درست نہیں ۱۲ ترجمہ مشارق [2] اور نہ کہے غلام الخ یہ منع اسواسطے ہے کہ اس میں وہم شرک کا ہے ۱۲ [3] نہ کہے غلام الخ حاصل یہ ہے کہ اگر بطور تعظیم کے ہو تو منع ہے ورنہ نہیں ۱۲ [4] نہ کہو کرم یعنے انگور کو کرم کے معنے سخاوت ہیں عرب کے لوگ انگور کو کرم کہتے تھے بعلاقہ اسکے کہ شراب اس سے بنتی ہے اور وہ باعث سخاوت کی ہے سو فرمایا کہ جو چیز خباثت کی جڑ ہو اسکو خیر کہنا مناسب نہیں بلکہ یہ نام مومن کیواسطے لائق ہے کہ اُسکا دل انوار تقوی اور علم کی کان ہے ۱۲ لمعات [5] حبلہ بمعنے درخت انگور کے ہے اور بطور مجاز کے کبھی انگور کو بھی کہتے ہیں [6] نہ برا کہے الخ زمانہ کو بدکہنا اسواسطے منع ہے کہ پھیرنیوالا احوال زمانہ کا اللہ تعالی ہے اور وہی فاعل حقیقی ہے پس زمانے کو برا کہنا اللہ تعالی کو برا کہنا ہے ۱۲ لمعات [7] نہ کہے الخ خبیث اور پلید کافر کا لقب ہے مسلمان کے لائق نہیں نہ کہے سست اور کاہل کہنا چاہتا تھا منع فرمایا حضرت نے معمولی نہا کو برے بول کو بھلے سے بدل ڈالنے ۱۲ ترجمہ مشارق

مع قومه سمعهم يكنونه بابي الحكم فدعاه رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال ان الله هو الحكم واليه الحكم فلم تكنى ابا الحكم قال ان قومي اذا اختلفوا في شيء اتوني فحكمت بينهم فرضي كلا الفريقين بحكمي فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما احسن هذا فما لك من الولد قال لي شريح ومسلم وعبد الله قال فمن اكبرهم قال قلت شريح قال فانت ابو شريح رواه ابوداؤد (۲) **وعن** مسروق قال لقيت عمر فقال من انت قلت مسروق بن الاجدع قال عمر سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الاجدع شيطان رواه ابوداؤد وابن ماجة (۳) **وعن** ابي الدرداء قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تدعون يوم القيمة باسمائكم واسماء ابائكم فاحسنوا اسمائكم رواه احمد وابوداؤد (۴) **وعن** ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى ان يجمع احد بين اسمه وكنيته ويسمى محمدا ابا القاسم رواه الترمذي (۵) **وعن** جابر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا سميتم باسمي فلا تكتنوا بكنيتي رواه الترمذي وابن ماجة وقال الترمذي هذا حديث غريب وفي رواية ابي داؤد قال من تسمى باسمي فلا يكتن بكنيتي ومن تكنى بكنيتي فلا يتسم باسمي (۶) **وعن** عائشة ان امرأة قالت يا رسول الله اني ولدت غلاما فسميته محمدا وكنيته ابا القاسم فذكر لي انك تكره

ساتھ قوم اپنی کے سنا حضرتؐ نے اُسکی قوم کو کہ کنیت کرتی ہین اُسکو ساتھ ابو الحکم کے پس بلایا اُسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پس فرمایا کہ تحقیق اللہ تعالی وہی ہے حکم اور طرف اُسی کے ہی حکم پس کیون کنیت کیا جاتا ہے تو ابو الحکم کہا ہانی نے کہ تحقیق قوم میری جسوقت کہ اختلاف کرتی ہے بیچ کسی چیز کے آتی ہے میرے پاس پس حکم کرتا ہون مین درمیان اُنکے پس راضی ہوتے ہین دونو فرقے ساتھ حکم میرے کے پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا خوب ہےؐ یہ کام پس کیا ہے واسطے تیرے اولاد سے کہا میری اولاد شریح ہے اور مسلم اور عبد اللہ فرمایا پس کون ہے بڑا اُن مین کہا کہا مینے شریح ہے فرمایا پس تو ابو شریح ہے روایت کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے مسروق سے کہ کہا ملاقات کی مینے حضرت عمرؓ سے پس فرمایا کون ہے تو کہا مینے مسروق بیٹا اجدعؑ کا ہون فرمایا حضرت عمرؓ نے کہ سنا مینے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے اجدع ایک شیطان کا نام ہے روایت کی یہ ابوداؤد اور ابن ماجہ نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے ابو درداءؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پکارے جاؤگے تم دن قیامتؑ کے ساتھ نامون اپنے کے اور نامونؑ باپون اپنے کے پس اچھے رکھو نام اپنے روایت کی یہ احمد اور ابوداؤد نے (۴) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہؓ سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے یہ کہ جمع کرے کوئی درمیان نام حضرتؐ کے اور کنیت اُنکی کے اور نام رکھا جاوے محمد کنیت کیا جاوے ابو القاسم روایت کی یہ ترمذی نے (۵) ترجمہ اور روایت ہے جابرؓ سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبکہ نام رکھو ساتھ نام میرے کے پس نہ کنیت کرو ساتھ کنیت میری کے روایت کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہے اور بیچ روایت ابوداؤد کے فرمایا جو شخص کہ نام رکھے ساتھ نام میرے کے پس نہ رکھے کنیت میری اور جو شخص کہ کنیت کرے ساتھ کنیت میری کے پس نہ رکھے نام میرا (۶) ترجمہ اور روایت ہے عائشہؓ سے کہ تحقیق ایک عورت نے کہا یا رسول اللہ تحقیق مینے جنا ہے ایک لڑکا پس نام رکھا مینے اُسکا محمد اور کنیت رکھی مینے اُسکی ابو القاسم پھر ذکر کیا گیا روبرو میرے یہ کہ آپ مکروہ رکھتے ہین

لہ اللہ تعالی وہی ہے الخ یعنے ابتدا اور انتہا حکم کی اُسی کیطرف ہے نہین رد کر سکتا کوئی اُسکے حکم کو اور نہین خالی ہے حکم اُسکا حکمت سے پس یہ صفت خاص ذات باری ہی کے لیے سزاوار ہے نہ غیر اُسکے کے لیے اور کہ ابو الحکم کہنا وہم دلاتا ہے شریک کرنیکا اُسکی وصف مین اگرچہ نہین اطلاق کیا جاتا اللہ پر ابو الحکم کا بسبب وہم دلانے والدیت اور ولدیت کو ۱۲ مرقاۃ ۲ے یہ کام یعنے حکم کرنا درمیان لوگون کے ۱۲ ۳ے یعنے اجدع نام ایک شیطان کا ہے اجدع کہتے ہین اُسکو جسکا ہاتھ ناک کان وغیرہ کٹے ہوئے ہون اور اس مین اشارہ ہے نام بدل ڈالنے کا ہے ۴ے اور جو باپون اپنے کے ۱۲ اور بعض روایتون مین آیا ہے کہ لوگون کو نام ماؤن کے پکارینگے اور حکمت اسمین یہ ہے کہ اولاد زنا شرمندہ نہون اور واسطے رعایت حال عیسی علیہ السلام کے کہ بے پدر تھے اگرچہ یہ روایت ثابت ہو تو باپ کو محل کرینگے تغلیب پر جیسے ابوین کہتے مین اور شاید بعضے باپون کے نام سے پکارے جاوینگے اور بعضے ماؤن کے نام سے

ذٰلِكَ فَقَالَ مَا الَّذِي أَحَلَّ اسْمِي وَحَرَّمَ كُنْيَتِي أَوْ مَا الَّذِي حَرَّمَ كُنْيَتِي وَأَحَلَّ اسْمِي رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَقَالَ مُحْيِي السُّنَّةِ غَرِيبٌ (۷) وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ إِنْ وُلِدَ لِي بَعْدَكَ وَلَدٌ أُسَمِّيهِ بِاسْمِكَ وَأُكَنِّيهِ بِكُنْيَتِكَ قَالَ نَعَمْ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ (۸) وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَنَّانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَقْلَةٍ كُنْتُ أَجْتَنِيهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ لَا نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَفِي الْمَصَابِيحِ صَحَّحَهُ (۹) وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُغَيِّرُ الْاِسْمَ الْقَبِيحَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ (۱۰) وَعَنْ بَشِيرِ بْنِ مَيْمُونٍ عَنْ عَمِّهِ أُسَامَةَ بْنِ أَخْدَرِيٍّ أَنَّ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ أَصْرَمُ كَانَ فِي النَّفَرِ الَّذِينَ أَتَوْا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اسْمُكَ قَالَ أَصْرَمُ قَالَ بَلْ أَنْتَ زُرْعَةُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَقَالَ وَغَيَّرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَ الْعَاصِ وَعَزِيزٍ وَعَتَلَةَ وَشَيْطَانٍ وَالْحَكَمِ وَغُرَابٍ وَحُبَابٍ وَشِهَابٍ وَقَالَ تَرَكْتُ أَسَانِيدَهَا لِلْاِخْتِصَارِ (۱۱) وَعَنْ أَبِي مَسْعُودٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ لِأَبِي عَبْدِ اللّٰهِ أَوْ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ لِأَبِي مَسْعُودٍ مَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي زَعَمُوا قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بِئْسَ مَطِيَّةُ الرَّجُلِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَقَالَ إِنَّ أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ حُذَيْفَةُ (۱۲) وَعَنْ حُذَيْفَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُولُوا مَا شَاءَ اللّٰهُ وَشَاءَ فُلَانٌ وَلٰكِنْ قُولُوا مَا شَاءَ اللّٰهُ

اسکو پس فرمایا کس نے حلال کیا نام رکھنے کو ساتھ نام میرے کے اور حرام کیا کنیت رکھنے کو ساتھ کنیت میرے کے یا فرمایا کس نے حرام کیا کنیت میری کو اور حلال کیا نام میرے کو روایت کی یہ ابوداؤد نے اور کہا محی السنہ نے کہ یہ غریب ہے (۷) ترجمہ اور روایت ہے محمد بن حنفیہ سے کہ نقل کی اپنے باپ سے کہ کہا علی مرتضیٰ نے کہ کہا میں نے یا رسول اللہ خبر دو مجھ کو کہ اگر پیدا کیا جاوے میرے ہاں بعد آپ کے کوئی لڑکا تو نام رکھوں میں اسکا ساتھ نام آپ کے اور کنیت کروں میں ساتھ کنیت آپکی کے فرمایا اچھا روایت کی یہ ابوداؤد نے (۸) ترجمہ اور روایت ہے انس سے کہ کہا کنیت رکھی میری رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ساتھ ایک ساگ کے کہ اکھیڑتا تھا اسکو روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث ہے کہ نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر ساتھ اس وجہ کے اور مصابیح میں صحیح کہا ہے اسکو (۹) ترجمہ اور روایت ہے عائشہ سے کہ کہا تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم تغیر فرماتے تھے برے نام کو روایت کی یہ ترمذی نے (۱۰) ترجمہ اور روایت ہے بشیر بن میمون تابعی سے کہ نقل کی اپنے چچا سے کہ اسامہ بن اخدری ہے یہ کہ ایک شخص تھا کہ اسکو اصرم کہتے تھے تھا وہ شخص بیچ جماعت کے کہ آئے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا ہے نام تیرا کہا اس نے کہ اصرم فرمایا حضرت نے بلکہ نام تیرا زرعہ ہے روایت کی یہ ابوداؤد نے اور کہا اور تغیر کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے نام عاص کو اور عزیز کو اور عتلہ کو اور نام شیطان کو اور حکم کو اور غراب کو اور نام حباب کو اور نام شہاب کو اور کہا ابوداؤد نے کہ نہ ذکر کی میں نے اسنادان حدیثوں کی کہ جن میں تغیر ہوا واسطے اختصار کے (۱۱) ترجمہ اور روایت ہے ابو مسعود انصاری سے کہ کہا واسطے ابو عبداللہ کے یا کہا ابو عبداللہ نے واسطے ابو مسعود کے کیا سنا ہے تو نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے بیچ زعموا کے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے بری سواری مرد کی ہے روایت کی یہ ابوداؤد نے اور کہا کہ تحقیق ابو عبداللہ کنیت حذیفہ بن یمان کی ہے (۱۲) ترجمہ اور روایت ہے حذیفہ سے کہ اس نے روایت کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہ کہو تم جو کچھ کہ چاہے اللہ اور چاہے فلانا ولیکن کہو جو چاہے اللہ

ف کس نے حرام کیا کنیت میری کو الخ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو اوپر مذکور ہوا کہ حضرت کے نام اور کنیت کو جمع کرنا درست نہیں تو یہ نہی تنزیہی ہے تحریمی نہیں یعنے دونوں کا جمع کرنا بھی درست ہے لیکن مکروہ ہے ۱۲ ف۲ فرمایا اچھا الخ یہ حدیث دلالت کرتی ہے اسپر کہ جمع کرنا حضرت کے نام اور کنیت کا بعد حضرت کے جائز ہے ۱۲ ف۳ کنیت ابوحمزہ ایک ساگ کو حمزہ بھی کہتے ہیں اسلیے انس کی کنیت ابوحمزہ کی ۱۲ ف۴ اصرم ہے صرم کے معنے کاٹنا درخت کے ہیں اسلیے اسکو ناخوش کہا اور اسکے بدلے زرعہ نام رکھا کہ زراعت سے ہے جو مشعر ہے خیر اور برکت کو ۱۲ ف۵ عاص کو کہ مخفف ہے عاصی کا اور دلالت کرتا ہے عصیان پر ۱۲ ف۶ عزیز اسماء الہی میں سے ہے اور اسلیے کہ دلالت کرتا ہے عزت وغلبہ پر اور آداب بندوں کا ذلت وخضوع ہے ۱۲ ف۷ عتلہ کو کہ معنے اسکے شدت کے ہیں ۱۲ ف۸ حکم کو یعنے اسلیے کہ حکم مبالغہ حاکم کا ہے اور حاکم حقیقی اللہ تعالیٰ ہی ہے اور نہیں ہے حکم مگر اسیکا ۱۲ ف۹ غراب کو اسلیے کہ معنے اسکے دوری کے ہیں ۱۲ ف۱۰ حباب کو اسلیے کہ حباب نام شیطان کا ہے ۱۲ ف۱۱ شہاب اسلیے کہ آگ کے بھڑکتے شعلہ کو شہاب کہتے ہیں ۱۲ ف۱۲ بری سواری مرد کی ہے یعنے لفظ زعموا اسلیے کہ مدار اسکا اوپر زعم اور گمان کے ہوتا ہے نہ جزم اور یقین پر اور زعم اس بات کو کہتے ہیں کہ کچھ ثبوت اور

ثُمَّ شَاءَ فُلَانٌ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَفِیْ رِوَایَۃٍ مُنْقَطِعًا قَالَ لَا تَقُوْلُوْا مَاشَاءَ اللّٰہُ وَشَاءَ مُحَمَّدٌ وَقُوْلُوْا مَاشَاءَ اللّٰہُ وَحْدَہٗ

رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ (۱۳) **وَعَنْہُ** عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُوْلُوْا لِلْمُنَافِقِ سَیِّدٌ فَاِنَّہٗ اِنْ یَّکُ سَیِّدًا فَقَدْ اَسْخَطْتُمْ رَبَّکُمْ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ (۱) **عَنْ** عَبْدِ الْحَمِیْدِ بْنِ جُبَیْرِ بْنِ شَیْبَۃَ قَالَ جَلَسْتُ اِلٰی سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ فَحَدَّثَنِیْ اَنَّ جَدَّہٗ حَزْنًا قَدِمَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا اسْمُکَ قَالَ اسْمِیْ حَزْنٌ قَالَ بَلْ اَنْتَ سَھْلٌ قَالَ مَا اَنَا بِمُغَیِّرٍ اِسْمًا سَمَّانِیْہِ اَبِیْ قَالَ ابْنُ الْمُسَیَّبِ فَمَا زَالَتْ فِیْنَا الْحُزُوْنَۃُ بَعْدُ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ (۲) **وَعَنْ** اَبِیْ وَھْبِ الْجُشَمِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَسَمَّوْا بِاَسْمَاءِ الْاَنْبِیَاءِ وَاَحَبُّ الْاَسْمَاءِ اِلَی اللّٰہِ عَبْدُ اللّٰہِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَاَصْدَقُھَا حَارِثٌ وَّھَمَّامٌ وَاَقْبَحُھَا حَرْبٌ وَّمُرَّۃُ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ

بَابُ الْبَیَانِ وَالشِّعْرِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ (۱) **عَنِ** ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَدِمَ رَجُلَانِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَخَطَبَا فَعَجِبَ النَّاسُ لِبَیَانِھِمَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنَ الْبَیَانِ لَسِحْرًا رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ (۲) **وَعَنْ** اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِکْمَۃً رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ (۳) **وَعَنْ** ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

پھر چاہے فلانا روایت کی یہ احمد اور ابوداؤد نے اور ایک روایت میں آیا ہے بطریق انقطاع کے کہ فرمایا نہ کہو جو چاہے اللہ اور چاہے محمد اور کہو جو چاہے اللہ اکیلا روایت کی یہ بغوی نے شرح السنہ میں (۱۳) ترجمہ اور روایت ہے حذیفہؓ سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہ کہو منافق کو سید اسلیے کہ اگر ہو وہ سید تو تحقیق ناخوش کیا تم نے پروردگار اپنے کو روایت کی یہ ابوداؤد نے **فصل تیسری** (۱) ترجمہ روایت ہے عبدالحمید بن جبیر بن شیبہ سے کہا بیٹھا تھا میں پاس سعید بن مسیب کے پس حدیث کی سعید نے روبرو میرے یہ کہ دادا اُسکا حزن تھا آیا پاس نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا حضرتؐ نے کیا ہے نام تیرا کہا نام میرا حزن ہے فرمایا بلکہ نام تیرا سہل ہے کہا میں نے کہا اُس نے نہیں ہوں میں تغیر کرنے والا اُس نام کو کہ رکھا میرا باپ میرے نے کہا سعید بن مسیبؒ نے پس ہمیشہ رہی بیچ خاندان ہمارے کے سختی اب تک روایت کی یہ بخاری نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابو وہب جشمیؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نام رکھو ساتھ ناموں انبیا کے اور بہترین ناموں میں طرف اللہ کے عبداللہ اور عبدالرحمن اور خوب ہیں نام حارث اور ہمام ہیں اور بدترین ناموں کے حرب اور مرہ روایت کی یہ ابوداؤد نے باب ہے بیچ بیان اور شعر کے **فصل پہلی** (۱) ترجمہ روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ کہا آئے دو شخص جانب مشرق سے پس اُنہوں نے خطبہ پڑھا پس تعجب کیا لوگوں نے انکی خوش تقریری سے پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بعضا بیان البتہ سحر ہوتا ہے روایت کی یہ بخاری نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابی بن کعبؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بعضا شعر حکمت ہے روایت کی یہ بخاری نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے ابن مسعودؓ سے کہ کہا فرمایا رسول

ف یعنے اگر کوئے اور کسی امر کی طرف نسبت مشیت کی کرنی منظور ہو تو اس طرح کہو کہ جو چاہے اللہ پھر چاہے فلانا یعنے غیر کی مشیت بالتبع معلوم ہو ۱۲ ف اس سے معلوم ہوا کہ اگر کافر یا فاسق مجاہر کسی قوم کا سردار ہو تو اُسکو سید کہنا جائز نہیں ۱۲ مرقاۃ ف نہیں میں تغیر کرنے والا الخ اور غالبا یہ قبول نہ کرنا انکا ابتدا ہجرت میں ہوگا کہ جب ہجرت کر کر اسلام کے لیے آئے تھے اور ہنوز ساتھ صحت اور صداقت ایمان اور تہذیب اخلاق کو مشرف نہوئے تھے ۱۲ لمعات ف عبداللہ اور عبدالرحمن اور اسیطرح عبدالکریم اور عبدالرحیم اور مانند اسکی ۱۲ ف اور خوب ہیں نام حارث اور ہمام میں حارث کے معنے ہیں کسب کرنیوالا اور ہمام = ہم سے ہے یعنے قصد و ارادہ کے اور کوئی شخص کسب و ہم سے خالی نہیں اسکو خوب سچا فرمایا ف بیچ بیان اور شعر کے الخ بیان کے معنے عمدہ تقریر اور شعر کہتے ہیں کلام موزون کو کہ کہنے والے نے اُسکو موزون ہونے پر قصد کیا ہو پس جو قرآن و حدیث میں کلام موزون واقع ہوا ہے مقصود بالذات نہیں ۱۲ لمعات مرقات ف بعضا بیان البتہ سحر ہوتا ہے یعنے جیسے جادو سے آدمی لوٹ پوٹ ہو جاتا ہے ویسے بعضے آدمی کی تقریر ہوتی ہے علماء حدیث نے کہا اگر باطل میں خوش تقریری کرے تو حرام ہے اور حق بات میں پسندیدہ ہے ۱۲ ترجمہ مشارق ف بعضا شعر حکمت ہے یعنے تمام شعر برے نہیں ہوتے بلکہ بعضے اُن میں فائدے کے بھی ہوتے ہیں ۱۲

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ھلک المتنطعون قالھا ثلثا رواہ مسلم (۴) وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اصدق

کلمۃ قالھا الشاعر کلمۃ لبید الا کل شیء ما خلا اللہ باطل متفق علیہ (۵) وعن عمرو بن الشرید عن ابیہ قال ردفت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوما فقال ھل معک من شعر امیۃ بن ابی الصلت شیء قلت نعم قال ھیہ فانشدتہ بیتا فقال ھیہ ثم انشدتہ بیتا فقال

ھیہ حتی انشدتہ مائۃ بیت رواہ مسلم (۶) وعن جندب ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان فی بعض المشاھد وقد دمیت

اصبعہ فقال ھل انت الا اصبع دمیت وفی سبیل اللہ ما لقیت متفق علیہ (۷) وعن البراء قال قال النبی صلی اللہ

علیہ وسلم یوم قریظۃ لحسان بن ثابت اھج المشرکین فان جبریل معک وکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لحسان اجب عنی اللھم

ایدہ بروح القدس متفق علیہ (۸) وعن عائشۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اھجوا قریشا فانہ اشد علیھم من رشق

النبل رواہ مسلم (۹) وعنھا قالت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لحسان ان روح القدس لا یزال یؤیدک ما

نافحت عن اللہ ورسولہ وقالت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ھجاھم حسان فشفی واشتفی رواہ مسلم

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہلاک ہوے وہ شخص کہ مبالغہ کرتے ہین کلام مین فرمایا حضرت نے اس کلمہ کو تین بار روایت کی یہ مسلم نے (۴) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سچا کلمہ کہ کہا اسکو شاعر نے کلمہ لبید کا ہے کہ وہ یہ ہے کہ خبردار ہو ہر چیز سوا اللہ کے فانی ہے متفق علیہ (۵) ترجمہ اور روایت ہے عمرو بن شرید سے کہ نقل کی اپنے باپ سے کہ کہا پیچھے بیٹھا مین حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سواری پر ایکدن پس فرمایا کیا یاد ہے تجھ کو بیتون امیہ بن ابی الصلت سے کچھ کہا مینے کہ ہان یاد ہین مجھے فرمایا کہ ہان پڑہ پس پڑہی مینے روبرو حضرت کے ایک بیت پس فرمایا اور بھی پڑہ پھر پڑہی مینے ایک بیت پس فرمایا کہ ہان پڑہ کوئی اور بیت یہانتک کہ پڑہین مینے سو بیتین روایت کی یہ مسلم نے (۶) ترجمہ اور روایت ہے جندب سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم تھے بیچ بعضی لڑائی کے اور حالانکہ خون آلودہ ہوئی انگلی حضرت کی پس فرمایا نہین تو مگر انگلی کہ خون آلودہ ہوئی اور بیچ راہ خدا کے ہے وہ چیز کہ دیکھی تو نے متفق علیہ (۷) ترجمہ اور روایت ہے براء سے کہ کہا فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے دن قریظہ کے واسطے حسان بن ثابت کے ہجو کر تو مشرکین کی پس تحقیق جبریل ساتھ تیرے ہین اور تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے واسطے حسان کے جواب دے میری طرف سے یا الٰہی تائید کر حسان کو ساتھ جبریل کے متفق علیہ (۸) ترجمہ اور روایت ہے عائشہ سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہجو کرو کفار قریش کی پس تحقیق ہجو بہت سخت ہوتی ہے انپر پھینکنے تیر کے سے روایت کی یہ مسلم نے (۹) ترجمہ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہ کہا سنا مینے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے واسطے حسان کے کہ تحقیق جبریل ہمیشہ تائید کرتا ہے تیری جب تک کہ مقابلہ کرتا ہے تو اللہ اور رسول کیطرف سے اور کہا عائشہ نے کہ سنا مینے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے ہجو کی کفار کی حسان نے پس شفا دی مسلمانون کو اور شفا پائی آپ روایت کی یہ مسلم نے

لہ مبالغہ کرتے ہین الخ یعنے تکلف کرنا کلام کرنے مین اور مقید ہونا ساتھ عبارت آرائی کے بطریق ریا اور تصنع کے بہت برا ہے ۱۲ لمعات ۲ کلمہ لبید کا ہے زمانہ جاہلیت مین لبید نام ایک شاعر عرب مین تہا اسکا یہ مصرع چونکہ حق تہا اور موافق قرآن کے مضمون کے تہا اس واسطے تعریف فرمائی معلوم ہوا کہ جس شعر کا مضمون حق ہو اور نصیحت پر مشتمل ہو اسکا پڑہنا شرع مین منع نہین ہے ۱۲ ترجمہ مشارق ۳ یہانتک کہ پڑہی مینے سو بیتین امیہ زمانہ کفر مین ایک شاعر تہا اسکے شعر مین حمد الٰہی اور مذمت دنیا کا مضمون تہا اسواسطے حضرت نے انکو سنا پہر فرمایا کہ اسکی زبان ایمان لائی اور دل کافر رہا یعنے زبان سے تو مضمون اچھے نکلا لیکن دل کے کفر اور حب دنیا نہ گئی اور یہی حال ہے اکثر شاعرون کا کہ اشعار مین یعنے مضمون تو نہایت خوب لعمدہ بہت زبان سے نکلتے ہین اور دل سیاہ ۱۲ ترجمہ مشارق ۴ اور بیچ راہ خدا کے ہے وہ چیز کہ دیکھی تو نے یعنے اول تو سہل ہے اور یہ بھی ضائع نہین بلکہ خدا کی راہ اور اسکی رضا مین ہے اور وہ اسکا ثواب دیگا اور یہ بلا قصد واقع ہوا ہے اور قصیدہ رجز سے ہے شعر نہین ۱۲ ۵ جبریل ساتھ تیرے ہین یعنے انکی طرف سے مضمون کا فیضان ہوگا ۱۲ ترجمہ مشارق ۶ ہجو کر یہ حضرت نے شاعر اصحاب سے فرمایا جیسے حسان اور عبد اللہ بن رواحہ ۱۲ ترجمہ مشارق ۷ ہجو کی کفار کی حسان نے الا کافرون نے حضرت کی ایکبار ہجو کی تھی حضرت نے حسان سے فرمایا کہ تم انکو جواب دو حسان نے چند بیتون مین انکی خوب ہجو کی تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی اور اسکی ہجو بیتون سے معلوم ہوا کہ شعر کہنا درست ہی لیکن

(۱۰) وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَنْقُلُ التُّرَابَ یَوْمَ الْخَنْدَقِ حَتّٰی اَغْبَرَ بَطْنُہٗ یَقُوْلُ وَاللّٰہِ لَوْلَا اللّٰہُ مَا اھْتَدَیْنَا + وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّیْنَا + فَاَنْزِلَنْ سَکِیْنَۃً عَلَیْنَا + وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَّاقَیْنَا + اِنَّ الْاُوْلٰی قَدْ بَغَوْا عَلَیْنَا + اِذَا اَرَادُوْا فِتْنَۃً اَبَیْنَا + یَرْفَعُ بِھَا صَوْتَہٗ اَبَیْنَا اَبَیْنَا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ (۱۱) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ جَعَلَ الْمُھَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ یَحْفِرُوْنَ الْخَنْدَقَ وَیَنْقُلُوْنَ التُّرَابَ وَھُمْ یَقُوْلُوْنَ نَحْنُ الَّذِیْنَ بَایَعُوْا مُحَمَّدًا عَلَی الْجِھَادِ مَا بَقِیْنَا اَبَدًا یَقُوْلُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ یُجِیْبُھُمْ اَللّٰھُمَّ لَا عَیْشَ اِلَّا عَیْشُ الْاٰخِرَۃِ فَاغْفِرِ الْاَنْصَارَ وَالْمُھَاجِرَۃَ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ (۱۲) وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَاَنْ یَّمْتَلِیَٔ جَوْفُ رَجُلٍ قَیْحًا یَرِیْہِ خَیْرٌ مِّنْ اَنْ یَّمْتَلِیَٔ شِعْرًا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

(۱) عَنْ کَعْبِ بْنِ مَالِکٍ اَنَّہٗ قَالَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی قَدْ اَنْزَلَ فِی الشِّعْرِ مَا اَنْزَلَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ یُجَاھِدُ بِسَیْفِہٖ وَلِسَانِہٖ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَکَاَنَّمَا تَرْمُوْنَھُمْ بِہٖ نَضْحَ النَّبْلِ رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ وَفِی الْاِسْتِیْعَابِ لِابْنِ عَبْدِ الْبَرِّ اَنَّہٗ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَاذَا تَرٰی فِی الشِّعْرِ فَقَالَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ یُجَاھِدُ بِسَیْفِہٖ وَلِسَانِہٖ (۲) وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْحَیَاءُ وَالْعِیُّ شُعْبَتَانِ مِنَ الْاِیْمَانِ وَالْبَذَاءُ وَالْبَیَانُ شُعْبَتَانِ مِنَ النِّفَاقِ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ (۳) وَعَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَۃَ

---

(۱۰) ترجمہ اور روایت ہے براءؓ سے کہ کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اٹھاتے مٹی دن خندق کے یہانتک کہ غبار آلودہ ہوا تھا پیٹ حضرت کا فرماتے قسم ہے خدا کی اگر نہ ہوتی ہدایت اللہ کی تو راہ راست نہ پاتے ہم۔ اور نہ صدقہ دیتے ہم اور نہ نماز پڑھتے ہم پس اتار اے اللہ آرام ہم پر اور ثابت رکھ قدم ہمارے اگر ملیں ہم (دشمنان دین سے) تحقیق ان کفار مکہ نے زیادتی کی ہے ہم پر سبب اسکے کہ جب ارادہ کرتے ہیں وہ فتنہ کا انکار کرتے ہیں ہم بلند کرتے تھے حضرت ساتھ ان بیتوں کے آواز اپنی خصوصاً لفظ ابینا ابینا پر متفق علیہ (۱۱) ترجمہ اور روایت ہے انسؓ سے کہ کہا شروع کیا مہاجروں اور انصار نے کھودنا خندق کا اور اٹھانا مٹی کا اور وہ پڑھتے تھے اس رجز کو ہم ہیں وہ لوگ کہ بیعت کی حضرت محمدؐ سے جہاد پر جب تک کہ باقی رہیں ہم ہمیشہ فرماتے تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم حالانکہ جواب دیتے تھے انکو یا الٰہی نہیں زندگی مگر زندگانی آخرت کی پس بخش انصار اور مہاجرین کو متفق علیہ (۱۲) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے البتہ بھرنا پیٹ ایک شخص کا پیپ سے کہ خراب کردے پیٹ اسکو بہتر ہے بھرنے پیٹ کے سے شعر مذموم سے متفق علیہ فصل دوسری (۱) ترجمہ روایت ہے کعب بن مالکؓ سے یہ کہ اُنھوں نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ اللہ تعالی نے نازل کی بیچ حق شعر کہنے کے وہ چیز کہ نازل کی پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق مومن جہاد کرتا ہے ساتھ تلوار اپنی کے اور زبان اپنی کے قسم ہے اُس ذات کی کہ جان میری بیچ ہاتھ اُسکے کے ہے گویا کہ مارتے ہو کفار کو ساتھ شعر کے مانند مارنے تیر کے روایت کی یہ شرح السنہ میں اور مذکور ہے کتاب استیعاب میں کہ ابن عبد البر کی ہے یہ کہ کعبؓ نے کہا یا رسول اللہ کیا حکم فرماتے ہو بیچ شعر کے پس فرمایا حضرتؐ نے کہ تحقیق مومن جہاد کرتا ہے ساتھ تلوار اپنی کے اور زبان اپنی کے (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابوامامہؓ سے کہ اُس نے نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے حیا اور زبان بستگی دو شاخیں ہیں ایمان سے اور فحش گوئی اور بکواس بیفائدہ دو شاخیں ہیں نفاق سے روایت کی یہ ترمذی نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے ابو ثعلبہؓ

ف۱ اٹھاتے تھے مٹی الخ سال چہارم میں کافروں نے حضرتؐ پر ہجوم کیا حضرتؐ نے پناہ کی واسطے مدینے کے گرد خندق کھدوائی حضرتؐ خندق سے مٹی نکالتے جاتے تھے اور یہ حدیث فرماتے تھے ۱۲ ترجمہ شارق ف۲ الٰہی نہیں الخ یعنی دنیا کی زندگی کی کچھ حقیقت نہیں زندگی ہے آخرت کی الٰہی انکی مغفرت کر تو وہاں کی زندگی کا لطف اٹھاویں ۱۲ ترجمہ شارق ص۵۲۹ ف۳ البتہ بھرنا پیٹ الخ یعنے شعر گوئی یا شعر خوانی کا شغل غالب رہنا اور قرآن اور علوم شرعی پر کم متوجہ ہونا سخت قبیح ہے اس واسطے کہ اکثر اشعار مدح بیہودہ اور ہجو مذموم اور مبالغہ سے خالی نہیں تو شعر گوئی اور شعر خوانی گویا کذب اور افترا پردازی کی ورزش ہے ۱۲ ترجمہ شارق ص۴۶۷ ف۴ تحقیق مومن جہاد کرتا ہے الخ یعنے جو شعر کہ ہجو کفار کی اور تائید دین اسلام کی کرتے ہیں حکم جہاد کا رکھتا ہے ایسا شعر کہنا مذموم نہیں ۱۲ لمعات ف۵ اور زبان بستگی الخ یعنے بری بات سے اسلیے کہ مومن بسبب حیا اور انکسار اور شغل عبادت کے قدرت نہیں رکھتا اوپر تقریر کے اور اپنے مدعا کے ثابت کرنے سے عاجز ہوتا ہے اور نقصے لغو کرتا ہے بری باتوں سے بخلاف منافق کے کہ فحش گو ہوتا ہے اور دعا دہو ہوتا ہے اور بیان اور تیز زبانی سے ۱۲ لمعات

الخُشَنِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَحَبَّکُمْ اِلَیَّ وَاَقْرَبَکُمْ مِنِّیْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اَحَاسِنُکُمْ اَخْلَاقًا وَاِنَّ اَبْغَضَکُمْ اِلَیَّ وَاَبْعَدَکُمْ مِنِّیْ مَسَاوِیْکُمْ اَخْلَاقًا الثَّرْثَارُوْنَ الْمُتَشَدِّقُوْنَ الْمُتَفَیْہِقُوْنَ رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَرَوَی التِّرْمِذِیُّ نَحْوَہٗ عَنْ جَابِرٍ وَفِیْ رِوَایَتِہٖ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَدْ عَلِمْنَا الثَّرْثَارُوْنَ وَالْمُتَشَدِّقُوْنَ فَمَا الْمُتَفَیْہِقُوْنَ قَالَ الْمُتَکَبِّرُوْنَ (۴) وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی یَخْرُجَ قَوْمٌ یَاْکُلُوْنَ بِاَلْسِنَتِہِمْ کَمَا تَاْکُلُ الْبَقَرَۃُ بِاَلْسِنَتِہَا رَوَاہُ اَحْمَدُ (۵) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ یُبْغِضُ الْبَلِیْغَ مِنَ الرِّجَالِ الَّذِیْ یَتَخَلَّلُ بِلِسَانِہٖ کَمَا یَتَخَلَّلُ الْبَاقِرَۃُ بِلِسَانِہَا رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ (۶) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَرَرْتُ لَیْلَۃَ اُسْرِیَ بِیْ بِقَوْمٍ تُقْرَضُ شِفَاھُھُمْ بِمَقَارِیْضَ مِنَ النَّارِ فَقُلْتُ یَا جِبْرِیْلُ مَنْ ھٰؤُلَاءِ قَالَ ھٰؤُلَاءِ خُطَبَاءُ اُمَّتِکَ الَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ مَا لَا یَفْعَلُوْنَ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ (۷) وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ تَعَلَّمَ صَرْفَ الْکَلَامِ لِیَسْبِیَ بِہٖ قُلُوْبَ الرِّجَالِ اَوِ النَّاسِ لَمْ یَقْبَلِ اللّٰہُ مِنْہُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ صَرْفًا وَّلَا عَدْلًا رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ (۸) وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّہٗ قَالَ یَوْمًا وَّقَامَ رَجُلٌ فَاَکْثَرَ الْقَوْلَ فَقَالَ عَمْرٌو لَوْ قَصَدَ فِیْ قَوْلِہٖ لَکَانَ خَیْرًا لَّہٗ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَقَدْ رَاَیْتُ

خشنی سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق محبوب تر ہیں تمہاری طرف میری اور بہت نزدیک تمہارے مجھ سے دن قیامت کے بہت خوش اخلاق تمہارے ہیں اور تحقیق دشمن ترین تمہارے طرف میری اور دور ترین تمہارے مجھ سے برے تمہارے ہیں از روے خلق کے کہ وہ ہیں بہت کلام کرنے والے اور فراخی کرنیوالے کلام میں اور مونہہ بھر کر کلام کرنیوالے روایت کی یہ بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت کی ترمذی نے مانند اس کے جابر سے اور بیچ ایک روایت ترمذی کے یوں ہے کہ عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ تحقیق جانا ہمنے ثرثارون اور متشدقون کو پس کون ہیں متفیہقون فرمایا تکبر کرنیوالے (۴) ترجمہ اور روایت ہے سعد بیٹے ابی وقاص سے کہ کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں قائم ہوگی قیامت یہانتک کہ نکلے گی ایک قوم کہ کھاوینگی ساتھ زبانوں اپنے کے جیسیکہ کھاتی ہیں گائیں ساتھ زبانوں اپنی کے روایت کی یہ احمد نے (۵) ترجمہ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق اللہ تعالی دشمن رکھتا ہے اُس شخص کو کہ مبالغہ کرے فصاحت کلام میں وہ جو کھاوے ساتھ زبان اپنی کے جیسیکہ کھاتی ہیں چارہ گائیں ساتھ زبانوں اپنی کے روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہے (۶) ترجمہ اور روایت ہے انس سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے گذرا میں اُس رات کو کہ معراج کروائی گئی مجھکو ایک قوم پر کہ کاٹے جاتے تھے ہونٹ انکے ساتھ مقراضوں آگ کے پس کہا میں نے اے جبرئیل کون ہیں یہ لوگ کہا یہ ہیں واعظ قوم تیری کے وہ جو کہتے ہیں وہ چیز کہ آپ نہیں کرتے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہے (۷) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلعم نے جو شخص کہ سیکھے پھیرنا کلام کا تا قابو میں لاوے بسبب اسکے دل مردوں کے یا فرمایا لوگوں کے نہیں قبول کریگا اللہ تعالی اُس سے دن قیامت کے نفل اور نہ فرض روایت کی یہ ابوداؤد نے (۸) ترجمہ اور روایت ہے عمرو بن العاص سے یہ کہ انہوں نے کہا ایک دن اس حالت میں کہ کھڑا ہوا ایک شخص اور بہت بیان کیا پس کہا عمرو نے اگر میانہ روی کرتا بیچ تقریر میں تو البتہ بہتر ہوتا واسطے اسکے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تحقیق جانا میں نے

ف اور دور ترین الخ ان حدیثوں سے معلوم ہوا کہ مجلس میں بیفائدہ کرنا اور بے فائدہ تقریریں بنا بنا کرنی مذموم اور مکروہ ہیں ۱۲ ف تکلف کر کر اور خلاف حق کے ۱۲ ف بغیر احتیاط اور پرہیز کے ف کھاوینگی ساتھ زبانوں اپنی کے یعنی زبانوں کو وسیلہ کھانیکا کرینگے کہ تعریف اور مذمت لوگوں کی کرینگے تا حاصل کریں اُن سے دنیا ۱۲ ف وہ جو کھاوے ساتھ الخ پس اچھا وہ کلام ہے جو موافق حاجت کے اور ظاہر اور باطن شریعت کے موافق ہو ۱۲ مرقاۃ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خوش تقریری کو ذریعہ معاش ٹھیرانا حرام ہے ۱۲ ف آپ نہیں کرتے الخ یعنے برائی انکی نہ کرنے میں ہے اور کہنے میں برائی نہیں اگرچہ آپ نہ کریں اسلیے امر بالمعروف میں فعل شرط نہیں ہے اگر کریں تو بہتر ہے ولیکن امر بالمعروف بغیر فعل کے تاثیر نہیں رکھتا لمعات ف پھیرنا

اَوْ اُمِرْتُ اَنْ اَتَجَوَّزَ فِی الْقَوْلِ فَاِنَّ الْجَوَازَ هُوَ خَیْرٌ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ (۹) وَعَنْ صَخْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَیْدَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ
جَدِّهٖ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ مِنَ الْبَیَانِ سِحْرًا وَاِنَّ مِنَ الْعِلْمِ جَهْلًا وَاِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِکَمًا وَاِنَّ مِنَ الْقَوْلِ
عِیَالًا رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

(۱) عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَضَعُ لِحَسَّانَ مِنْبَرًا
فِی الْمَسْجِدِ یَقُوْمُ عَلَیْهِ قَائِمًا یُفَاخِرُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَوْ یُنَافِحُ وَیَقُوْلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ یُؤَیِّدُ حَسَّانَ
بِرُوْحِ الْقُدُسِ مَا نَافَحَ اَوْ فَاخَرَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ (۲) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ کَانَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
حَادٍ یُقَالُ لَهٗ اَنْجَشَةُ وَکَانَ حَسَنَ الصَّوْتِ فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رُوَیْدَكَ یَا اَنْجَشَةُ لَا تَکْسِرِ الْقَوَارِیْرَ قَالَ قَتَادَةُ یَعْنِیْ
ضَعَفَةَ النِّسَاءِ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ (۳) وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ ذُکِرَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الشِّعْرُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
هُوَ کَلَامٌ فَحَسَنُهٗ حَسَنٌ وَقَبِیْحُهٗ قَبِیْحٌ رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِیُّ وَرَوَی الشَّافِعِیُّ عَنْ عُرْوَةَ مُرْسَلًا (۴) وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ
قَالَ بَیْنَا نَحْنُ نَسِیْرُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالْعَرْجِ اِذْ عَرَضَ شَاعِرٌ یُنْشِدُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خُذُوا الشَّیْطَانَ

یا فرمایا حکم کیا گیا ہوں میں یہ کہ اختصار کروں میں تقریر میں پس تحقیق مختصر تقریر بہتر ہے روایت کی یہ ابوداؤد نے (۹) ترجمہ اور روایت ہے صخر بن عبداللہ بن
بریدہ سے کہ نقل کی اپنے باپ سے انہوں نے صخر کے دادا سے کہ کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تحقیق بعضا بیان سحر ہے اور تحقیق
بعضا علم[۱] جہل ہے اور تحقیق بعضا شعر فائدہ مند[۲] ہوتا ہے اور تحقیق بعضا قول[۳] وبال ہوتا ہے روایت کی یہ ابوداؤد نے فصل تیسری (۱) ترجمہ
روایت ہے عائشہؓ سے کہ کہا تھے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم رکھتے حسانؓ کے واسطے منبر مسجد میں کہ کھڑے ہوتے اوسپر کھڑے ہو کر اور آنحالیکہ فخر کرتے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے یا کہا کہ مقابلہ کرتے حضرتؐ کیطرف سے اور فرماتے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہ تحقیق اللہ تعالیٰ تائید
کرتا ہے حسان کی ساتھ جبریلؑ کے جبتک کہ مقابلہ کرتا ہے وہ یا کہا فخر کرتا ہے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف سے روایت کی یہ بخاری نے
(۲) ترجمہ اور روایت ہے انسؓ سے کہ کہا تھا واسطے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹوں کو گانے سے چلانیوالا کہا جاتا تھا اسکو انجشہ اور تھا وہ خوش
آواز پس فرمایا واسطے اسکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ آہستہ[۴] ہانک اونٹوں کو اے انجشہ مت توڑ تو شیشوں کو کہا قتادہ نے مراد رکھتے تھے حضرتؐ
ساتھ شیشوں کے ضعیف عورتوں کو متفق علیہ (۳) ترجمہ اور روایت ہے عائشہؓ سے کہ کہا ذکر کیا گیا نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے شعر پس
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ شعر کلام ہے پس اچھا[۵] اسکا اچھا ہے اور برا اسکا برا ہے روایت کی یہ دارقطنی نے اور روایت کی شافعی
نے عروہ سے بطریق ارسال کے (۴) ترجمہ اور روایت ہے ابوسعید خدریؓ سے کہ کہا جس وقت چلتے تھے ہم ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عرج
میں ناگہاں روبرو آیا ایک شاعر کہ شعر پڑھتا تھا پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پکڑو اس شیطان[۶] کو

---

[۱] اور تحقیق بعضا علم جہل ہے اس کے دو مطلب ہیں ایک تو یہ کہ سیکھے ایسے علوم کہ احتیاج نہیں ہے ان کی جیسے نجوم اور علوم فلسفہ وغیرہ دوسرے یہ کہ اپنے علم پر عمل نہ کرے
اسلیے کہ جو کوئی علم رکھے اور عمل نہ کرے تو گویا جاہل ہے ۱۲ [۲] فائدہ مند ہوتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ بعضا شعر جائز ہے ۱۲ [۳] اور تحقیق بعضا قول وبال
ہوتا ہے یعنی کہنے والے پر یا سننے والے پر اگر جاہل ہے نہیں سمجھتا یا عالم ہے کہ خود جانتا ہے ۱۲ [۴] آہستہ ہانک الخ حضرتؐ کسی سفر میں تھے اور ایک حبشی غلام
جس کا نام انجشہ تھا وہ حضرتؐ کی بی بیوں کے اونٹوں کو ہانکتا تھا سو وہ غلام خوش آواز تھا آہنگ سے سرود گاتا جاتا تھا اور دستور ہے کہ اونٹ سرود سے بہت
جلد جلد چلنے لگتے ہیں تو بی بیوں کو سواری میں تکلیف ہوتی تھی تب حضرتؐ نے یہ حدیث فرمائی اور عورتیں نازک بدن ہوتی ہیں اسواسطے حضرتؐ نے انکو شیشہ
بانشہ کہا ۱۲ ترجمہ مشارق نولکشوری منہ [۵] پس اچھا اسکا اچھا ہے اور برا اسکا برا ہے یعنی مدار مضمون پر ہے اگر اچھا مضمون ہے تو وہ شعر اچھا ہے اور اگر برا
ہے تو برا ہے ۱۲ مظاہر حق [۶] پکڑو اس شیطان کو الخ یہ شخص کافر تھا یا شعر گوئی اسپر غالب تھی یا اسکے اشعار مذموم تھے اس واسطے اسکو شیطان فرمایا اس حدیث سے
معلوم ہوا کہ شعر پڑھنا مطلق مکروہ ہے تھوڑا ہو یا بہت اگرچہ اس میں فحش نہ ہو اور سب علما کہتے ہیں کہ مباح ہے جب تک کہ اس میں فحش نہ ہو اور کہتے ہیں کہ اگر
شعر پڑھنے کا شغل اسپر غالب ہو گا کہ اسکو قرآن وغیرہ علوم شرعیہ سے باز رکھے تو وہ برا ہے خواہ کوئی شعر ہو اور اگر قرآن وحدیث کا شغل اسپر غالب ہو تو تھوڑے
شعر پڑھنے کا کچھ ضرر نہیں ۱۲ نووی شرح مسلم

اَوْ اَمْسِكُوا الشَّيْطٰنَ لَاَنْ يَّمْتَلِئَ جَوْفُ رَجُلٍ قَيْحًا خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ اَنْ يَّمْتَلِئَ شِعْرًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۵) وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْغِنَاءُ يُنْبِتُ النِّفَاقَ فِي الْقَلْبِ كَمَا يُنْبِتُ الْمَاءُ الزَّرْعَ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ (۶) وَعَنْ نَّافِعٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ فِيْ طَرِيْقٍ فَسَمِعَ مِزْمَارًا فَوَضَعَ اِصْبَعَيْهِ فِيْ اُذُنَيْهِ وَنَاءَ عَنِ الطَّرِيْقِ اِلَى الْجَانِبِ الْاٰخَرِ ثُمَّ قَالَ لِيْ بَعْدَ اَنْ بَعُدَ يَا نَافِعُ هَلْ تَسْمَعُ شَيْئًا قُلْتُ لَا فَرَفَعَ اِصْبَعَيْهِ مِنْ اُذُنَيْهِ قَالَ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَ صَوْتَ يَرَاعٍ فَصَنَعَ مِثْلَ مَا صَنَعْتُ قَالَ نَافِعٌ وَّكُنْتُ اِذْ ذَاكَ صَغِيْرًا رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ

بَابُ حِفْظِ اللِّسَانِ وَالْغِيْبَةِ وَالشَّتْمِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

(۱) عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّضْمَنْ لِّيْ مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ اَضْمَنْ لَهُ الْجَنَّةَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ (۲) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِّضْوَانِ اللّٰهِ لَا يُلْقِيْ لَهَا بَالًا يَّرْفَعُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَاتٍ وَّاِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ لَا يُلْقِيْ لَهَا بَالًا يَّهْوِيْ بِهَا فِيْ جَهَنَّمَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهُمَا يَهْوِيْ بِهَا فِي النَّارِ اَبْعَدَ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ (۳) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ وَّقِتَالُهٗ كُفْرٌ

یا فرمایا پکڑو اس شیطان کو البتہ بھر جانا پیٹ مرد کا پیپ سے بہتر ہے اسکے لیے بھرنے سے ساتھ شعر کے روایت کی یہ مسلم نے (۵) ترجمہ اور روایت ہے جابرؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ راگ جماتا ہے نفاق کو دل میں جیسا کہ جماتا ہے پانی کھیتی کو روایت کی بیہقی نے شعب الایمان میں (۶) ترجمہ اور روایت ہے نافع سے کہ کہا تھا میں ساتھ ابن عمرؓ کے بیچ راہ کے پس سنی انہوں نے نَے پس رکھیں دونو انگلیاں اپنے کانوں میں اور دور ہوئے راہ سے دوسری طرف پھر کہا واسطے میرے پیچھے اسکے کہ دور ہو لیے نافع کیا سنتا ہے تو کچھ کہا میں نے نہیں پس اٹھا لیں انگلیاں اپنی دونوں کانوں اپنے سے کہا ابن عمرؓ نے تھا میں ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پس سنی آواز نے کی پس کیا حضرتؐ نے مانند اس چیز کے کہ کیا میں نے کہا نافع نے اور تھا میں اسوقت لڑکا چھوٹا روایت کی یہ احمد اور ابوداؤد نے باب ہے بیچ بیان محافظت زبان کے اور غیبت اور گالیوں کے

فصل پہلی (۱) ترجمہ روایت ہے سہل بن سعدؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ضامن ہو واسطے میرے اسکا کہ اسکے دونو کلوں میں ہے اور اسکا کہ اسکے دونو پاؤں میں ہے ضامن ہوں میں واسطے اسکے بہشت کا روایت کی یہ بخاری نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بندہ البتہ بولتا ہے ساتھ ایک بات کے کہ اس میں رضامندی حق کی ہے نہیں جانتا اس بات کی شان بلند کرتا ہے اللہ بسبب اسکے کئی درجے اور تحقیق بندہ البتہ بولتا ہے ساتھ ایک بات کے کہ اسمیں ناخوشی اللہ کی ہوتی ہے مضایقہ نہیں جانتا اسکے کہنے میں گرتا ہے بسبب اسکے دوزخ میں روایت کی یہ بخاری نے اور بیچ اور روایت بخاری اور مسلم کے یوں ہے کہ گرتا ہے بندہ بسبب اس بات کے آگ دوزخ میں گہرا دور اس مسافت سے کہ درمیان مشرق اور مغرب کے ہے (۳) ترجمہ اور روایت ہے عبداللہ بیٹے مسعودؓ کے سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے برا کہنا مسلمان کا فسق ہے اور مار ڈالنا اسکا کفر ہے

---

۵ راگ جماتا ہے نفاق کو الخ یعنے راگ سبب ہے نفاق کا اور گانا ساتھ نری آواز کے مکروہ ہے اور سننا بھی اور گانا ساتھ عود اور طنبور اور ساتھ ساز باجوں کے حرام ہے اور سننا بھی ۱۲ لمعات شرح مرقاۃ ۶ پس سنی آواز نے کی یعنے بانسری کی اور شاید ابن عمر اسوقت چھوٹے تھے اور باوجود اسکے کانوں میں انگلیاں نہ دیے ہوئے تھے پس اگر سن لی کچھ گناہ نہیں اسواسطے کہ انکا قصد سننے کا نہ تھا اور فتاوی قاضیخان میں لکھا ہے کہ باجوں کی آواز سننا گناہ ہے اور اسپر بیٹھنا فسق ہے اور اس سے لذت اٹھانی کفر ہے ۱۲ لمعات و مرقاۃ ۱ اسکا کہ اسکے دونوں کلوں میں ہے یعنے زبان کو بچاوے بکنے اور بیفائدہ کلام سے اور دانتوں کو کھانے پینے حرام سے ۱۲ ۲ اور اسکا کہ اسکے دونوں پاؤں میں ہے یعنے شرمگاہ کو بچاوے یعنے حرامکاری نہ کرے ۱۲ ۳ گرتا ہے بسبب اسکے دوزخ میں اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آدمی بدون سوچے ہر ایک بات کو نہ بکا کرے ۱۲ ترجمہ مشارق ۴ اور مار ڈالنا اسکا کفر ہے اگر قتل حلال جانکر مسلمان کو قتل کرے تو صریح کفر ہے اور نہیں تو کبیرہ گناہ ہے ۱۲ ترجمہ مشارق

متفق عليه (٤) وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ايما رجل قال لاخيه كافر فقد باء بها احدهما متفق عليه
(٥) وعن ابي ذر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يرمي رجل رجلا بالفسوق ولا يرميه بالكفر الا ارتدت عليه
ان لم يكن صاحبه كذلك رواه البخاري (٦) وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من دعا رجلا بالكفر او قال عدو
الله وليس كذلك الا حار عليه متفق عليه (٧) وعن انس وابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال المستبان ما
قالا فعلى البادي ما لم يعتد المظلوم رواه مسلم (٨) وعن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا ينبغي
لصديق ان يكون لعانا رواه مسلم (٩) وعن ابي الدرداء قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ان
اللعانين لا يكونون شهداء ولا شفعاء يوم القيمة رواه مسلم (١٠) وعن ابي هريرة قال قال رسول الله
صلى الله عليه وسلم اذا قال الرجل هلك الناس فهو اهلكهم رواه مسلم (١١) وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
تجدون شر الناس يوم القيمة ذا الوجهين الذي ياتي هؤلاء بوجه وهؤلاء بوجه متفق عليه (١٢) وعن حذيفة قال سمعت
رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا يدخل الجنة قتات متفق عليه وفي رواية مسلم نمام (١٣) وعن عبد الله

متفق علیہ (۴) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص کہے اپنے بہائی مسلمان کو کافر پس تحقیق
پہرتا ہے ساتہ اس کلمہ کفر کے ایک ان دونون کا متفق علیہ (۵) ترجمہ اور روایت ہے ابوذرؓ سے کہ کہا فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ
تہمت کرے کوئی شخص کسی شخصکو فسق کی اور نہ تہمت کرے اسکو کفر کی مگر کہ پہرتا ہے کلمہ کفر و فسق کہنے والے پر اگر نہ ہو یار اسکا ایسا کہ کہا اسکو وہ
کلمہ کہا اُس طرحکا روایت کی یہ بخاری نے (۶) ترجمہ اور روایت ہے ابوذرؓ سے کہ کہا فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پکارے
کسی شخصکو ساتہ کفر کے یا کہے او دشمن خدا کے اور نہین ہے وہ شخص اسطرح کا مگر کہ رجوع کرتا ہے کفر یا عداوت اُسپر متفق علیہ (۷) ترجمہ
اور روایت ہے انسؓ اور ابوہریرہؓ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو شخص بُرا کہنے والے آپس مین گناہ اُس چیز کا کہیں اُسپر ہے
کہ پہلے بُرا کہا جب تک کہ تجاوز نہ کرے مظلوم روایت کی یہ مسلم نے (۸) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا نہین جائز واسطے صدیق کے یہ کہ ہو بہت لعنت کرنیوالا روایت کی یہ مسلم نے (۹) ترجمہ اور روایت ہے ابو درداؓ سے کہ کہا سنا مینے
پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تہے تحقیق بہت لعنت کرنیوالے نہ ہونگے گواہی دینے والے اور نہ شفاعت کرنیوالے دن قیامت
کے روایت کی یہ مسلم نے (۱۰) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ کہے کوئی آدمی ہلاک
ہوئے لوگ پس وہ سب سے زیادہ ہلاک ہونیوالا ہے روایت کی یہ مسلم نے (۱۱) ترجمہ اور روایت ہے انہین سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے بدترین لوگون کا دن قیامت کے دو رویہ ہے وہ کہ آتا ہے ایک جماعت کے پاس ساتہ ایک طریق کے اور آتا دوسری جماعت کے
پاس اور طرح متفق علیہ (۱۲) ترجمہ اور روایت ہے حذیفہؓ سے کہا سنا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تہے نہ داخل ہوگا بہشت
مین چغلخور متفق علیہ اور ایک روایت مسلم کی مین بجاے لفظ قتات کے لفظ نمام کا آیا ہے (۱۳) ترجمہ اور روایت ہے عبداللہؓ

ف۱ مگر کہ رجوع کرتا ہے کفر یا عداوت اُسپر الخ اسلیے کہ اگر سچ کہے تو وہ شخص خود کافر ہے اور اگر جہوٹ کہا اور وہ کافر نہ تہا تو یہ کہنے والا کافر ہوا اسلیے کہ
جب مومن کو کافر جانا تو ایمان کو کفر جانا اور دین اسلام کو باطل اعتقاد کیا اور علما نے کہا کہ یہ حدیث محمول ہے اُنکے حق مین جو اسکو حلال جانے والا ظاہر
اسکا مراد نہین ۱۲ لمعات و مرقاۃ ف۲ اُسپر ہے کہ جس نے پہلے بُرا کہا یعنے اگر دو شخص آپس مین ایک دوسرے کو گالی دیوین تو گناہ اُسپر ہے جسنے اول گالی دینا شروع کیا اسواسطے
کہ اول اُسنے راہ نکالی اور اگر مظلوم نے جواب مین زیادتی کی ایک گالی کے بدلے دو گالیان دین تو دونو گناہ مین شریک ہوے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ گالی کا جواب دینا
درست ہے بشرطیکہ حد سے نہ بڑہے لیکن غم خوری جواب دینے سے افضل ہے ۱۲ ترجمہ بشارق ف۳ نہین جائز الخ ابوبکر صدیقؓ نے ایک بار اپنے غلام پر لعنت کی تہی
حضرت نے یہ حدیث فرمائی ۱۲ ترجمہ بشارق ملخصا ف۴ پس وہ سب الخ یعنے جو کوئی کہے بقصد حقارت اور نا امید کرنے لوگون کے رحمت الٰہی سے بطریق حسرت کے
تو کہنے والا انکا سب سے زیادہ ہلاک ہونیوالا ہے کہ اُسنے خود پسندی کی اور لوگونکو حقارت سے دیکھا ۱۲ لمعات ف۵ دو رویہ الخ مراد دو رویہ سے منافق ہے جو مسلمانون

مین مسلمان ہو اور کافرون مین کافر اسیطرح وہ شخص بہی جو شیعون مین شیعہ بنے اور سنیون مین تقیہ کرکے سنی بنے اور اسیطرح وہ شخص بہی جو دو دشمنون سے ملے ہر ایک کے آگے اسکی سی کہے ۱۲ ترجمہ بشارق ملخصا ف۶ لفظ نمام کا آیا ہے قتات اور نمام کا ایک ہی معنی ہین یعنے جو فساد کروانے کیواسطے ادہر کی بات ادہر کہے وہ بہشت سے

ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم عليكم بالصدق فإن الصدق يهدي إلى البر وإن البر يهدي إلى الجنة وما يزال الرجل يصدق ويتحرى الصدق حتى يكتب عند الله صديقا وإياكم والكذب فإن الكذب يهدي إلى الفجور وإن الفجور يهدي إلى النار وما يزال الرجل يكذب ويتحرى الكذب حتى يكتب عند الله كذابا متفق عليه وفي رواية لمسلم قال إن الصدق بر وإن البر يهدي إلى الجنة وإن الكذب فجور وإن الفجور يهدي إلى النار (۱۴) وعن أم كلثوم قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس الكذاب الذي يصلح بين الناس ويقول خيرا وينمي خيرا متفق عليه (۱۵) وعن المقداد بن الأسود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا رأيتم المداحين فاحثوا في وجوههم التراب رواه مسلم (۱۶) وعن أبي بكرة قال أثنى رجل على رجل عند النبي صلى الله عليه وسلم فقال ويلك قطعت عنق أخيك ثلاثا من كان منكم مادحا لا محالة فليقل أحسب فلانا والله حسيبه إن كان يرى أنه كذلك ولا يزكي على الله أحدا متفق عليه (۱۷) وعن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال أتدرون ما الغيبة

ابن مسعودؓ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لازم پکڑو اپنے پر سچ بولنے کو اسلیے کہ سچ بولنا راہ دکھاتا ہے طرف نیکوکاری کی اور تحقیق نیکوکاری راہ بتلاتی ہے طرف بہشت کے اور ہمیشہ ایک شخص سچ بولتا ہے اور کوشش کرتا ہے سچ بولنے میں یہانتک کہ لکھا جاتا ہے وہ نزدیک اللہ تعالیٰ کے صدیق اور دور رکھو تم اپنے تئیں جھوٹ بولنے سے اسلیے کہ تحقیق جھوٹ بولنا پہونچاتا ہے طرف فسق کے اور تحقیق فسق کرنا پہونچاتا ہے طرف آگ دوزخ کی اور ہمیشہ آدمی جھوٹ بولتا ہے اور کوشش کرتا ہے جھوٹ بولنے میں یہانتک کہ لکھا جاتا ہے نام اسکا نزدیک اللہ تعالیٰ کے بڑا جھوٹا متفق علیہ اور بیچ ایک روایت مسلم کے یہ الفاظ آئے ہیں کہ کہا تحقیق سچ بولنا نیکی ہے اور نیکی پہونچاتی ہے طرف بہشت کے اور تحقیق جھوٹ بولنا فجور ہے اور تحقیق فجور پہونچاتا ہے طرف آگ کے (۱۴) ترجمہ اور روایت ہے ام کلثومؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں جھوٹا وہ شخص کہ اصلاح کرتا ہے درمیان لوگوں کے اور کہتا ہے باتیں نیک اور پہونچاتا ہے اچھی باتیں متفق علیہ (۱۵) ترجمہ اور روایت ہے مقدادؓ بیٹے اسود کے سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ دیکھو تم تعریف کرنیوالوں کو پس ڈالو اُنکے منہ میں مٹی روایت کی یہ مسلم نے (۱۶) ترجمہ اور روایت ہے ابو بکرہؓ سے کہ کہا تعریف کی ایک شخص نے ایک شخص کی روبرو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا حضرتؐ نے وائے تجھ کو کاٹی تو نے گردن بھائی اپنے کی تین بار فرمایا جو شخص کہ ہو تم میں سے تعریف کرنیوالا ضرور پس چاہیے کہ کہے گمان کرتا ہوں میں فلانے کو ایسا حالانکہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے حقیقت حال اُسکے کو اگر گمان رکھتا ہے تعریف کرنیوالا کہ تحقیق وہ ایسا ہی ہے اور تعریف نہ کرے خدا کے سامنے کسی کی متفق علیہ (۱۷) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آیا جانتے ہو تم کہ کیا ہے غیبت

؎۱ کہ لکھا جاتا ہے الخ وہ اللہ کے نزدیک صدیق یعنے ظاہر کیا جاتا ہے خلق میں ساتھ اس صفت و نام کے اور ڈالا جاتا ہے لوگوں کے دلوں میں ۱۲ ؎۲ کہ لکھا جاتا ہے نام اسکا نزدیک اللہ تعالیٰ کے بڑا جھوٹا یعنے لوگوں میں جھوٹا مشہور کیا جاتا ہے اور لوگ اُس سے بغض رکھتے ہیں ۱۲ ؎۳ اور تحقیق فجور پہونچاتا ہے طرف آگ کی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سچ بولنے کا انجام بہشت ہے اور جھوٹ بولنے کا انجام دوزخ ہے مسلمان کو اسکا خیال ضرور چاہیے جھوٹ بولنے کو سہل نہ جانے ۱۲ ترجمہ مشارق ص ؎۴ نہیں جھوٹا الخ یعنے ہرچند جھوٹ حرام ہے لیکن بہ نیت اصلاح کے درست ہے کہ دروغ مصلحت آمیز بہ از راستی فتنہ انگیز ۱۲ ترجمہ مشارق ؎۵ پس ڈالو اُن کے منہ میں مٹی الخ یعنے جو کہ مبالغہ کریں تعریف میں روبرو تمہارے بطلب مال کے تو انکو کچھ نہ دو اور کہا خطابی نے مراد وہ لوگ ہیں کہ انکی عادت ہے تعریف کرنے کی بغیر تمیز حق اور باطل کے ۱۲ مرقاۃ ؎۶ کاٹی تو نے الخ یعنے اس لیے کہ وہ اپنی تعریف سنکر بھول جاویگا اور آپ کو بہتر سمجھیگا تو خدا اُس سے ناخوش ہوگا اس حدیث میں حضرتؐ نے تعریف کرنے کا طریقہ سکھایا یعنے اول تو تعریف کرنا کسیطرح بہتر نہیں پھر اگر تعریف کرنا ضرور جانے تو جو باتیں اُس میں سچی ہوں اُن کو اس طرح سے کہے کہ فلانا شخص میرے گمان میں دیندار ہے سچا ہے سخی ہے خوب آدمی ہے دوستی میں پورا ہے آگے اللہ جانے کیسا ہے اور دوسری حدیث میں آیا ہے کہ جب مرد فاسق کی کوئی تعریف کرتا ہے تو خدا غضب میں آتا ہے تو معلوم ہوا کہ کافر کی تعریف کرنا زیادہ تر گناہ ہے ۱۲ ترجمہ مشارق ص

قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ ذِكْرُكَ اَخَاكَ بِمَا يَكْرَهُ قِيْلَ اَفَرَاَيْتَ اِنْ كَانَ فِيْ اَخِيْ مَا اَقُوْلُ قَالَ اِنْ كَانَ فِيْهِ مَا تَقُوْلُ فَقَدِ
اغْتَبْتَهٗ وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ فِيْهِ مَا تَقُوْلُ فَقَدْ بَهَتَّهٗ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ اِذَا قُلْتَ لِاَخِيْكَ مَا فِيْهِ فَقَدِ اغْتَبْتَهٗ وَ
اِذَا قُلْتَ ــــــــــ مَا لَيْسَ فِيْهِ فَقَدْ بَهَتَّهٗ (۱۸) وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَجُلًا اسْتَاْذَنَ
عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ائْذَنُوْا لَهٗ فَبِئْسَ اَخُو الْعَشِيْرَةِ فَلَمَّا جَلَسَ تَطَلَّقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ وَجْهِهٖ وَانْبَسَطَ اِلَيْهِ فَلَمَّا
انْطَلَقَ الرَّجُلُ قَالَتْ عَائِشَةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قُلْتَ لَهٗ كَذَا وَكَذَا ثُمَّ تَطَلَّقْتَ فِيْ وَجْهِهٖ وَانْبَسَطْتَ اِلَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَتٰى عَاهَدْتِنِيْ فَحَّاشًا اِنَّ شَرَّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَنْ تَرَكَهُ النَّاسُ اتِّقَاءَ شَرِّهٖ وَفِيْ
رِوَايَةٍ اتِّقَاءَ فُحْشِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۱۹) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ اُمَّتِيْ مُعَافًى اِلَّا الْمُجَاهِرُوْنَ
وَاِنَّ الْمُجَانَةَ اَنْ يَّعْمَلَ الرَّجُلُ بِاللَّيْلِ عَمَلًا ثُمَّ يُصْبِحُ وَقَدْ سَتَرَهُ اللّٰهُ فَيَقُوْلُ يَا فُلَانُ عَمِلْتُ الْبَارِحَةَ كَذَا وَكَذَا وَقَدْ
بَاتَ يَسْتُرُهٗ رَبُّهٗ وَيُصْبِحُ يَكْشِفُ سِتْرَ اللّٰهِ عَنْهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَذُكِرَ حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ فِيْ بَابِ الضِّيَافَةِ

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

(۱) عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَكَ الْكَذِبَ وَهُوَ بَاطِلٌ بُنِيَ لَهٗ فِيْ رَبَضِ

کہا بعضے صحابہ نے کہ اللہ اور رسول اُسکا دانا تر ہے فرمایا غیبت ذکر کرنا تیرا ہے اپنے بھائی مسلمان کو ساتھ ایسی صفت کے کہ ناخوش کہے کہا صحابہ نے بس خبر دو تم اگر ہووے بیچ بھائی میرے کے وہ چیز کہ کہتا ہوں مین فرمایا حضرت نے اگر ہے اُس شخص مین وہ چیز کہ کہتا ہے تو پس تحقیق غیبت کی تونے اُسکی اور اگر نہ ہو اُسمین وہ چیز کہ کہتا ہے تو پس تحقیق بہتان کیا تونے اُسپر روایت کی یہ مسلم نے اور ایک روایت مسلم کی مین یہ ہے کہ جس وقت کہ کہے تو واسطے بھائی اپنے وہ چیز کہ اُس مین ہے پس تحقیق غیبت کی تونے اُسکی اور جس وقت کہے تو وہ چیز کہ نہین اُسمین پس تحقیق بہتان کیا تونے اُسپر[1] (۱۸) ترجمہ اور روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ تحقیق ایک شخص نے اذن مانگا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آنیکا پس فرمایا اذن دو اسکو آنیکا پس بُرا ہے اپنی قوم مین پس جب بیٹھا وہ کشادہ پیشانی کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے بیچ ملاقات اُسکی کے اور تبسم کیا واسطے اُسکے پس جبکہ گیا وہ شخص عرض کیا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یا رسول اللہ کہا تھا آپنے اُسکے حق مین ایسا اور ایسا پھر کشادہ روئی کی آپنے بیچ ملاقات اُسکی کے اور میٹھی باتین کین اُس سے پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کب پایا تونے مجھ کو فحش بولنے والا تحقیق بدترین آدمیون کا نزدیک اللہ مرتبے مین دن قیامت کے وہ شخص ہے کہ چھوڑ دین اُسکو لوگ واسطے بچنے برائی اُسکی کے اور ایک روایت مین واسطے بچنے فحش اُسکے کے متفق علیہ (۱۹) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تمام امت میری عافیت مین ہے مگر جو اپنے پوشیدہ گناہون کو ظاہر کرتے ہین اور تحقیق یہ بھی اظہار مین داخل ہے کہ کرے آدمی رات کو عمل بد پھر صبح کرے اُس حال مین کہ تحقیق ڈھانکا تھا اُسکو اللہ نے پس کہے وہ شخص اے فلانے کیا مینے آج کی رات ایسا اور ایسا حالانکہ رات کو پردہ پوشی کی تھی اُسکی پروردگار اُسکے نے اور صبح کرتے ہی کھول دیا پردہ اللہ کا اپنے سے متفق علیہ اور ذکر کی گئی حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی کہ سر اُسکا یہ ہے من کان یومن باللہ باب الضیافۃ مین فصل دوسری (۱) ترجمہ روایت ہے انس رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلعم نے جو شخص کہ چھوڑ دے جھوٹ کو اور وہ ہو ناحق[2] بنایا جاتا ہے اُسکے لیے محل بیچ کنارہ

[1] بہتان کیا تونے اُسپر یعنے سچی ہی بات کا نام تو غیبت ہے اور اگر جھوٹی بات ہے تو اُسکا نام بہتان ہے خلاصہ مطلب یہ ہے کہ جس چیز کو آدمی سنکر برا مانے وہ غیبت ہے خواہ اُسکی نسب کا نقصان ہو خواہ بدن کا خواہ اُسکے قول اور فعل کا خواہ اُسکے دین کا خواہ اُسکی غیبت زبان سے کرے خواہ اشارہ سے کہ یہ سب حرام ہے لیکن ظالم کی غیبت حاکم کے روبرو اور فاسق کی جو بے پردہ گناہ کرتا ہے اور ناقص لقب جو مشہور ہو جیسے اندھا بہرا جیسا تو درست ہے ۱۲ ترجمہ مشارق صفحہ ۳۱ [3] پھر کشادہ روئی کی اُسکے واسطے اسی معلوم ہوا کہ بد ذات آدمی کی عزت اور توقیر کرنا اپنی حفظ آبرو کے واسطے درست ہے اور فاسق کی جو بے پردہ فسق کرتا ہو غیبت کرنا درست ہے تاکہ اور لوگ اُسکا حال سنکر عبرت پکڑین ۱۲ ترجمہ مشارق صفحہ ۳۳ [4] کھول دیا پردہ اللہ کا اپنے سے یعنی پوشیدہ گناہ کو لوگون سے ظاہر کرنا ایسا سخت گناہ ہے کہ معاف نہ ہوگا اسواسطے کہ اسمین گناہ پر جرات اور بے پروائی ثابت ہوتی ہے ۱۲ ترجمہ مشارق صفحہ ۳۲ [5] اور وہ ہو ناحق یعنی جھوٹ مین یہ قید اس لیے لگائی کہ جھوٹ بولنا بعض مقامون مین جائز ہے تو وہ حق ہوا ۱۲ ترجمہ مشارق صفحہ ۲۳۵

الجنة ومن ترك المراء وهو محق بني له في وسط الجنة ومن حسن خلقه بني له في اعلاها رواه الترمذي وقال هذا حديث
حسن وكذا في شرح السنة وفي المصابيح قال غريب (٢) وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اتدرون
ما اكثر ما يدخل الناس الجنة تقوى الله وحسن الخلق اتدرون ما اكثر ما يدخل الناس النار الاجوفان الفم والفرج
رواه الترمذي وابن ماجه (٣) وعن بلال بن الحارث قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الرجل ليتكلم بالكلمة
من الخير ما يعلم مبلغها يكتب الله له بها رضوانه الى يوم يلقاه وان الرجل ليتكلم بالكلمة من الشر ما يعلم مبلغها
يكتب الله بها عليه سخطه الى يوم يلقاه رواه في شرح السنة وروى مالك والترمذي وابن ماجة نحوه (٤) وعن
بهز بن حكيم عن ابيه عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ويل لمن يحدث فيكذب ليضحك به القوم ويل له ويل
له رواه احمد والترمذي وابو داود والدارمي (٥) وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان العبد ليقول
الكلمة لا يقولها الا ليضحك به الناس يهوي بها ابعد مما بين السماء والارض وانه ليزل عن لسانه اشد مما
يزل عن قدمه رواه البيهقي في شعب الايمان (٦) وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صمت

جنت کی اور جو شخص کہ چھوڑ دے جھگڑا اُس حالت میں کہ ہو حق پر بنایا جاتا ہے اُسکے لیے مکان بیچون بیچ جنت کے اور جس شخص نے اچھا کیا خلق اپنا
بنایا جاتا ہے اُسکے لیے مکان بیچ جگہہ بلند بہشت کے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث حسن ہے اور ایسی ہی ہے بیچ شرح السنہ کے اور بیچ
مصابیح کے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیا جانتے ہو تم کہ کیا چیز
اکثر داخل کرتی ہے آدمی کو بہشت میں وہ تقوی اللہ کا اور حسن خلق ہے کیا جانتے ہو تم کہ کیا چیز اکثر داخل کرتی ہے آدمی کو آگ میں
دو چیزیں کاواک منہ اور شرمگاہ روایت کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے بلالؓ بیٹے حارث کے سے کہ کہا فرمایا رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق آدمی البتہ بولتا ہے ایک بات بھلائی کی نہیں جانتا قدر اسکی ثابت کرتا ہے اللہ واسطے اُسکے بسبب اُسکے خوشنودی
اپنی اُس دن تلک کہ ملاقات کرے اللہ سے اور تحقیق آدمی البتہ بولتا ہے ایک بات برائی کی کہ نہیں جانتا قدر اسکی ثابت کرتا ہے اللہ بسبب اُسکے
اُسپر خفگی اپنی اُس دن تلک کہ ملاقات کرے اُس سے روایت کی یہ شرح السنہ میں اور روایت کی مالک اور ترمذی اور ابن ماجہ نے مانند اسکو
(۴) ترجمہ اور روایت ہے بہز بن حکیم سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اُس نے بہز کے دادا سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے وائے
ہے واسطے اُس شخص کے کہ بات کرے پس جھوٹ بولے تاکہ ہنساوے ساتھ اُسکے قوم کو وائے ہے واسطے اُسکے وائے ہے واسطے اُسکے روایت کی یہ
احمد اور ترمذی اور ابوداود اور دارمی نے (۵) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بندہ البتہ
بولتا ہے ایک بات نہیں بولتا ہے اُسکو مگر اسواسطے کہ ہنساوے ساتھ اُسکے لوگوں کو گرتا ہے بسبب اس بولنے کے گرنا کہ دور تر ہے مسافت
سے کہ درمیان آسمان و زمین کے ہے اور تحقیق بندہ پھسلتا ہے بسبب بات اپنی کے زیادہ تر پھسلنے سے قدم اپنے سے روایت کی بیہقی نے بیچ
شعب الایمان کے (۶) ترجمہ اور روایت ہے عبداللہ بن عمروؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ چپ رہا

ف۱ ہے حق پر الخ یعنے اگرچہ حق بجانب اسکے تھا لیکن بغرض اصلاح کی اُس نے از راہ تواضع اور کسر نفسی کے اور یہ بیچ غیر امر دینی کے ہے کہ سکوت کرنے سے اُس میں کوئی خلل دین میں نہ پڑے ۱۲ لمعات و
مرقاۃ ف۲ کیا چیز الخ یعنے اسباب جو داخل کرنے والے ہیں بہشت میں ساتھ فائزین کے ہیں اُن میں سے کونسی چیز ہے کہ اکثر سبب ہوتی ہے ۱۲ حق ف۳ ایک بات بھلائی کی الخ
کہا سفیان بن عیینہ نے مراد بھلی بات سے کلمہ حق کہنا ہے نزدیک سلطان ظالم کے انتہی اور اسی قیاس پہ بری بات کلمہ باطل کہنا نزدیک بادشاہ کے کہ ضرر کرے دین میں اور
ظاہر حدیث سے عام معلوم ہوتا ہے کہ کوئی سا کلمہ ہو اور ثابت کرتا ہے خوشنودی اپنی الخ یعنے دنیا میں توفیق دیتا ہے ایسی چیزوں کی کہ راضی ہو اللہ اُس سے اور برزخ میں بچا دے
عذاب قبر سے اور فراخی کی جاوے قبر اسکی ۱۲ لمعات مرقاۃ ف۴ پس جھوٹ بولے الخ اس قید سے سمجھا جاتا ہے کہ اگر ایک بات سچی کہے واسطے خوش کرنے یاروں کے مضائقہ
نہیں ۱۲ لمعات ف۵ گرتا ہے یعنے دوزخ میں ۱۲ حق ف۶ جو شخص کہ چپ رہا نجات پائی الخ اسلیے کہ زبان کی آفتیں ان گنت بیشمار ہیں کسی نے کیا خوب کہا ہے کہ اسکا دھ جو بولا

نجا رواہ احمد والترمذی والدارمی والبیہقی فی شعب الایمان (٧) **وعن** عقبۃ بن عامر قال لقیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
فقلت ما النجاۃ فقال املک علیک لسانک ولیسعک بیتک وابک علی خطیئتک رواہ احمد والترمذی (٨) **وعن**
ابی سعید رفعہ قال اذا اصبح ابن آدم فان الاعضاء کلہا تکفر اللسان فتقول اتق اللہ فینا فانما نحن بک فان
استقمت استقمنا وان اعوججت اعوججنا رواہ الترمذی (٩) **وعن** علی بن الحسین قال قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم من حسن اسلام المرء ترکہ ما لا یعنیہ رواہ مالک واحمد ورواہ ابن ماجۃ عن ابی ہریرۃ والترمذی
والبیہقی فی شعب الایمان عنہما (١٠) **وعن** انس قال توفی رجل من الصحابۃ فقال رجل ابشر بالجنۃ
فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اولا تدری فلعلہ تکلم فیما لا یعنیہ او بخل بما لا ینقصہ رواہ الترمذی
(١١) **وعن** سفیان بن عبد اللہ الثقفی قال قلت یا رسول اللہ ما اخوف ما تخاف علی قال فاخذ بلسان
نفسہ وقال ہذا رواہ الترمذی وصححہ (١٢) **وعن** ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا کذب العبد
تباعد عنہ الملک میلا من نتن ما جاء بہ رواہ الترمذی (١٣) **وعن** سفیان بن اسید الحضرمی قال

نجات پائی روایت کی یہ احمد اور ترمذی نے اور دارمی اور بیہقی نے شعب الایمان میں (٧) ترجمہ اور روایت ہے عقبہ بن عامر سے کہا ملاقات کی میں نے
پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور کہا میں نے کہ کیا ہے سبب نجات کا فرمایا محفوظ رکھ تو زبان اپنی کو اور گنجایش دے تجھ کو گھر تیرا اور رو تو اپنے
گناہوں پر روایت کی یہ احمد اور ترمذی نے (٨) ترجمہ اور روایت ہے ابو سعید خدری سے مرفوعاً فرمایا حضرت نے جس وقت کہ صبح کرتا ہے بیٹا آدم
کا پس تحقیق سارے اعضا عاجزی کرتے ہیں روبرو زبان کے اور کہتے ہیں ڈر اللہ سے بیچ حق ہمارے کے اسلیے کہ تحقیق ہم ساتھ تیرے ہیں پھر
اگر سیدھی رہے تو سیدھے رہیں گے ہم اور اگر ٹیڑھی ہوگی تو ٹیڑھے ہونگے ہم نقل کی یہ ترمذی نے (٩) ترجمہ اور روایت ہے علی بیٹے حسین
کے سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ خوبی اسلام آدمی کی سے ہے چھوڑ دینا اسکا اس چیز کو کہ نہ فائدہ دے اسکو روایت کی یہ مالک اور
احمد نے اور نقل کی ابن ماجہ نے ابو ہریرہ سے اور ترمذی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں دونوں سے (١٠) ترجمہ اور روایت ہے انس سے کہا
وفات کیا گیا ایک شخص صحابیوں میں سے پس کہا ایک اور شخص نے خوشوقت ہو تو ساتھ داخل ہونے بہشت کے پس فرمایا رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم نے کیا کہتا ہے تو یہ بات اور نہیں جانتا تو حقیقت حال پس شاید کہ اسنے کلام کیا ہو بیچ اس چیز کے کہ ضرر نہ ہو اسکو یا بخیلی کی ہو ساتھ
ایسی چیز کے کہ ناقص نہ کرے اسکو نقل کی یہ ترمذی نے (١١) ترجمہ اور روایت ہے سفیان بن عبد اللہ ثقفی سے کہ کہا کہا میں نے یا رسول
اللہ کونسی چیز بہت خوفناک ہے ان چیزوں سے کہ ڈرتے ہو تم ان سے مجھ پر کہا سفیان نے پس پکڑی حضرت نے زبان اپنی اور فرمایا اس کے
شر سے روایت کی یہ ترمذی نے اور صحیح کہا اسکو (١٢) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جس وقت
کہ جھوٹ بولتا ہے بندہ دور ہو جاتا ہے اس سے فرشتہ کوس بھر بسبب بدبو اس چیز کے کہ لایا بندہ اسکو روایت کی یہ ترمذی نے (١٣)
ترجمہ اور روایت ہے سفیان بن اسد حضرمی سے کہا

ف اور گنجایش دے یعنی یہ کہ رہے تو اس میں اور نہ نکلے مگر بضرورت اور نہ تنگ دل ہو بیٹھنے سے اس پر
بلکہ غنیمت جان اسکو کہ وہ سبب خلاصی کا ہے شر و فتنے سے ۱۲ ف تو ٹیڑھے ہونگے ہم جو زبان کے اعضا اسپر عمل کرتے ہیں تو وہ باعث ہے انکے ٹیڑھے ہونیکا اس سے
معلوم ہوا کہ بے فائدہ بات آدمی زبان سے نہ نکالے ۱۲ ف دونوں سے یعنی ابو ہریرہ اور علی بن حسین سے لا یعنی امر وہ ہے کہ ضروری نہ ہو اور غرض انکے ساتھ تعلق نہ ہو اور حاصل
یہ کہ جو چیزیں ضروری ہیں انکی معاش و معاد میں وہ لا یعنی نہیں اور سوائے انکے لا یعنی ہیں عام ہے کہ وہ چیزیں کرنے کی ہوں یا کہنے کی امام غزالی نے کہا کہ لا یعنی کا حد یہ ہے کہ اگر
اس سے چپ رہے تو گنہگار نہ ہو اور نہ ضرر کرے حال اور مآل میں ۱۲ لمعات مرقاۃ ف ساتھ داخل ہونے بہشت کے یعنی بہ برکت صحبت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ف کہ
ناقص نکرے اسکو یعنے جیسے کہ تعلیم علم اور دینا زکوٰۃ کا کہ نقصان علم و مال میں نہیں لاتا بلکہ سبب زیادتی کا ہوتا ہے حاصل یہ کہ کیونکر جزم کیا تونے ساتھ داخل ہونے اسکے
بہشت میں شاید کہ اس نے کلام لا یعنی کیا ہو اور بخل کیا ہو اور اسکو حساب میں گرفتار ہوا ہو اور بہشت میں داخل ہونے سے رک گیا ہو ف یعنی اسکے شر سے بہت ڈرتا ہوں
اکثر باتیں گناہ کی اس سے سرزد ہوتی ہیں ۱۲ ف فرشتے یعنے محافظت کرنے والے ۱۲

سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ كَبُرَتْ خِيَانَةً أَنْ تُحَدِّثَ أَخَاكَ حَدِيثًا هُوَ لَكَ بِهِ مُصَدِّقٌ وَأَنْتَ بِهِ كَاذِبٌ
رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ (۱۴) وَعَنْ عَمَّارٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ ذَا وَجْهَيْنِ فِي الدُّنْيَا كَانَ لَهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
لِسَانَانِ مِنْ نَارٍ رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ (۱۵) وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالطَّعَّانِ وَ
لَا بِاللَّعَّانِ وَلَا الْفَاحِشِ وَلَا الْبَذِيِّ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ وَفِي أُخْرٰى لَهُ وَلَا الْفَاحِشِ
الْبَذِيِّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ (۱۶) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَكُونُ الْمُؤْمِنُ
لَعَّانًا وَفِي رِوَايَةٍ لَا يَنْبَغِي لِلْمُؤْمِنِ أَنْ يَكُونَ لَعَّانًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ (۱۷) وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ
رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلَاعَنُوا بِلَعْنَةِ اللّٰهِ وَلَا بِغَضَبِ اللّٰهِ وَلَا بِجَهَنَّمَ وَفِي رِوَايَةٍ وَلَا بِالنَّارِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ
وَأَبُو دَاوُدَ (۱۸) وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا لَعَنَ شَيْئًا صَعِدَتِ
اللَّعْنَةُ إِلَى السَّمَاءِ فَتُغْلَقُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ دُونَهَا ثُمَّ تَهْبِطُ إِلَى الْأَرْضِ فَتُغْلَقُ أَبْوَابُهَا دُونَهَا ثُمَّ تَأْخُذُ يَمِينًا
وَشِمَالًا فَإِذَا لَمْ تَجِدْ مَسَاغًا رَجَعَتْ إِلَى الَّذِي لُعِنَ فَإِنْ كَانَ لِذٰلِكَ أَهْلًا وَإِلَّا رَجَعَتْ إِلَى قَائِلِهَا رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

سنا میں نے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے بہت بڑی بات ہے از روئے خیانت کے یہ کہ بات کہے تو بھائی اپنے سے کہ وہ[1] تجھ کو سچا اس بات کے
سچا جاننے والا ہے اور تو اس بات میں جھوٹ بولنے والا ہے نقل کی یہ ابوداؤد نے (۱۴) ترجمہ اور روایت ہے عمار سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ہو دو رویہ[2] دنیا میں ہونگی اسکی دن قیامت کے دو زبانیں آگ سے روایت کی یہ دارمی نے (۱۵) ترجمہ اور روایت
ہے ابن مسعود سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہوتا پورا مومن طعن کرنیوالا اور نہ لعن کرنیوالا اور نہ فحش بکنے والا اور
نہ زبان درازی کرنیوالا روایت کی یہ ترمذی نے اور بیہقی نے بیچ شعب الایمان کے اور بیچ اور[3] روایت بیہقی کے اور نہیں ہوتا مومن فحش
بکنے والا زبان درازی کرنیوالا اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہے (۱۶) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے کہ نہیں ہوتا مومن کامل بہت لعنت کرنیوالا اور ایک روایت میں ہے نہیں لائق مومن کو کہ ہو بہت لعنت کرنیوالا روایت
کی یہ ترمذی نے (۱۷) ترجمہ اور روایت ہے سمرہ بن جندب سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ بددعا کرو آپس میں ساتھ لعنت[4]
خدا کے اور نہ بددعا کرو آپس میں ساتھ غضب خدا کے اور نہ ساتھ داخل ہونیکے دوزخ میں اور ایک روایت میں ہے اور نہ ساتھ آگ[5] کے روایت
کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے (۱۸) ترجمہ اور روایت ہے ابو درداء سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے تحقیق
بندہ جس وقت کہ لعنت کرتا ہے کسی چیز کو چڑھتی ہے لعنت طرف آسمان کے پس بند کیے جاتے ہیں دروازے آسمان کے آگے لعنت کے پھر
اترتی ہے لعنت طرف زمین کے پس بند کیے جاتے ہیں دروازے اسکے نزدیک ظہور لعنت کے پھر مائل ہوتی ہے داہنے اور بائیں پس جس وقت
کہ نہیں پاتی راہ پھرتی ہے طرف اسکے کہ لعنت کیا گیا ہے پس اگر ہوتا ہے وہ لائق اسکے تو پہونچتی ہے اسکو اور اگر نہیں ہوتا وہ لائق اسکے
پھر آتی ہے لعنت طرف کہنے والے اپنے کی روایت کی یہ ابوداؤد نے

[1] کہ وہ تجھ کو الخ یعنے جھوٹ بولنا تو بہرحال برا ہے اور اس صورت میں بدتر ہے ۱۲ [2] ہو دو رویہ الخ دو رویہ کو کہتے ہیں کہ وہ کسیکو سامنے ہو
تو وہ جانے کہ یہ میرا بڑا دوست ہے اور اسکے پیچھے ایسی باتیں کرے کہ باعث اسکی ایذا کے ہوں ۱۲ مرقاۃ [3] اور بیچ اور روایت بیہقی کے الخ یعنے اس
روایت میں وصف کیا فاحش کو ساتھ بذی کے یعنے نہیں ہے مومن فحش بکنے والا بمبالغہ ۱۲ [4] لعنت خدا کی یعنے آپس میں ایک دوسرے کو نہ کہے
کہ تجھ پر لعنت خدا کی اور نہ کہو کہ غضب خدا کا تجھ پر ۱۲ [5] اور نہ ساتھ آگ کے یعنے نہ کہو کہ وہ دوزخ میں جاوے تو ۱۲

(۱۹) **وَعَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا نَازَعَتْهُ الرِّيحُ رِدَاءَهُ فَلَعَنَهَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلْعَنْهَا فَاِنَّهَا مَامُورَةٌ وَاِنَّهُ مَنْ لَعَنَ شَيْئًا لَيْسَ لَهُ بِاَهْلٍ رَجَعَتِ اللَّعْنَةُ عَلَيْهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ (۲۰) **وَعَنِ** ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُبَلِّغُنِي اَحَدٌ مِّنْ اَصْحَابِي عَنْ اَحَدٍ شَيْئًا فَاِنِّي اُحِبُّ اَنْ اَخْرُجَ اِلَيْكُمْ وَاَنَا سَلِيْمُ الصَّدْرِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ (۲۱) **وَعَنْ** عَائِشَةَ قَالَتْ قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَسْبُكَ مِنْ صَفِيَّةَ كَذَا وَكَذَا تَعْنِي قَصِيْرَةً فَقَالَ لَقَدْ قُلْتِ كَلِمَةً لَوْ مُزِجَ بِهَا الْبَحْرُ لَمَزَجَتْهُ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ (۲۲) **وَعَنْ** اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كَانَ الْفُحْشُ فِي شَيْءٍ اِلَّا شَانَهُ وَمَا كَانَ الْحَيَاءُ فِي شَيْءٍ اِلَّا زَانَهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ (۲۳) **وَعَنْ** خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ مُعَاذٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَيَّرَ اَخَاهُ بِذَنْبٍ لَمْ يَمُتْ حَتّٰى يَعْمَلَهُ يَعْنِي مِنْ ذَنْبٍ قَدْ تَابَ مِنْهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَلَيْسَ اِسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ لِاَنَّ خَالِدًا لَمْ يُدْرِكْ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ (۲۴) **وَعَنْ** وَاثِلَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُظْهِرِ الشَّمَاتَةَ لِاَخِيْكَ فَيَرْحَمُهُ اللّٰهُ وَيَبْتَلِيْكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ (۲۵) **وَعَنْ** عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اُحِبُّ

---

(۱۹) ترجمہ روایت ہے ابن عباسؓ سے کہ ایک شخص کی اڑائی ہوا نے چادر پس لعنت کی اُسنے ہوا پر پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ لعنت کرو اُسکو اسلیے کہ وہ حکم کی گئی ہے اور تحقیق شان یہ ہے کہ جو شخص لعنت کرے کسی چیز پر کہ نہیں وہ لائق لعنت کے رجوع کرتی ہے لعنت اُسپر روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے (۲۰) ترجمہ اور روایت ہے ابن مسعودؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ پہنچا دے مجھکو کوئی میرے صحابیوں میں سے کسی کی طرف سے کوئی چیز اسلیے کہ میں دوست رکھتا ہوں یہ کہ نکلوں میں طرف تمہاری اُس حال میں کہ صاف سینہ ہوں روایت کی یہ ابوداؤد نے (۲۱) ترجمہ اور روایت ہے حضرت عائشہؓ سے کہ عرض کیا میں نے واسطے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ کفایت ہے تمکو صفیہ سے ایسا اور ایسا مراد رکھتی تھیں عائشہؓ اس سخن سے کوتاہ قد پس فرمایا کہ تحقیق کہا تونے ایسا کلمہ کہ اگر ملایا جاوے ساتھ اُسکے دریا البتہ تغیر کردے دریا کو روایت کی یہ احمد اور ترمذی اور ابوداؤد نے (۲۲) ترجمہ اور روایت ہے انسؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہوتی سخت کلامی کسی چیز میں مگر کہ عیب ناک کر دیتی اُسکو اور نہیں ہوتی نرمی کسی چیز میں مگر کہ زینت دیتی ہے اُسکو روایت کی یہ ترمذی نے (۲۳) ترجمہ اور روایت ہے خالد بن معدان سے کہ اُس نے روایت کی معاذ بن جبلؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص ملامت کرے اپنے بھائی مسلمان کو ساتھ ایک گناہ کے نہیں مرتا یہانتک کہ کرتا ہے وہ اُسکو مراد رکھتے تھے حضرتؐ اُس گناہ سے کہ تحقیق توبہ کرچکا ہے اُس سے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ حدیث غریب ہے اور نہیں اسناد اسکی متصل اسلیے کہ خالد نے نہیں پایا معاذ بن جبلؓ کو (۲۴) ترجمہ اور روایت ہے واثلہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ ظاہر کر تو خوشی کو واسطے مسلمان بھائی کے پس رحم کریگا خدا اُسپر اور مبتلا کریگا تجھ کو ساتھ اُسکے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے (۲۵) ترجمہ اور روایت ہے عائشہؓ سے کہ کہا فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے میں نہیں دوست رکھتا

لہ نہ لعنت کرو اُسکو اسلیے کہ وہ حکم کی گئی ہے ساتھ چلنے کے اور بھیجا ہے اُسکو واسطے حکمتوں کے اُس سے تنگ آنا ادب عبودیت کے منافی ہے اور یہی حکم ہے حوادث زمانے کا نازل ہوتی ہیں کہ چاہیے کہ ظاہر اور باطن میں راضی دل اور زبان سے رہے اور ساکت ہووے اور زبان کو نگاہ رکھے ۲ لمعات کہ کوئی چیز یعنی کسیکا کوئی قصور اور بدکلام میرے روبرو نہ کہے کہ فلانے نے ایسا کیا اور فلانے نے یوں کہا باعث عداوت وکینہ کے نہ ہووے ۱۲ کہ البتہ تغیر کردے دریا کو معلوم ہوا کہ بقصد حقارت کے اس قدر عیب کسیکا کہ کوتاہ قدی یہ بھی غیبت ہے لہٰذا وقد کہ اسمیں مبالغہ ہے یعنی اگر بالفرض محض جامدات میں ہو اُسکو بھی عیب ناک کردے ۱۲ مرقاۃ ٹ توبہ کرچکا ہے اور اگر توبہ نہیں کی اور اگر گناہ میں گرفتار ہے تو سرزنش کرسکتے ہیں اچھی طرح لیکن بطریق تکبر اور قصد تحقیر کے اور تعییر یعنی قول من ذنب الخ منقول ہے امام احمد بن حنبل سے اور اسی روایت میں اگرچہ ترمذی نے کلام کیا لیکن کہا عراقی نے کہ روایت کیا اُسکو احمد اور طبرانی نے ساتھ اسناد جید کے ۱ مرقاۃ ولمعات) ٹ نہ ظاہر کر تو خوشی کو واسطے مسلمان بھائی کے یعنی اگر کوئی مسلمان ۲

اِنْ حَلَيْتُ اَحَدًا وَّاَرْ لِي كَذَا وَكَذَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهُ (٢٦) وَعَنْ جُنْدُبٍ قَالَ جَاءَ اَعْرَابِيٌّ فَاَنَاخَ رَاحِلَتَهُ ثُمَّ عَقَلَهَا ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَصَلّٰى خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا سَلَّمَ اَتٰى رَاحِلَتَهُ فَاَطْلَقَهَا ثُمَّ رَكِبَ ثُمَّ نَادٰى اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ وَمُحَمَّدًا وَّلَا تُشْرِكْ فِيْ رَحْمَتِنَا اَحَدًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَقُوْلُوْنَ هُوَ اَضَلُّ اَمْ بَعِيْرُهُ اَلَمْ تَسْمَعُوْا اِلٰى مَا قَالَ قَالُوْا بَلٰى رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَذُكِرَ حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ كَفٰى بِالْمَرْءِ كَذِبًا فِيْ بَابِ الْاِعْتِصَامِ فِي الْفَصْلِ الْاَوَّلِ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

(١) عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مُدِحَ الْفَاسِقُ غَضِبَ الرَّبُّ تَعَالٰى وَاهْتَزَّ لَهُ الْعَرْشُ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ (٢) وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُطْبَعُ الْمُؤْمِنُ عَلَى الْخِلَالِ كُلِّهَا اِلَّا الْخِيَانَةَ وَالْكَذِبَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ (٣) وَعَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ اَنَّهُ قِيْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَكُوْنُ الْمُؤْمِنُ جَبَانًا قَالَ نَعَمْ فَقِيْلَ لَهُ اَيَكُوْنُ الْمُؤْمِنُ بَخِيْلًا قَالَ نَعَمْ فَقِيْلَ لَهُ اَيَكُوْنُ الْمُؤْمِنُ كَذَّابًا قَالَ لَا رَوَاهُ مَالِكٌ وَّالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ مُرْسَلًا (٤) وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اِنَّ الشَّيْطَانَ لَيَتَمَثَّلُ فِيْ صُوْرَةِ الرَّجُلِ فَيَاْتِي الْقَوْمَ فَيُحَدِّثُهُمْ بِالْحَدِيْثِ مِنَ الْكَذِبِ فَيَتَفَرَّقُوْنَ فَيَقُوْلُ الرَّجُلُ مِنْهُمْ سَمِعْتُ رَجُلًا اَعْرِفُ

یہ نقل نکالون مین کسی کی حالانکہ ہو واسطے میرے ایسا[1] اور ایسا روایت کی یہ ترمذی نے اور صحیح کہا اسکو (٢٦) ترجمہ اور روایت ہے جندب سے کہ کہا آیا ایک اعرابی اور بٹھایا اُسنے اونٹ اپنے کو پھر باندھ دیا پانوٴن اُسکا رسی سے پھر داخل ہوا مسجد مین پس نماز پڑہی پیچھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پس جبکہ سلام پھیرا اُس اعرابی نے آیا اپنے اونٹ کے پاس اور کھولا اُسکو پھر سوار ہوا پھر پکارا یا الٰہی رحم کر مجھ پر اور محمد پر اور نہ شریک کر ہماری رحمت مین کسی کو پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیا جانتے ہو تم اور کہتے ہو تم کہ یہ اعرابی[2] جاہل تر ہے یا اونٹ اسکا کیا نہین سنا تمنے طرف اس کلام کی کہ اُسنے کہا کہا صحابہ نے کہ ہان سنا ہمنے نقل کی یہ ابوداوٴد نے اور ذکر کی گئی حدیث ابو ہریرہ کی کہ مرا اُسکا یہ ہے کفے بالمرء کذبا بیچ باب الاعتصام کے فصل پہلی مین

فصل تیسری (١) ترجمہ روایت ہے انس رض سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ تعریف کیا جاتا ہے فاسق غصہ ہوتا ہے پروردگار تعالی اور ہلتا ہے[3] سبب تعریف اُسکی کے عرش روایت کی یہ بیہقی نے شعب الایمان مین (٢) ترجمہ اور روایت ہے ابو امامہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیدا کیا جاتا ہے مسلمان اوپر ہر طرح کی خصلت کے سوا[4] خیانت اور جھوٹ کے نقل کی یہ احمد نے اور بیہقی نے شعب الایمان مین سعد بیٹے ابو وقاص سے (٣) ترجمہ صفوان بن سلیم سے ہے کہ کہا گیا واسطے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ آیا ہوتا ہے مومن بزدل فرمایا ہان پھر کہا گیا واسطے حضرت کے کیا ہوتا ہے مومن بخیل فرمایا ہان پھر کہا گیا واسطے حضرت کے کیا ہوتا ہے مومن بہت جھوٹا فرمایا نہین[5] روایت کی یہ مالک نے اور بیہقی نے شعب الایمان مین بطریق ارسال کے (٤) ترجمہ اور روایت ہے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہ کہا تحقیق شیطان صورت[6] پکڑتا ہے بیچ صورت ایک شخص کے پس آتا ہے ایک قوم پر اور خبر دیتا ہے اُن کو ایک خبر جھوٹی پس جدا ہوتی ہے قوم پس کہتا ہے ایک شخص اُن مین سے سنا ہے مین نے ایک شخص سے کہ پہچانتا[7] ہون مین

---

[1] یعنے اگرچہ دیا جاوٴن کتنا ہی مال دنیا سے بسبب اس نقل نکالنے کے ۱۲ [2] یہ اعرابی جاہل تر ہے یا اونٹ اس کا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دعا مین تنگی نہ کرنی چاہیے بلکہ تمام مومنین و مومنات کو داخل کرنا چاہیے ۱۲ [3] اور ہلتا ہے سبب تعریف اُسکی کے عرش یعنے اُس سے خدا ناخوش ہوتا ہے بلکہ نزدیک ہے کہ ہو موجب کفر اور یہی حکم ہے تعریف ظالم اور کافر کا ۱۲ م [4] سوا خیانت اور جھوٹ کے یعنے مومن کامل مین یہ خصلتین نہین ہوتین اور ظاہر تر یہ ہے کہ مراد منع ان دونون صفتون سے ہے یعنے نہ چاہیے کہ مسلمان متصف ہون ساتھ ان صفتون کے ۱۲ لمعات [5] یعنے مومن جھوٹا نہین ہوتا اسلیئے کہ صدق اور وہی امنیت ایمان کی منافی ہے کذب کے کہ نفس الامر مین باطل اور ناحق ہے اور ایکی یہی تاویل ہے جو پہلی حدیث کی ہے ۱۲ لمعات [6] صورت پکڑتا ہے یعنے کبھی کبھی ۱۲ [7] پہچانتا ہون مین الخ یعنے اگر دیکھون تو پہچان لون مقصود اس حدیث سے تنبیہ ہے اسپر کہ احتیاط کریں سننے حدیث مین کہ معلوم کرے صحیح و غیر صحیح ہونا اسکا اور بغیر دریافت

وَجْهَهٗ وَلَا اَدْرِیْ مَا اسْمُہٗ حُدِّثْتُ رَوَاہُ مُسْلِمٌ (۵) وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حِطَّانَ قَالَ اَتَیْتُ اَبَا ذَرٍّ فَوَجَدْتُہٗ فِی الْمَسْجِدِ مُحْتَبِیًا بِکِسَاءٍ اَسْوَدَ وَحْدَہٗ فَقُلْتُ یَا اَبَا ذَرٍّ مَا ھٰذِہِ الْوَحْدَۃُ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الْوَحْدَۃُ خَیْرٌ مِّنْ جَلِیْسِ السُّوْءِ وَالْجَلِیْسُ الصَّالِحُ خَیْرٌ مِّنَ الْوَحْدَۃِ وَاِمْلَاءُ الْخَیْرِ خَیْرٌ مِّنَ السُّکُوْتِ وَالسُّکُوْتُ خَیْرٌ مِّنْ اِمْلَاءِ الشَّرِّ (۶) وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَقَامُ الرَّجُلِ بِالصَّمْتِ اَفْضَلُ مِنْ عِبَادَۃِ سِتِّیْنَ سَنَۃً (۷) وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَذَکَرَ الْحَدِیْثَ بِطُوْلِہٖ اِلٰی اَنْ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَوْصِنِیْ قَالَ اُوْصِیْکَ بِتَقْوَی اللّٰہِ فَاِنَّہٗ اَزْیَنُ لِاَمْرِکَ کُلِّہٖ قُلْتُ زِدْنِیْ قَالَ عَلَیْکَ بِتِلَاوَۃِ الْقُرْاٰنِ وَذِکْرِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ فَاِنَّہٗ ذِکْرٌ لَّکَ فِی السَّمَاءِ وَنُوْرٌ لَّکَ فِی الْاَرْضِ قُلْتُ زِدْنِیْ قَالَ عَلَیْکَ بِطُوْلِ الصَّمْتِ فَاِنَّہٗ مَطْرَدَۃٌ لِّلشَّیْطَانِ وَعَوْنٌ لَّکَ عَلٰی اَمْرِ دِیْنِکَ قُلْتُ زِدْنِیْ قَالَ اِیَّاکَ وَکَثْرَۃَ الضَّحِکِ فَاِنَّہٗ یُمِیْتُ الْقَلْبَ وَیَذْھَبُ بِنُوْرِ الْوَجْہِ قُلْتُ زِدْنِیْ قَالَ قُلِ الْحَقَّ وَاِنْ کَانَ مُرًّا قُلْتُ زِدْنِیْ قَالَ لَا تَخَفْ فِی اللّٰہِ لَوْمَۃَ لَائِمٍ قُلْتُ زِدْنِیْ قَالَ لِیَحْجُزْکَ عَنِ النَّاسِ مَا تَعْلَمُ مِنْ نَّفْسِکَ (۸) وَعَنْ اَنَسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَا اَبَا ذَرٍّ اَلَا اَدُلُّکَ عَلٰی

چہرہ اُسکا اور نہین جانتا ہین نام اسکا نقل کرتا تھا یہ خبر روایت کی یہ مسلم نے (۵) ترجمہ اور روایت ہی عمران بن حطان سے کہ کہا عمران نے کہ آیا مین ابوذر رضی اللہ عنہ کے پاس پس پایا مینے اُنکو مسجد مین گوٹ مارے ہوے ایک کملی سیاہ سے تنہا بیٹھے ہوے پس کہا مینے اے ابوذر کیا ہے یہ تنہائی پس کہا ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہ سنا مینے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تنہا بیٹھنا بہتر ہے بیٹھنے سی ساتہ ہمنشین بد کے اور بیٹھنا ساتہ ہمنشین نیک کے بہتر ہے تنہا بیٹھنے سی اور سکھلانا خیر کا بہتر ہے چپ رہنے سی اور چپ رہنا بہتر ہے سکھانے برائی کے سی (۶) ترجمہ اور روایت ہی عمران بن حصین سے کہ تحقیق رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مرتبہ شخص کا بسبب چپ رہنے کے افضل ہے ساٹھ برس کی عبادت سی (۷) ترجمہ اور روایت ہی ابوذر رضی اللہ عنہ سے کہ کہا داخل ہوا مین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پس ذکر کی حدیث دراز یہانتک کہ کہا ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہ کہا مینے یارسول اللہ نصیحت کرو مجھ کو فرمایا نصیحت کرتا ہون مین تجھ کو ساتہ تقویٰ اللہ کے اس لیے کہ تحقیق تقویٰ بہت زینت دینے والا ہے واسطے سب کاموں تیرے کے کہا مینے اور لازم ہے تجھ کو تلاوت قرآن کی اور ذکر خدا عز وجل کا اسلیے کہ تحقیق تلاوت قرآن اور ذکر اللہ سبب ذکر کرنے کا ہے تجھ کو آسمان مین اور سبب نور کا ہے تیرے لیے زمین مین کہا مینے زیادہ کرو مجھ کو نصیحت فرمایا لازم ہے تجھ کو چپ رہنا دیر تک اسواسطے کہ خاموشی سبب ہانکنے کی ہے شیطان کو اور مدد کرنیوالی ہے تیرے لیے اوپر کار دین کے کہا مینے زیادہ فرمایے مجھ کو فرمایا بچتا رہ بہت ہنسنے سے اسلیے کہ بہت ہنسنا مار دیتا ہے دل کو اور کھو دیتا ہی مونہ کے نور کو کہا مینے زیادہ فرمایے مجھ کو فرمایا کہہ حق اگرچہ ہو تلخ کہا مینے زیادہ فرمایے مجھ کو فرمایا نہ ڈر بیچ اظہار دین خدا کے ملامت کرنیوالے کی سی کہا مینے زیادہ فرمایے مجھ کو فرمایا باز رکھی تجھ کو لوگون کے عیبون سی وہ چیز کہ جانتا ہے تو نفس اپنے سے (۸) ترجمہ اور روایت ہی انس رضی اللہ عنہ سے کہ اُس نے نقل کی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا اے ابوذر کیا نہ بتلاؤن مین تجھ کو

ف کیا ہے یہ تنہائی یعنی کیون نہین صحابہ کے ساتہ بیٹھتا اور افادہ اور استفادہ کرتا ۱۲ حق ف مرتبہ شخص کا یعنے مداومت سکوت کی اُس سے شر سے افضل ہے اس عبادت ساٹھ برس کی سے کہ ساتہ کثرت کلام کے ہو اور بعض مہم مقامات دین کی ہو ۱۲ مرقاۃ ف ذکر کی یعنے ابوذر نے یا اسکے راوی نے ابوذر سے ۱۲ ف کاموں تیرے کے یعنے امور دینی اور دنیوی کے ۱۲ حق ف سبب الخ یعنے ملائکہ یاد کرینگے تجھ کو ساتہ خیر و رحمت کے بلکہ اللہ تعالیٰ ہی چنانچہ دلالت کرتی ہے اس پر آیت فاذکرونی اذکرکم اور تمام افعال خیر کو بہ نیت تقرب الی اللہ کرین وہ داخل ذکر مین اس صورت مین ذکر کرنا ذکر کا بعد تلاوت کے تعمیم بعد تخصیص ہوگا اور حدیث مین جو آیا ہے افضل الذکر لا الہ الا اللہ اگر یہ مراد رکھین تو ذکر بعد تلاوت کے قبیل ذکر خاص کے سے ہے بعد کل کے بسبب یادتی فضل اور شرف کے اور یہ جو فرمایا نہ ڈر الخ اسمین قطع تعلق کا ہے خلق سے بالکل اور ثابت رہنا حق پر بغیر التفات کرنے کے طرف مذمت لوگون کے اور تعریف انکی کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وتبتل الیہ تبتیلا ۱۲ لمعات حق ف چپ رہنا یعنے ہمیشہ ف شیطان کو کہ راہ نہ پائے

خَصْلَتَيْنِ هُمَا اَخَفُّ عَلَى الظَّهْرِ وَاَثْقَلُ فِي الْمِيْزَانِ قَالَ قُلْتُ بَلٰى قَالَ طُوْلُ الصَّمْتِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا عَمِلَ الْخَلَائِقُ بِمِثْلِهِمَا (۹) وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَبِيْ بَكْرٍ وَهُوَ يَلْعَنُ بَعْضَ رَقِيْقِهٖ فَالْتَفَتَ اِلَيْهِ فَقَالَ لَعَّانِيْنَ وَصِدِّيْقِيْنَ كَلَّا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ فَاَعْتَقَ اَبُوْ بَكْرٍ يَوْمَئِذٍ بَعْضَ رَقِيْقِهٖ ثُمَّ جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا اَعُوْدُ رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الْخَمْسَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ (۱۰) وَعَنْ اَسْلَمَ قَالَ اِنَّ عُمَرَ دَخَلَ يَوْمًا عَلٰى اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ وَهُوَ يَجْبِذُ لِسَانَهٗ فَقَالَ عُمَرُ مَهْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ فَقَالَ لَهٗ اَبُوْ بَكْرٍ اِنَّ هٰذَا اَوْرَدَنِي الْمَوَارِدَ. رَوَاهُ مَالِكٌ (۱۱) وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِضْمَنُوْا لِيْ سِتًّا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَضْمَنْ لَكُمُ الْجَنَّةَ اُصْدُقُوْا اِذَا حَدَّثْتُمْ وَاَوْفُوْا اِذَا وَعَدْتُّمْ وَاَدُّوْا اِذَا اؤْتُمِنْتُمْ وَاحْفَظُوْا فُرُوْجَكُمْ وَغُضُّوْا اَبْصَارَكُمْ وَكُفُّوْا اَيْدِيَكُمْ (۱۲) وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ وَاَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خِيَارُ عِبَادِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ اِذَا رُؤُوْا ذُكِرَ اللّٰهُ وَشِرَارُ عِبَادِ اللّٰهِ الْمَشَّاؤُوْنَ بِالنَّمِيْمَةِ الْمُفَرِّقُوْنَ بَيْنَ الْاَحِبَّةِ الْبَاغُوْنَ الْبُرَآءَ الْعَنَتَ رَوَاهُمَا اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ (۱۳) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلَيْنِ صَلَّيَا

دو خصلتیں کہ وہ بہت ہلکی ہیں پشت پر اور بہت بھاری ہیں ہیزان اعمال میں کہا ابوذرؓ نے کہا میں نے کہ ہاں فرمایے فرمایا درازی چپ رہنے کی اور خوش خلقی قسم ہے اُس ذات پاک کی کہ جان میری اُسکے ہاتھ میں ہے نہیں عمل کیا خلق نے مانند ان دو خصلتوں کے (۹) ترجمہ اور روایت ہی عائشہؓ سے کہ کہا عائشہؓ نے کہ گزری نبی صلے اللہ علیہ وسلم ابوبکرؓ پر اُس حال میں کہ وہ لعنت کہتے تھے بعضے غلام اپنے کو پس التفات کی حضرتؐ نے طرف انکی اور فرمایا کہ آیا دیکھا ہے تونے لعنت کرنیوالوں اور صدیقوں کو ہرگز نہیں قسم ہے پروردگار کعبہ کی پس آزاد کیا ابوبکرؓ نے اُس دن بعضے غلام اپنے کو پھر آئے ابوبکرؓ پاس نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کہا کہ پھر نہ کرونگا میں ایسا کام روایت کیں بیہقی نے پانچوں حدیثیں شعب الایمان میں (۱۰) ترجمہ اور روایت ہی اسلم سے کہ کہا تحقیق حضرت عمرؓ داخل ہوے ایک دن ابوبکرؓ صدیق کے پاس اُس حال میں کہ ابوبکرؓ کھینچتے تھے زبان اپنی پس کہا عمرؓ نے نہ کرو بخشے اللہ تجھ کو پس کہا واسطے اُنکے ابوبکرؓ نے کہ تحقیق اس زبان نے ڈالا ہے مجھ کو ہلاکت کی جگہوں میں روایت کی یہ مالکؒ نے (۱۱) ترجمہ اور روایت ہی عبادہ بن صامتؓ سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ضامن ہو واسطے میرے چھہ چیزوں کے ضامن ہونگا میں واسطے تمہارے بہشت کا سچ بولا کرو جسوقت کہ بات کہو اور پورا کرو جبکہ وعدہ کرو اور ادا کرو امانت جبکہ امانت دیے جاؤ اور نگہبانی کرو شرمگاہ اپنی کی اور بند کرو نگاہ اپنی اور بند رکھو اپنے ہاتھ (۱۲) ترجمہ اور روایت ہی عبدالرحمن بن غنمؓ اور اسماء بنت یزیدؓ سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہتر بندی اللہ کے وہ ہیں کہ جس وقت دیکھے جاویں یاد کیا جاوی اللہ اور بدترین بندے اللہ کے وہ ہیں کہ چلتے ہیں مجلسوں میں ساتھ چغلی کے جدائی ڈالتے ہیں درمیان دوستوں کے چاہتے ہیں پاک لوگوں سے مشقت نقل کیں یہ دونو حدیثیں احمد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں (۱۳) ترجمہ اور روایت ہی ابن عباسؓ سے کہ تحقیق دو شخصوں نے نماز پڑھی

ف نہیں الخ یعنے کوئی کام بہتر ان دو کاموں سے نہیں ہیں اچھا ہونا ان دونوں صفتوں کا اس سبب سے ہے کہ خاموش رہنے میں محنت و مشقت نہیں بلکہ زبان کی اور بات کی ترتیب دینے میں ظاہر و باطن کی تکلیف ہی اور یکی خوشی خوش خلقی میں ہے کہ اس میں نرمی اور آسانی ہے بخلاف سخت خوئی اور جدال اور نزاع کے کہ سراسر محنت اور مشقت ہی اُن میں (لمعات) ف اور صدیقوں کو الخ یعنے جو صدیق ہو اُسکے لیے لائق نہیں کہ کسی کو لعنت کرے اور مقصود یہ ہے کہ یہ دونو صفتیں جمع نہیں ہوتیں ۱۲ ف کھینچتے تھے یعنے گویا نکال ڈالنا اُسکا چاہتے تھے مقصود ظاہر کرنا زجر و قہر کا تہا ۱۲ ف نگہبانی کرو الخ یعنے حرامکاری سے بچاؤ ۱۲ ف اور بند کرو الخ یعنے دیکھنے اُس چیز کے سے کہ جائز نہیں دیکھنا اُسکا مانند نامحرم وغیرہ کے ۱۲ ف اور بند رکھو اپنے ہاتھ یعنے مارنے اور پکڑنے اُس چیز کے سے کہ حرام و مکروہ ہے ۱۲ مظاہر حق ف چاہتے ہیں پاک الخ یعنے جو لوگ گناہ اور عیب سے پاک ہیں اُنکو عیب لگاتے ہیں ۱۲ ع جمع ہوتیں یہ دونو صفتیں ۱۲

صَلٰوةَ الظُّهْرِ اَوِ الْعَصْرِ وَكَانَا صَائِمَيْنِ فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ الصَّلٰوةَ قَالَ اَعِيْدُوْا وُضُوْءَكُمَا وَصَلٰوتَكُمَا وَامْضِيَا فِيْ صَوْمِكُمَا وَاقْضِيَاهُ يَوْمًا اٰخَرَ قَالَا لِمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اغْتَبْتُمْ فُلَانًا (١٤) وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَجَابِرٍ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ اَلْغِيْبَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ الْغِيْبَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا قَالَ اِنَّ الرَّجُلَ لَيَزْنِيْ فَيَتُوْبُ فَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَيَتُوْبُ فَيَغْفِرُ اللّٰهُ لَهٗ وَاِنَّ صَاحِبَ الْغِيْبَةِ لَا يُغْفَرُ لَهٗ حَتّٰى يَغْفِرَهَا لَهٗ صَاحِبُهٗ وَفِيْ رِوَايَةِ اَنَسٍ قَالَ صَاحِبُ الزِّنَا يَتُوْبُ وَصَاحِبُ الْغِيْبَةِ لَيْسَ لَهٗ تَوْبَةٌ رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الثَّلٰثَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ (١٥) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ اِنَّ مِنْ كَفَّارَةِ الْغِيْبَةِ اَنْ تَسْتَغْفِرَ لِمَنِ اغْتَبْتَهٗ تَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلَهٗ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ وَقَالَ فِيْ هٰذَا الْاِسْنَادِ ضَعْفٌ

بَابُ الْوَعْدِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

(١) عَنْ جَابِرٍ قَالَ لَمَّا مَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَجَاءَ اَبَا بَكْرٍ مَالٌ مِّنْ قِبَلِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَضْرَمِيِّ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ مَنْ كَانَ لَهٗ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ دَيْنٌ اَوْ كَانَتْ لَهٗ قِبَلَهٗ عِدَةٌ فَلْيَاْتِنَا قَالَ جَابِرٌ فَقُلْتُ وَعَدَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ اَنْ يُّعْطِيَنِيْ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا فَبَسَطَ يَدَيْهِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قَالَ جَابِرٌ فَحَثَا لِيْ حَثْيَةً فَعَدَدْتُهَا فَاِذَا هِيَ خَمْسُمِائَةٍ وَقَالَ

ظہر کی یا عصر کی اور تھے دونوں روزہ دار پس جب نماز پڑھ چکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا پھیر کرو وضو اور پڑھو نماز اور پورا کرو روزہ اپنا اور قضا کرو بدلے اسکے ایک دن کہا اُن دونوں نے کس واسطے یا رسول اللہ فرمایا غیبت کی تمنے فلانے شخص کی (۱۴) ترجمہ اور روایت ہے ابو سعید اور جابر سے کہا دونوں نے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے غیبت کرنی سخت تر ہے زنا سے عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ کس واسطے غیبت اشد ہے زنا سے فرمایا بتحقیق آدمی البتہ زنا کرتا ہے پھر توبہ کرتا ہے پس توبہ قبول کرتا ہے اللہ تعالی اسکی اور ایک روایت میں یوں ہے پس توبہ کرتا ہے پس بخشتا ہے اللہ واسطے اسکے اور بتحقیق غیبت والیکو نہیں بخشش کی جاتی یہانتک کہ بخشے اُسکو وہ کہ جسکی غیبت کی ہے اور بیچ روایت انس کے آیا ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ زنا کرنیوالا توبہ کرتا ہے اور غیبت کرنیوالا نہیں واسطے اسکے توبہ نقل کیں بیہقی نے یہ تینوں حدیثیں بیچ کتاب شعب الایمان کے (۱۵) ترجمہ اور روایت ہے انس سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتحقیق کفارہ غیبت کا یہ ہے کہ بخشش چاہے تو واسطے اس شخص کے کہ غیبت کی ہے تو نے اسکی کہے تو یا الٰہی بخش ہمکو اور اسکو روایت کی یہ بیہقی نے دعوات کبیر میں اور کہا کہ اسکی اسناد ضعیف ہے باب ہے بیچ بیان وعدہ کے فصل پہلی (۱) ترجمہ روایت ہے جابر سے کہا جب وفات ہوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اور آیا حضرت ابو بکر کے پاس مال جانب علاء ابن حضرمی کے سو پس کہا ابو بکر نے جس کسیکا ہو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر قرض یا ہو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف وعدہ پس چاہیے کہ آوے ہمارے پاس کہا جابر نے پس کہا میں نے وعدہ کیا مجھ سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دینے کا ایسا اور ایسا اور ایسا پس کھولے جابر نے دونو ہاتھ اپنے تین بار کہا جابر نے پس دی لپ بھر کر مجھ کو ابو بکر نے ایکبار پس گنا میں نے اُس چیز کو کہ تھی لپ میں پس تھے وہ پانسو اور فرمایا صدیق اکبر نے

؎ پھر کرو وضو الخ یعنے غیبت توڑ ڈالتی ہے وضو اور روزہ کو اور لکھا ہے علما نے کہ یہ حدیث بطور زجر کے وارد ہوئی ہے والا حقیقت میں غیبت وضو اور روزہ کو توڑتی نہیں لیکن کمال اور ثواب کو کم کردیتی ہے پس احتیاط اور تقوی اسمیں ہے کہ غیبت واقع ہونے کے بعد تازہ وضو کرے ۱۲ لمعات ؎ پس بخشتا ہے الخ یعنے اس لیے کہ اللہ تعالی کا حق ہے ۱۲ ؎ یہانتک کہ بخشے الخ یعنے اس لیے کہ یہ اُس کا حق ہے معلوم ہوا کہ قباحت اور برائی غیبت کی حد سے زیادہ ہے ۱۲ ؎ ظاہر یہ ہے کہ بخشش چاہنا اُس صورت میں ہے کہ نہ پہونچی ہو غیبت اُس کو کہ جس کی غیبت کی ہو اور جب پہنچ جاوے اُسکو تو ضرور ہے بخشوانا اُس سے اور اگر مشکل ہو تو ارادہ رکھے کہ جب ہو سکے گا بخشوا دونگا اور اگر عاجز ہو مثلاً مر جاوے جس کی غیبت کی تو اللہ تعالی سے بخشش چاہے ۱۲ مرقاۃ ؎ علاء ابن حضرمی کے ہے اور عامل تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے بحرین پر ۱۲ ؎ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف وعدہ یعنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی سے کچھ دینے کا وعدہ کیا ہو ۱۲ حق ؎ ایسا اور ایسا اور ایسا یعنے تین بار دونو ہاتھ بھر کر ۱۲ حق ؎ کھولے جابر نے دونو ہاتھ اپنے یعنی واسطے کہانے صورت عطا کی آنحضرت سے معلوم

حَتّٰی شَبِیْهُهَا مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ **اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ** (۱) **عَنْ** اَبِیْ جُحَیْفَةَ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَبْیَضَ قَدْ شَابَ وَکَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ یُشْبِهُهٗ وَاَمَرَ لَنَا بِثَلٰثَةَ عَشَرَ قَلُوْصًا فَذَهَبْنَا نَقْبِضُهَا فَاَتَانَا مَوْتُهٗ فَلَمْ یُعْطُوْنَا شَیْئًا فَلَمَّا قَامَ اَبُوْبَکْرٍ قَالَ مَنْ کَانَتْ لَهٗ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عِدَةٌ فَلْیَجِیْ فَقُمْتُ اِلَیْهِ فَاَخْبَرْتُهٗ فَاَمَرَ لَنَا بِهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ (۲) **وَعَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی الْحَمْسَاءِ قَالَ بَایَعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ یُّبْعَثَ وَبَقِیَتْ لَهٗ بَقِیَّةٌ فَوَعَدْتُّهٗ اَنْ اٰتِیَهٗ بِهَا فِیْ مَکَانِهٖ فَنَسِیْتُ فَذَکَرْتُ بَعْدَ ثَلٰثٍ فَاِذَا هُوَ فِیْ مَکَانِهٖ فَقَالَ لَقَدْ شَقَقْتَ عَلَیَّ اَنَا هٰهُنَا مُنْذُ ثَلٰثٍ اَنْتَظِرُكَ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ (۳) **وَعَنْ** زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا وَعَدَ الرَّجُلُ اَخَاهُ وَمِنْ نِیَّتِهٖ اَنْ یَّفِیَ لَهٗ فَلَمْ یَفِ وَلَمْ یَجِیْ لِلْمِیْعَادِ فَلَا اِثْمَ عَلَیْهِ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَالتِّرْمِذِیُّ (۴) **وَعَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ قَالَ دَعَتْنِیْ اُمِّیْ یَوْمًا وَّرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ فِیْ بَیْتِنَا فَقَالَتْ هَا تَعَالَ اُعْطِیْكَ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا اَرَدْتِّ اَنْ تُعْطِیَهٗ قَالَتْ اَرَدْتُّ اَنْ اُعْطِیَهٗ تَمْرًا فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَا اِنَّكِ لَوْ لَمْ تُعْطِیْهِ شَیْئًا کُتِبَتْ عَلَیْكِ کِذْبَةٌ رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ **اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ** (۱) **عَنْ** زَیْدٍ

کے لود و مثل اسکے متفق علیہ **فصل دوسری** (۱) **ترجمہ** روایت ہی ابو جحیفہؓ سے کہ کہا دیکھا مینے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو سفید رنگ تحقیق ظاہر ہوا تھا بڑہاپا اور تہے حسن بن علیؓ مشابہ حضرتؐ کے اور حکم فرمایا واسطے جماعت ہماری کے ساتہ تیرہ اونٹنیون جوان کے پس گئے ہم تا قبض کرین اُن اونٹنیون کو پس آئی ہماری پاس خبر وفات حضرتؐ کی پس نہ دیا ہمکو کچہ پس جب کہڑے ہوا ابو بکرؓ کہا جو کوئی کہ ہو اُسکے لیے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وعدہ پس چاہیے کہ آوی پس کہڑا ہوا مین اور گیا طرف ابو بکرؓ کے پس خبر دی مین نے پس فرمایا ابو بکرؓ نے واسطی ہماری ساتہ دینے اونٹنیون کے روایت کی یہ ترمذی نے (۲) **ترجمہ** اور روایت ہی عبد اللہ بن ابی الحمساءؓ سے کہا خریدا مینے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کچہ پہلے نبی ہونے سے اور باقی رہا واسطے حضرتؐ کے مجہ پر کچہ مول پس وعدہ کیا مینے حضرتؐ سے یہ کہ لاؤنگا مین اُنکے لیے بقیہ مول کو بیچ جگہہ اُنکی کے پس بہول گیا مین وہ وعدہ پس یاد کیا مینے بعد تین دن کے پس ناگہان دیکہا مینے کہ حضرتؐ وہین بیٹہے ہین پس فرمایا کہ تحقیق مشقت مین ڈالا تونے مجہ کو مین اسی جگہہ ہون منتظر تیرا تین روز سے روایت کی یہ ابو داؤد نے (۳) **ترجمہ** اور روایت ہی زید بن ارقمؓ سے کہ روایت کی اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جب وقت کہ وعدہ کرے آدمی اپنے بہائی سے اور نیت مین ہو پورا کرنا اُس وعدہ کا اُسکے لیے اور نہ پورا کیا اور نہ آیا وقت وعدہ پر پس نہیں گناہ اُسپر روایت کی یہ ابو داؤد اور ترمذی نے (۴) **ترجمہ** اور روایت ہی عبد اللہ بن عامرؓ سے کہ کہا بلایا مجہ کو میری ماں نے ایک دن اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹہے تہے میری گہر مین پس کہا میری ماں نے آگاہ ہو آ دون مین تجہ کو پس فرمایا واسطی اُسکی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ارادہ کیا تہا تونے دینے کا اُسکو کہا ارادہ کیا تہا مینے یہ کہ دون مین اسکو ایک کہجور پس فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خبردار ہو اگر نہ دیتی تو اسکو کچہ لکہا جاتا تجہ پر ایک جہوٹ روایت کی یہ ابو داؤد نے اور بیہقی نے شعب الایمان مین **فصل تیسری** (۱) **ترجمہ** روایت ہی زید

لہ لود و مثل اسکی یعنے ہزار درہم تاکہ کم زیادہ نہ ہوے ۱۲ ؏ سفید رنگ یعنے مائل بسرخی ۱۲ حق ؏ مشابہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے یعنے نصف اعلی مین ؏ پس جب کہڑے ہو یعنے خلیفہ ہوے ۱۲ ؏ پس خبر دی مینے یعنے وعدہ کی حضرتؐ نے کیا تہا ۱۲ ؏ بیچ جگہ اُنکی کہجان آپ بیٹہے تہے یا بیچ جگہ بیع کے ۱۲ ؏ منتظر تیرا تین روز سے اوا انتظار کرنا حضرتؐ کا واسطے پورا کرنے وعدہ کے تہا نہ واسطے لینے مول کو کے اور سمین تعلیم ہے امت کو پورا کرنے وعدے کے اور وعدے کے پورا کرنے کا حکم سب دینون مین رہا ہے اور سب رسول محافظت اُسکی کرتے رہے ہین چنانچہ اللہ عز وجل نے تعریف کی ڈہہ پر فرمایا وابراہیم الذی وفّی ۱۲ ؏ معاشہ یرتاہ ؏ اور نہ پورا کیا یعنے بسبب عذر کے اس سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی نیت وفاء وعدہ کی رکہتا ہو اگرچہ وفا نہ کرے تو گنہگار نہیں ہوتا اور یہ بہی سمجہا گیا کہ جسنے وعدہ کیا اور نیت یہ کہ وفا نہیں کرونگا تو گنہگار ہوگا ہے برابر ہے کہ مجبور ہو یا نہ پورا کیا اسلیے کہ یہ منافقون کی خصلت ہے بعضوں نے کہا بغیر مانع کے خلاف کرنا وعدے کا حرام ہے اور مجمع البحار مین لکہا کہ علما کا اتفاق ہے کہ بری کام کا وعدہ پورا کرنا نہ چاہیے ؏ کیا ارادہ کیا تونے الخ حضرتؐ سمجہے کہ اسنے کہ یہ کلام لغو تسخر کے کہا ہے پس بقصد اعتراض کے اس سے پوچہا

ابن ارقم ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من وعد رجلا فلم يأت احدهما الى وقت الصلوة وذهب الذى جاء ليصلى فلا اثم عليه رواه رزين

باب المزاح

الفصل الاول

(١) عن انس قال ان كان النبى صلى الله عليه وسلم ليخالطنا حتى يقول لاخ لى صغير يا ابا عمير ما فعل النغير كان له نغير يلعب به فمات متفق عليه

الفصل الثانى

(١) عن ابى هريرة قال قالوا يا رسول الله انك تداعبنا قال انى لا اقول الا حقا رواه الترمذى (٢) وعن انس ان رجلا استحمل رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال انى حاملك على ولد ناقة فقال ما اصنع بولد الناقة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم وهل تلد الابل الا النوق رواه الترمذى وابوداود (٣) وعنه ان النبى صلى الله عليه وسلم قال له يا ذا الاذنين رواه ابوداود والترمذى (٤) وعنه عن النبى صلى الله عليه وسلم قال لامرأة عجوز انه لا تدخل الجنة عجوز فقالت وما لهن وكانت تقرأ القرآن فقال لها اما تقرئين القرآن انا انشأناهن انشاء فجعلناهن ابكارا رواه رزين وفى شرح السنة بلفظ المصابيح (٥) وعنه ان رجلا من اهل البادية كان اسمه زاهر ابن حرام وكان يهدى للنبى صلى الله عليه وسلم من البادية فيجهزه رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اراد ان يخرج

بیٹے ارقم کے سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص وعدہ کرے کسی سے پس نہ آیا ایک ان میں سے نماز کے وقت تک اور گیا وہ شخص کہ آیا تھا تا کہ نماز پڑھے پس نہیں گناہ اوسپر روایت کی یہ رزین نے **باب** ہیچ بیان خوش طبعی کے **فصل پہلی** (١) **ترجمہ** روایت ہے انس سے کہ کہا اوسنے کہ تحقیق تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم البتہ خوشطبعی کرتے ہمسے یہانتک کہ فرماتے واسطے بھای چھوٹے میرے کے اے ابو عمیر کیا ہوا لال تھا چھوٹے بھای میرے کے لیے لال کھیلتا تھا ساتہ اوسکے پس مر گیا متفق علیہ **فصل دوسری** (١) **ترجمہ** روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ کہا عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ تحقیق آپ خوش طبعی کرتے ہیں ہمسے فرمایا کہ تحقیق میں نہیں کہتا مگر حق روایت کی یہ ترمذی نے (٢) **ترجمہ** اور روایت ہے انس سے کہ تحقیق ایک شخص نے سواری طلب کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پس فرمایا کہ تحقیق میں سواری دونگا بچہ اونٹنی کا پس کہا کیا کرونگا میں بچہ اونٹنی کا پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں جنتی اونٹ کو مگر اونٹنی روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے (٣) **ترجمہ** اور روایت ہے انس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انکو اے دو کانوں والے روایت کی یہ ابوداؤد اور ترمذی نے (٤) **ترجمہ** اور روایت ہے انہیں انس سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آنحضرت نے ایک عورت بڑہیا کو یہ کہ نہ داخل ہوگی بہشت میں بڑہیا پس کہا بڑہیا نے کیا ہے واسطے انکو کہ نہ داخل ہونگی بہشت میں اور تہی وہ عورت پڑہتی ہوئی قرآن پس فرمایا واسطے اوسکے کیا نہیں پڑہا تونے قرآن میں کہ تحقیق ہم پیدا کرینگے بہشت کی عورتوں کو پیدا کرنا پس کرینگے ہم انکو کواریاں روایت کی یہ رزین نے اور شرح السنہ میں (کہ بغوی کی کتاب ہے) ساتہ لفظ مصابیح کے ہے (٥) **ترجمہ** اور روایت ہے انس سے یہ کہ ایک شخص باہر کا رہنے والا تھا نام اوسکا زاہر بن حرام اور تھا وہ تحفہ لاتا واسطے نبی صلے اللہ علیہ وسلم باہر سے اور سامان سفر کا درست کر دیتے اوسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جس وقت کہ ارادہ کرتا باہر نکلنے کا

ف پس نہیں اسپر کہ جانا نماز کے لیے ضروری ہے ف باب ہے الخ مزاح کہتے ہیں خوش طبعی کو اور ممنوع وہ ہے کہ جس میں افراط اور مداومت کریگا اور اگر یہ نہ ہو تو مباح ہے ف کیا ہوا لال الخ ابو عمیر انس کا چھوٹا بھای تھا اوس نے چڑیا پالی تھی جسکو ہندی میں لال کہتے ہیں وہ مر گئی لڑکا اوسکے غم میں اوداس بیٹھا تھا حضرت اوسکی خاطرداری کے لیے یہ فرمایا کرتے سبحان اللہ کیا حضرت کے عمدہ اخلاق تھے کہ چھوٹے چھوٹے لڑکوں کی بھی خاطرداری کرتے تھے ترجمہ مشارق ف مگر حق یعنے میں مزاح کرنے میں ایسی بات نہیں کہتا کہ خلاف واقع ہو اگرچہ صورۃً خلاف واقع معلوم ہو اور ضابطہ یہ ہے کہ اگر متضمن جھوٹ کو نہ ہو تو جائز ہے لیکن باوجود اسکے اوسپر ہمیشگی کرنی چاہیے لمعات ف کیا کرونگا الخ وہ شخص یہ سمجھا تھا کہ بچہ اونٹنی سے چھوٹا بچہ مراد ہے اور وہ سواری کے قابل نہیں ہوتا ف اے دو کانوں والے اسمیں خوش طبعی بھی ہے اور تعریف بھی انس کے ذکا اور فہم کی ف فرمایا یعنے بطریق مزاح ف یعنے یہ بہیان بصفت بڑہاپے کی بہشت میں داخل نہیں ہونگی بلکہ باکرہ اور جوان اوٹھا کر بہشت میں داخل کیجاوینگی ف وہ تحفہ لاتا یعنے ایسی چیزیں کہ جو باہر ہوتی ہیں مانند ساگ اور لکڑیوں اور پہولوں وغیرہ کے ف باہر نکلنے کا یعنے مدینہ سے

فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّ زاهِرًا بادِیَتُنا و نحنُ حاضِرُوْه وکان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یُحِبُّه وکان دمیمًا فاتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم یومًا وهو یبیع متاعه فاحتضنه من خلفه وهو لا یُبصِرُه فقال ارسِلنی من هذا فالتفت فعرف النبی صلی اللہ علیہ وسلم فجعل لا یألو ما الزق ظهره بصدر النبی صلی اللہ علیہ وسلم حین عرفه وجعل النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول من یشتری العبد فقال یا رسول اللہ اِذًا واللہ تجدنی کاسدًا فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لکن عند اللہ لست بکاسد رواه فی شرح السنة (۶) وعن عوف بن مالک الاشجعی قال اتیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی غزوة تبوک وهو فی قبة من ادم فسلمت فرد علیّ وقال ادخل فقلت اکلّی یا رسول اللہ قال کلّک فدخلت قال عثمان بن ابی العاتکة انما قال ادخل کلّی من صغر القبة رواه ابوداود (۷) وعن النعمان بن بشیر قال استاذن ابوبکر علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فسمع صوت عائشة عالیا فلما دخل تناولها لیلطمها وقال لا اراک ترفعین صوتک علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فجعل النبی صلی اللہ علیہ وسلم یحجزه وخرج ابوبکر مغضبا فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم حین خرج ابوبکر کیف رأیتنی انقذتک من الرجل قالت فمکث ابوبکر ایاما ثم استاذن فوجدهما قد اصطلحا

پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق زاہر ہمارا گماشتہ ہی باہر کا اور ہم گماشتہ ہین اُسکے شہر کے اور تہی پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم بہت دوست رکہتے اُسکو اور تہا زاہر بدشکل پس آئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم ایک دن اور وہ بیچتا تہا اسباب اپنا پس کولی بہری آنحضرت نے اسکو پیچہے سے اُس حال مین کہ وہ نہین دیکہتا تہا حضرت کو پس کہا زاہر نے چہوڑ مجہکو کون ہے یہ پس کن انکہیون سے دیکہا زاہر نے پس پہچانا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو پس شروع کیا نہین قصور کرتا تہا اپنی پیٹہہ کے لگانے مین ساتہ سینہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے جبکہ پہچانا آنحضرت کو اور شروع کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرماتے تہے کون شخص خریدے غلام کو پس کہا یا رسول اللہ اسوقت قسم ہے خدا کی پاوگے مجہکو ناکارہ پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے لیکن نزدیک خدا کے نہین تو ناکارہ روایت کی یہ شرح السنہ مین (۶) ترجمہ اور روایت ہی عوف بیٹے مالک اشجعی سے کہ کہا آیا مین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس غزوہ تبوک مین اُس حال مین کہ حضرت تہے بیچ خیمہ چمڑے کی پس سلام علیک کی مینے پس جواب دیا مجہکو اور فرمایا آو پس کہا مینے آیا تمام بدن میرا آوے یا رسول اللہ فرمایا آنحضرت نے آوے تمام بدن تیرا پس داخل ہوا مین اندر خیمہ کے کہا عثمان بن ابی العاتکہ نے سوا اسکے نہین کہ کہا عوف نے اور لاؤن مین تمام بدن اپنے کو واسطے چہوٹے ہونے قبہ کے روایت کی یہ ابوداؤد نے (۷) ترجمہ اور روایت ہی نعمان بن بشیر سے کہ کہا اذن آنیکا چاہا ابوبکر نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پس سنی آواز عائشہ کی بلند پس جب داخل ہوے گہر مین ابوبکر پکڑا عائشہ کو تا طمانچہ مارین انکو اور کہا نہ دیکہون مین تجہکو بلند کرے تو آواز اپنی اوپر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پس شروع کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ روکتے تہے حضرت صدیق کو اور نکلے ابوبکر رنجیدہ تہا پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ نکلے ابوبکر کس طرح دیکہا تونے مجہکو اے عائشہ کہ چہڑایا مینے تجہکو اُس شخص سے کہا عائشہ نے پس درنگ کی ابوبکر نے کئی دن پہر آئے دروازہ پر اور اذن آنیکا چاہا پس پایا عائشہ کو اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو صلح مین بیٹہے

ا یعنی بازار مین ۱۲ ؎ پس کولی بہری یعنی پیچہے سے آئے پیٹہہ کردونوں ہاتہہ انکی بغلون کے نیچے سے نکالکر انکی آنکہون پر ہاتہہ رکہدیے تا نہ پہچانے ۱۲ حق ؎ نہین قصور کرتا تہا اپنی پیٹہہ کے لگانے مین ساتہ سینہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے یعنی واسطے حاصل کرنے برکت کے ۱۲ حق ؎ خریدے غلام کو غلام کہنا زاہر کو ظاہر ہے اسلیے کہ وہ اللہ کا غلام تہا اور وجہ استفہام کی خریدنے سے یہ ہے کہ حضرت نے ارادہ کیا کہ کون شخص مقابلہ کرتا ہے اس غلام کے اکرام کو یعنی اسپر اکرام کرے یا کون بدلے اسکو مجہ سے کہ لاوے میرے پاس شکل اسکی اور ثمن ہو کہ ہو قبیلہ تجرید سے پس معنے یہ ہونگے کہ کون شخص لے اس عبد کو ۱۲ مرقاۃ ؎ پس کہا یعنی بطریق مزاح کے ۱۲ اس سے معلوم ہوا کہ کبہی صحابہ بہی مزاح کرتے تہے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے وقت بے تکلفی کے ۱۲ ؎ نہ دیکہون مین تجہکو یعنی اب ایسے ۱۲ ؎ روکتے تہے حضرت صدیق کو یعنی مارنے حضرت عائشہ کے سے ۱۲ حق ؎ اُس شخص سے یعنی ابوبکر سے ۱۲ ؎ پس درنگ کی یعنی نہ آئے ملازمت آنحضرت مین ظاہرا از راہ ادب یا حیا یا حضرت کا قول ہے عائشہ کو کس طرح دیکہا تونے کہ چہڑایا تجہکو اُس شخص سے ۱۲

فَقَالَ لَهُمَا أَدْخِلَانِي فِي سِلْمِكُمَا كَمَا أَدْخَلْتُمَانِي فِي حَرْبِكُمَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ فَعَلْنَا قَدْ فَعَلْنَا رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ (۸) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُمَارِ أَخَاكَ وَلَا تُمَازِحْهُ وَلَا تَعِدْهُ مَوْعِدًا فَتُخْلِفَهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ

بَابُ الْمُفَاخَرَةِ وَالْعَصَبِيَّةِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

(۱) عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ النَّاسِ أَكْرَمُ قَالَ أَكْرَمُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ أَتْقَاهُمْ قَالُوا لَيْسَ عَنْ هٰذَا نَسْأَلُكَ قَالَ فَأَكْرَمُ النَّاسِ يُوسُفُ نَبِيُّ اللّٰهِ ابْنُ نَبِيِّ اللّٰهِ ابْنِ نَبِيِّ اللّٰهِ ابْنِ خَلِيلِ اللّٰهِ قَالُوا لَيْسَ عَنْ هٰذَا نَسْأَلُكَ قَالَ فَعَنْ مَعَادِنِ الْعَرَبِ تَسْأَلُونِي قَالُوا نَعَمْ قَالَ فَخِيَارُكُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُكُمْ فِي الْإِسْلَامِ إِذَا فَقُهُوا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۲) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَرِيمُ ابْنُ الْكَرِيمِ ابْنِ الْكَرِيمِ ابْنِ الْكَرِيمِ يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ (۳) وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ فِي يَوْمِ حُنَيْنٍ كَانَ أَبُو سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ آخِذًا بِعِنَانِ بَغْلَتِهِ يَعْنِي بَغْلَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا غَشِيَهُ الْمُشْرِكُونَ نَزَلَ فَجَعَلَ يَقُولُ أَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ قَالَ فَمَا رُئِيَ مِنَ النَّاسِ يَوْمَئِذٍ أَشَدُّ مِنْهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۴) وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا خَيْرَ الْبَرِيَّةِ

پس کہا ابوبکرؓ نے ان دونون کو کہ داخل کرو مجھ کو اپنی صلح مین جیسکہ داخل کیا تمنے مجھ کو اپنی لڑائی مین پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق کیا ہمنے تحقیق کیا ہمنے روایت کی یہ ابوداؤد نے (۸) ترجمہ اور روایت ہی ابن عباسؓ سے اُس نے نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہ جھگڑ تو اپنے بھائی سے اور نہ ۱؎ مزاح کر اُس سے اور نہ ۲؎ وعدہ کر ایسا وعدہ کہ خلاف کرے تو اُسکو روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے باب ۳؎ بیچ بیان مفاخرة اور عصبیت کے فصل پہلی (۱) ترجمہ روایت ہی ابوہریرہؓ سے کہ کہا پوچھے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ کون سا آدمی بزرگ ہے فرمایا بزرگ تر انکا نزدیک خدا کے پرہیزگار انکا ہے کہا صحابہ نے نہین اس بات سے پوچھتے ہم آپ سے فرمایا ۴؎ پس زیادہ تو بزرگ لوگون کا یوسف نبی اللہ کا بیٹا نبی اللہ کا پوتا نبی اللہ کا پڑوتا دوست خدا کا کہا صحابہؓ نے نہین اس بات سے پوچھتے ہم آپ سے فرمایا پس ذاتون عرب سے سوال کرتے ہو مجھ سے کہا کہ ہان فرمایا بہترین ۵؎ تمہاری جاہلیت مین بہتر تمہارے ہین اسلام مین جس وقت کہ سمجھدار ہو جاوین متفق علیہ (۲) ترجمہ اور روایت ہی ابن عمرؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کریم ۶؎ بیٹا کریم کا بیٹا کریم کا بیٹا کریم کا یوسف بیٹا یعقوب کا پوتا اسحاق کا پڑوتا ابراہیم کا روایت کی یہ بخاری نے (۳) ترجمہ اور روایت ہی براء ابن عازبؓ سے کہ کہا براءؓ نے کہ دن جنگ حنین کے تہا ابوسفیان بن حارث پکڑنے والا باگ خچر آپ کی یعنے خچر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پس جبکہ گھیر لیا حضرتؐ کو مشرکون نے اترے پس شروع کیا کہ فرماتے تھے کہ مین ہون نبی نہین کچھ جھوٹ اسمین مین ہون ۷؎ بیٹا عبدالمطلب کا کہا راوی نے پس نہین دیکھا گیا لوگون مین سے اُس دن کوئی قوی تر شجاع حضرتؐ سے متفق علیہ (۴) ترجمہ اور روایت ہی انسؓ سے کہ کہا آیا ایک شخص نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا اے بہترین خلق

۱؎ اور نہ مزاح کر یعنے ایسی مزاح جو باعث ایذا ہو ۱۲ ۲؎ اور نہ وعدہ کر ایسا وعدہ کہ خلاف کرے تو اُس کو یعنے وعدہ کو پورا کر یا سرے سے وعدہ ہی مت کر اور وعدہ کی راہ بند کر تا کہ وعدہ کی مخالفت نہ کرنی پڑے ۱۲ لمعات ۳؎ بیچ بیان مفاخرت اور عصبیت کے الخ مفاخرت کے معنے ہین اپنی حسب نسب پر فخر کرنا اور عصبیت کے معنے ہین اپنی قوم کی حمایت کرنا ہے اگر مصلحت دینی کے واسطے ہو تو جائز ہے اور اگر بطریق تکبر کے ہو تو مذموم اور برا ہے اور تعصب بھی اگر حق ہو اور متضمن ظلم نہ ہو تو جائز ہے اور اگر بطریق باطل اور ظلم کے ہو تو برا ہے ۱۲ لمعات ۴؎ بہترین تمہارے الخ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شرافت ذاتی بدون دینداری کے خدا کے نزدیک کچھ حقیقت نہین رکہتی ۱۲ ترجمہ مشارق ۵؎ کریم بیٹا کریم کا الخ یعنے سو حضرت یوسف علیہ السلام کے یہ خاندانی بزرگی کہ جسکی چار پشت پیغمبر ہوئے آگے پیچھے کسیکو حاصل نہین ۱۲ ترجمہ مشارق ۶؎ مین ہون بیٹا عبدالمطلب کا الخ حضرتؐ نے اس کلام مین باپ دادا کے نام کا فخر نہین کیا بلکہ اپنی نبوت کی حقیقت ثابت کی سو اسطرح کہ کافرون نے اہل کتاب سے سنا تہا کہ عبدالمطلب کی اولاد مین ایک پیغمبر پیدا ہوگا جو ملک گیری کرے گا ۱۲ ترجمہ مشارق ص ۳۳۳ مع بعض اس خرد

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ذَاکَ اِبْرَاھِیْمُ رَوَاہُ مُسْلِمٌ (۴) وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُطْرُوْنِیْ کَمَا اَطْرَتِ
النَّصَارٰی ابْنَ مَرْیَمَ فَاِنَّمَا اَنَا عَبْدُہٗ فَقُوْلُوْا عَبْدُ اللّٰہِ وَرَسُوْلُہٗ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ (۵) وَعَنْ عِیَاضِ بْنِ حِمَارٍ الْمُجَاشِعِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ
اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ اَوْحٰی اِلَیَّ اَنْ تَوَاضَعُوْا حَتّٰی لَا یَفْخَرَ اَحَدٌ عَلٰی اَحَدٍ وَلَا یَبْغِیْ اَحَدٌ عَلٰی اَحَدٍ رَوَاہُ مُسْلِمٌ

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

(۱) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیَنْتَھِیَنَّ اَقْوَامٌ یَفْتَخِرُوْنَ بِاٰبَائِھِمُ الَّذِیْنَ
مَاتُوْا اِنَّمَا ھُمْ فَحْمٌ مِّنْ جَھَنَّمَ اَوْ لَیَکُوْنُنَّ اَھْوَنَ عَلَی اللّٰہِ مِنَ الْجُعَلِ الَّذِیْ یُدَھْدِہُ الْخِرَاءَ بِاَنْفِہٖ اِنَّ اللّٰہَ قَدْ
اَذْھَبَ عَنْکُمْ عُبِّیَّۃَ الْجَاھِلِیَّۃِ وَفَخْرَھَا بِالْاٰبَاءِ اِنَّمَا ھُوَ مُؤْمِنٌ تَقِیٌّ اَوْ فَاجِرٌ شَقِیٌّ النَّاسُ کُلُّھُمْ بَنُوْ اٰدَمَ وَاٰدَمُ
مِنْ تُرَابٍ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ (۲) وَعَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الشِّخِّیْرِ قَالَ انْطَلَقْتُ فِیْ وَفْدِ بَنِیْ
عَامِرٍ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا اَنْتَ سَیِّدُنَا فَقَالَ السَّیِّدُ اللّٰہُ فَقُلْنَا وَاَفْضَلُنَا فَضْلًا وَاَعْظَمُنَا
طَوْلًا فَقَالَ قُوْلُوْا قَوْلَکُمْ اَوْ بَعْضَ قَوْلِکُمْ وَلَا یَسْتَجْرِیَنَّکُمُ الشَّیْطَانُ رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ (۳) وَعَنِ الْحَسَنِ عَنْ
سَمُرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْحَسَبُ الْمَالُ وَالْکَرَمُ التَّقْوٰی رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ (۴) وَعَنْ

پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہترین خلق ابراہیم تھے روایت کی یہ مسلم نے (۴) ترجمہ اور روایت ہے عمرؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے
اللہ علیہ وسلم نے نہ زیادتی کرو تم بیچ تعریف میری کے جیسیکہ زیادتی کی نصاریٰ نے بیچ تعریف بیٹے مریم کے پس سوا اسکے نہیں کہ میں بندہ
خدا کا ہوں پس کہو بندہ اللہ کا اور رسول اسکا متفق علیہ (۵) ترجمہ اور روایت ہے عیاض بن حمار مجاشعیؓ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق اللہ تعالیٰ نے وحی بھیجی طرف میری یہ کہ فروتنی کرو یہانتک کہ نہ فخر کرے کوئی کسی پر اور نہ ظلم کرے کوئی کسی پر روایت
کی یہ مسلم نے **فصل دوسری** (۱) ترجمہ روایت ہے ابو ہریرہؓ سے اس نے نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا البتہ باز آویں قومیں
کہ فخر کرتی ہیں ساتھ باپوں اپنے کے کہ مر گئے سوا اسکے نہیں کہ وہ کوئلے دوزخ کے ہیں یا البتہ ہونگے ذلیل تر نزدیک اللہ کے کرم نجاست
کے سے کہ ڈھکیلتا ہے نجاست کو ساتھ ناک اپنی کے تحقیق اللہ تعالیٰ نے دور کی تمسے نخوت جاہلیت کی اور فخر کرنا جاہلیت کا ساتھ باپوں کے
نہیں آدمی مگر مومن متقی ہے یا فاجر بدکار تمام آدمی اولاد آدم ہیں اور آدم پیدا ہوئے مٹی سے روایت کی یہ ترمذی اور ابو داؤد نے
(۲) ترجمہ اور روایت ہے مطرف بن عبداللہ بن شخیرؓ سے کہا گیا میں بیچ جماعت بنی عامر کے طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پس کہا
ہمنے آپ سردار ہیں ہمارے پس فرمایا سردار خدا ہے پس کہا ہمنے اور آپ بہترین ہمارے ہیں ازروے بہترائی کے اور بزرگترین ہمارے ہو بخشش
میں پس فرمایا کہو یہ بات یا اس سے بھی کمتر کہو اور نہ وکیل پکڑے تمکو شیطان روایت کی یہ ابو داؤد نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے حسن سے
انہو روایت کی سمرہؓ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ حسب مال ہے اور کرم تقویٰ ہے روایت کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے (۴) ترجمہ اور روایت ہے

؎ فرمایا بہترین خلق کے ابراہیم تھے یہ طریق تواضع کے فرمایا بسبب رعایت حق خلت اور باپ ہونیکے والا   احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ آنحضرت سب مخلوق سے افضل ہیں ہو الحق
؎ سبب ہے کہ زیادتی کی نصاریٰ نے بیچ تعریف بیٹے مریم کے یعنے جیسے نصاریٰ نے عیسےٰ کی بے حد تعریف بہت بڑھا کی بعضوں نے انکو خدا کا بیٹا کہا اور بعضوں نے خدا سمجھا سو
تم ویسی تعریف نہ کیجیو کافر ہو جاؤگے میری تعریف تو اتنی کفایت کرتی ہے کہ خدا کا بندہ اور خدا کا پیغام لانیوالا ہوں یعنے جب پیغمبر کہا تو سوا خدا کے جتنے کمالات کہ آدمی کو ممکن
ہیں سب آگئے پیغمبر سب عالم سے بہتر خدا کا امانتدار سب گناہوں سے معصوم ہوتا ہے بعد سوا پیغمبر کے اب کونسی تعریف باقی رہی ہے جو مجھکو کہوگے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ یہ جو
جاہلوں میں مشہور ہے کہ نبی ہر کام کے مختار ہیں جو چاہیں سو کر ڈالیں سو یہ شرک ہے اسمیں تو پیغمبر کو خدائی ثابت کی اور جس بات سے حضرتؐ نے منع کیا تھا وہی بات بے ادب جاہلوں نے
کہی ہے ترجمہ مشارق ملخصاً ۱۲ ؎ نہ فخر کرے الخ اس میں دلیل ہے اس پر کہ فخر بطریق تکبر کے حرام ہے ۱۲ ملمع ؎ اور آدم پیدا ہوئے مٹی سے الخ یہ حدیث مشرکوں کے حق میں ہے کہ وہ باتعین
دوزخی ہیں اور اگر غیر مشرکوں کے حق میں ہو تو بھی احتمال ہے اسلیے کہ مرنا انکا با ایمان معلوم نہیں پس کیا جگہ ہے فخر کرنیکی پھر فرمایا کہ باپ دادا کے نام سے فخر کرنیوالا ایسا ہے جیسے گندگی کا
کیڑا گندگی کو دھکیلتا ہے معلوم ہوا کہ یہ فخر حرام ہے ؎ اور نہ وکیل پکڑے تمکو شیطان الخ جو جا ہو بطریق وکالت کے اسکی طرف سے کہنے لگو اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کسیکو سردار اور مالک
کہنا سوا خدا کے جائز نہیں ہے ؎ اور کرم تقویٰ ہے الخ یعنے حسب اور فضیلت لوگوں کے نزدیک یہی مال ہے کہ آدمی بدون اسکی بیقدر اور خوار ہے اور کرم تمام فضیلتوں

اُبَیِّ بنِ کعبٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللّٰہ علیہ وسلم یَقُوْلُ مَنْ تَعَزّٰی بِعَزَاءِ الْجَاھِلِیَّةِ فَاَعِضُّوْہُ بِھَنِ اَبِیْہِ وَلَا تَکْنُوْا رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ
السُّنَّةِ (۵) وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِیْ عُقْبَةَ عَنْ اَبِیْ عُقْبَةَ وَکَانَ مَوْلًی مِّنْ اَھْلِ فَارِسَ قَالَ شَھِدْتُ مَعَ رَسُوْلِ
اللّٰہِ صلی اللّٰہ علیہ احُدًا فَضَرَبْتُ رَجُلًا مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ فَقُلْتُ خُذْھَا مِنِّیْ وَاَنَا الْغُلَامُ الْفَارِسِیُّ فَالْتَفَتَ اِلَیَّ فَقَالَ ھَلَّا
قُلْتَ خُذْھَا مِنِّیْ وَاَنَا الْغُلَامُ الْاَنْصَارِیُّ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ (۶) وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللّٰہ علیہ قَالَ مَنْ نَصَرَ
قَوْمَہٗ عَلٰی غَیْرِ الْحَقِّ فَھُوَ کَالْبَعِیْرِ الَّذِیْ رَدٰی فَھُوَ یُنْزَعُ بِذَنَبِہٖ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ (۷) وَعَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ
قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا الْعَصَبِیَّةُ قَالَ اَنْ تُعِیْنَ قَوْمَکَ عَلَی الظُّلْمِ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ (۸) وَعَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِکِ
ابْنِ جُعْشُمٍ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللّٰہ علیہ فَقَالَ خَیْرُکُمُ الْمُدَافِعُ عَنْ عَشِیْرَتِہٖ مَا لَمْ یَاْثَمْ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ (۹)
وَعَنْ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللّٰہ علیہ قَالَ لَیْسَ مِنَّا مَنْ دَعَا اِلٰی عَصَبِیَّةٍ وَلَیْسَ مِنَّا مَنْ قَاتَلَ عَصَبِیَّةً
وَلَیْسَ مِنَّا مَنْ مَاتَ عَلٰی عَصَبِیَّةٍ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ (۱۰) وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللّٰہ علیہ قَالَ حُبُّکَ الشَّیْءَ
یُعْمِیْ وَیُصِمُّ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ **اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ** (۱) عَنْ عُبَادَةَ بْنِ کَثِیْرٍ الشَّامِیِّ مِنْ اَھْلِ فِلَسْطِیْنَ عَنْ

ابی بن کعبؓ سے کہ کہا سنا میںنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جو کوئی کہ نسبت کرے ساتھ نسبت جاہلیت کی پس کٹواؤ اسکو ستر
باپ اُسکے کا اور کنایہ کرو روایت کیا یہ شرح السنہ مین (۵) ترجمہ اور روایت ہے عبد الرحمن بن ابی عقبہ سے کہ نقل کی ابو عقبہؓ سے اور تھا وہ
مولی اہل فارس سے کہا ابو عقبہؓ نے کہ حاضر ہوا مین ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جنگ احد مین پس مارا مینے ایک شخص کو مشرکون مین سے
پس کہا مینے لے تو یہ میری طرف سے اور مین ہون غلام فارس کا پس دیکھا آنحضرتؐ نے طرف میری اور فرمایا کیون نہ کہا تو نے کہ لے مجھ سے
اور مین غلام ہون انصاری روایت کی یہ ابوداؤد نے (۶) ترجمہ اور روایت ہے ابن مسعودؓ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ
فرمایا آنحضرتؐ نے جو شخص کہ مدد کرے اپنی قوم کی ناحق پس وہ مانند اونٹ کی ہے کہ گر پڑا کنوئین مین پس وہ کھینچا جاتا ہے ساتھ دم اپنی کے
روایت کی یہ ابوداؤد نے (۷) ترجمہ اور روایت ہے واثلہ بن اسقعؓ سے کہ کہا مینے یا رسول اللہ کیا ہے عصبیت فرمایا یہ کہ مدد کرے
تو اپنی قوم کی ظلم پر روایت کی یہ ابوداؤد نے (۸) ترجمہ اور روایت ہے سراقہ بن مالک بن جعشم سے کہ کہا خطبہ فرمایا ہمارے آگے
رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پس فرمایا کہ بہترین تمہارا وہ ہے کہ دفع کرے لوگون کے ظلم کو اپنی قوم سے جبتک کہ گنہگار نہو روایت کی
یہ ابوداؤد نے (۹) ترجمہ اور روایت ہے جبیر بن مطعمؓ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہین ہم مین سے وہ شخص کہ
بلاوے لوگون کو طرف عصبیت کے اور نہین ہم مین سے وہ شخص کہ جنگ کرے بسبب عصبیت کے اور نہین ہم مین سے وہ شخص کہ مرے اوپر عصبیت
کے روایت کی یہ ابوداؤد نے (۱۰) ترجمہ اور روایت ہے ابو درداؓ سے اُس نے نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا دوست رکھنا تیرا
کسی چیز کو اندھا اور بہرا کر دیتا ہے روایت کی یہ ابوداؤد نے **فصل تیسری** (۱) ترجمہ روایت ہے عبادہ بن کثیر شامی سے کہ تھا اہل
فلسطین سے نقل کرتا ہے

ل یعنی کٹواؤ اسکو ستر باپ اُس کے کا اور کنایہ نہ کرو یعنے یون کہو کہ اپنے باپ کا ستر کاٹ کر اپنے منہ مین لے اسحدیث
مین نہایت تشدید ہے فخر بالا باپ پر اور حقیقت مین اپنی قوم کی ثنا کرنا عبث ہے عجز جبلت مدد ہو سکی بہتر ہے ۱۲ ع کیون نہ کہا الخ یعنے اگر اس مقام مین انصار
کی طرف نسبت کرتا تو بہتر ہوتا کہ وہ دین کے اور رسول کے مددگار ہین نہ مجوس کیطرف کہ آتش پرست اور کافر ہین معلوم ہوا کہ کافر باپ دادون کا فخر کرنا جائز نہین ۱۲ ع
ساتھ دم اپنی کے یعنے بےگناہ کے کنوئین مین گرا اور ہلاک ہوا جیسے اونٹ کو کنوئین مین گر کر ہلاک ہو ۱۲ لمعات مرقاۃ ع جبتک کہ گنہگار نہو یعنے قدر حاجت سے
زیادتی نہ کرے ع نہین ہم مین سے یعنے اہل ملت یا اہل طریقہ ہمارے سے ع کہ بلاوے لوگون کو یعنے باعث ہو لوگون کو کہ حمایت کرین انکی باطل پر بہر تقدیر حمایتی
ہونا کہ باطل پر ہو مذموم اور ممنوع ہے ۱۲ لمعات ع دوست رکھنا الخ لانا اسحدیث کا اس باب مین دلالت کرتا ہے کہ وارد ہوئی ہے یہ بیچ حق اس شخص کے کہ حمایت کرتا
ہے کسی کی باطل پر بسبب محبت انکی کے نہ حق دیکھتا ہے نہ سنتا ہے مارے محبت کے حمایتی بن رہا ہے ۱۲ لمعات

امْرَأَةٍ مِنْهُمْ يُقَالُ لَهَا فُسَيْلَةُ أَنَّهَا قَالَتْ سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَمِنَ الْعَصَبِيَّةِ أَنْ يُحِبَّ الرَّجُلُ قَوْمَهُ قَالَ لَا وَلٰكِنْ مِنَ الْعَصَبِيَّةِ أَنْ يَنْصُرَ الرَّجُلُ قَوْمَهُ عَلَى الظُّلْمِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ (۲) وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْسَابُكُمْ هٰذِهِ لَيْسَتْ بِمَسَبَّةٍ عَلَى أَحَدٍ كُلُّكُمْ بَنُو آدَمَ طَفُّ الصَّاعِ بِالصَّاعِ لَمْ تَمْلَؤُوهُ لَيْسَ لِأَحَدٍ عَلَى أَحَدٍ فَضْلٌ إِلَّا بِدِينٍ وَتَقْوًى كَفٰى بِالرَّجُلِ أَنْ يَكُونَ بَذِيًّا فَاحِشًا بَخِيلًا رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ **بَابُ** الْبِرِّ وَالصِّلَةِ **اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ** (۱) عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَنْ أَحَقُّ بِحُسْنِ صَحَابَتِي قَالَ أُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ أُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ أُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ أَبُوكَ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ أُمُّكَ ثُمَّ أُمُّكَ ثُمَّ أُمُّكَ ثُمَّ أَبَاكَ ثُمَّ أَدْنَاكَ أَدْنَاكَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۲) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَغِمَ أَنْفُهُ رَغِمَ أَنْفُهُ رَغِمَ أَنْفُهُ قِيلَ مَنْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ مَنْ أَدْرَكَ وَالِدَيْهِ عِنْدَ الْكِبَرِ أَحَدَهُمَا أَوْ كِلَاهُمَا ثُمَّ لَمْ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۳) وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ قَالَتْ قَدِمَتْ عَلَيَّ أُمِّي وَهِيَ مُشْرِكَةٌ فِي عَهْدِ قُرَيْشٍ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ أُمِّي قَدِمَتْ عَلَيَّ وَهِيَ رَاغِبَةٌ أَفَأَصِلُهَا قَالَ نَعَمْ صِلِيهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۴) وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ آلَ أَبِي فُلَانٍ لَيْسُوا لِي بِأَوْلِيَاءَ إِنَّمَا وَلِيِّيَ اللّٰهُ

ایک عورت سے کہ تھی اُن میں سے کہا جاتا تھا اُسکو فسیلہ اُس عورت نے کہا کہ سنا مینے اپنے باپ سے کہ کہتا تھا پوچھا مینے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پس عرض کیا مینے یارسول اللہ کیا عصبیت سے ہے دوست رکھنا مرد کا اپنی قوم کو فرمایا نہیں بلکہ عصبیت یہ ہے کہ مدد کرے مرد اپنی قوم کی ظلم پر[۱] روایت کی یہ احمد اور ابن ماجہ نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے عقبہ بن عامر سے کہ کہا فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ نسب تمہارے نہیں ہیں جگہہ عیب کہنے کی اور کسی کے تم سب اولاد آدم کی ہو برابر ایک صاع دوسرے صاع کے نہیں بھرتے تم اسکو نہیں واسطے کسی کے[۲] کسی پر بزرگی مگر ساتھ دین اور تقوی کے کفایت کرتا ہے شخص کو برائی میں یہ کہ ہو زبان دراز فحش بولنے والا بخیل روایت کی یہ احمد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں **باب** ہے بیچ بیان نیکی کے اور سلوک کے **فصل پہلی** (۱) ترجمہ روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا ابوہریرہؓ نے کہ کہا ایک شخص نے یارسول اللہ کون لائق تر ہے ساتھ اچھی صحبت کرنے میرے کے فرمایا ماں تیری کہا اُس نے پھر کون ہے فرمایا ماں تیری کہا اُس نے پھر کون فرمایا ماں تیری کہا اُس نے پھر کون فرمایا باپ[۳] تیرا اور بیچ ایک روایت کے فرمایا ماں تیری پھر ماں تیری پھر ماں تیری پھر احسان کر باپ اپنے سے پھر جسکا[۴] زیادہ قرب تجھ سے ہو پھر جو قریب تجھ سے متفق علیہ (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خاک آلودہ ہو ناک اُسکی خاک آلودہ ہو ناک اُسکی خاک آلودہ ہو ناک اُسکی پوچھا گیا کہ کون ہے وہ یارسول اللہ فرمایا جو شخص کہ پاوے ماں باپ اپنے کو نزدیک بڑہاپے کے ایک کو اُن میں سے یا دونوں کو پھر نہ داخل ہو[۵] بہشت میں روایت کی مسلم نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے اسماء بیٹی ابوبکرؓ سے کہ کہا آئی میرے پاس ماں میری اور وہ تھی مشرکہ بیچ زمانہ صلح قریش کے پس کہا مینے یارسول اللہ تحقیق ماں میری آئی ہے میرے پاس اور وہ بیزار ہے اسلام سے آیا پس سلوک کروں میں اُس سے فرمایا کہ ہاں سلوک کر اُس سے[۶] متفق علیہ (۴) ترجمہ اور روایت ہے عمرو بن عاصؓ سے کہ کہا سنا مینے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے حضرتؐ کہ تحقیق آل ابی فلان[۷] کی نہیں ہیں میرے دوست سوائے اسکے نہیں کہ دوست میرا اللہ ہے

[۱] ظاہر اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ظلم پر اپنی قوم کی حمایت کرنا حرام ہے ۱۲ [۲] نہیں واسطے کسیکے کسی پر بزرگی الخ یعنے تم سب برابر ہو نسبت میں ایک باپ کی طرف حاصل یہ کہ سب لوگ مرتبے میں نقصان وخسران میں ہیں مگر صاحب تقوی وکمال دین ۱۲ مرقاۃ [۳] فرمایا باپ تیرا یہ حدیث دلیل ہے اسپر کہ ماں کے لیے تین حصہ احسان سے بہ نسبت باپ کے ۱۲ لمعات [۴] پھر احسان کر قریب تر اپنے سے الخ یعنے بعد ماں باپ کے اور قرابتیوں میں ترتیب قرب کی معتبر ہے جو بہت قریب ہو مقدم تر ہے ساتھ احسان کے [۵] پھر نہ داخل ہو بہشت میں اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ماں باپ کی خدمت بہشت کا عمدہ وسیلہ ہے اور انکو تکلیف رسانی اور بیحرمتی دوزخ کا سبب ہے ۱۲ ترجمہ شاہ [۶] فرمایا سلوک کر اُس سے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر ماں باپ کافر ہوں تو بھی اُن سے سلوک کرنا چاہیے ۱۲ لمعات [۷] تحقیق آل ابی فلان کی الخ حضرت نے کسی شخص کو مجمل کر دیا

وصالح المؤمنين ولكن لهم رحم ابلها ببلالها متفق عليه (۵) وعن المغيرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله حرم عليكم عقوق الامهات ووأد البنات ومنع وهات وكره لكم قيل وقال وكثرة السؤال واضاعة المال متفق عليه (۶) وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من الكبائر شتم الرجل والديه قالوا يا رسول الله وهل يشتم الرجل والديه قال نعم يسب ابا الرجل فيسب اباه ويسب امه فيسب امه متفق عليه (۷) وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان من ابر البر صلة الرجل اهل ود ابيه بعد ان يولي رواه مسلم (۸) وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من احب ان يبسط له في رزقه وينسأ له في اثره فليصل رحمه متفق عليه (۹) وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خلق الله الخلق فلما فرغ منه قامت الرحم فاخذت بحقوي الرحمن فقال مه قالت هذا مقام العائذ بك من القطيعة قال الا ترضين ان اصل من وصلك واقطع من قطعك قالت بلى يا رب قال فذاك متفق عليه (۱۰) وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الرحم شجنة من الرحمن فقال الله تعالى من وصلك وصلته ومن قطعك قطعته رواه

اور نیکبخت مومنین لیکن واسطے انکے ناتا ہے تر کرتا ہون مین اسکو ساتھ تری اسکی کے متفق علیہ (۵) ترجمہ اور روایت ہی مغیرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق اللہ تعالی نے حرام کی تمپر ایذا دینی ماؤن کی اور گاڑنا جیتی لڑکیون کا اور حرام کی تمپر بخیلی اور گدائی کرنی اور مکروہ رکھی واسطے تمہارے قیل وقال اور بہتایت سوال کی اور ضائع کرنا مال کا متفق علیہ (۶) ترجمہ اور روایت ہی عبداللہ بن عمروؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کبیرہ گناہ ہی گالی دینی آدمی کی اپنے ماں باپ کو عرض کیا لوگون نے یا رسول اللہ کیا گالی دیتا ہے آدمی اپنے ماں باپ کو فرمایا کہ ہان گالی دیتا ہے کسی شخص کے باپ کو پس وہ گالی دیتا ہے اسکے باپ کو اور گالی دیتا ہے کسی کی مان کو پس وہ گالی دیتا ہے اسکی مان کو متفق علیہ (۷) ترجمہ اور روایت ہی ابن عمرؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق نیک تر نیکیون سے احسان کرنا آدمی کا ہے اپنے باپ کے دوستون سے بعد غائب ہونے باپ کے روایت کی ہی مسلم نے (۸) ترجمہ اور روایت ہی انسؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص چاہے کہ کشادگی کیجاوے اسکی روزی مین اور تاخیر کی جاوے اسکی اجل مین پس چاہیے کہ سلوک کرے اپنے ناتیدارون سے متفق علیہ (۹) ترجمہ اور روایت ہی ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پیدا کی اللہ نے خلق پس جب فارغ ہوا پیدا کرنے سے کھڑا ہوا رحم اور پکڑی کمر رحمن کی پس فرمایا کیا کہتا ہے تو کہا ناتے نے یہ ہے جگہ کھڑے ہونے پناہ پکڑنیوالے کی ساتھ تیرے کاٹنے سے فرمایا اللہ تعالی نے کیا نہین راضی ہے تو اس پر کہ ملاؤن مین اسکو کہ ملاوے تجھ کو اور کاٹون مین اسے کہ قطع کرے تجھ سے کہا ناتے نے ہان راضی ہوا مین اے پروردگار میرے فرمایا پس یہ وعدہ ثابت ہے تیرے لیے متفق علیہ (۱۰) ترجمہ اور روایت ہی اسی ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رحم لیا گیا ہے لفظ رحمن سے پس فرمایا اللہ تعالی نے جو شخص ملاوے تجھ کو ملاؤن گا مین اسکو اور جو شخص کہ کاٹے تجھ کو کاٹون گا مین اسکو روایت کی یہ

ل ترک کرتا ہون یعنے برادری کا حق ادا کرونگا ۱۲ ۲ ایذا دینی ماؤن کی خاص ماؤن کا ذکر کیا واسطے غالب ہونے حقوق انکے کے یا بسبب ضعیف ہونے دون انکے کے کہ ذرا سی بات مین رنجیدہ ہو جاتی ہین ۱۲ لمعات ۳ اور گاڑنا لڑکیون کا جاہلیت مین کرتے تھے بسبب فقر اور عار کے ۴ قیل وقال الخ یعنے بیفائدہ باتین کرنا ۱۲ ۵ پس وہ گالی دیتا ہے اسکی مان کو تو حقیقت مین اپنے ماں باپ کو گالی دلانیکا یہی باعث ہوا ۱۲ ترجمہ مشارق صفحہ ۹۲ ۶ احسان کرنا آدمی کا ہے اپنے باپ کے دوستون سے باپ کے مرجانے کے بعد اسکی غیبت مین انکو دوستون سے احسان کرنا گویا باپ سے احسان کرنا ہے ۱۲ ۷ اور تاخیر کیجاوے اسکی اجل مین الخ طول عمر کا یہ مطلب ہے کہ نیک نام مدت تک رہے یا اسکی اولاد ہو کہ اسکو واسطے دعاء مغفرت کرے اسکی روح کو ثواب پہنچاوے برادری پر فرض ہے اسکو دو طرح یعنے مین اگر محتاج ہین تو انکو کھانے کپڑے کی خبر لے اور اگر محتاج نہین تو اور طرح سلوک کرتا رہے تحفے دیا کرے محبت سے ملے ۱۲ ترجمہ مشارق صفحہ ۱۲ ۸ اور پکڑی کمر رحمن کی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رشتہ دارون سے سلوک کرنا فرض ہے جب سے کہ خدا نے دنیا بنائی ۱۲ ترجمہ مشارق صفحہ ۹ رحم لیا گیا ہے الخ رحم کے معنے برادری کے ہیں سو فرمایا اللہ نے لفظ رحمن سے نکلی ہے یعنے اسم حرف شجنہ مین وہی رحمن رحمن مین بہ فرمایا جو برادری کرے گا اس پر مین کرم کرونگا اور جو برادری نہ کریگا خدا اسپر کرم نہ کرے گا ۱۲ ترجمہ مشارق صفحہ ۲۹

البخاری (۱۱) وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الرَّحِمُ مُعَلَّقَۃٌ بِالْعَرْشِ تَقُوْلُ مَنْ وَصَلَنِیْ وَصَلَہُ
اللّٰہُ وَمَنْ قَطَعَنِیْ قَطَعَہُ اللّٰہُ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ (۱۲) وَعَنْ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَدْخُلُ
الْجَنَّۃَ قَاطِعٌ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ (۱۳) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیْسَ الْوَاصِلُ بِالْمُکَافِیْ وَلٰکِنَّ
الْوَاصِلَ الَّذِیْ اِذَا قُطِعَتْ رَحِمُہٗ وَصَلَہَا رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ (۱۴) وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ
لِیْ قَرَابَۃً اَصِلُہُمْ وَیَقْطَعُوْنِیْ وَاُحْسِنُ اِلَیْہِمْ وَیُسِیْئُوْنَ اِلَیَّ وَاَحْلُمُ عَنْہُمْ وَیَجْہَلُوْنَ عَلَیَّ فَقَالَ لَئِنْ کُنْتَ کَمَا
قُلْتَ فَکَاَنَّمَا تُسِفُّہُمُ الْمَلَّ وَلَا یَزَالُ مَعَکَ مِنَ اللّٰہِ ظَہِیْرٌ عَلَیْہِمْ مَا دُمْتَ عَلٰی ذٰلِکَ رَوَاہُ مُسْلِمٌ **اَلْفَصْلُ**
الثَّانِیْ (۱) عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَرُدُّ الْقَدَرَ اِلَّا الدُّعَاءُ وَلَا یَزِیْدُ فِی الْعُمْرِ
اِلَّا الْبِرُّ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَیُحْرَمُ الرِّزْقَ بِالذَّنْبِ یُصِیْبُہٗ رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ (۲) وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ
اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَخَلْتُ الْجَنَّۃَ فَسَمِعْتُ فِیْہَا قِرَاءَۃً فَقُلْتُ مَنْ ہٰذَا قَالُوْا حَارِثَۃُ بْنُ النُّعْمَانِ کَذٰلِکُمُ الْبِرُّ کَذٰلِکُمُ الْبِرُّ
وَکَانَ اَبَرَّ النَّاسِ بِاُمِّہٖ رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ وَالْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ قَالَ نِمْتُ فَرَاَیْتُنِیْ فِی الْجَنَّۃِ

بخاری نے (۱۱) ترجمہ اور روایت ہے حضرت عائشہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ رحم لٹکایا گیا ہے ساتھ عرش کے کہتا ہے جو
شخص کہ ملاوے مجھ کو ملاویگا اسکو اللہ اور جو شخص کاٹے مجھ کو کاٹیگا اسکو اللہ تعالیٰ متفق علیہ (۱۲) ترجمہ اور روایت ہے جبیر بن مطعم
سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں داخل ہوگا بہشت میں کاٹنے والا رحم کا متفق علیہ (۱۳) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمرؓ
سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں ہے صلہ رحم کرنیوالا مکافات کرنیوالا ولیکن صلہ کرنیوالا وہ ہے کہ جس وقت کاٹا جاوے
رحم اسکا وصل کرے رحم کو روایت کی یہ بخاری نے (۱۴) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ تحقیق ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ
تحقیق واسطے میرے قرابتی ہیں کہ سلوک کرتا ہوں میں اُنسے اور وہ نہیں سلوک کرتے ہیں مجھ سے اور احسان کرتا ہوں میں اُن سے اور
وہ برائی کرتے ہیں مجھ سے اور میں درگذر کرتا ہوں اُنسے اور وہ جہل کرتے ہیں مجھ پر پس فرمایا اگر ہے تو جیسا کہ کہتا ہے پس گویا کہ کھلاتا
ہے تو انکو راکھ گرم اور ہمیشہ ہے ساتھ تیرے اللہ کی طرف سے مددگار اُنپر جب تک کہ ثابت رہے تو اس صفت پر روایت کی مسلم نے فصل
دوسری (۱) ترجمہ اور روایت ہے ثوبانؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں پھیرتی تقدیر الٰہی کو مگر دعا اور نہیں
زیادتی کرتی عمر میں مگر نیکی کرنی اور تحقیق آدمی محروم کیا جاتا ہے روزی سے بسبب گناہ کے کہ پہونچتا ہے اسکو روایت کی یہ
ابن ماجہ نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے حضرت عائشہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ داخل ہوا میں بہشت میں پس
سنی میں نے آواز پڑھنے قرآن کی پس کہا میں نے کون ہے یہ کہا فرشتوں نے کہ یہ حارثہ بن نعمان ہے اسیطرح سے ہے ثواب نیکی کرنیکا ماں باپ
سے اسیطرح سے ہے ثواب نیکی کرنیکا ماں باپ سے اور تھا بہت سلوک کرنیوالا ساتھ ماں اپنی کے روایت کی یہ شرح السنۃ میں اور بیہقی نے شعب الایمان
میں اور بیچ ایک روایت بیہقی کے یوں ہے کہ فرمایا حضرت نے سو گیا تھا میں پس دیکھا میں نے اپنے تئیں بہشت میں

ف نہیں داخل ہوگا الخ
مراد یہ ہے کہ جو کوئی ناطہ توڑنے کو حلال جانکر باوجود یکہ اسکا حرام ہونا اسکو معلوم ہو وہ بہشت میں داخل نہیں ہوگا یا جبکہ سب نجات پاوینگے اسوقت داخل نہیں ہوگا ۱۲ مرقات ف ۲ نیکی صلہ کرنیوالا یہ ہے
کہ جور و ظلم کے مقابلہ میں اُنسے احسان کرے اسنے برادری کا حق ادا کیا اور بھائی کے ساتھ احسان بدلا احسان کرنا دین میں کچھ عمدہ بات نہیں کافر بھی ایسا کرتے ہیں ۱۲
ترجمہ مشارق ف ۳ جب تک کہ ثابت ہے تو اس صفت پر اسحدیث سے برادر پروری اور غمخواری کی نہایت خوبی ثابت ہوئی ۱۲ ترجمہ مشارق ف ۵ محروم کیا
جاتا ہے روزی سے بسبب گناہ کے الخ یعنے خوش گذرانی اور فراغت دل اور صفائی رزق کی اسکو حاصل نہیں ہوتی بلکہ دنیا کی فکر اور حرص سے مشقت میں رہتا ہے
۱۲ لمعات ف کون ہے یہ کہ قرآن پڑھتا ہے ۱۲ ف حارثہ بن نعمان فضلا صحابہ سے تھے پس گویا صحابہ کی خاطر میں آیا ہو کہ اُنہوں نے کس عمل
سے یہ بزرگی پائی تو حضرت نے اس فضیلت پانے کا سبب بیان فرمایا ۱۲

بدل دخلت الجنة (٣) وَعَنْ عبد اللهِ بنِ عمرٍو قال قال رسول اللهِ صلی الله علیه وسلم رضی الرب فی رضی الوالد وسخط الرب فی سخط الوالد رواه الترمذی (٤) وَعَنْ ابی الدرداء ان رجلا اتاه فقال ان لی امرأة وان امی تامرنی بطلاقها فقال له ابو الدرداء سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول الوالد اوسط ابواب الجنة فان شئت فحافظ علی الباب او ضیع رواه الترمذی وابن ماجة (٥) وَعَنْ بهز بن حکیم عن ابیه عن جده قال قلت یا رسول الله من ابر قال امک قلت ثم من قال امک قلت ثم من قال امک قلت ثم من قال اباک ثم الاقرب فالاقرب رواه الترمذی وابوداود (٦) وَعَنْ عبد الرحمن بن عوف قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول قال الله تبارک وتعالی انا الله وانا الرحمن خلقت الرحم وشققت لها من اسمی فمن وصلها وصلته ومن قطعها بتته رواه ابوداود (٧) وَعَنْ عبد الله بن ابی اوفی قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول لا تنزل الرحمة علی قوم فیهم قاطع رحم رواه البیهقی فی شعب الایمان (٨) وَعَنْ ابی بکرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما من ذنب احری ان یعجل الله لصاحبه العقوبة فی الدنیا مع ما یدخر له فی الاخرة من البغی وقطیعة الرحم رواه الترمذی وابوداود (٩) وَعَنْ

یہ عبارت بجای اسکے ہے کہ داخل ہوا میں بہشت میں (٣) ترجمہ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمروؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رضامندی رب کی بیچ رضامندی باپ کے ہے اور ناخوشی رب کی بیچ ناخوشی باپ کے ہے روایت کی یہ ترمذی نے (٤) ترجمہ اور روایت ہے ابو الدرداءؓ سے کہ تحقیق ایک شخص آیا ابودرداءؓ کے پاس اور کہا کہ تحقیق میرے لیے ایک عورت ہے اور تحقیق ماں میری فرماتی ہے مجھ کو ساتھ طلاق اسکی کے پس کہا اسکو ابودرداءؓ نے کہ سنا مینے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے باپ[1] بہترین دروازوں بہشت کا ہے پس اگر چاہے تو محافظت کر اُس دروازہ پر یا ضائع کر روایت کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے (٥) ترجمہ اور روایت ہے بہز بن حکیمؓ سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اُسنے بہز کے دادا سے کہ کہا کہا مینے یا رسول اللہ کس سے نیکی کروں میں فرمایا اپنی ماں سے کہا مینے پھر کس سے فرمایا اپنی ماں سے کہا مینے پھر کس سے فرمایا اپنی ماں سے کہا مینے پھر کس سے فرمایا اپنے باپ سے پھر نیکی کر اُس سے کہ قریب[2] تر ہی تجہ سے پھر اُس سے کہ قریب تر ہے یہ ترمذی اور ابوداؤد نے (٦) ترجمہ اور روایت ہے عبد الرحمن بن عوفؓ سے کہا سنا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے کہ فرمایا اللہ برکت والی اور بلند قدر نے کہ میں ہوں اللہ اور میں ہوں رحمن پیدا کیا مینے رحم کو اور نکالا مینے نام رحم کا اپنے نام سے پس جو کوئی ملاوے[3] رحم کو ملاؤں گا[4] میں اسکو اور جو کوئی کاٹے[5] اسکو کاٹوں[6] گا میں اسکو روایت کی یہ ابوداؤد نے (٧) ترجمہ اور روایت ہے عبد اللہ بن ابی اوفیؓ سے کہا سنا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے نہیں اُترتی رحمت اُس قوم پر کہ اُنمیں کاٹنے والا ہو ناتے کا روایت کی یہ بیہقی نے شعب الایمان میں (٨) ترجمہ اور روایت ہے ابوبکرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی گناہ لائق تر اس بات کے کہ جلدی کرے اللہ صاحب گناہ کو عذاب دنیا میں باوجود ذخیرہ کرنے اُسکے کے بیچ آخرت کے نکل جانے سے اطاعت امام سے اور کاٹنے[7] ناتے کے سے روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے (٩) ترجمہ اور روایت ہے

[1] باپ بہترین دروازوں بہشت کا ہے ۱۲ یعنے اور جب باپ کے حق میں یہ فرمایا تو ماں کا بطریق اولی یہ حکم ہوگا پس مراد یہ ہے کہ اگر تو نے اپنی عورت کو طلاق دی تو اسکی رضا نگاہ رکھی ورنہ ضائع کی ۱۲ لمعات [2] قریب تر تجہ سے یعنے بعد ماں باپ کے جیسے بہائی اور بہن پہر اُس سے کہ بعد اسکے قریب تر ہے یعنے جیسے کہ چچا اور ماموں ۱۲ حق [3] ملاوے رحم کو یعنے رعایت اُسکے حق کی کرے ۱۲ [4] ملاؤں گا میں اسکو یعنے طرف رحمت اپنی کے ۱۲ [5] کاٹے یعنے رعایت اُس کے حق کی نہ کرے اُسکے حقوق ادا نہ کرے ۱۲ [6] کاٹوں گا میں اسکو یعنے خاص رحمت اپنی سے ۱۲ [7] اور کاٹنے ناتے کے سے یعنے ان دو گناہوں پر دنیا میں عذاب کرتا ہے اور آخرت میں بہی عذاب ہوگا ۱۲ لمعات

عبدِ اللہِ بنِ عمرٍو قالَ قالَ رسولُ اللہِ صلی اللہ علیہ وسلم لایدخلُ الجنۃَ منّانٌ ولاعاقٌّ ولامدمنُ خمرٍ رواہُ النسائیُ والدارمیُ

(١٠) وعن ابی ھریرۃَ قالَ قالَ رسولُ اللہِ صلی اللہ علیہ وسلم تعلّموا من انسابکم ما تصلونَ بہٖ ارحامکم فانّ صلۃَ الرحمِ محبۃٌ فی الاھلِ مثراۃٌ فی المالِ منساۃٌ فی الاثرِ رواہُ الترمذیُ وقالَ ھذا حدیثٌ غریبٌ (١١) وعن ابنِ عمرَ انّ رجلًا اتی النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم فقالَ یارسولَ اللہِ انّی اصبتُ ذنبًا عظیمًا فھل لی من توبۃٍ قالَ ھل لکَ من امٍّ قالَ لا قالَ وھل لکَ من خالۃٍ قالَ نعم قالَ فبرّھا رواہُ الترمذیُ (١٢) وعن ابی اُسیدٍ الساعدیِّ قالَ بینا نحنُ عندَ رسولِ اللہِ صلی اللہ علیہ وسلم اذ جاءہٗ رجلٌ من بنی سلمۃَ فقالَ یارسولَ اللہِ ھل بقیَ من برِّ ابویَّ شیٌ ابرّھما بہٖ بعدَ موتِھما قالَ نعم الصلوۃُ علیھما والاستغفارُ لھما وانفاذُ عھدِھما من بعدِھما وصلۃُ الرحمِ التی لاتوصلُ الا بھما واکرامُ صدیقِھما رواہُ ابوداودَ وابنُ ماجۃَ (١٣) وعن ابی الطفیلِ قالَ رایتُ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم یقسمُ لحمًا بالجعرانۃِ اذ اقبلتِ امراۃٌ حتّٰی دنتْ الی النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فبسطَ لھا رداءہٗ فجلستْ علیہِ فقلتُ من ھی فقالوا ھی امّہُ التی ارضعتہُ رواہُ ابوداودَ

الفصل الثالث

(١) عن ابنِ عمرَ عنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ

عبداللہ بن عمروؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں داخل ہوگا بہشت میں احسان کہنے والا عبد دینے کے اور نافرمانی کرنیوالا ماںباپ کا اور نہ ہمیشہ شراب پینے والا روایت کی یہ نسائی اور دارمی نے (١٠) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سیکھو تم اپنی نسبوں میں سے اُس قدر کہ سلوک کرو تم ساتھ اُسکے اپنے ناتیداروں سے اسواسطے کہ سلوک کرنا ناتیداروں سے سبب ہوتا ہے محبت کا بیچ اقارب کے اور سبب ہوتا ہے کثرت کا مال میں اور سبب ہوتا ہے تاخیر کا اجل میں روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہے (١١) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ تحقیق ایک شخص آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا یارسول اللہ تحقیق میں پہونچا ہوں ایک گناہ بڑے کو پس کیا ہے واسطے میری توبہ فرمایا کہ کیا ہے واسطے تیرے ماں کہا کہ نہیں فرمایا اور کیا ہے واسطے تیرے خالہ کہا کہ ہاں فرمایا پس سلوک کر اُس سے روایت کی یہ ترمذی نے (١٢) ترجمہ اور روایت ہے ابو اسید ساعدیؓ سے کہ کہا اُس وقت کہ تھے ہم نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ناگہان آیا انکے پاس ایک شخص بنی سلمہ سے پس کہا یارسول اللہ کیا باقی ہے نیکی ماںباپ میری کی سے کچھ بعد مرنے انکے کے فرمایا ہاں دعا کرنی اُنکے لیے اور استغفار کرنی اُنکے لیے اور پورا کرنا اُنکی وصیت کو بعد مرنے اُنکے کے اور سلوک کرنا ناتیداروں سے کہ نہیں کیا جاتا مگر واسطے ماںباپ کے اور تعظیم کرنی ماںباپ کی دوستوں کی روایت کی یہ ابوداود اور ابن ماجہ نے (١٣) ترجمہ اور روایت ہے ابوطفیلؓ سے کہ کہا دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو گوشت بانٹتے تھے جعرانہ میں کہ ناگہان آئی ایک عورت یہاں تک کہ نزدیک پہونچی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پس بچھادی آپنے اُسکے لیے چادر اپنی پس بیٹھ گئی وہ اُسپر پس کہا میں نے کون ہے یہ پس کہا انہوں نے کہ یہ ہے ماں حضرتؐ کی کہ جس نے دودھ پلایا تھا حضرتؐ کو روایت کی یہ ابوداود نے

فصل تیسری

(١) ترجمہ روایت ہے ابن عمرؓ سے اُس نے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

؁ احسان کہنے والا یعنے دیکر احسان جتادے یہ برا ہے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ولا تبطلوا صدقاتکم بالمن والاذی اور بعض نے کہا منان من سے ہے بمعنے قطع کے یعنے کاٹنے والا ناتے کا اور عاق سے مراد ہے ایذا دینے والا باپ کا اور اقربا کا بے حجت شرعی یا عاق مخصوص ہے ساتھ ایذا دینے والدین کے یا ایک کے اُن دونوں میں سے اور مراد نہ داخل ہونے سے یہ ہے کہ فائزین یعنے نجات یافتہ لوگوں کے ساتھ جنت میں داخل نہ ہوگا یا بغیر عذاب کے داخل نہیں ہوگا لیکن اللہ چاہے تو بخشیگا ۱۲ مرقاۃ ولمعات ؁ سیکھو تم اپنی اصل یعنے باپ اور دادا اور ماؤں اور دادیوں اور نانیوں اور اولاد انکی کو اور تمام اقربا کو پہچانو اور نام اُنکے یاد رکھو تاکہ ذوی الارحام یعنے اقربا کو کہ اُن سے سلوک کرنا چاہیے جانو کہ جاننا انکا ضرور ہے ۱۲ لمعات ؁ سلوک کر اُس سے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صلہ رحم سبب کفارہ گناہوں کا ہے اگرچہ کبیرہ ہو اور یہ بھی معلوم ہوا کہ خالہ حکم ماں کا رکھتی ہے ۱۲ لمعات ؁ اور پورا کرنا انکی وصیت کو الخ یعنے اگر وصیت کرجاویں کہ مرنیکے بعد فلانیکو اسقدر دیدینا تو انکی وصیت کو

جاری کیا جاوے اور واسطے ماںباپ کے یعنے محض انکی قرابت کے سبب سے نہ واسطے اور غرض کے ۱۲ ؁ جعرانہ نام ایک موضع کا ہے ایک منزل مکہ سے ۱۲ حق ؁ پس کہا میں نے یعنے بعض لوگوں سے ۱۲ حق ؁ جسنے دودھ پلایا تہا حضرتؐ کو یعنے دایہ حلیمہ تہین ۱۲

قال بينما ثلاثة نفر يتماشون اخذهم المطر فمالوا الى غار في الجبل فانحطت على فم غارهم صخرة من الجبل
فاطبقت عليهم فقال بعضهم لبعض انظروا اعمالا عملتموها لله صالحة فادعوا الله بها لعله يفرجها فقال
احدهم اللهم انه كان لي والدان شيخان كبيران ولي صبية صغار كنت ارعى عليهم فاذا رحت عليهم
فحلبت بدات بوالدي اسقيهما قبل ولدي وانه قد نای بي الشجر فما اتيت حتى امسيت فوجدتهما
قد ناما فحلبت كما كنت احلب فجئت بالحلاب فقمت عند رؤسهما اكره ان اوقظهما واكره ان ابدء
بالصبية قبلهما والصبية يتضاغون عند قدمي فلم يزل ذلك دابي ودابهم حتى طلع الفجر فان كنت
تعلم اني فعلت ذلك ابتغاء وجهك فافرج لنا فرجة نرى منها السماء ففرج الله لهم حتى يرون السماء
قال الثاني اللهم انه كانت لي بنت عم احبها كاشد ما يحب الرجال النساء فطلبت اليها نفسها فابت
حتى اتيها بمائة دينار فسعيت حتى جمعت مائة دينار فلقيتها بها فلما قعدت بين رجليها قالت
يا عبد الله اتق الله ولا تفتح الخاتم فقمت عنها اللهم فان كنت تعلم اني فعلت ذلك ابتغاء وجهك
فافرج لنا منها ففرج لهم فرجة وقال الاخر اللهم اني كنت استاجرت اجيرا بفرق ارز فلما قضى

کہ فرمایا سوقت کہ تین شخص چلے جاتے تھے باہم لیا انکو بڑے مینہ نے پس گئے وہ طرف ایک غار کے کہ پہاڑ مین تہا پس گرا غار کے مونہ پر
ایک بڑا پتھر پہاڑ مین سے پس بند کر دیا اُسنے دروازہ غار کا پس کہا اونہون نے آپس مین کہ دیکھو اُن نیک اعمال کو کہ کیے ہین تمنے خالص
اللہ ہی کے لیے[1] پس دعا مانگو اللہ تعالی سے ساتھ وسیلہ اُن عملون کے امید ہے کہ کھولدے اللہ اس پتھر کو پس کہا ایکنے اُن مین سے کہ یا الہی
تحقیق تھے واسطے میرے ماں باپ بوڑھے بڑے اور حالانکہ تھے میرے بچے چھوٹے اور تہا مین چراتا بکریان کہ خرچ کرون دودہ اُنکا اُنپر پس
جبکہ شام کو آتا مین ان بچون کے پاس اور دودہ دوہتا مین شروع کرتا مین ساتھ ماں باپ اپنے کے پلاتا مین اُنکو پہلے اپنی اولاد سے
اور تحقیق اتفاقاً ایک دن دور لے گئے مجہکو درخت[2] پس نہ آیا مین گہر مین یہانتک کہ شام ہوگئی پس پایا مینے ماں باپ کو کہ سوے ہے پس دودہ
دوہا مینے جیسا کہ تہا دوہتا پس لایا مین باسن بہرا ہوا دودہ سے پس کہڑا رہا مین ماں باپ کے سر کے پاس اُس حالمین کہ مکروہ جانا مین نے
جگانا اُنکا اور مکروہ جانا مینے یہ کہ دون مین بچون کو پہلے اُنسے اور بچے چلاتے تھے مارے بہوک کے پاس پاؤن میرے کے[3] پس تہی یہ ہی
حال میرا اور حال اُنکا یہانتک کہ ہوگئی فجر پس اگر جانتا ہے تو یا اللہ کہ تحقیق مینے کیا یہ واسطے محض طلب رضا تیری کے پس کھولدے واسطے
ہمارے اُس پتھر مین سے کہولنا کہ دیکہین ہم اُس کشادگی سے آسمان کو پس کھولدیا اللہ تعالی نے واسطے اُنکے یہانتک کہ دیکھا اُنہون نے آسمان کہا
دوسرے شخص نے یا الہی تحقیق تہی میرے چچا کی بیٹی کہ چاہتا تہا مین اُسکو چاہنا مانند چاہنے مردون کے عورتون کو پس طلب کیا مینے اُسکی طرف
مائل ہوکر نفس اُسکے کو[4] پس انکار کیا اُسنے یہانتک کہ لاؤن مین اُسکے پاس سو دینار پس کسب کیا مینے یہانتک کہ بہم پہنچائی مینے سو دینار
پس ملا مین اُس سے ساتہ اُن دیناروں کے پس جبکہ بیٹہا مین درمیان دونون پاؤن اُسکے کہا اُسنے اے بندہ خدا کے ڈر اللہ سے اور نہ کھول[5]
تو مہر امانت کو پس اُٹھ کہڑا ہوا مین اُس سے[6] یا الہی اگر جانتا ہے تو کہ تحقیق کیا مینے یہ واسطے طلب رضامندی تیری کے پس کہول واسطے ہمارے اس پتھر
سے پس کہولی واسطے اُنکے اللہ تعالی نے اور کشادگی اور کہا تیسرے نے یا الہی تحقیق مینے مزدوری کو لگایا تہا ایک مزدور بدلے فرق[7] چاول کے پس جب کر چکا

[1] خالص اللہ تعالی ہی کے لیے نہ از راہ ریا اور غرض کے ۱۲ [2] دور لیگئے مجہکو درخت یعنی چارہ بہت دور ملا ۱۲ ترجمہ شارق [3] یہی ۱۲ ہا ۱۲ یعنے مین انکی انتظار مین دودہ
لیے رات بہر کہڑا رہا اور لڑکے روتے چلاتے رہے نہ مینے پیا نہ لڑکون کو پلایا ۱۲ ترجمہ شارق [4] پس طلب کیا مینے اُسکی طرف مائل ہوکر نفس اُسکو یعنے حرامکاری کا ارادہ کیا ۱۲
[5] اور نہ کہول تو مہر امانت کو یعنے بدون نکاح شرعی کے ازالہ بکارت نہ کر ۱۲ [6] پس اوٹھ کہڑا ہوا مین اُس سے یعنے بسبب خوف خدا کے چہوڑ دیا مینے اُسکو ۱۲ [7]
فرق چاول کے فرق وہ برتن جسمین سولہ رطل چاول سما دین ۱۲ ترجمہ شارق

عَمَلَهٗ قَالَ اَعْطِنِیْ حَقِّیْ فَعَرَضْتُ عَلَیْهِ حَقَّهٗ فَتَرَكَهٗ وَرَغِبَ عَنْهُ فَلَمْ اَزَلْ اَزْرَعُهٗ حَتّٰی جَمَعْتُ مِنْهُ بَقَرًا وَرَاعِیْهَا فَجَاءَنِیْ

فَقَالَ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تَظْلِمْنِیْ وَاَعْطِنِیْ حَقِّیْ فَقُلْتُ اذْهَبْ اِلٰی ذٰلِكَ الْبَقَرِ وَرَاعِیْهَا فَقَالَ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تَهْزَأْ بِیْ فَقُلْتُ

اِنِّیْ لَا اَهْزَأُ بِكَ فَخُذْ ذٰلِكَ الْبَقَرَ وَرَاعِیْهَا فَاَخَذَهٗ فَانْطَلَقَ بِهَا فَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّیْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ

فَافْرُجْ مَا بَقِیَ فَفَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُمْ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ (۲) **وَعَنْ** مُعَاوِیَةَ بْنِ جَاهِمَةَ اَنَّ جَاهِمَةَ جَاءَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَدْتُّ اَنْ اَغْزُوَ وَقَدْ جِئْتُ اَسْتَشِیْرُكَ فَقَالَ هَلْ لَكَ مِنْ اُمٍّ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَالْزَمْهَا فَاِنَّ

الْجَنَّةَ عِنْدَ رِجْلِهَا رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِیُّ وَالْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ (۳) **وَعَنْ** ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَتْ تَحْتِیْ

امْرَاَةٌ اُحِبُّهَا وَكَانَ عُمَرُ یَكْرَهُهَا فَقَالَ لِیْ طَلِّقْهَا فَاَبَیْتُ فَاَتٰی عُمَرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ

فَقَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ طَلِّقْهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ (۴) **وَعَنْ** اَبِیْ اُمَامَةَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ

یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا حَقُّ الْوَالِدَیْنِ عَلٰی وَلَدِهِمَا قَالَ هُمَا جَنَّتُكَ وَنَارُكَ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ (۵) **وَعَنْ** اَنَسٍ قَالَ قَالَ

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ لَیَمُوْتُ وَالِدَاهُ اَوْ اَحَدُهُمَا وَاِنَّهٗ لَهُمَا لَعَاقٌّ فَلَا یَزَالُ یَدْعُوْ لَهُمَا وَیَسْتَغْفِرُ لَهُمَا

کام پایا کہا دے مجہ کو حق میرا پس پیش کیا مینے اسپر حق اُسکا پس چھوڑ گیا اُسکو اور اعراض کیا اُس سے پس ہمیشہ رہا مین زراعت کرتا اُن

چاولون کی یہانتک کہ جمع کیے مینے اُس سے بیل اور چرانیوالے اُن کے پس آیا میرے پاس وہ مزدور اور کہا ڈر خدا سے اور نہ ظلم کر مجہ

پر اور دے مجہ کو حق میرا پس کہا مینے جا تو طرف ان بیلون اور چرانیوالون انکے کی پس کہا مزدور نے ڈر اللہ سے اور نہ ہنسی کر مجہ سے

پس کہا مینے تحقیق مین نہین ہنسی کرتا تجہ سے پس لے تو ان بیلون اور چرانیوالون انکو کو پس لیا اُس نے اُنکو اور لے گیا سب کو

پس اگر جانتا ہے تو یا اللہ کہ تحقیق کیا مینے یہ واسطے طلب رضا تیری کے تو کھولدے پتہر کو کہ باقی رہا ہے پس کھولدیا اللہ نے ان سب

متفق علیہ (۲) ترجمہ اور روایت ہے معاویہ بن جاہمہ سے کہ تحقیق جاہمہ آیا پاس نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کہا یا رسول اللہ ارادہ

کیا مینے یہ کہ جہاد کو جاؤن مین اور تحقیق آیا مین کہ مشورہ کرون آپسے پس فرمایا کیا ہے واسطے تیرے ماں کہا کہ ہاں فرمایا پس لازم

پکڑ تو اُسکو اسلیے کہ تحقیق بہشت نزدیک پاؤن اُسکے کے ہے روایت کی یہ احمد اور نسائی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں (۳)

ترجمہ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ کہا ابن عمرؓ نے کہ تہی نیچے میرے ایک ... عورت دوست رکہتا تہا مین اُسکو اور تہے حضرت عمرؓ ناخوش

رکہتے اُس عورت کو پس کہا عمرؓ نے مجہ کو کہ طلاق دیدے اسکو پس انکار کیا مینے پس آئے عمرؓ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پس ذکر

کیا یہ دربرو حضرت کے پس کہا مجہ کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ طلاق دے اسکو روایت کی یہ ترمذی اور ابو داؤد نے (۴) ترجمہ اور

روایت ہے ابو امامہؓ سے کہ تحقیق ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ کیا حق ہے ماں باپ کا اوپر اولاد اُنکی کے فرمایا وہ دونو جنت ہین تیرے اور دوزخ

ہین تیرے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے (۵) ترجمہ اور روایت ہے انسؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بندہ کہ مرتے ہین ماں

باپ اسکے یا ایک اُن مین سے اسحال مین کہ تحقیق وہ بندہ ماں باپ اپنے کا البتہ نافرمان ہوتا ہے پس ہمیشہ رہتا ہے دعا کرتا واسطے اُنکو اور استغفار کرتا ہے

واسطے اُنکے

ف پیش کیا اپنے نیر لگا اُسکو حق اُسکا ۔ ف اُس سے یعنے حاصل زراعت سے ۔ حدیث مین بہت کام کے فائدے مین اول یہ کہ سخت مصیبت اور نہایت بلا مین

جسکی کوئی تدبیر نہ ہو سکے تو اپنے خالص اعمال کو خلاصی کا وسیلہ پکڑے حق تعالیٰ اسکو نجات دیگا دوسرے یہ کہ ماں باپ کا حق اپنی جان اور جورو اور لڑکون کے حق پر مقدم ہے اور عمدہ

نیکیون مین داخل ہے تیسرے یہ کہ قادر ہوکر گناہ سے بچنا اور صرف خدا کے خوف سے شہوت کو دبانا اور خواہش نفسانی کو مٹانا بڑے کمال کی بات ہے اور خدا کو نہایت پسند ہے چوتھے یہ کہ حق

داروں کا حق ادا کرنا رضاء الٰہی کا عمدہ وسیلہ ہے پانچوین یہ کہ جو مالک کے بدون اجازت اسکا اناج بووے تو اسکو حاصل کا مالک بھی مالک ہے ۔ ترجمہ بخاری [illegible] اور معلوم ہوا کہ

کرامات اولیاء کے حق ہین جیسا کہ مذہب اہل سنت وجماعت کا ہے ۔ ف یعنی لازم پکڑ تو اسکو الخ یعنے ماں کے پاس رہ اور اسکی خدمت کر کہ سبب ہے بہشت مین داخل ہونیکا

ف طلاق دے اسکو یہ حکم مستحب ہے اگر کوئی باعث ہو تو واجب ہے ۔ ف جنت ہین تیرے الخ یعنے انکو راضی رکہنا بہشت مین داخل ہونیکا سبب ہے اور ناخوش رکہنا دوزخ مین

حتی یکتبہ اللہ بارًا (۶) وعن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اصبح مطیعا للہ فی والدیہ اصبح لہ بابان
مفتوحان من الجنۃ وان کان واحدا فواحدا ومن امسی عاصیا للہ فی والدیہ اصبح لہ بابان مفتوحان من النار
وان کان واحدا فواحدا قال رجل وان ظلماہ قال وان ظلماہ وان ظلماہ وان ظلماہ (۷) وعنہ ان
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ما من ولد بار ینظر الی والدیہ نظر رحمۃ الا کتب اللہ لہ بکل نظرۃ حجۃ مبرورۃ
قالوا وان نظر کل یوم مائۃ مرۃ قال نعم اللہ اکبر واطیب (۸) وعن ابی بکرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کل الذنوب یغفر اللہ تعالی منہا ما شاء الا عقوق الوالدین فانہ یعجل لصاحبہ فی الحیاۃ قبل الممات (۹) وعن
سعید بن العاص قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حق کبیر الاخوۃ علی صغیرہم حق الوالد علی ولدہ روی البیہقی الاحادیث
الخمسۃ فی شعب الایمان

باب الشفقۃ والرحمۃ علی الخلق

الفصل الاول

(۱) عن جریر بن عبد اللہ قال
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یرحم اللہ من لا یرحم الناس متفق علیہ (۲) وعن عائشۃ قالت جاء اعرابی الی
النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال اتقبلون الصبیان فما نقبلہم فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم او املک لک ان نزع اللہ من قلبک

یہانتک کہ لکھتا ہی اسکو اللہ نیکوکار[۱] (۶) ترجمہ اور روایت ہی ابن عباسؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص صبح کرے اُس حال میں
کہ فرمانبرداری کرنیوالا ہے خدا کی بیچ حق ماں باپ اپنے کے صبح کرتا ہے اُس حال میں کہ ثابت ہیں اُسکے لیے دو دروازے کھلے ہوئے بہشت سے اور
اگر ہو[۲] ایک ماں باپ میں سے پس ایک دروازہ کھولا جاتا ہے اور جو شخص کہ صبح کرے اُس حال میں کہ نافرمانی کرنیوالا ہے خدا کی بیچ حق ماں باپ کے
صبح کرتا ہے اس حال میں کہ کھلے ہیں اُسکے لیے دو دروازے دوزخ سے اور اگر ہے[۳] ایک ماں باپ سے پس ایک دروازہ کھولا جاتا ہے کہا
ایک شخص نے اگرچہ ماں باپ اسکی اسپر ظلم کریں فرمایا اور اگرچہ ظلم کریں اسپر اور اگرچہ ظلم کریں اسپر اور اگرچہ ظلم کریں اسپر (۷) ترجمہ اور روایت
ہے ابن عباسؓ سے کہ تحقیق پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں کوئی فرزند نیکی کرنیوالا ماں باپ سے کہ دیکھے طرف ماں باپ اپنے کی دیکھنا
محبت وشفقت کا مگر کہ لکھتا ہے اللہ تعالی واسطے اُسکے بدلے ہر دیکھنے کے حج مقبول عرض کیا صحابہؓ نے اور اگرچہ[۴] دیکھے ہر روز سو بار فرمایا ہاں
اللہ بہت بڑا ہے اور بہت پاکیزہ ہے (۸) ترجمہ اور روایت ہی ابوبکرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام گناہ[۵] بخشتا
ہے اللہ تعالی اُن میں سے جو چاہتا ہے مگر نافرمانی ماں باپ کی پس تحقیق اللہ تعالی جلدی سزا دیتا ہے ماں باپ کی نافرمانی کرنے والے
کو بیچ زندگانی دنیا کے پہلے مرنے کے (۹) ترجمہ اور روایت ہی سعید بن عاص سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حق بڑے
بھائی کا اوپر چھوٹے کی مانند حق باپ کے ہی اوپر بیٹے اپنے کے روایت کیں بیہقی نے پانچوں حدیثیں شعب الایمان میں باب ہے بیچ
شفقت اور رحمت کی خلق پر فصل پہلی (۱) ترجمہ روایت ہے جریر بیٹے عبد اللہ کے سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
نہیں رحمت کرتا اللہ اُس شخص پر کہ نہیں رحم کرتا لوگوں پر متفق علیہ (۲) ترجمہ اور روایت ہی عائشہؓ سے کہ کہا عائشہؓ نے کہ آیا[۶] ایک اعرابی پاس
پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس عرض کیا کیا بوسہ لیتے ہو تم لڑکوں کے پس نہیں بوسہ لیتے ہم لڑکوں کے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ
وسلم نے کیا مالک ہوں[۷] میں واسطے تیرے سبب نکال لی ہے اللہ نے تیرے دل سے

[۱] یہانتک کہ لکھتا ہے الخ یعنے دعا و استغفار فرزند کے والدین کے لیے بعد از مرنے اُنکے کے وہ فائدہ رکھتا ہے کہ اگر ناراض گئے ہوں تو بھی حق تعالی اُنکو راضی کر دیگا اُس سے ۱۲ لمعات [۲] اور اگر ہو ایک ماں باپ میں سے یعنے اطاعت کیا گیا [۳] اور اگر ہو ایک ماں باپ یعنے نافرمانی کیا گیا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ چونکہ فرمانبرداری اور نافرمانی ماں باپ کی بموجب فرمودہ حق کے ہے تو حقیقت میں معصیت و اطاعت اللہ کی ہے [۴] نفی اس چیز سے کہ تمہارے گمان میں ہو کیونکہ دیکھا جاویگا عوض ہر نظر کے حج مقبول اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ماں باپ کی خدمت اور اطاعت کا ثواب بے حد اور بے حساب ہے ۱۲ [۵] تمام گناہ یعنے سوا شرک کے [۶] آیا ایک اعرابی الخ یعنے اور دیکھا حاضرین کو کہ بوسہ لیتے ہیں لڑکوں کے [۷] کیا مالک ہوں میں الخ یعنے اللہ نے جو رحمت تیری دل سے نکال لی ہے میں اسکو دفع نہیں کر سکتا اور میں نہیں رکھ سکتا مقصود زجر و توبیخ ہے صلہ رحمی سے اور بشارت

الرحمۃ متفق علیہ (۳) **وعنہا** قالت جاءتنی امرأۃ ومعہا ابنتان لہا تسألنی فلم تجد عندی غیر تمرۃ واحدۃ
فاعطیتہا ایاہا فقسمتہا بین ابنتیہا ولم تأکل منہا ثم قامت فخرجت فدخل النبی صلی اللہ علیہ وسلم فحدثتہ فقال
من ابتلی من ہذہ البنات بشیء فاحسن الیہن کن لہ سترا من النار متفق علیہ (۴) **وعن** انس قال قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم من عال جاریتین حتی تبلغا جاء یوم القیمۃ انا وہو ہکذا وضم اصابعہ رواہ مسلم (۵) **وعن**
ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الساعی علی الارملۃ والمسکین کالساعی فی سبیل اللہ واحسبہ قال
کالقائم لا یفتر وکالصائم لا یفطر متفق علیہ (۶) **وعن** سہل بن سعد قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
انا وکافل الیتیم لہ ولغیرہ فی الجنۃ ہکذا واشار بالسبابۃ والوسطی وفرج بینہما شیئا رواہ البخاری (۷)
وعن النعمان بن بشیر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تری المؤمنین فی تراحمہم وتوادہم وتعاطفہم کمثل
الجسد اذا اشتکی عضوا تداعی لہ سائر الجسد بالسہر والحمی متفق علیہ (۸) **وعنہ** قال قال رسول اللہ صلی
اللہ علیہ المؤمنون کرجل واحد ان اشتکی عینہ اشتکی کلہ وان اشتکی رأسہ اشتکی کلہ رواہ مسلم

شفقت متفق علیہ (۳) ترجمہ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا عائشہ نے کہ آئی میرے پاس ایک عورت اور اسکے ساتھ دو بیٹیاں تھیں اسکی مانگتی تھی وہ
عورت کچھ مجھ سے پس نہ پایا اُس نے میرے پاس سوا ایک کھجور کے پس دی میں نے اُس عورت کو وہ کھجور پس بانٹ دی اُس عورت نے وہ کھجور درمیان
دونو بیٹیوں کے اور آپ نہ کھایا اُس میں سے کچھ پھر اُٹھی وہ عورت اور باہر نکلی پھر داخل ہوئے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم پس کہا میں نے آنحضرت سے
پس فرمایا جو کوئی آزمایش کیا جاوے جنس ان بیٹیوں سے ساتھ کسی چیز کے پس احسان کرے طرف انکی ہوگا احسان کرنا اُن سے واسطے اُسکے پردہ[ف۱]
آگ دوزخ سے متفق علیہ (۴) ترجمہ اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی پرورش کرے دو بیٹیوں کو
یہانتک کہ پہونچیں وہ حد بلوغ کو آویگا وہ دن قیامت کے اُس حال میں کہ میں اور وہ یوں ہونگے اس طرح اور ملائیں انگلیاں اپنی روایت
کی یہ مسلم نے (۵) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہ رض سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر گیری کرنیوالا بیوہ عورت کا اور مسکین کا مانند
سعی کرنیوالے کی ہے راہ خدا میں اور گمان کرتا ہوں میں انکو کہ یہی کہا مانند قیام کرنیوالے کی ہے رات کو کہ سستی نہیں کرتا اور مانند روزہ دار
کے ہے کہ نہیں افطار کرتا متفق علیہ (۶) ترجمہ اور روایت ہے سہل بن سعد سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کہ میں اور پرورش کرنیوالا یتیم
کا خواہ وہ یتیم اُسکا ہو یا اور کا جنت میں اس طرح ہونگے اور اشارہ کیا ساتھ انگلی شہادت کے اور بیچ کی انگلی کے اور کشادگی رکھی درمیان
انکے تھوڑی سی روایت کی یہ بخاری نے (۷) ترجمہ اور روایت ہے نعمان بن بشیر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دیکھیگا تو
مسلمانوں کو آپس کے ترحم اور محبت اور مہربانی میں مانند حال بدن کے جس وقت دکھتا ہے ایک عضو بلاتا ہے ایک دوسرے کو باقی اعضا بدن کے ساتھ
بیداری اور تپ کے متفق علیہ (۸) ترجمہ اور روایت ہے نعمان بن بشیر سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب مسلمان بیچ حکم ایک شخص کے
میں اگر دکھتی ہے آنکھ اُسکی دکھتا ہے سارا بدن اُسکا اور اگر دکھتا ہے سر اُسکا دکھتا ہے سارا بدن اُسکا روایت کی یہ مسلم نے

ف۱ پردہ آگ دوزخ سے یعنے بیٹیاں خدا کی آزمایش ہیں جس نے ان سے بھلائی کی وہ دوزخ سے بچا بھلائی یہ کہ اُن کی بخوبی پرورش کرے اُنکو
دیندار سکھلاوے اور اُن کا برادری میں نیک بخت آدمی سے نکاح کر دیوے ۱۲ ترجمہ مشارق ف۲ میں اور وہ یوں ہونگے الخ یہ قسمت جس
نے لڑکیوں کو پالا اور حضرت کے ساتھ ۱۲ ترجمہ مشارق ف۳ مانند سعی کرنیوالے کی ہے راہ خدا میں اس حدیث سے محتاجوں کی حاجت روائی کی عمدہ فضیلت
ثابت ہوئی ۱۲ ترجمہ مشارق ف۴ جنت میں اس طرح ہونگے یعنے یتیم کی پرورش کرنیوالا اور اسکے مال کی حفاظت کرنیوالے کا بہشت میں اتنا درجہ بلند
ہے کہ پیغمبر کے درجہ سے ایسا اتصال ہے جیسا ان دونوں انگلیوں کو ۱۲ ترجمہ مشارق ف۵ مانند حال بدن کے الخ یعنے جیسے دکھے کسی عضو سے تمام
بدن کو تکلیف ہوتی ہے ایسے ہی مومنوں کو چاہئے کہ جب ایک کو ان میں سے مصیبت پہونچے تو لائق ہے کہ سب کو اسکی مصیبت کا درد ہو ۱۲ مرقاۃ

(۹) وَعَنْ اَبِي مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهٗ بَعْضًا ثُمَّ شَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۱۰) وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ اِذَا اَتَاهُ السَّائِلُ اَوْ صَاحِبُ الْحَاجَةِ قَالَ اشْفَعُوْا فَلْتُؤْجَرُوْا وَيَقْضِي اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ رَسُوْلِهٖ مَا شَاءَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۱۱) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُنْصُرْ اَخَاكَ ظَالِمًا اَوْ مَظْلُوْمًا فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنْصُرُهٗ مَظْلُوْمًا فَكَيْفَ اَنْصُرُهٗ ظَالِمًا قَالَ تَمْنَعُهٗ مِنَ الظُّلْمِ فَذٰلِكَ نَصْرُكَ اِيَّاهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۱۲) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهٗ وَلَا يُسْلِمُهٗ وَمَنْ كَانَ فِي حَاجَةِ اَخِيْهِ كَانَ اللّٰهُ فِي حَاجَتِهٖ وَمَنْ فَرَّجَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً فَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرُبَاتِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۱۳) وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهٗ وَلَا يَخْذُلُهٗ وَلَا يَحْقِرُهٗ التَّقْوٰى هٰهُنَا وَيُشِيْرُ اِلٰى صَدْرِهٖ ثَلٰثَ مِرَارٍ بِحَسْبِ امْرِءٍ مِنَ الشَّرِّ اَنْ يَحْقِرَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ دَمُهٗ وَمَالُهٗ وَعِرْضُهٗ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۱۴) وَعَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهْلُ الْجَنَّةِ ثَلٰثَةٌ ذُوْ سُلْطَانٍ مُقْسِطٌ مُتَصَدِّقٌ مُوَفَّقٌ

(۹) ترجمہ اور روایت ہے ابو موسیٰ سے اُس نے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ مسلمان واسطے مسلمان کے مانند مکان کے ہے[۱] کہ مضبوط کرتی ہیں بعضے اجزا مکان کے بعض کو پھر داخل کین حضرت نے انگلیاں اپنے ہاتھ کی بیچ انگلیوں دوسرے ہاتھ کی متفق علیہ (۱۰) ترجمہ اور روایت ہے اُنھیں ابو موسیٰ سے اُس نے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ تحقیق حضرت جب آتا اُنکے پاس سائل یا حاجتمند فرماتے سفارش کرو تا حاصل ہو تمکو ثواب سفارش[۲] کا اور حکم کرتا ہے اللہ تعالیٰ اوپر زبان پیغمبر اپنے کے جو کچھ چاہتا ہے متفق علیہ (۱۱) ترجمہ اور روایت ہے انس سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدد کرو اپنے بھائی مسلمان کی ظالم ہو یا مظلوم پس کہا ایک شخص نے یا رسول اللہ مدد کرتا ہوں میں اُسکی اس حال میں کہ مظلوم ہے پس کیونکر مدد کروں اُسکی درحالیکہ ظالم ہو فرمایا حضرت نے باز رکھے تو اُسکو ظلم سے پس یہ مدد کرنی تیری ہے اُسکی متفق علیہ (۱۲) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان بھائی مسلمان کا ہے ظلم نکرے مسلمان پر اور نہ ڈالے اُسکو ہلاکت[۳] میں اور جو کوئی سعی کرتا ہے بیچ حاجت روائی بھائی مسلمان کے ہوتا ہے اللہ تعالیٰ بیچ حاجت روائی اُسکی کے اور جو کوئی دور کرے مسلمان سے کوئی غم دور کرتا ہے اللہ تعالیٰ اُس سے ایک بڑا غم غموں دن قیامت کے سے اور جو کوئی ڈھانکے بدن یا عیب کسی مسلمان کا ڈھانکے گا اللہ تعالیٰ عیب اُسکا دن قیامت کے متفق علیہ (۱۳) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مسلمان دینی بھائی مسلمان کا ہے ظلم کرے اُسپر اور نہ ترک مدد کرے اُسکی اور حقیر نہ جانے اُسکو پرہیزگاری اس جگہ ہے اور اشارہ کی حضرت نے طرف سینہ مبارک اپنے کی تین بار کفایت کرتی ہے مسلمان کو بدی سے حقیر کرنا بھائی مسلمان کو سب چیزیں[۴] مسلمان کی مسلمان پر حرام ہیں خون اُسکا اور مال اُسکا اور آبرو اُسکی روایت کی مسلم نے (۱۴) ترجمہ اور روایت ہے عیاض بن حمار سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بہشتی تین[۵] طرح کے لوگ ہیں ایک تو حاکم اور احسان کرنیوالا لوگوں سے توفیق دیا گیا بھلائیونکی

ف۱ مانند مکان کے الخ یعنے جیسے عمارت میں مضبوطی ایک اینٹ کی دوسری اینٹ سے ہوتی ہے اسیطرح ایک ایماندار کو لازم ہے کہ دوسرے ایماندار کا مددگار رہے خلاصہ مطلب یہ کہ ایمان کی ترقی اور خوبی اتفاق پر موقوف ہے ۱۲ ترجمہ مشارق صفحہ ۳۰۳ ف۲ حاصل ہو تمکو ثواب سفارش کا یعنے سعی سفارش سے اہل حاجت کا کام نکال دینا ثواب کا موجب ہے ۱۲ ترجمہ مشارق صفحہ ۳۰۲ ف۳ اور نہ ڈالے اُسکو ہلاکت میں الخ یعنے جب ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ٹھیرا تو اُسپر ظلم کرنا یا اُسکو بلا میں پڑا رہنے دینا اُسکی حمایت اور مدد نکرنا کسی طرح مناسب نہیں اور جب ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا دینی بھائی ٹھیرا تو اُسکی محبت اور خیرخواہی واجب ہوئی جیسے بھائی کو بھائی سے ہوتی ہے ۱۲ ترجمہ مشارق صفحہ ۳۰۵ ف۴ سب چیزیں مسلمان کی مسلمان پر حرام ہیں الخ حضرت نے حجۃ الوداع میں جہاں ہزاروں مسلمان جمع تھے یہ حدیث فرمائی اور فساد اور ظلم کی جڑ کاٹ دی اسی واسطے کہ اکثر عالم میں فساد انہیں تینوں کاموں کا ہے محافظت نفس انسانی شریعت کی عمدہ فرض ہے سو اُسکا بیان اس حدیث میں بخوبی سمجھا دیا ۱۲ ترجمہ مشارق صفحہ ۳۰۲ ف۵ بہشتی تین طرح کے

وَرَجُلٌ رَحِيْمٌ رَقِيْقُ الْقَلْبِ لِكُلِّ ذِيْ قُرْبٰى وَمُسْلِمٍ وَعَفِيْفٌ مُتَعَفِّفٌ ذُوْ عِيَالٍ وَاَهْلُ النَّارِ خَمْسَةٌ اَلضَّعِيْفُ الَّذِيْ لَا زَبْرَ لَهُ اَلَّذِيْنَ هُمْ فِيْكُمْ تَبَعٌ لَا يَبْتَغُوْنَ اَهْلًا وَّلَا مَالًا وَالْخَائِنُ الَّذِيْ لَا يَخْفٰى لَهُ طَمَعٌ وَاِنْ دَقَّ اِلَّا خَانَهُ وَرَجُلٌ لَا يُصْبِحُ وَلَا يُمْسِيْ اِلَّا وَهُوَ يُخَادِعُكَ عَنْ اَهْلِكَ وَمَالِكَ وَذَكَرَ الْبُخْلَ اَوِ الْكَذِبَ وَالشِّنْظِيْرُ الْفَحَّاشُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۱۵) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى يُحِبَّ لِاَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۱۶) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ لَا يُؤْمِنُ وَاللّٰهِ لَا يُؤْمِنُ وَاللّٰهِ لَا يُؤْمِنُ قِيْلَ مَنْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الَّذِيْ لَا يَاْمَنُ جَارُهٗ بَوَائِقَهٗ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۱۷) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ لَّا يَاْمَنُ جَارُهٗ بَوَائِقَهٗ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۱۸) وَعَنْ عَائِشَةَ وَابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا زَالَ جِبْرَئِيْلُ يُوْصِيْنِيْ بِالْجَارِ حَتّٰى ظَنَنْتُ اَنَّهٗ سَيُوَرِّثُهٗ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۱۹) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كُنْتُمْ ثَلٰثَةً فَلَا يَتَنَاجٰى اثْنَانِ دُوْنَ الْاٰخَرِ حَتّٰى تَخْتَلِطُوْا بِالنَّاسِ مِنْ اَجْلِ اَنْ يُّحْزِنَهٗ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (۲۰) وَعَنْ

اور دوسرا شخص مہربان نرم دل ہر قرابتی اور ہر مسلمان پر اور تیسرا پاکدامن بے سوال عیالدار اور دوزخی پانچ ہیں اول سست عقل کہ نہیں عقل اسکو وہ لوگ کہ تمہاری خادم ہیں نہ طالب ہیں بیوی کے اور نہ مال حلال کے اور دوسرا چور جب ابھر گیا لے کوئی چیز اگرچہ حقیر ہو وہ اسکو چراوے اور تیسرا وہ شخص ہے کہ صبح نہیں کرتا اور شام نہیں کرتا مگر کہ وہ فریب دیتا ہی تجھ کو تیری گھر میں اور تیری مال میں اور ذکر کیا آنحضرتؐ نے بخیل کو اور جھوٹے کو اور بدخلق فحش گو کو روایت کی یہ مسلم نے (۱۵) ترجمہ اور روایت ہی انسؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم اُس خدا کی کہ جان میری اسکی ہاتھ میں ہے ایمان نہیں لاتا کوئی بندہ یہانتک کہ دوست رکھے واسطے بھائی مسلمان کے اُس چیز کو کہ دوست رکھتا ہے واسطے اپنے متفق علیہ (۱۶) ترجمہ اور روایت ہی ابوہریرہؓ سی کہا اُس نے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اللہ کی نہیں ایمان لاتا قسم ہے اللہ کی نہیں ایمان لاتا قسم ہے اللہ کی نہیں ایمان لاتا پوچھا گیا کون یا رسول اللہ فرمایا وہ کہ امن میں نہیں ہوتا ہمسایہ اُسکا بدیون اُسکی سے روایت کیا اسکو بخاری اور مسلم نے (۱۷) ترجمہ اور روایت ہی انسؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں داخل ہوگا جنت میں وہ شخص کہ نہیں امن میں ہوتا ہمسایہ اُسکا برائیون اُسکی سے روایت کیا اسکو مسلم نے (۱۸) ترجمہ اور روایت ہی عائشہؓ سے اور ابن عمرؓ سے کہ نقل کی اُنہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا حضرتؐ نے ہمیشہ جبرئیل امر کرتے رہی مجھ کو ساتھ حق ہمسایہ کے یہانتک کہ گمان کیا مینے کہ جبرئیل وارث کردینگے ہمسایہ کو متفق علیہ (۱۹) ترجمہ اور روایت ہی عبداللہ بن مسعودؓ سی کہا عبداللہؓ نے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ہو تم تین شخص پس سرگوشی نہ کرین دو شخص آپس میں تیسرے کو چھوڑ کر یہانتک کہ ملو تم ساتھ لوگون کے کیونکہ یہ غم میں ڈالیگا اسکو متفق علیہ (۲۰) ترجمہ اور روایت ہے

لہ مہربان یعنے چھوٹون بڑون پر ۱۲ ؎ نرم دل الخ یعنے مہربان خویش و بیگانہ پر ۱۲ خ ؎ عیالدار یعنے نہیں باعث ہوتی اسکو کثرت عیال کی اور نہ خوف اُن کے رزق کا اوپر ترک کرنے توکل کے ساتھ سوال کرنے خلق سے اور حاصل کرنے کے مال حرام کو ۱۲ خ ؎ نہیں عقل اسکو کہ باز رکھے کار ناشایستہ سے ۱۲ ؎ نہ طالب ہیں بیوی کے الخ یعنے بس اعراض کرنے میں حلال سے اور مرتکب ہونے میں حرام کے یعنے کھانے پینے اور پہننے میں مشغول ہیں اگرچہ حرام ہو ۱۲ ؎ نہیں ایمان لاتا الخ اس حدیث میں حق اسلام کا بیان ہے یعنے جیسے اپنی جان کو بلا اور مصیبت سے بچاتا ہے ویسے ہی دوسرے کو بھی بچاوے اور جو بہتری اپنے واسطے چاہتا ہے وہی دوسرے مسلمان کے واسطے چاہے اس حدیث پر عمل صاف دل سے ہو جسکے دل میں کینہ اور حسد نہیں ۱۲ ترجمہ مشارق ص ۱۳۲ ؎ نہیں داخل الخ ہمسایہ کو رنجو دینا ایسا حرام ہے کہ جنت سے محروم رکھتا ہے ۱۲ ترجمہ مشارق ص ۱۲۱ ؎ وارث کردینگے ہمسایہ کو یعنے بیانتک ہمسایوں کے ساتھ احسان کرنے کی تاکید کی کہ مین سمجھا کہ ایک ہمسایہ دوسرے ہمسایہ کا وارث ہو جاوے گا اس حدیث میں حق ہمسائگی کی نہایت تاکید ہے ۱۲ ترجمہ مشارق ص ۱۳۲ ؎ کیونکہ یہ غم میں ڈالیگا الخ یعنے وہ خیال کریگا کہ مجھ کو مشورے کے لائق نہیں جانتے یا کچھ میری ہی برائی کے فکر میں ہیں دوسری حدیث میں آیا ہے کہ چار آدمی ہون تو دو آدمی کا چپکے بات کرنا مضائقہ نہیں یعنے اس صورت میں رنج نہ آوے گا ۱۲ ترجمہ مشارق ص ۱۰۳

تمیم الداری ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الدین النصیحۃ ثلثا قلنا لمن قال للہ ولکتابہ ولرسولہ ولائمۃ المسلمین وعامتہم رواہ مسلم (٢) وعن جریر قال بایعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی اقام الصلوۃ وایتاء الزکوۃ والنصح لکل مسلم متفق علیہ **الفصل الثانی** (١) عن ابی ہریرۃ قال سمعت ابا القاسم الصادق المصدوق صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا تنزع الرحمۃ الا من شقی رواہ احمد والترمذی (٢) وعن عبد اللہ ابن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الراحمون یرحمہم الرحمن ارحموا من فی الارض یرحمکم من فی السماء رواہ ابوداود والترمذی (٣) وعن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس منا من لم یرحم صغیرنا ولم یوقر کبیرنا ویامر بالمعروف وینہ عن المنکر رواہ الترمذی وقال ہذا حدیث غریب (٤) وعن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما اکرم شاب شیخا من اجل سنہ الا قیض اللہ لہ عند سنہ من یکرمہ رواہ الترمذی (٥) وعن ابی موسی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان من اجلال اللہ اکرام ذی الشیبۃ المسلم وحامل القرآن غیر الغالی فیہ ولا الجافی عنہ واکرام السلطان المقسط رواہ ابوداود

تمیم داری سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دین نصیحت ہے تین بار فرمائی یہ بات کہا ہمنے کس کے لیے فرمایا حضرتؐ نے واسطے اللہ تعالیٰ کے اور واسطے کتاب اُسکی کے اور واسطے رسول اُسکے کے اور واسطے اماموں مسلمانوں کے اور واسطے سب مسلمانوں کے روایت کی یہ مسلم نے (١ ٢) ترجمہ اور روایت ہے جریرؓ سے کہ کہا جریرؓ نے کہ بیعت کی میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اوپر قائم کرنے نماز کے اور دینے زکوٰۃ کے اور خیر خواہی کرنیکے واسطے ہر مسلمان کے روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے **فصل دوسری** (١) ترجمہ روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا سنا میں نے ابوالقاسم سے کہ سچے سچے کیے گئے ہیں صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے نہیں نکالی جاتی رحمت مگر بدبخت کے دل سے روایت کی یہ احمد اور ترمذی نے (٢) ترجمہ اور روایت ہے عبداللہ بن عمروؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے شفقت کرنیوالے خلق پر رحمت کرتا ہے اُنپر رحمن رحم کرو اُنپر کہ زمین میں ہیں تا رحمت کرے تمکو جو آسمان میں ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی نے (٣) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباسؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے ہمارے تابعین میں سے وہ شخص کہ نہ رحم کرے ہمارے چھوٹوں پہ اور نہ عزت کرے ہمارے بڑوں کی اور نہ امر کرے ساتھ نیکی کے اور نہ منع کرے برائی سے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہے (٤) ترجمہ اور روایت ہے انسؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں تعظیم کی کسی جوان نے کسی بوڑھے کی بسبب کبرسن اسکے کے مگر مقرر کرتا ہے اللہ تعالیٰ واسطے اسکے وقت کبرسن اسکے کے اُس شخص کو کہ تعظیم کرے اسکی روایت کی یہ ترمذی نے (٥) ترجمہ اور روایت ہے ابوموسیٰؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق جملہ تعظیم اللہ تعالیٰ کی سے ہے تعظیم کرنی بوڑھے مسلمان کی اور پڑھنے والے قرآن کی کہ نہ ہو غلو کرنیوالا اسمیں اور نہ ہو دور رہنیوالا اُس سے اور جملہ تعظیم اللہ کی سے ہے تعظیم کرنی بادشاہ عادل کی روایت کی یہ ابوداؤد نے

ف ١ واسطے اللہ تعالیٰ کے اللہ تعالیٰ کی خیرخواہی یہ کہ اسکا ایمان لاوے اور رسول کی خیرخواہی یہ کہ اسکی تصدیق کرے اسکی سنت پر چلے اور بدعت سے بچے اور قرآن کی خیرخواہی یہ کہ محکم پر عمل کرے متشابہ کا ایمان لاوے اور مسلمین کے حاکموں کی خیرخواہی یہ کہ شرع کے موافق اُن کی اطاعت کرے اُنکی مخالفت سے بچے اور مسلمانوں کی خیرخواہی یہ کہ مقدور بھر اُنکو فائدہ پہونچاوے اُنکو رنج نہ دے نیک کام سکھلاوے بد کاموں سے روکے اور ان کے واسطے چاہے جو اپنے واسطے چاہتا ہے ۱۲ ترجمہ مشارق الانوار نولکشوری صفحہ ۲۹۳ ف ٢ مراد زمین والوں سے جانور اور آدمی ہیں نیک ہوں خواہ بد اور رحم کرنا بدوں پر یہ ہے کہ اُن کو بدی سے باز رکھیں ۱۲ لمعات ف ٣ مگر کہ مقرر کرتا ہے الخ اس لیے کہ جو خدمت کرتا ہے خدمت کیا جاتا ہے اور اسمیں اشارہ ہے طرف اسکی کہ عمر دراز ہوتی ہے اس جوان کی کہ تعظیم کرتا ہے بوڑھے کی ۱۲ مرقاۃ ف ٤ نہ ہو غلو کرنے والا اسمیں اور نہ ہو دور ہونیوالا اُس سے اور غلو کرنیوالا وہ ہے کہ تجاوز کرے حد سے لفظاً و معناً مانند وسواسیوں اور شکیوں کے اور دور ہونیوالا وہ ہے کہ نہ بہرے تلاوت قرآن سے اور اس پہ عمل کرنے سے ۱۲ ح ع

البیهقی فی شعب الایمان (۶) وعن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم خیر بیت فی المسلمین بیت فیه
یتیم یحسن الیه وشر بیت فی المسلمین بیت فیه یتیم یساء الیه رواه ابن ماجة (۷) وعن ابی امامة قال
قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من مسح راس یتیم لم یمسحه الا لله کان له بکل شعرة تمر علیها یده حسنات ومن
احسن الی یتیمة او یتیم عنده کنت انا وهو فی الجنة کهاتین وقرن بین اصبعیه رواه احمد والترمذی وقال
هذا حدیث غریب (۸) وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من اوی یتیما الی طعامه وشرابه
اوجب الله له الجنة البتة الا ان یعمل ذنبا لا یغفر ومن عال ثلث بنات او مثلهن من الاخوات فادبهن و
رحمهن حتی یغنیهن الله اوجب الله له الجنة فقال رجل یا رسول الله او اثنتین قال او اثنتین حتی لو قالوا
او واحدة لقال واحدة ومن اذهب الله بکریمتیه وجبت له الجنة قیل یا رسول الله وما کریمتاه قال عیناه
رواه فی شرح السنة (۹) وعن جابر بن سمرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لان یؤدب الرجل ولده
خیر له من ان یتصدق بصاع رواه الترمذی وقال هذا حدیث غریب وناصح الراوی لیس عند اصحاب الحدیث

اور بیہقی نے شعب الایمان مین (۶) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بہترین گھرون کا مسلمانون کے
گھرون مین وہ گھر ہے کہ اُس مین ہو یتیم کہ احسان کیا جاوے طرف اُسکی اور برا گھر مسلمانون کے گھرون مین سے وہ گھر ہے کہ اُسمین ہو یتیم کہ برائی
کی جاوے طرف اُسکی روایت کی یہ ابن ماجہ نے (۷) ترجمہ اور روایت ہے ابو امامہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص کہ ہاتھ
پھیرے یتیم کے سر پر درحالیکہ نہین پھیرتا ہے ہاتھ مگر واسطے اللہ کے ہوتی ہین واسطے اُسکے بدلے ہر بال کے کہ پھرتا ہے اُسپر ہاتھ اُسکا نیکیان اور
جو شخص کہ احسان کرے طرف یتیم لڑکی کے یا یتیم لڑکے کے نزدیک اُسکے ہے ہونگا مین اور وہ بہشت مین مانند ان دونون کے
اور ملائین دونون انگلیان اپنی روایت کی یہ احمد اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہے (۸) ترجمہ اور روایت ہے ابن
عباسؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص کہ جگہ دیوے یتیم کو طرف کھانے اپنے کی اور پینے اپنے کی واجب کرتا ہے اللہ تعالی
واسطے اُسکے بہشت مقرر مگر یہ کہ کرے وہ گناہ کہ نہین بخشا جاتا اور جو شخص کہ پرورش کرے تین بیٹیون کو یا پرورش کرے انکو مانند تین بیٹیون
کے بہنون سے پس ادب سکھا دے انکو اور شفقت کرے اُنپر یہانتک کہ بے پروا کرے انکو اللہ واجب کرتا ہے اللہ تعالی واسطے اُس کے بہشت
پس کہا ایک شخص نے یا رسول اللہ یا دو کو فرمایا دو کی پرورش کا بھی یہی ثواب ہے یہانتک کہ اگر کہتے لوگ یا ایک کو البتہ فرماتے یا ایک کو اور
جس شخص کی لے لی اللہ نے دو پیاریان واجب ہوئی اُسکے لیے بہشت پوچھا گیا یا رسول اللہ کیا مراد ہے دو پیاریون سے فرمایا دونو آنکھین
اُسکی روایت کیا اسکو بغوی نے شرح السنہ مین (۹) ترجمہ اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
کہ قسم ہے اللہ کی کہ البتہ ادب سکھانا آدمی کا اپنے بیٹے کو بہتر ہے واسطے اُسکے تصدق کرنے ایک صاع غلہ کے سے روایت کی یہ ترمذی نے اور
کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہے اور ناصح راوی نہین نزدیک محدثون کے

ف برائی کی جاوے طرف اُسکی یعنے ایذا دیجاوے
اسکو ناحق اور اگر واسطے تعلیم و تادیب کے مارین تو داخل احسان کے ہے نہ برائی کرنے کے لمعات ۱۲ ف ہاتھ پھیرے الخ یعنے بطریق شفقت کے ۱۲ ف حق
اگر واسطے اللہ کے یعنے واسطے طلب رضا اُس کی کے نہ واسطے اور غرض کے ۱۲ ف واجب کرتا ہے الخ احسان کرے یعنے شفقت و مہربانی کرے اُسپر اور ادب
اور تعلیم کرے اُسکو اور نکاح کر دے اُسکا اور نگہبانی کرے اُسکی مال کی اگر اُسکی پاس مال ہو اور یہ حدیث مین بشارت ہے اگر حسن خاتمہ کی ۱۲ لمعات مرقاۃ ف
ادب سکھانا الخ اس مین شک نہین ہے کہ مراد ادب سے ادب شرعی ہے اور یہ حدیث ضعیف ہے اور حدیث ضعیف پر عمل کرنا فضائل اعمال مین جائز ہے
۱۲ مرقاۃ و لمعات

بِالْقَوِيِّ (۱۰) وَعَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰی عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا نَحَلَ وَالِدٌ وَلَدَهٗ مِنْ نَحْلٍ اَفْضَلَ مِنْ اَدَبٍ حَسَنٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا عِنْدِيْ حَدِيْثٌ مُرْسَلٌ (۱۱) وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَامْرَاَةٌ سَفْعَاءُ الْخَدَّيْنِ كَهَاتَيْنِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاَوْمَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ اِلَى الْوُسْطٰى وَالسَّبَّابَةِ امْرَاَةٌ اٰمَتْ مِنْ زَوْجِهَا ذَاتُ مَنْصِبٍ وَّجَمَالٍ حَبَسَتْ نَفْسَهَا عَلٰى يَتَامَاهَا حَتّٰى بَانُوْا اَوْ مَاتُوْا رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ (۱۲) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهٗ اُنْثٰى فَلَمْ يَئِدْهَا وَلَمْ يُهِنْهَا وَلَمْ يُؤْثِرْ وَلَدَهٗ عَلَيْهَا يَعْنِي الذُّكُوْرَ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ (۱۳) وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اغْتِيْبَ عِنْدَهٗ اَخُوْهُ الْمُسْلِمُ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلٰى نَصْرِهٖ فَنَصَرَهٗ نَصَرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَاِنْ لَّمْ يَنْصُرْهُ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلٰى نَصْرِهٖ اَدْرَكَهُ اللّٰهُ بِهٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ (۱۴) وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ ذَبَّ عَنْ لَحْمِ اَخِيْهِ بِالْمَغِيْبَةِ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُّعْتِقَهٗ مِنَ النَّارِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ (۱۵) وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ يَّرُدُّ عَنْ عِرْضِ اَخِيْهِ اِلَّا كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ

قوی (۱۰) ترجمہ اور روایت ہے ایوب بن موسیٰ سے کہ روایت کی اپنے باپ سے اُس نے روایت کی ایوب کے دادا سے یہ کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں دیا باپ نے اپنے بیٹے کو کچھ دینا بہتر ادب نیک سے روایت کی یہ ترمذی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث نزدیک میرے مرسل ہے (۱۱) ترجمہ اور روایت ہے عوف بن مالک اشجعی سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میں اور عورت سیاہ رخسارون کی مانند ان دونوں انگلیوں کے ہونگے دن قیامت کے اور اشارہ کیا زید بن زریع نے طرف بیچ کی انگلی کی اور انگلی شہادت کی وہ عورت کہ ہوئی بے شوہر جاہ و جمال والی روکا اپنے نفس کو اوپر حال یتیمون اپنے کے یہانتک کہ جدی ہوی یا مرگئی روایت کی یہ ابوداؤد نے (۱۲) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسکی ہووے ایک بیٹی پس نہ گاڑا اُسکو زندہ اور نہ ذلیل کر کر کہا اُسکو اور نہ ترجیح دی اپنے ولد کو اُسپر یعنی لڑکون کو دنیو دلانے وغیرہ میں تو داخل کریگا اُسکو اللہ بہشت میں روایت کی یہ ابوداؤد نے (۱۳) ترجمہ اور روایت ہے انس سے کہ اُس نے نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو شخص کہ غیبت کی جاوے نزدیک اُسکے بھائی مسلمان کی حالانکہ وہ شخص قادر ہے اوپر مدد کرنے اُسکی کے پس مدد کی اُسکی مدد کریگا اُسکی اللہ تعالی دنیا اور آخرت میں اور اگر مدد نہ کی اُسکی اور وہ قادر تہا اُسکے مدد کرنے پر مواخذہ کرے گا اللہ اُس سے بسبب مدد نہ کرنے کے دنیا اور آخرت میں روایت کی یہ شرح السنہ میں (۱۴) ترجمہ اور روایت ہے اسماء بیٹی یزید کی سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ دفع کرے کہانے گوشت بھائی مسلمان اپنے کے سے غائبانہ ہے حق اللہ پر یہ کہ آزاد کرے گا اُسکو آگ سے روایت کی یہ بیہقی نے شعب الایمان میں (۱۵) ترجمہ اور روایت ہے ابو درداء سے کہ کہا اُس نے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے کہ نہیں کوئی شخص مسلمان کہ رد کرے آبرو بھائی اپنے کی سے مگر کہ ہوتا ہے حق اللہ پر یہ کہ

لہ اپنے باپ سے یعنی موسی سے ۱۲ لہ دادا سے یعنی عمرو بن سعید سے ۱۲ لہ سیاہ رخسارون کی یعنی بسبب خدمت اولاد اور ترک زینت کر اُسکے رخسارہ سیاہ ہو گئے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر عورتیں بیوہ اور مطلقہ خاوند نکریں اور صلاح و عفت اختیار کریں اور یتیمون کی پرورش میں مشغول رہیں تو بڑی فضیلت رکھتی ہے ۱۲ مرقات لہ داخل کریگا اُسکو اللہ بہشت میں اس حدیث سے لڑکی کی پرورش کرنیکی بڑی فضیلت ثابت ہوئی ۱۲ لہ قادر ہے الخ یعنی ساتھ دفع کرنے غیبت و عار کے اُس سے اور منع کرنے کے غیبت اُسکی سے ۱۲ لہ کہانے گوشت کے سے کنایہ ہے غیبت کرنے سے جیسے کہ قرآن مجید میں فرمایا ہے بیچ برائی غیبت کے ایحب احدکم ان یاکل لحم اخیہ میتا یعنی آیا دوست رکھتا ہے ایک تمہارا اپنے بھائی مردہ کے گوشت کہانا پس تشبیہ دی غیبت کرنیکو ساتھ کہانے گوشت مناسب کے جو تمام آبروریزی اُسکی کرتا ہے گویا کہ اُسکو ہلاک کرتا ہے اور گوشت اُسکا کہاتا ہے اور واسطے مبالغہ کے فرمایا گوشت بھائی مردہ کا اور حاصل حدیث کا منع کرنا اور باز رکھنا لوگوں کا ہے آپس کی غیبت سے یعنی جو کہ باز رکہے لوگوں کو غیبت کرنے سے ۱۲ لمعات مرقاۃ لہ اللہ آزاد کریگا الخ یعنی اول وہلہ میں پہلے داخل ہونیکے اُس میں یا بعد داخل ہونے کے پہلے پورا کرنے عذاب کے ۱۲ ح

يرد عنه نار جهنم يوم القيمة ثم تلا هذه الآية وكان حقا علينا نصر المؤمنين رواه في شرح السنة (١٦) وعن
جابر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال ما من امرئ مسلم يخذل امرأ مسلما في موضع ينتهك فيه حرمته وينتقص فيه من
عرضه الا خذله الله تعالى في موطن يحب فيه نصرته وما من امرئ مسلم ينصر مسلما في موضع ينتقص فيه من عرضه
وينتهك فيه من حرمته الا نصره الله تعالى في موطن يحب فيه نصرته رواه ابو داود (١٧) وعن عقبة بن عامر
قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من رأى عورة فسترها كان كمن احيى موؤدة رواه احمد والترمذي وصححه (١٨) و
عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان احدكم مرآة اخيه فان رأى به اذى فليمط عنه رواه الترمذي
وضعفه وفي رواية له ولابي داود المؤمن مرآة المؤمن والمؤمن اخو المؤمن يكف عنه ضيعته ويحوطه من ورائه
(١٩) وعن معاذ بن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من حمى مؤمنا من منافق بعث الله ملكا يحمي
لحمه يوم القيمة من نار جهنم ومن رمى مسلما بشيء يريد به شينه حبسه الله على جسر جهنم حتى يخرج مما
قال رواه ابو داود (٢٠) وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خير الاصحاب عند الله خيرهم

باز رکھیگا اُس سے آگ دوزخ کو دن قیامت کے پھر پڑھی حضرت نے یہ آیت اور ہے واجب ہمپر مدد کرنی مومنون کی روایت کی بغوی نے شرح السنہ مین (١٦)
ترجمہ اور روایت ہے جابر سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہین کوئی شخص مسلمان کہ مدد نہ کرے مرد مسلمان کی اُس جگہ کہ پردہ دری کی
جاتی ہے اُسکی اور نقصان کیا جاتا ہے اُس جگہ مین آبرو اُسکی سے مگر نہین مدد کریگا اُسکی اللہ تعالیٰ اُس جگہ مین کہ دوست رکھتا ہے اُس مین
مدد خدا کو اور نہین کوئی شخص مسلمان کہ مدد کرے کسی مسلمان کی اُس جگہ مین کہ نقصان کیا جاتا ہے اُسمین آبرو اُسکی سے اور بےحرمتی کی جاتی ہے
اُسکی اُس مین مگر کہ مدد کریگا اُسکی اللہ تعالیٰ اُس جگہ مین کہ دوست رکھتا ہے اُسمین مدد اُسکی روایت کی یہ ابوداؤد نے (١٧) ترجمہ اور روایت
ہے عقبہ بیٹے عامر کے سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ دیکھے عیب کسی مسلمان مین اور ڈھانک دے اُسکو تو ہوگا وہ
ایسا کہ زندہ کیا جیتی گاڑی ہوئی کو روایت کی یہ احمد اور ترمذی نے اور صحیح کہا اسکو (١٨) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا ابوہریرہ نے
کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق ایک تمہارا آئینہ ہے بھائی اپنے کا پس اگر دیکھے اُسمین برائی تو چاہیے کہ دور کردے اُس سے
برائی روایت کی یہ ترمذی نے اور ضعیف کہا اسکو اور بیچ ایک روایت ترمذی کے اور ابوداؤد کے یون ہے مسلمان آئینہ مسلمان کا ہے
اور مسلمان بھائی ہے مسلمان کا دفع کرتا ہے اُس سے وہ چیز کہ اُسمین ہلاکت اُسکی ہے اور نگاہ رکھتا ہے حق اُسکا غائبانہ اُسکی (١٩) ترجمہ
اور روایت ہے معاذ بن انس سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ بچاوے کسی مسلمان کو منافق کی شر سے بھیجے گا اللہ تعالےٰ
فرشتہ کو کہ بچاویگا اُسکے بدن کو دن قیامت کے آگ دوزخ کی سے اور جو شخص کہ تہمت کرے کسی مسلمان کو ساتھ کسی چیز کے چاہتا ہے ساتھ
اُسکے عیب اسکا قید کرے گا اسکو اللہ اوپر پل دوزخ کے یہانتک کہ نکلے عہدہ اُس چیز کے سے کہ کہا ہے روایت کی یہ ابوداؤد نے (٢٠)
ترجمہ اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بہتر ین یاروں کا نزدیک اللہ تعالےٰ کے بہترین اُنکا ہے

سلہ یعنے منہ کرکے کسی غیبت سے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسلمان کے غیبت کرنیکا بڑا گناہ ہے اور اُسکی غیبت سے منع کرنے کا بڑا ثواب ہے۔ سلہ تو ہوگا
وہ ایسا کہ زندہ کیا اُسکو اسلیے کہ جسکا عیب ظاہر ہوتا ہے وہ شرمندگی سے مانند مردہ کی ہوتا ہے لہذا چاہتا ہے کہ کاش مردہ ہوتا اور عیب میرا ظاہر نہ ہوتا
اور ڈھانکنا عیب کا بچالے زندہ کرنے کے ہے ۱۲ مرقاۃ سلہ مسلمان آئینہ مسلمان کا ہے یعنے خبردار کر دیتا ہے اُسکو اُسکی برائی پر ۱۲ اشعۃ اللمعات
سلہ ۱۲ اور جو کچھ دیکھنے والے کے بدن مین ہوتا ہے اگرچہ تھوڑی چیز ہو دکھادیتا ہے اور خفیہ آگاہ کرے تاکہ وہ ذلیل نہ ہو ۱۲ لمعات مرقاۃ سلہ یہاں
تک کہ نکلے اُس سے یعنے پاک ہو اُس کے گناہ سے ساتھ راضی کرنے مدعی کے یا ساتھ شفاعت کے یا ساتھ عذاب کرنے کے بقدر گناہ . . . . . .
. . . . اور منافق سے یہاں مراد غیبت کرنے والا ہے اُسکو منافق اسلیے کہا کہ ظاہر کرتا ہے خیرخواہی اور دل مین ارادہ رکھتا ہے نصیحت کا اور غیبت کرتا ہے

لصاحبه وخير الجيران عند الله خيرهم لجاره رواه الترمذي والدارمي وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب (۲۱) وعن ابن مسعود قال قال رجل للنبي صلى الله عليه وسلم يا رسول الله كيف لي ان اعلم اذا احسنت او اذا اسات فقال النبي صلى الله عليه وسلم اذا سمعت جيرانك يقولون قد احسنت فقد احسنت واذا سمعتهم يقولون قد اسات فقد اسات رواه ابن ماجه (۲۲) وعن عائشة ان النبي صلى الله عليه وسلم قال انزلوا الناس منازلهم رواه ابو داود

الفصل الثالث

(۱) عن عبد الرحمن بن ابي قراد ان النبي صلى الله عليه وسلم توضا يوما فجعل اصحابه يتمسحون بوضوئه فقال لهم النبي صلى الله عليه وسلم ما يحملكم على هذا قالوا حب الله ورسوله فقال النبي صلى الله عليه وسلم من سره ان يحب الله ورسوله او يحبه الله ورسوله فليصدق حديثه اذا حدث وليؤد امانته اذا ائتمن وليحسن جوار من جاوره (۲) وعن ابن عباس قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ليس المؤمن بالذي يشبع وجاره جائع الى جنبه رواهما البيهقي في شعب الايمان (۳) وعن ابي هريرة قال قال رجل يا رسول الله ان فلانة تذكر من كثرة صلاتها وصيامها وصدقتها غير

واسطے یار اپنے کے اور بہترین ہمسایون کا نزدیک اللہ کے بہترین اُنکا ہو واسطے ہمسایہ اپنے کے روایت کی یہ ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن غریب ہے (۲۱) ترجمہ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہ کہا ایک شخص نے واسطے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے یا رسول اللہ کس طرح معلوم کرون مین نیکو کاری اپنی اور بدکاری اپنی پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جس وقت سنے تو اپنے ہمسایون کو کہ کہتے ہین تحقیق نیکی کی تو نے پس تحقیق نیکی کی تو نے اور جسوقت سنے تو ہمسایون کو کہ کہتے ہین تحقیق بُرا کیا تو نے پس تحقیق بُرا کیا تو نے روایت کی یہ ابن ماجہ نے (۲۲) ترجمہ اور روایت ہے عائشہ سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُتارو تم آدمیون کو بیچ مراتب اُنکی کے روایت کی یہ ابوداؤد نے

فصل تیسری

(۱) ترجمہ روایت ہے عبد الرحمن بیٹے ابو قراد کے سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا ایک دن پس شروع کیا صحابیون نے کہ ملتے تھے اپنے بدن کو پانی حضرت کے وضو کا پس فرمایا واسطے اُنکے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کونسی چیز باعث ہوئی تم کو اس کام پر عرض کیا کہ محبت اللہ کی اور رسول اللہ کی پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جس شخص کو خوش لگے یہ کہ دوست رکھے اللہ کو اور اُس کے رسول کو یا دوست رکھے اُسکو اللہ اور رسول اُسکا پس چاہیے کہ سچ بولے اپنی بات مین جسوقت کہ بات کرے اور چاہیے کہ ادا کرے امانت لوگون کی جسوقت کہ امانت سونپی جاوے اور چاہیے کہ اچھی کرے ہمسایہ گری ہمسایون کی (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا سنا مینے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے نہین ہے مومن کامل وہ شخص کہ پیٹ بھر کر کھاوے اس حال مین کہ ہمسایہ اُسکا بھوکا ہو اُسکے پہلو مین روایت کین یہ دونو حدیثین بیہقی نے شعب الایمان مین (۳) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ کہا ابوہریرہ نے کہ کہا ایک شخص نے یا رسول اللہ تحقیق فلانی عورت ذکر کی جاتی ہے بسبب کثرت نماز اُسکی کے اور روزے اُس کے کے اور صدقہ دینے اُس کے کے لیکن

ل کہ کس طرح معلوم کردن مین ۱۲ یعنے کیونکر جانون کہ مین نیکو کار ہون یا بدکار جس وقت کہ صادر ہو مجھ سے ایسا عمل کہ نہ معلوم ہو حسن و قبح اُسکا ۱۲ ت جس وقت کہ سنے تو ۱۲ یعنے سب ہمسایون کو اسلیے کہ نہین جمع ہوتے سب گمراہی پر غالبا اور کہا شیخ نے یہ اسوقت ہے کہ ہون ہمسائے اُس کے حق اور انصاف والے نہ بہت محبت رکھتے ہون نہ دشمنی ۱۲ لمعات ت مراتب ان کے سے یعنے اگر شریف ہے اور دوسرا ذلیل دونون کو یکسان نہ رکھو ہر ایک کی تعظیم و تکریم موافق اُسکے رتبے کے کرو ۱۲ مرقاۃ ت یعنے دعوی محبت خدا اور رسول کا فقط ایسی ہی باتون سے کہ جنکا ہو نفس پر مشکل نہ ہون ثابت نہین ہوتا بلکہ ضروری ہے بجالانا اوامر کا اور بچنا منع کی ہوئی چیزون سے ۱۲ معتاد مرقاۃ ت نہین ہے مومن کامل یعنے نہین مومن کامل وہ شخص کہ پیٹ بھر کر کھاوے ۱۲ حالانکہ جانتا ہو کہ ہمسایہ بیقرار ہو بھوکا ہے اور بعلیمہ کہ ذکر مین اشارہ ہے کمال غافل ہونے اُسکے کی خبرگیری ہمسایہ سے ۱۲ مرقاۃ

أَنَّهَا تُؤْذِي جِيرَانَهَا بِلِسَانِهَا قَالَ هِيَ فِي النَّارِ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَإِنَّ فُلَانَةَ تُذْكَرُ قِلَّةُ صِيَامِهَا وَصَدَقَتِهَا وَصَلٰوتِهَا وَإِنَّهَا تَصَدَّقُ بِالْأَثْوَارِ مِنَ الْأَقِطِ وَلَا تُؤْذِي بِلِسَانِهَا جِيرَانَهَا قَالَ هِيَ فِي الْجَنَّةِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ (۴) **وَعَنْهُ** قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَفَ عَلَى نَاسٍ جُلُوسٍ فَقَالَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِكُمْ مِنْ شَرِّكُمْ قَالَ فَسَكَتُوا فَقَالَ ذٰلِكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ فَقَالَ رَجُلٌ بَلٰى يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَخْبِرْنَا بِخَيْرِنَا مِنْ شَرِّنَا فَقَالَ خَيْرُكُمْ مَنْ يُرْجٰى خَيْرُهُ وَيُؤْمَنُ شَرُّهُ وَشَرُّكُمْ مَنْ لَا يُرْجٰى خَيْرُهُ وَلَا يُؤْمَنُ شَرُّهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ (۵) **وَعَنِ** ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَسَمَ بَيْنَكُمْ أَخْلَاقَكُمْ كَمَا قَسَمَ بَيْنَكُمْ أَرْزَاقَكُمْ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يُعْطِي الدُّنْيَا مَنْ يُحِبُّ وَمَنْ لَا يُحِبُّ وَلَا يُعْطِي الدِّينَ إِلَّا مَنْ أَحَبَّ فَمَنْ أَعْطَاهُ اللّٰهُ الدِّينَ فَقَدْ أَحَبَّهُ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا يُسْلِمُ عَبْدٌ حَتّٰى يَسْلَمَ قَلْبُهُ وَلِسَانُهُ وَلَا يُؤْمِنُ حَتّٰى يَأْمَنَ جَارُهُ بَوَائِقَهُ (۶) **وَعَنْ** أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُ مَأْلَفٌ وَلَا خَيْرَ فِيمَنْ لَا يَأْلَفُ وَلَا يُؤْلَفُ رَوَاهُمَا أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ | وہ ایذا

دیتی ہے اپنے ہمسایوں کو ساتھ زبان اپنی کے فرمایا کہ وہ دوزخ میں ہوگی کہا اس شخص نے یارسول اللہ پس تحقیق فلانی عورت ذکر کی جاتی ہے بسبب کم رکھنے روزوں کے اور کم صدقہ دینے کے اور کم نماز پڑھنے کے اور تحقیق وہ صدقہ دیتی ہے چند ٹکڑے قروط کے اور نہیں ایذا دیتی اپنی زبان سے اپنے ہمسایوں کو فرمایا کہ وہ بہشت میں ہوگی روایت کی یہ احمد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں (۴) **ترجمہ** اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے لوگوں پر کہ بیٹھے ہوئے تھے پس فرمایا کیا نہ خبر دوں میں ساتھ نیک ترین تمہارے کے بدترین تمہارے سے کہا ابوہریرہؓ نے پس چپ ہو رہے لوگ پس فرمایا حضرتؐ نے یہ کلام مذکور تین بار پس کہا ایک شخص نے ہاں یارسول اللہ خبر دیجیے ہمکو ساتھ نیک ترین ہمارے کے بدترین ہمارے سے پس فرمایا بہترین تمہارا وہ ہے کہ امید رکھتے ہوں لوگ بھلائی اسکی کی اور امن میں رہتے ہوں اسکی بدی سے اور بدترین تمہارا وہ ہے کہ امید نہ رکھتے ہوں لوگ اسکی بھلائی کی اور نہ امن میں رہتے ہوں اسکی بدی سے روایت کی یہ ترمذی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے (۵) **ترجمہ** اور روایت ہے ابن مسعودؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق اللہ تعالی نے تقسیم کیے درمیان تمہارے خلق تمہارے جیسے کہ تقسیم کیے درمیان تمہارے رزق تمہارے تحقیق اللہ تعالی دیتا ہے دنیا اس شخص کو کہ دوست رکھتا ہے اور اسکو کہ نہیں دوست رکھتا اور نہیں دیتا دین کو مگر اس شخص کو کہ دوست رکھتا ہے پس جس شخص کو کہ دیا اللہ نے دین پس تحقیق دوست رکھا اسکو قسم ہے اس ذات کی کہ جان میری اسکے ہاتھ میں ہے نہیں مسلمان ہوتا بندہ یہانتک کہ مسلمان ہو دل اسکا اور زبان اسکی اور نہیں مومن ہوتا یہانتک کہ امن میں ہو ہمسایہ اسکا برائیوں اس کی سے (۶) **ترجمہ** اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن محل ہے الفت کا اور نہیں بھلائی اس شخص میں کہ نہیں الفت کرتا اور نہیں الفت کیا جاتا روایت کیں یہ دونوں حدیثیں احمد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں

لہ وہ دوزخ میں بسبب ایذا دینے ہمسایہ کے کہ مدار دین کا اس پر ہے کہ فرائض کو بجالاوے اور گناہوں سے بچے اور جب اصول کو ضائع کرے تو نفل عبادت کرنے میں کچھ فائدہ نہیں جیسے کہ اکثر علماء اور صلحاء کہ علما تو ترک کرتے ہیں ان چیزوں کو کہ انپر عمل کرنا واجب ہے اور صلحاء نہیں حاصل کرتے اس علم کو کہ واجب ہے انپر حاصل کرنا اسکا ۱۲ مرقاۃ تله قروط اقط کا یہ ایک چیز ہے مانند پنیر کے ۱۲ تله خبر دوں میں الخ یعنے بیان کروں کہ بہتر تم میں کون ہے اور بدتر کون ۱۲ عه پس چپ ہو لوگ یعنے بخوف اسکے کہ معین کر کر فرماویں کہ یہ نیک ہے اور یہ بد اور یہ بات موجب ذلت اور فضیحت کے ہو ۱۲ حق ه دوست رکھتا ہے یعنے انبیاء و اولیاء میں سے مانند سلیمان اور عثمان کی ۱۲ حق ه نہیں دوست رکھتا یعنے مانند فرعون اور قارون وغیرہ کے ۱۲ حق ه نہیں مسلمان ہوتا یعنے کامل اور مراد اسلام سے عمل اور زبان سے تصدیق اور اقرار ہے بلکہ مراد یہ ہے کہ ظاہر اور باطن کو برابر رکھے اور تخصیص دل اور زبان کی اس سبب سے ہے کہ وہ اسلام اور ایمان کی مدار ہے ۱۲ [illegible]

(۷) وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قضى لاحد من امتي حاجة يريد ان يسره بها فقد سرني ومن سرني فقد سر الله ومن سر الله ادخله الله الجنة (۸) وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اغاث ملهوفا كتب الله له ثلثا وسبعين مغفرة واحدة فيها صلاح امره كله وثنتان وسبعون له درجات يوم القيمة (۹) وعنه وعن عبد الله قالا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الخلق عيال الله فاحب الخلق الى الله من احسن الى عياله روى البيهقي الاحاديث الثلثة في شعب الايمان (۱۰) وعن عقبة بن عامر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اول خصمين يوم القيمة جاران رواه احمد (۱۱) وعن ابي هريرة ان رجلا شكى الى النبي صلى الله عليه وسلم قسوة قلبه قال امسح راس اليتيم واطعم المسكين رواه احمد (۱۲) وعن سراقة بن مالك ان النبي صلى الله عليه وسلم قال الا ادلكم على افضل الصدقة ابنتك مردودة اليك ليس لها كاسب غيرك رواه ابن ماجة

باب الحب في الله ومن الله

الفصل الاول

(۱) عن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الارواح جنود مجندة فما تعارف منها ائتلف وما تناكر منها اختلف رواه البخاري ورواه مسلم

---

(۷) ترجمہ اور روایت ہے انس سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص روا کرے کوئی حاجت واسطے کسی کے امت میری سے درحالیکہ چاہتا ہے یہ کہ خوش کرے اسکو ساتھ حاجت روائی کے پس تحقیق خوش کیا اُس نے مجھ کو اور جس نے خوش کیا مجھ کو پس تحقیق خوش کیا اللہ کو اور جس نے خوش کیا اللہ کو داخل کریگا اسکو اللہ بہشت میں (۸) ترجمہ اور انہیں سے روایت ہے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص کہ فریادرسی کرے کسی مظلوم کی لکھتا ہے اللہ تعالیٰ واسطے اُسکے تہتر بخششیں ایک اُن میں سے بخشش ہے کہ اُسمیں اصلاح سب کاموں اُسکے کی ہے اور بہتر بخششیں واسطے اُسکے موجب درجات کی ہونگی دن قیامت کے (۹) ترجمہ اور روایت ہے انہی انس سے اور عبد اللہ سے کہ کہا اُن دونوں نے فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ خلق کنبا اللہ کا ہے پس بہترین خلق کا طرف اللہ کی وہ شخص ہے کہ احسان کرے طرف کنبے اللہ کی نقل کیں یہ تینوں حدیثیں بیہقی نے شعب الایمان میں (۱۰) ترجمہ اور روایت ہے عقبہ بیٹے عامر کے سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اول دو جھگڑنے والے دن قیامت کے دو ہمسایہ ہونگے روایت کی یہ احمد نے (۱۱) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ تحقیق ایک شخص نے شکایت کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سختی دل اپنے کی فرمایا پھیر تو ہاتھ یتیم کے سر پر اور کھلا مسکین کو روایت کی یہ احمد نے (۱۲) ترجمہ اور روایت ہے سراقہ بیٹے مالک کے سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا نہ آگاہ کروں میں تجھ کو اوپر بہتر صدقے کے کہ وہ صدقہ کرنا ہے اوپر بیٹی اپنی کے درحالیکہ پھیری گئی ہے طرف تیری نہیں واسطے اُس بیٹی کے کوئی کمانیوالا سوا تیرے روایت کی یہ ابن ماجہ نے

باب بیچ بیان محبت کرنے بیچ ذات خدا تعالیٰ کے اور واسطے خدا کے

فصل پہلی

(۱) ترجمہ روایت ہے عائشہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ روحیں لشکر تھے جھنڈ جھنڈ جو اُن میں ازل میں آشنا تھا وہ اس عالم میں بھی ملا ہے ہوا اور جو اُن میں وہاں بے پہچان تھا وہ یہاں بھی جدا رہا روایت کی یہ بخاری نے اور روایت کی یہ مسلم نے

ف پس تحقیق خوش کیا اُس نے مجھ کو یعنی میں خوش ہوتا ہوں بسبب خوشی اسکے اور جامع صغیر میں ہے کہ جس نے روا کی واسطے بھائی مسلمان کے ایک حاجت ہوتا ہے واسطے اسکو ثواب مانند ثواب اس شخص کے کہ حج کیا اور عمرہ کیا روایت کیا اسکو خطیب نے انس سے ﴿ظاہر حق﴾ خلق کنبا اللہ کا لکھا ہے عیال آدمی کے وہ ہیں کہ جنکو وہ پرورش کرتا ہے پس بہ نسبت غیر اللہ کی مجاز ہے اور بہ نسبت اللہ تعالیٰ کے حقیقت ہے کہ رزاق مطلق حقیقت میں وہی ہے ﴿مرقاۃ﴾ ﴿دو ہمسایہ﴾ ہونگے یعنی جو کہ ایسے ہیں کہ ہر ایک نے بہ نسبت دوسرے کے قصور کیا ہے ادائے حقوق میں انہیں اول یہ دو شخص جھگڑتے آوینگے اور یہ حدیث مقید ہے ساتھ خصومت کے اندر حقوق العباد میں اول نماز کا حساب ہوگا اور حقوق العباد میں اول خون کا ﴿مرقاۃ﴾ ﴿پھیر﴾ سر پر ہاتھ پھیرنے سے موت یاد آویگی پس غنیمت جانیگا اوقات کو اور غفلت دور ہوگی اور دل نرم ہوگا کہ قساوت قلب کا منشاء غفلت ہے ﴿مرقاۃ﴾ ﴿کہ وہ صدقہ کرنا ہے﴾ اپنے بیٹی پر کہ خدمت کرنیوالی اور کمانیوالا نہ ہو اور کوئی خبر گیر نہ ہو جا بجز تیرے گھر میں آن پڑی

عن ابی ہریرۃ (۲) وعن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ اذا احب عبدا دعا جبرئیل فقال انی احب فلانا فاحبہ قال فیحبہ جبرئیل ثم ینادی فی السماء فیقول ان اللہ یحب فلانا فاحبوہ فیحبہ اہل السماء ثم یوضع لہ القبول فی الارض واذا ابغض عبدا دعا جبرئیل فیقول انی ابغض فلانا فابغضہ قال فیبغضہ جبرئیل ثم ینادی فی اہل السماء ان اللہ یبغض فلانا فابغضوہ قال فیبغضونہ ثم یوضع لہ البغضاء فی الارض رواہ مسلم (۳) وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ تعالی یقول یوم القیمۃ این المتحابون بجلالی الیوم اظلہم فی ظلی یوم لا ظل الا ظلی رواہ مسلم (۴) وعنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان رجلا زار اخا لہ فی قریۃ اخری فارصد اللہ لہ علی مدرجتہ ملکا قال این ترید قال ارید اخا لی فی ہذہ القریۃ قال ہل لک علیہ من نعمۃ تربہا قال لا غیر انی احببتہ فی اللہ قال فانی رسول اللہ الیک بان اللہ قد احبک کما احببتہ فیہ رواہ مسلم (۵) وعن ابن مسعود قال جاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ کیف تقول فی رجل احب قوما ولم یلحق بہم فقال المرء مع من احب متفق علیہ (۶) وعن انس

ابوہریرہ سے (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق اللہ تعالیٰ جب دوست رکھتا ہے کسی بندے کو تو پکارتا ہے جبرئیلؑ کو اور فرماتا ہے کہ تحقیق میں دوست رکھتا ہوں فلانے کو پس دوست رکھ تو اسکو فرمایا حضرتؐ نے پس دوست رکھتا ہے اسکو جبرئیل پھر پکارتا ہے جبرئیلؑ آسمان میں پس کہتا ہے تحقیق اللہ تعالیٰ دوست رکھتا ہے فلانے کو پس دوست رکھو تم اسکو پس دوست رکھتے ہیں اسکو اہل آسمان پھر رکھی جاتی ہے اسکو لیے قبولیت زمین میں اور جس وقت کہ بغض رکھتا ہے اللہ تعالیٰ کسی بندے سے پکارتا ہے جبرئیل کو اور فرماتا ہے کہ تحقیق میں بغض رکھتا ہوں فلانے شخص سے تو بھی بغض رکھ اُس سے کہا پس بغض رکھتا ہے اُس سے جبرئیل پھر پکارتا ہے وہ آسمان والوں میں کہ تحقیق اللہ تعالیٰ بغض رکھتا ہے فلانے کو پس بغض رکھو اُس سے فرمایا پس بغض رکھتے ہیں اُس سے پھر رکھا جاتا ہے واسطے اُس کے بغض زمین میں روایت کی یہ مسلم نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ فرماویگا دن قیامت کے کہاں ہیں آپس میں محبت رکھنے والے واسطے تعظیم میری کے آج کے دن جگہ دونگا میں انکو بیچ سایہ اپنے کے جس دن میں کہ نہیں سایہ سوا سایہ میرے کے روایت کی یہ مسلم نے (۴) ترجمہ اور روایت ہے اُنہیں سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ تحقیق ایک شخص نے ارادہ کیا ملاقات کرنیکا اپنے بھائی مسلمان سے کہ تھا ایک اور بستی میں پس منتظر بٹھایا اللہ نے واسطے اُسکے اُسکی راہ پر ایک فرشتہ پوچھا اُس فرشتہ نے اُس شخص سے کہ کہاں جایا چاہتا ہے تو کہا اُس نے ارادہ کرتا ہوں میں اپنے بھائی کی ملاقات کا کہ وہ اس بستی میں ہے کہا اُس فرشتہ نے کیا ہے تیرے لیے اُسپر حق نعمت کا کہ واسطے طلب کرنے بدلا اُسکے کے جاتا ہے کہا کہ نہیں سوا اسکے کہ میں دوست رکھتا ہوں اسکو واسطے اللہ کے کہا فرشتہ نے کہ تحقیق میں بھیجا ہوا ہوں اللہ کا طرف تیری تا خبر دوں میں تجھ کو کہ تحقیق اللہ تعالیٰ نے دوست رکھا تجھ کو جیسے کہ دوست رکھا تو نے اسکو واسطے خدا کے روایت کی یہ مسلم نے (۵) ترجمہ اور روایت ہے ابن مسعودؓ سے کہ کہا آیا ایک شخص پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کہا یا رسول اللہ کیا فرماتے ہو اُس شخص کے لیے کہ دوست رکھتا ہے ایک قوم کو اور نہیں پہونچا انکے علم و عمل کو پس فرمایا وہ شخص ساتھ اُسکے ہے کہ دوست رکھتا ہے اسکو متفق علیہ (۶) ترجمہ اور روایت ہے انسؓ سے

ف پھر رکھی جاتی ہے اُسکے لیے قبولیت زمین میں یعنی زمین کے نیک لوگ اُسکو مقبول جانتے ہیں اور اُس سے محبت رکھتے ہیں یعنی جب کسی بندے کی محبت ظاہر کیجاتی ہے تو اُسکو آسمان اور زمین میں مشہور کر دیتا ہے تاکہ فرشتے اسکے واسطے استغفار کریں اور زمین کے لوگ اُس سے محبت رکھیں اور اُسکی قدر یقین کریں اسکے سبب ...... اور بعض ہی سبب سے گمراہ ہو لیا اکثر لوگ محبت رکھتے ہیں لیکن ایسی محبت بھی نہیں اچھی کہ عوام جاہل کرتے ہیں کہ انکو نفع اور نقصان کا مختار جانتے ہیں اور خدائی میں شریک کرتے ہیں یہ محبت نہیں حقیقت میں اُن سے عداوت ہے ۱۲ ترجمہ مشارق صفحہ ۱۵ ف کہا جن میں یعنی جس سے محبت رکھتے ہیں انکی محبت صرف خدا کی وجہ سے ہے یا واسطے دنیا اور حرص نفسانی کے سوا انکی محبت اُنکے درجہ قیامت کو ایسا عمدہ درجہ ملینگے کہ خدا کے سایہ میں ہونگے ۱۲ ترجمہ مشارق صفحہ

اَنَّ رَجُلًا قَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ مَتَی السَّاعَۃُ قَالَ وَیْلَکَ وَمَا اَعْدَدْتَّ لَھَا قَالَ مَا اَعْدَدْتُّ لَھَا اِلَّا اَنِّیْ اُحِبُّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ قَالَ اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ قَالَ اَنَسٌ فَمَا رَاَیْتُ الْمُسْلِمِیْنَ فَرِحُوْا بِشَیْءٍ بَعْدَ الْاِسْلَامِ فَرَحَھُمْ بِھَا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ (۷) وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْجَلِیْسِ الصَّالِحِ وَالسَّوْءِ کَحَامِلِ الْمِسْکِ وَنَافِخِ الْکِیْرِ فَحَامِلُ الْمِسْکِ اِمَّا اَنْ یُّحْذِیَکَ وَاِمَّا اَنْ تَبْتَاعَ مِنْہُ وَاِمَّا اَنْ تَجِدَ مِنْہُ رِیْحًا طَیِّبَۃً وَنَافِخُ الْکِیْرِ اِمَّا اَنْ یُّحْرِقَ ثِیَابَکَ وَاِمَّا اَنْ تَجِدَ مِنْہُ رِیْحًا خَبِیْثَۃً مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ **اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ** (۱) عَنْ مُّعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجَبَتْ مَحَبَّتِیْ لِلْمُتَحَابِّیْنَ فِیَّ وَالْمُتَجَالِسِیْنَ فِیَّ وَالْمُتَزَاوِرِیْنَ فِیَّ وَالْمُتَبَاذِلِیْنَ فِیَّ رَوَاہُ مَالِکٌ وَفِیْ رِوَایَۃِ التِّرْمِذِیِّ قَالَ یَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی اَلْمُتَحَابُّوْنَ فِیْ جَلَالِیْ لَھُمْ مَنَابِرُ مِنْ نُّوْرٍ یَّغْبِطُھُمُ النَّبِیُّوْنَ وَالشُّھَدَاءُ (۲) وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰہِ لَاُنَاسًا مَّا ھُمْ بِاَنْبِیَاءَ وَلَا شُھَدَاءَ یَغْبِطُھُمُ الْاَنْبِیَاءُ وَالشُّھَدَاءُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ بِمَکَانِھِمْ مِنَ اللّٰہِ قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ تُخْبِرُنَا مَنْ ھُمْ قَالَ ھُمْ قَوْمٌ تَحَابُّوْا بِرُوْحِ اللّٰہِ

کہ تحقیق ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ کب ہوگی قیامت فرمایا وای ہے تجھ کو کیا تیار کیا تونے قیامت کے لیے کہا اُس نے کہ نہین تیار کیا مینے اُسکے لیے کچھ مگر یہ کہ دوست رکھتا ہون مین خدا اور رسول خدا کو فرمایا تو ساتھ اُسکے ہے کہ دوست رکھتا ہی تو کہا انس رضی نے پس نہین دیکھا مینے مسلمانون کو کہ خوش ہوئے ہون ساتھ کسی چیز کے پیچھے اسلام کے مانند خوش ہونے اُنکے کی ساتھ اس کلمہ کے متفق علیہ (۷) ترجمہ اور روایت ہی ابو موسیٰ سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مثل ہمنشین نیک اور بد کی مانند اُٹھانیوالے مُشک کی ہے اور پھونکنے والی دھونکنی کی ہے پس اُٹھانیوالا مشک کا یا دیگا تجھکو مشک مفت اور یا خریدیگا تو اُس سے اور یا پاویگا تو اُس سے خوشبوئی اچھی اور پھونکنے والا بھٹی کا یا جلادیگا کپڑے تیرے یا پاویگا تو اُس سے ہوا بد نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **فصل دوسری** (۱) ترجمہ روایت ہی معاذ بن جبل سے کہ کہا سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ فرماتا ہے اللہ تعالیٰ لازم ہوئی ہے محبت میری واسطے محبت کرنیوالون کے آپس مین سبب میرے اور واسطے بیٹھنے والون کے سبب میرے اور واسطے ملاقات کرنیوالون کے میری رضا کے لیے اور واسطے مال خرچ کرنے والون کے میری رضا مین روایت کی یہ مالک نے اور بیچ روایت ترمذی کے ہی کہ فرمایا حضرت نے کہ فرماتا ہے اللہ تعالیٰ کہ محبت کرنیوالے آپس مین سبب جلال میرے کے ہونگے اُنکے لیے منبر نور کے کہ رشک کرینگے اُنپر نبی اور شہید (۲) ترجمہ اور روایت ہی عمر سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بندگان خدا سے البتہ آدمی ہین کہ نہین وہ نبی اور نہ شہید رشک لیجاوینگے اُنپر انبیا اور شہدا دن قیامت کے سبب مرتبہ ان کے کے نزدیک خدا کے رکھین گے غرض کیا اصحاب نے یا رسول اللہ خبر دو ہمکو کہ کون ہونگے وہ فرمایا وہ قوم ہین کہ محبت رکھتے ہین آپسمین سبب روح خدا کے

ملہ تو ساتھ اُسکے ہے الخ معلوم ہوا کہ انبیا اور اولیا کی صادق محبت نجات کا عمدہ وسیلہ ہی اور یہ بھی اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ کفار اور فجار کی محبت شقاوت کی علامت ہی اس واسطے کہ ہر شخص کا حشر اپنے دوست کے ساتھ ہوگا ۱۲ ترجمہ مشارق صفحہ ۲۷۴ ملہ مانند اُٹھانے والے مشک کی الخ اس حدیث مین رغبت دلائی ہے اور صحبت اور ہمنشینی صلحا اور علما کے کہ نفع دیتی ہے دنیا اور آخرت مین اور منع کیا صحبت اشرار اور فساق سے کہ ضرر کرتی ہے دین و دنیا مین ۱۲ ملہ اور واسطے بیٹھنے والون کے سبب میرے یعنی تنہا میری کے ملہ رشک کرینگے الخ مراد رشک سے یہان اچھا جاننا اور ثنا ہے نہ حقیقت معنی اُسکے کہ طلب کرنا مثل اُس چیز کے کہ جسے رشک کرتے ہین یعنی انبیا اور اولیا اُنپر رشک کرتے ہین ۱۲ مظاہر حق ملہ البتہ آدمی ہین یعنی جماعت عظیم ہے اولیا سے ۱۲ ملہ بسبب روح خدا کے کہ قرآن ہے اور تعبیر کی عبادت قرآن سے ساتھ روح کے ہے حیات دلون کی ساتھ قرآن کے ہے اور دوست رکھنا بسبب قرآن کے یا تو اس اعتبار سے ہے کہ جہت جامع اور باعث محبت اُن کے کا قرآن ہے یعنی دین اسلام اور غرض یا باین اعتبار کہ قرآن باعث اور حکم کرنے والا ہے ساتھ محبت مومنین کے آپس مین ۱۲ مظاہر حق

عَلٰی غَیْرِ اَرْحَامٍ بَیْنَہُمْ وَلَا اَمْوَالٍ یَتَعَاطَوْنَہَا فَوَاللّٰہِ اِنَّ وُجُوْہَہُمْ لَنُوْرٌ وَاِنَّہُمْ لَعَلٰی نُوْرٍ لَا یَخَافُوْنَ اِذَا خَافَ النَّاسُ
وَلَا یَحْزَنُوْنَ اِذَا حَزِنَ النَّاسُ وَقَرَأَ ہٰذِہِ الْاٰیَۃَ اَلَا اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْہِمْ وَلَا ہُمْ یَحْزَنُوْنَ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤٗدَ
وَرَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ عَنْ اَبِیْ مَالِکٍ بِلَفْظِ الْمَصَابِیْحِ مَعَ زَوَائِدَ وَکَذَا فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ (۳) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ
قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِاَبِیْ ذَرٍّ یَا اَبَا ذَرٍّ اَیُّ عُرَی الْاِیْمَانِ اَوْثَقُ قَالَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ قَالَ الْمُوَالَاۃُ فِی اللّٰہِ
وَالْحُبُّ فِی اللّٰہِ وَالْبُغْضُ فِی اللّٰہِ رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ (۴) وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
قَالَ اِذَا عَادَ الْمُسْلِمُ اَخَاہُ اَوْزَارَہٗ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی طِبْتَ وَطَابَ مَمْشَاکَ وَتَبَوَّأْتَ مِنَ الْجَنَّۃِ مَنْزِلًا رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ
وَقَالَ ہٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ (۵) وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِیْکَرِبَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَحَبَّ الرَّجُلُ اَخَاہُ فَلْیُخْبِرْہُ
اَنَّہٗ یُحِبُّہٗ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ (۶) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ بِالنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَہٗ نَاسٌ فَقَالَ رَجُلٌ
مِمَّنْ عِنْدَہٗ اِنِّیْ لَاُحِبُّ ہٰذَا لِلّٰہِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَعْلَمْتَہٗ قَالَ لَا قَالَ قُمْ اِلَیْہِ فَاَعْلِمْہُ فَقَامَ اِلَیْہِ فَاَعْلَمَہٗ
فَقَالَ اَحَبَّکَ الَّذِیْ اَحْبَبْتَنِیْ لَہٗ قَالَ ثُمَّ رَجَعَ فَسَاَلَہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

حالانکہ محبت انکی وہ ہوگی بغیر ناتے کے کہ درمیان انکے ہو
اور بغیر مال کے کہ داد و ستد کرتے ہیں انکو آپس میں پس قسم اللہ کی کہ منہ انکے البتہ نورانی ہونگے اور تحقیق وہ نور کے منبروں پر ہونگے نہ ڈرینگے
جس وقت کہ ڈرینگے لوگ اور نہ غمگین ہونگے جبکہ غمگین ہونگے لوگ اور پڑہی حضرتؐ نے یہ آیت خبردار ہو تحقیق دوست خدا کے نہیں ڈر انپر
اور نہ وہ غمگین ہونگے روایت کی یہ ابوداؤد نے اور روایت کی یہ بغوی نے شرح السنہ میں ابومالکؓ سے ساتھ لفظ کہ مصابیح میں مذکور ہے
ساتھ اور زیادتیوں کی اور اسیطرح روایت کی ہے بیہقی نے شعب الایمان میں (۳) ترجمہ اور روایت ہے ابن عباسؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے ابوذرؓ کے اے ابوذرؓ کونسی دستاویز ایمان کی مضبوط تر ہے کہا ابوذرؓ نے اللہ اور رسول اُسکا دانا تر ہے فرمایا دوستی
کرنی آپس میں بسبب اللہ کے اور دوست رکھنا کسی کو بسبب خدا کے اور بغض رکھنا اللہ کی راہ میں روایت کی یہ بیہقی نے شعب الایمان میں (۴)
ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کہ عیادت کرتا ہے مسلمان بھائی اپنے کی یا اسکو دیکھنے کو جاتا
ہے فرماتا ہے اللہ تعالی خوش ہوئی زندگانی تیری اور خوش ہوا چلنا تیرا اور پکڑی تونے بہشت سے ایک جگہ بڑی روایت کی یہ ترمذی
نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے (۵) ترجمہ اور روایت ہے مقدادؓ بیٹے معدیکرب کے سے اُس نے روایت کی نبی صلعم سے کہ فرمایا جس وقت کہ دوست رکھے شخص اپنے
بھائی مسلمان کو پس چاہیے کہ خبر کردے وہ شخص اُس مسلمان کو کہ وہ دوست رکھتا ہے اسکو روایت کی یہ ابوداؤد اور ترمذی نے (۶) ترجمہ اور روایت ہے
انسؓ سے کہ کہا گزرا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اُس حال میں کہ نزدیک حضرتؐ کے تھے کتنے ایک شخص پس کہا ایک شخص نے اُن
لوگوں میں سے کہ حضرتؐ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے تحقیق میں البتہ دوست رکھتا ہوں اِس شخص کو کہ گزرا واسطے خدا کے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ
وسلم نے کیا خبردار کیا تونے اُس شخص کو کہا اُسنے کہ نہیں فرمایا کہ اٹھ اور جا طرف اسکی اور خبردار کر تو اسکو پس اٹھا وہ اور گیا طرف اُسکی اور خبردار
کیا اسکو پس کہا اُس شخص نے دوست رکھے تجھ کو وہ کہ دوست رکھا تونے مجھ کو واسطے اُسکے کہا انسؓ نے پھر پھر آیا وہ شخص پس پوچھا اُس سے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

لہ پڑہی حضرتؐ نے یہ آیت استشہاد اور ثابت کرنے ولایت کے انکی کیلیے اور واسطے نفی خوف و حزن کے انکی سے ۱۲ حق ۲ اور اسی
طرح روایت کی بیہقی نے انہیں یعنے ساتھ زیادتیوں کے ۱۲ ۳ دوست آویز ایمان کی یعنی شعب ایمان کا ۱۲ حق ۴ اور دوست رکھنا اللہ یعنے اگرچہ ایک طرف سے
ہو مانند دوست رکھنے بیمار کے بعض اُن اولیاء اللہ کو کہ نہیں دیکھا ہے جنہیں انکو ۱۲ حق ۵ فرماتا ہے اللہ تعالی یعنے بلا واسطے یا زبانی ملائکہ کی ۱۲ حق ۶ خوش
ہوئی یعنے دنیا اور آخرت میں ۷ خوش ہوا ہے چلنا تیرا کہ یہاں آیا اور ہر قدم پر ثواب کمایا تونے ۱۲ حق ۸ پس چاہیے کہ خبر کرے اسکو الخ ہمیں ایسے کہ جسمیں کہ
تو وہ بھی اسکو دوست رکھیگا اور حقوق محبت کے ادا کریگا ۱۲ ۹ اس شخص کو یعنے کہ دوست رکھتا ہے تو اسکو ۱۲ ۱۰ خبردار کیا اسکو کہ میں دوست رکھتا ہوں تجھ کو
۱۱ کہا اس شخص نے یعنے دعا دی ۱۲ ۱۲ واسطے اسکے یعنے اللہ تعالی کے ۱۲

فاخبرہ بما قال فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم انت مع من احببت ولک ما احتسبت رواہ البیہقی فی شعب الایمان وفی روایۃ الترمذی المرء مع من احب ولہ ما اکتسب (۷) وعن ابی سعید انہ سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا تصاحب الا مؤمنا ولا یاکل طعامک الا تقی رواہ الترمذی وابو داؤد والدارمی (۸) وعن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المرء علی دین خلیلہ فلینظر احدکم من یخالل رواہ احمد والترمذی وابو داؤد والبیہقی فی شعب الایمان وقال الترمذی ہذا حدیث حسن غریب وقال النووی اسنادہ صحیح (۹) وعن یزید بن نعامۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا آخی الرجل الرجل فلیسالہ عن اسمہ واسم ابیہ وممن ہو فانہ اوصل للمودۃ رواہ الترمذی **الفصل الثالث** (۱) عن ابی ذر قال خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اتدرون ای الاعمال احب الی اللہ تعالی قال قائل الصلوۃ والزکوۃ وقال قائل الجہاد قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان احب الاعمال الی اللہ تعالی الحب فی اللہ والبغض فی اللہ رواہ احمد وروی ابو داؤد الفصل الاخیر (۲) وعن ابی امامۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما احب عبد عبدا للہ الا اکرم ربہ

پس خبر دی اُس نے حضرتؐ کو ساتھ اُس چیز کے کہ کہی تھی اُس نے پس فرمایا حضرتؐ نے کہ تو ساتھ اُس شخص کے ہوگا کہ دوست رکھتا ہے تو اُسکو اور تیرے لیے ہے اجر اُس چیز کا کہ نیت کی تو نے روایت کی یہ بیہقی نے شعب الایمان میں اور بیچ روایت ترمذی کی یہ لفظ آئے ہیں کہ مرد ساتھ اُس شخص کے ہوگا کہ دوست رکھتا ہے اُسکو اور اُسکے لیے ہے اجر اُس چیز کا کہ کسب کیا (۷) ترجمہ اور روایت ہے ابو سعیدؓ سے اُس نے سنا نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے یاری مت کر مگر مسلمان سے اور نہ کھاوے کھانا تیرا مگر پرہیزگار روایت کی یہ ترمذی اور ابو داؤد اور دارمی نے (۸) ترجمہ اور روایت ہے ابو ہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ آدمی جو ہوتا ہے اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے پس چاہیے کہ دیکھے ایک تمہارا کہ کس سے دوستی کرتا ہے روایت کی یہ ترمذی اور ابو داؤد اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن غریب ہے اور کہا نووی نے کہ اسناد اسکی صحیح ہے (۹) ترجمہ اور روایت ہے یزید بن نعامہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ بھائی چارہ کرے کوئی شخص کسی سے پس چاہیے کہ پوچھے اُس سے نام اُسکا اور نام باپ اُسکا اور پوچھے کہ کس قبیلہ میں سے ہے اسلیے کہ یہ پوچھنا بہت پیوند دینے والا ہے واسطے دوستی کے روایت کی یہ ترمذی نے **فصل تیسری** (۱) ترجمہ روایت ہے ابو ذرؓ سے کہ کہا ابو ذرؓ نے کہ نکلے ہم پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کہ کیا جانتے ہو تم کہ کونسا عمل بہت پیارا ہے طرف اللہ تعالی کی کہا ایک کہنے والے نے نماز یا زکوۃ اور کہا ایک کہنے والے نے جہاد فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بہت پیارا عمل طرف اللہ تعالی کی دوستی ہے بیچ راہ خدا کے اور بغض بیچ راہ خدا کے روایت کی یہ احمد نے اور روایت کی ابو داؤد نے فصل اخیر (۲) ترجمہ اور روایت ہے ابو امامہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں دوست رکھا کسی بندہ نے کسی بندہ کو مگر کہ تعظیم کی اُس نے اپنے پروردگار کی

ف نیت کی تو نے واسطے خدا کے بیچ محبت رکھنے اسکے کے بلکہ ہر عمل میں ۱۲ حق ف کہ کسب کیا یعنی ثواب کے ۱۲ ف اور نہ کھاوے کھانا تیرا مگر پرہیزگار یعنے چاہیے کہ طعام تیرا وجہ حلال سے ہو تا قابل کھلانے متقیوں کے ہو اور چاہیے کہ پرہیزگاروں کو کھلاوے تا کہ اُنکو اُس سے قوت عبادت کی ہو نہ غیر اُنکے کو کہ اُنکو قوت گناہ کی ہو اور یہ شرط طعام دعوت میں ہے طعام حاجت میں اسلیے کہ واسطے دفع بھوک کے کافر کو بھی دینا جائز ہے ۱۲ لمعات ف اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے یعنے غالبا ۱۲ ف پس چاہیے کہ دیکھے کہ فرمایا اللہ تعالی نے یا ایہا الذین امنوا اتقوا اللہ وکونوا مع الصادقین کہا امام غزالی نے کہ ہمنشینی اور مخالطت حریص کی باعث ہوتی ہے حرص کی اور ہمنشینی اور مخالطت زاہد کی بے رغبت کرتی ہے دنیا سے اسلیے کہ غیر کی پیروی کرنا فطرتی بات ہے ف فرمایا کہ یہاں ایک اشکال وارد ہوتا ہے کہ کیونکر حب فی اللہ اور بغض فی اللہ محبوب ترہے نماز اور زکوۃ وغیرہ سے حالانکہ افضل اعمال میں علی الاطلاق جواب ہے کہ جو کوئی محبت رکھتا ہو محبت دکھلا دینیوں اور دینیوں سے اور ضرور اُنکی تابعداری کریگا اور جو کوئی دشمنی رکھیگا واسطے خدا کے دشمن جانیگا دشمنان دین کو اور کوشش کریگا اُنکے جہاد میں پس بیان سب طاعتیں نماز زکوۃ جہاد وغیرہ داخل ہیں اُن میں کوئی چیز باہر نہیں ۱۲ لمعات ف ق غسل اخیر

عزوجل رواه احمد (۳) وعن اسماء بنت يزيد انها سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الا انبئكم بخياركم قالوا
بلى يا رسول الله قال خياركم الذين اذا رءوا ذكر الله رواه ابن ماجة (۴) وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى
الله عليه وسلم لو ان عبدين تحابا في الله عزوجل واحد في المشرق واخر في المغرب لجمع الله بينهما يوم القيمة يقول هذا
الذي كنت تحبه فيّ (۵) وعن ابي رزين انه قال له رسول الله صلى الله عليه وسلم الا ادلك على ملاك هذا الامر الذي
تصيب به خير الدنيا والاخرة عليك بمجالس اهل الذكر واذا خلوت فحرك لسانك ما استطعت بذكر الله واحب
في الله وابغض في الله يا ابا رزين هل شعرت ان الرجل اذا خرج من بيته زائرا اخاه شيعه سبعون الف
ملك كلهم يصلون عليه ويقولون ربنا انه وصل فيك فصله فان استطعت ان تعمل جسدك في ذلك فافعل
(۶) وعن ابي هريرة قال كنت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان في الجنة لعمدا من
ياقوت عليها غرف من زبرجد لها ابواب مفتحة تضئ كما يضئ الكوكب الدري فقالوا يا رسول الله من
يسكنها قال المتحابون في الله والمتجالسون في الله والمتلاقون في الله روى البيهقي الاحاديث الثلاثة في

عزوجل کی روایت کی یہ احمد نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے اسماء بیٹی یزیدؓ کی سے کہ تحقیق اُسنے سنا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے کیا نہ
خبر دوںؑ میں تمکو کہ بہترین تمہارے کون ہیں کہا اُنہوں نے ہاں خبر دیجیے ای رسول اللہ کے فرمایا بہترین تمہارے وہ لوگ ہیں کہ جب دیکھے جاویں
یاد کیا جاوے اللہ روایت کی یہ ابن ماجہ نے (۴) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر تحقیق دو بندے
محبت رکھیں آپس میں واسطے خدائے عزوجل کے ایک مشرق میں ہو اور دوسرا مغرب میں البتہ جمع کریگا اللہ تعالی درمیان اُن دونوں کے
دن قیامت کے فرماویگا یہ بندہ وہ ہے کہ تھا تو محبت رکھتا اُس سے بسبب میرے (۵) ترجمہ اور روایت ہے ابورزینؓ سے کہ تحقیق شان
یہ ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابورزینؓ کو آیا نہ آگاہ کروں میں تجھ کو اوپر خلاصہ اس امر دین کے کہ ہووے پہنچے تو بسبب اُسکے بھلائی
دنیا اور آخرت کی کو وہ یہ چیزیں ہیں لازم کر اپنے پر بیٹھنا اہل ذکر کی مجلسوں میں اور جب تنہا بیٹھے تو پس ہلا زبان اپنی جب تک کہ
ہو سکے ساتھ ذکر اللہ کے اور دوست رکھ واسطے اللہ کے اور دشمن رکھ واسطے اللہ کے ای ابورزین آیا جانا تونے کہ تحقیق آدمی جس وقت نکلتا ہے
اپنے گھر سے بقصد ملاقات اپنے بھائی مسلمان کے پیچھے پیچھے اُسکے ہوتے ہیں ستر ہزار فرشتے سب دعا و استغفار کرتے ہیں اُسکے لیے اور کہتے ہیں
ای پروردگار ہمارے تحقیق اس شخص نے ملاپ کیا واسطے تیرے پس ملا اسکو ساتھ رحمت اور مغفرت اپنی کے پس اگر طاقت رکھے تو یہ کہ کام میں لاوے
تو اپنے بدن کو اس میں پس کر (۶) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا تھا میں ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بہشت میں البتہ ستون ہیں یاقوت کے اُنپر بالاخانے ہیں زمرد کے اُنکو دروازے ہیں کھلے ہوئے چمکتے ہیں
وہ بالاخانے اور دروازے اُنکے جیسے چمکتے ہیں ستارے روشن کہا صحابہؓ نے یا رسول اللہ کون ہیں کہ اُن میں فرمایا وہ لوگ کہ محبت
رکھتے ہیں آپس میں واسطے اللہ کے اور ہمنشینی کرتے ہیں واسطے اللہ کے اور ملاقات کرتے ہیں آپس میں واسطے اللہ کے روایت کیں بیہقی نے یہ
تینوں حدیثیں بیچ

ف۱ مطلب اس حدیث سے یہ ہے کہ ایسے لوگ محبت اور صحبت کے لائق ہیں جنکی صحبت میں تاثیر ہو ۱۲ ف۲ ایک مشرق میں ہو اور دوسرا
مغرب میں یعنی فاصلہ ۱۲ ف۳ جمع کریگا الخ یعنی واسطے شفاعت ایک کے یا جنت میں بطریق مصاحبت کے ۱۲ ف۴ فرماویگا یعنی زبانی فرشتے کی یا بلا واسطہ ہر ایک کو
اُن دونوں میں سے ۱۲ ف۵ بیٹھنا الخ یعنی ذکر کے لیے ۱۲ مظاہر حق ف۶ پس ہلا الخ یعنی لوگوں میں اور تنہا ذکر کر بارہ ۱۲ ف۷ اور دوست رکھ واسطے اللہ تعالے کے
یعنی جسکو دوست رکھے تو ۱۲ ف۸ اور دشمن رکھ تو واسطے اللہ تعالے کے یعنی جسکو دشمن رکھے تو ۱۲ حق ف۹ اس میں یعنے جو ذکر کیا گیا
ف۱۰ اس حدیث سے حب فی اللہ اور بغض فی اللہ کی بڑی فضیلت ثابت ہوئی ۱۲

شعب الایمان **باب** ما ینھی عنہ من التھاجر والتقاطع واتباع العورات **الفصل الاول** (۱) عن ابی ایوب الانصاری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یحل للرجل ان یھجر اخاہ فوق ثلث لیال یلتقیان فیعرض ھذا ویعرض ھذا وخیرھما الذی یبدأ بالسلام متفق علیہ (۲) **وعن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایاکم والظن فان الظن اکذب الحدیث ولا تحسسوا ولا تجسسوا ولا تناجشوا ولا تحاسدوا ولا تباغضوا ولا تدابروا وکونوا عباد اللہ اخوانا وفی روایۃ ولا تنافسوا متفق علیہ (۳) **وعنہ** قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تفتح ابواب الجنۃ یوم الاثنین ویوم الخمیس فیغفر لکل عبد لا یشرک باللہ شیئا الا رجل کانت بینہ وبین اخیہ شحناء فیقال انظروا ھذین حتی یصطلحا رواہ مسلم (۴) **وعنہ** قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تعرض اعمال الناس فی کل جمعۃ مرتین یوم الاثنین ویوم الخمیس فیغفر لکل عبد مؤمن الا عبدا بینہ وبین اخیہ شحناء فیقال اترکوا ھذین حتی یفیئا رواہ مسلم (۵) **وعن** ام کلثوم بنت عقبۃ بن ابی معیط قالت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لیس الکذاب الذی یصلح بین الناس

شعب الایمان کے **باب** بیچ اُس چیز کا کہ منع کیا گیا ہے اُس سے چھوڑنے ملاقات کے سے اور کاٹنے دوستی کے سے اور ڈھونڈنے عیبوں کے سے **فصل پہلی** (۱) **ترجمہ** روایت ہے ابو ایوب انصاری سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں حلال[1] واسطے کسی شخص کے یہ کہ ترک ملاقات کرے اپنے بھائی مسلمان سے زیادہ تین دن سے کہ ملیں دونوں پھیر لے منہ یہ ایک طرف اور منہ پھیر لیوے وہ دوسری طرف اور بہتر ان دونوں کا وہ ہے کہ ابتدا کرے ساتھ سلام کے متفق علیہ (۲) **ترجمہ** اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بچو[2] تم گمان بد سے اسلیے کہ گمان بد دروغ ترین باتوں کا ہے اور نہ معلوم کرو خبر کو اور نہ جاسوسی کرو اور مت لاڑ یا بیچ کرو اور حسد[3] نہ کرو آپس میں اور نہ بغض رکھو آپس میں اور نہ غیبت کرو آپس میں اور ہو و بندے اللہ کے بھائی اور ایک روایت میں ہے اور نہ حرص کرو متفق علیہ (۳) **ترجمہ** اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کھولے جاتے ہیں دروازے[4] بہشت کے دن پیر کے اور دن جمعرات کے پس بخشش کیجاتی ہے واسطے ہر بندے کے کہ نہ شریک کرتا ہو ساتھ اللہ کے کسی کو مگر وہ شخص کہ ہے درمیان اسکے اور درمیان کسی مسلمان بھائی اُسکے کے کینہ پس کہا جاتا ہے مہلت دو ان دونوں کو یہانتک کہ صلح کریں آپس میں نقل کی یہ مسلم نے (۴) **ترجمہ** اور روایت ہے اُنہیں سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کیے جاتے ہیں عمل لوگوں کے ہر ہفتہ میں دو بار دن پیر کے اور دن جمعرات کے پس بخشش کیجاتی ہے واسطے ہر بندے مومن کے مگر وہ بندہ کہ ہو درمیان اسکے اور درمیان بھائی مسلمان اُسکے کے دشمنی پس کہا جاتا ہے کہ چھوڑ دو ان دونوں کو یہانتک کہ باز آویں دشمنی سے نقل کی یہ مسلم نے (۵) **ترجمہ** اور روایت ہے ام کلثوم بیٹی عقبہ بن ابی معیط کی سے کہ کہا سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے نہیں جھوٹا[5] وہ شخص کہ اصلاح کرے درمیان لوگوں کے

ف۱ نہیں حلال واسطے کسی شخص کے الخ یعنے اگر معاملہ دنیاوی میں کسی مسلمان سے رنج ہو جاوے تو تین روز تک ترک ملاقات درست ہے تین دن سے زیادہ رنج رکھنا اور ملاقات اور سلام کلام چھوڑنا حلال نہیں اور اگر دین کے سبب سے رنج ہوا ہے تو تین دن سے زیادہ بھی چھوڑنا درست ہے چنانچہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پچاس دن جہاد کے پیچھے رہ جانے والوں سے نہ بولے تھے اور اسیطرح باپ کو بیٹے سے نہ بولنا اور خاوند کو جورو سے نہ بولنا واسطے ادب کے تین دن سے زیادہ بھی درست ہے ترجمہ مشارق لحنہ۔ ف۲ بچو تم گمان بد سے یعنے بتحقیق بعض اندر گمان بد کسی مسلمان سے بدظن ہونا نہایت بد اصل بات ہے۔ ف۳ حسد کے معنے ہیں آرزو کرنی زوال نعمت غیر ظالم کی اور چاہے کہ جاتی رہے یہ نہایت حرام ہے اور اکثر خلق اسی رنج اور بلا میں مبتلا ہے گویا حسد کرنا اللہ خدا سے غصے ہونا ہے ترجمہ مشارق ف۴ اور کہلنا دروازوں کا علامت معافی کی ہے اور ظاہر یہ ہے کہ مغفرت ہر ایک کی موقوف ہے انکی صفائی پر اور زوال عداوت پر برابر ہے کہ دوسرا صاف ہوا یا نہ ہوا ترجمہ مشارق ف۵ نہیں جھوٹا وہ شخص الخ یعنے ہر چند جھوٹ حرام ہے لیکن بہ نیت اصلاح کے دروغ مصلحت آمیز بہ از راستی فتنہ انگیز ترجمہ مشارق

يَقُولُ خَيْرًا أَوْ يَنْمِي خَيْرًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَزَادَ مُسْلِمٌ قَالَتْ وَلَمْ أَسْمَعْهُ تَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرَخِّصُ فِي شَيْءٍ مِمَّا يَقُولُ النَّاسُ كَذِبٌ إِلَّا فِي ثَلٰثٍ الْحَرْبُ وَالْإِصْلَاحُ بَيْنَ النَّاسِ وَحَدِيثُ الرَّجُلِ امْرَأَتَهُ وَحَدِيثُ الْمَرْأَةِ زَوْجَهَا وَذُكِرَ حَدِيثُ جَابِرٍ إِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ أَيِسَ فِي بَابِ الْوَسْوَسَةِ

اَلْفَصْلُ الثَّانِي

(۱) عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيدَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ الْكَذِبُ إِلَّا فِي ثَلٰثٍ كَذِبُ الرَّجُلِ امْرَأَتَهُ لِيُرْضِيَهَا وَالْكَذِبُ فِي الْحَرْبِ وَالْكَذِبُ لِيُصْلِحَ بَيْنَ النَّاسِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ (۲) وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَكُونُ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ مُسْلِمًا فَوْقَ ثَلٰثَةٍ فَإِذَا لَقِيَهُ سَلَّمَ عَلَيْهِ ثَلٰثَ مِرَارٍ كُلُّ ذٰلِكَ لَا يَرُدُّ عَلَيْهِ فَقَدْ بَاءَ بِإِثْمِهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ (۳) وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ فَمَنْ هَجَرَ فَوْقَ ثَلٰثٍ فَمَاتَ دَخَلَ النَّارَ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ (۴) وَعَنْ أَبِي خِرَاشٍ السُّلَمِيِّ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ هَجَرَ أَخَاهُ سَنَةً فَهُوَ كَسَفْكِ دَمِهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ (۵) وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ لِمُؤْمِنٍ أَنْ يَهْجُرَ مُؤْمِنًا فَوْقَ ثَلَاثٍ فَإِنْ مَرَّتْ بِهِ ثَلٰثٌ فَلْيَلْقَهُ فَلْيُسَلِّمْ عَلَيْهِ فَإِنْ رَدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ

اور کہے نیک بات اور پہنچاوے نیک بات متفق علیہ اور زیادہ کیا مسلم نے کہ کہا ام کلثوم نے اور نہیں سنا میں نے انکو مراد رکھتی تھیں ام کلثوم پیغمبر سے یعنی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ رخصت دی ہو بیچ کسی چیز کے اُن چیزوں میں سے کہ کہتے ہیں لوگ واسطے انکے حق میں کہ وہ جھوٹ ہیں مگر بیچ تین چیزوں کے ایک تو لڑائی میں اور دوسرے صلح کروانے میں درمیان لوگوں کے اور تیسرے بات کرنے مرد کے بیچ اپنی بیوی کے اور بات کرنی بیوی کے بیچ اپنے خاوند سے اور ذکر کی گئی حدیث جابرؓ کی کہ مراد اُسکا یہ ہے ان الشیطان قد ایس بیچ باب الوسوسہ کے

فصل دوسری (۱) ترجمہ روایت ہے اسماء بیٹی یزید کی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں حلال ہے جھوٹ بولنا مگر بیچ تین جگہ کے جھوٹ بولنا مرد کا اپنی عورت سے تا کہ راضی کرے اُسکو اور جھوٹ بولنا بیچ لڑائی کافروں کے اور جھوٹ بولنا اسلیے کہ صلح کرے درمیان لوگوں کے روایت کی یہ احمد اور ترمذی نے (۲) ترجمہ اور روایت ہے عائشہؓ سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں لائق واسطے مسلمان کے یہ کہ ترک ملاقات کرے دوسرے مسلمان سے زیادہ تین دن سے پس جسوقت کہ ملاقات کرے اُس سے اُس حال میں یہ کہ سلام علیک کہے واسطے اُس کے تین بار کہ ہر بار نہ جواب دے اُسکو دوسرا شخص پس تحقیق پھرا وہ ساتھ گناہ اُس کے کے روایت کی یہ ابوداؤد نے (۳) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حلال نہیں ہے واسطے مسلمان کے یہ کہ ترک کرے ملاقات اپنے بھائی مسلمان سے زیادہ تین دن سے پس جو شخص کہ چھوڑے ملاقات زیادہ تین دن سے پھر مر جاوے داخل ہوگا بیچ آگ میں روایت کی یہ احمد اور ابوداؤد نے (۴) ترجمہ اور روایت ہے ابو خراش سلمیؓ سے کہ سنا اس نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے جو شخص کہ ترک کرے ملاقات اپنے بھائی مسلمان کی برس روز پس مانند خون کرنے اُسکی ہے نقل کی یہ ابوداؤد نے (۵) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں حلال ہے واسطے مومن کے کہ ترک کرے ملاقات کسی مومن سے زیادہ تین دن سے پس اگر گزریں تین دن تو چاہیے کہ ملے اُس سے اور سلام علیک کرے اُس سے پس اگر جواب دیا اُس نے اُسکے سلام کا

ملہ اور پہنچاوے نیک بات دونوں کو یعنے جو کہ سنی ہو اُن سے مثلاً کہے کہ فلانا سلام کہتا تھا تجکو اور دوست کہتا ہے اور لڑائی میں جھوٹ یہ کہ ایسی باتیں کہے کہ دشمن کو فریب کیا جاوے اگرچہ خلاف واقع ہو مثلاً کہے کہ لشکر ہمارا بہت ہے اور مدد انکی بہت آتی ہے اور میاں بی بی کا جھوٹ بولنا یہ کہ ہر ایک دوسرے سے اظہار محبت کرے زیادہ واقع سے "لمعات" ملہ تحقیق وہ پھرا ساتھ گناہ اُسکے یعنے جسنے کہ جواب نہ دیا پھرا وہ ساتھ گناہ ترک ملاقات کے یعنے سلام کرنیوالا گناہ ترک ملاقات سے باہر آگیا اور گناہ جواب نہ دینے والے کی گردن پر رہا بلکہ گناہ سلام کرنیوالے کا بھی اُسکی گردن پر ہوا کہ جواب سلام کا نہ دیا "لمعات" ملہ پھر مر جاوے یعنے اسی حالت میں بغیر توبہ کے ملہ مانند خون کرنے اُسکی یعنے گناہ ترک ملاقات کا اور خون کرنیکا قریب قریب ہے "حرز" ملہ تو چاہیے کہ ملے اُس سے یعنے جس سے کہ ملاقات ترک کی ہے "حرز"

فَقَدِ اشْتَرَكَا فِی الْاَجْرِ وَاِنْ لَّمْ یَرُدَّ عَلَیْهِ فَقَدْ بَآءَ بِالْاِثْمِ وَخَرَجَ الْمُسْلِمُ مِنَ الْهِجْرَةِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ (۶) وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَآءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَفْضَلَ مِنْ دَرَجَةِ الصِّیَامِ وَالصَّدَقَةِ وَالصَّلٰوةِ قَالَ قُلْنَا بَلٰی قَالَ اِصْلَاحُ ذَاتِ الْبَیْنِ وَفَسَادُ ذَاتِ الْبَیْنِ هِیَ الْحَالِقَةُ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ (۷) وَعَنِ الزُّبَیْرِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَبَّ اِلَیْكُمْ دَآءُ الْاُمَمِ قَبْلَكُمُ الْحَسَدُ وَالْبَغْضَآءُ هِیَ الْحَالِقَةُ لَا اَقُوْلُ تَحْلِقُ الشَّعْرَ وَلٰكِنْ تَحْلِقُ الدِّیْنَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ (۸) وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِیَّاكُمْ وَالْحَسَدَ فَاِنَّ الْحَسَدَ یَاْكُلُ الْحَسَنَاتِ كَمَا تَاْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ (۹) وَعَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِیَّاكُمْ وَسُوْٓءَ ذَاتِ الْبَیْنِ فَاِنَّهَا الْحَالِقَةُ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ (۱۰) وَعَنْ اَبِیْ صِرْمَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ ضَارَّ ضَارَّ اللّٰهُ بِهٖ وَمَنْ شَاقَّ شَاقَّ اللّٰهُ عَلَیْهِ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ (۱۱) وَعَنْ اَبِیْ بَكْرِ الصِّدِّیْقِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَلْعُوْنٌ مَنْ ضَارَّ مُؤْمِنًا اَوْ مَكَرَ بِهٖ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ (۱۲) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ صَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَنَادٰی بِصَوْتٍ رَفِیْعٍ

پس تحقیق شریک ہوے دونوں ثواب میں اور اگر جواب نہ دیا اُسنے سلام کا پس تحقیق پھرا ساتھ گناہ کے اور نکلا سلام کرنیوالا ترک ملاقات کے گناہ سے روایت کی یہ ابوداؤد نے (۶) ترجمہ اور روایت ہے ابودرداء سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ خبر دوں میں تمکو ساتھ اُس عمل کے کہ افضل ہے درجہ روزہ اور ثواب صدقہ اور نماز کے سے کہا ابودرداءؓ نے کہ کہا ہمنے فرمایے فرمایا صلح کروانی درمیان دو شخصوں کے اور فساد ڈالنا درمیان دو شخصوں کے وہ ہی مونڈنیوالی خصلت ہے نقل کی یہ ابوداؤد اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث صحیح ہے (۷) ترجمہ اور روایت ہی زبیرؓ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ آئی ہے طرف تمہاری بیماری امتوں کی کہ پہلے تم سے تھیں وہ بیماری حسد و بغض ہے ہر ایک ان دونوں میں سے مونڈنیوالی ہے نہیں کہتا میں کہ مونڈتا ہے بالوں کو ولیکن مونڈتا ہے دین کو روایت کی یہ احمد اور ترمذی نے (۸) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہؓ سے کہ اُسنے روایت کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا حضرت نے بچو تم حسد سے اسلیے کہ حسد کہاتا ہے نیکیوں کو جیسے کہ کہاتی ہے آگ لکڑیوں کو روایت کی یہ ابوداؤد نے (۹) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہ سے اُسنے نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم فرمایا کہ بچو تم برائی ڈلوانے سے درمیان دو شخصوں کے پس تحقیق تباہ کرنیوالی ہے دین کی روایت کی یہ ترمذی نے (۱۰) ترجمہ اور روایت ہے ابوصرمہؓ سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ ضرر پہونچاوے کسی مسلمان کو پہنچاویگا اللہ ضرر اُسکو اور جو شخص مشقت ڈالے کسی پر مشقت ڈالیگا اللہ اُسپر روایت کی یہ ابن ماجہ نے اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہی (۱۱) ترجمہ اور روایت ہی ابوبکر صدیقؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ملعون ہے وہ شخص کہ ضرر پہونچاوے کسی مسلمان کو یا مکر کرے ساتھ اُسکے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے (۱۲) ترجمہ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ کہا چڑہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم منبر پر پس پکارا لوگوں کو ساتھ آواز بلند کے

ل شریک ہے ہو دونوں ثواب میں یعنے ..... بلا اُسکے ثواب میں پہلا بسبب ابتداء سلام اور ترک خفگی کے اور دوسرا بسبب جواب سلام اور قبول کرنے اُسکے کے ۱۲ حق ت ساتھ گناہ کے یعنے گناہ ترک ملاقات اور گناہ نہ جواب دینے سلام کے ۱۲ حق ت افضل ہے از درجہ اُسکا اور بہت ہے ثواب اُسکا اور ظاہر یہ ہے کہ خیر اور صدقہ وغیرہ میں جو کے لیے ہو پس یعنے یہ ہو نگے کہ صلح کرانی افضل ہے ان سب چیزوں مذکورہ سے اور ذات البین نام اُن احوال کا ہے کہ درمیان لوگوں کے ہیں اور اصلاح اُنکا نیک کرنا ہے اور بدل کرنا اُنکا فساد سے ساتھ صلاح کے اور یہیں رغبت دلانی ہے صلح کروانی پر اور دفع فساد پر اور نفرت دلانی ہے فساد ڈالنے سے اوپر میں ۱۲ لمعات مرقاۃ ت جیسے کہ کہاتی ہے آگ لکڑیوں کو اُسطرح حسد کہاتا ہے یعنے فنا کر دیتا ہے حسد کرنیوالے کی نیکیوں کو حسد اُسکو کہتے ہیں کہ دوسرے کی نعمت کا زوال چاہے اور چاہے کہ جاتی رہے یہ بالکل حرام ہے لیکن کسی دیندار کو دیکھکر آرزو کرنا کہ خدا ہمکو ایسا کرے تو درست ہے یہ حسد نہیں اُسکو غبطہ کہتے ہیں ۱۲ ترجمہ مشارق ش ضرر پہونچاوے کسی مسلمان کو یعنے بےوجہ شرعی ۱۲ ت ملعون ہے یعنے دور ڈالا گیا ہے درگاہ قرب و رحمت الٰہی سے ت ضرر پہونچاوے

فَقَالَ یَا مَعْشَرَ مَنْ اَسْلَمَ بِلِسَانِهٖ وَلَمْ یُفْضِ الْاِیْمَانُ اِلٰی قَلْبِهٖ لَا تُؤْذُوا الْمُسْلِمِیْنَ وَلَا تُعَیِّرُوْهُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا عَوْرَاتِهِمْ فَاِنَّهٗ مَنْ یَّتَّبِعْ عَوْرَةَ اَخِیْهِ الْمُسْلِمِ یَتَّبِعِ اللّٰهُ عَوْرَتَهٗ وَمَنْ یَّتَّبِعِ اللّٰهُ عَوْرَتَهٗ یَفْضَحْهُ وَلَوْ فِیْ جَوْفِ رَحْلِهٖ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ (۱۳) وَعَنْ سَعِیْدِ بْنِ زَیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ مِنْ اَرْبَی الرِّبٰوا الْاِسْتِطَالَةَ فِیْ عِرْضِ الْمُسْلِمِ بِغَیْرِ حَقٍّ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَالْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ (۱۴) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا عُرِجَ بِیْ رَبِّیْ مَرَرْتُ بِقَوْمٍ لَهُمْ اَظْفَارٌ مِّنْ نُحَاسٍ یَخْمِشُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَصُدُوْرَهُمْ فَقُلْتُ مَنْ هٰؤُلَاءِ یَا جِبْرَئِیْلُ قَالَ هٰؤُلَاءِ الَّذِیْنَ یَاْکُلُوْنَ لُحُوْمَ النَّاسِ وَیَقَعُوْنَ فِیْ اَعْرَاضِهِمْ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ (۱۵) وَعَنِ الْمُسْتَوْرِدِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَکَلَ بِرَجُلٍ مُّسْلِمٍ اُکْلَةً فَاِنَّ اللّٰهَ یُطْعِمُهٗ مِثْلَهَا مِنْ جَهَنَّمَ وَمَنْ کُسِیَ ثَوْبًا بِرَجُلٍ مُّسْلِمٍ فَاِنَّ اللّٰهَ یَکْسُوْهُ مِثْلَهٗ مِنْ جَهَنَّمَ وَمَنْ قَامَ بِرَجُلٍ مَقَامَ سُمْعَةٍ وَّرِیَاءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ یَقُوْمُ لَهٗ مَقَامَ سُمْعَةٍ وَّرِیَاءٍ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ (۱۶) وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حُسْنُ الظَّنِّ مِنْ حُسْنِ الْعِبَادَةِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤدَ (۱۷) وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اعْتَلَّ بَعِیْرٌ لِّصَفِیَّةَ وَعِنْدَ زَیْنَبَ فَضْلُ ظَهْرٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِزَیْنَبَ

پس فرمایا اے گروہ اُن شخصوں کے کہ اسلام لائے ہیں ساتھ زبان اپنی کے اور نہیں پہونچا ہے ایمان طرف دل اُنکے کی نہ ایذا دو تم مسلمانوں کو اور نہ عار دلاؤ اُنکو اور نہ تلاش کرو عیب اُنکے پس تحقیق جو شخص کہ ڈھونڈے عیب اپنے بھائی مسلمان کا ڈھونڈیگا اللہ عیب اُسکا اور جس کا ڈھونڈا اللہ نے عیب رسوا کریگا اُسکو اگرچہ ہو وہ شخص بیچ گھر اپنے کے روایت کی یہ ترمذی نے (۱۳) ترجمہ اور روایت ہے سعید بیٹے زید کے سے اُس نے نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا زیادہ ترین سودوں کا زبان درازی کرنی ہے بیچ آبرو مسلمان کے ناحق روایت کی یہ ابوداؤد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں (۱۴) ترجمہ اور روایت ہے انس سے کہا اُس نے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جبکہ اوپر لیگیا مجھ کو رب میرا گذرا میں ایک قوم پر کہ اُنکے ناخون تھے تانبے کے کہ چھیلتے تھے مونہ اپنے اور سینے اپنے پس کہا میں نے کون ہیں یہ اے جبرئیل کہا جبرئیل نے کہ یہ وہ لوگ ہیں کہ کھاتے ہیں گوشت لوگوں کا اور پڑتے ہیں لوگوں کی آبرو میں روایت کی یہ ابوداؤد نے (۱۵) ترجمہ اور روایت ہے مستورد سے اُس نے نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے جو شخص کہ کھاوے بسبب غیبت کرنے کسی شخص مسلمان کے لقمہ پس تحقیق اللہ تعالی کھلا دیگا اُسکو مانند اُس لقمہ کے آگ دوزخ سے اور جو شخص پہنایا جاوے کپڑا بسبب اہانت کرنے کسی شخص مسلمان کے پس تحقیق اللہ تعالی پہناویگا اُسکو مانند اُس کپڑے کے آگ دوزخ سے اور جو شخص کہ کھڑا کرے کسی کو بیچ مقام سنانے اور دکھلانے کے پس تحقیق اللہ تعالی کھڑا ہوئیگا واسطے اُسکے بیچ مقام سنانے اور دکھلانے کے روز قیامت کے روایت کی یہ ابوداؤد نے (۱۶) ترجمہ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نیک گمان کہنا جملہ عبادات حسنہ سے ہے روایت کی یہ احمد اور ابوداؤد نے (۱۷) ترجمہ اور روایت ہے عائشہ سے کہ کہا عائشہ نے کہ بیمار ہوا اونٹ صفیہ کا اور حضرت زینب کے پاس تھی سواری زیادہ پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے زینب کو ؎ پس فرمایا الخ یہ بیان ہے انکار زینب کا ۱۲

اسلام لائے ہیں الخ یعنی ظاہر میں آئے ہیں مومن اور منافق ۱۲ ؎ اور نہیں پہونچا ہے ایمان الخ یعنی اصل ایمان یا کمال اُسکا ۱۲ ؎ مسلمانوں کو الخ یعنی کامل مسلمانوں کو جو زبان اور دل دونوں سے اسلام لائے ہیں ۱۲ ؎ اور نہ عار دلاؤ یعنی تنبیہ اور طعن نہ کرو اُس گناہ پر کہ اُن سے پہلے ہو چکا ہے ۱۲ ؎ زیادہ ترین سودوں کا یعنی حرمت اور گناہ میں اسلیے کہ آبرو عزیز تر ہے مال سے ۱۲ ؎ اوپر لیگیا مجھ کو رب میرا یعنی شب معراج ہوئی مجھ کو ۱۲ ؎ کھاتے ہیں گوشت لوگوں کے یعنی غیبت کرتے ہیں انکی اور بُرا کہتے ہیں اور اسبب اسکے آبرو ریزی کرنے میں لوگوں کی اور چونکہ آبرو ریزی لوگوں کی کی اور اس سے خوش ہوے حق تعالی نے اُنکو اور سینے اُنکی بھی اُنکے ہاتھوں سے زخمی کروائے ۱۲ ؎ بسبب غیبت کرنے الخ یعنی کوئی بسبب عداوت کے غیبت اور برائی کسی مسلمان کی کرے خوش ہوتا ہو کوئی اُنکی پاس جاوے اور از راہ خوشامد کے غیبت اُس مسلمان کی کرے اور اُسی سبب سے اپنے لیے روٹی پیدا کرے ۱۲ ؎ کھڑا کرے الخ یعنی اپنے تئیں یا کسی اور کو یعنی تعریف کرے اور خوبیاں دکھاوے اپنی یا اور کی تا لوگ دیکھیں اور سنیں تو فضیحت کریگا

اَعْطِیْهَا بَعِیْرًا فَقَالَتْ اَنَا اُعْطِیْ تِلْكَ الْیَهُوْدِیَّةَ فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ فَهَجَرَهَا ذَا الْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمَ وَبَعْضَ صَفَرٍ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَذُکِرَ حَدِیْثُ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ مَنْ حَمٰی مُؤْمِنًا فِیْ بَابِ الشَّفَقَةِ وَالرَّحْمَةِ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

(۱) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ رَاٰی عِیْسَی بْنُ مَرْیَمَ رَجُلًا یَسْرِقُ فَقَالَ لَهٗ عِیْسَی بْنُ مَرْیَمَ سَرَقْتَ قَالَ کَلَّا وَالَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَقَالَ عِیْسٰی اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَکَذَّبْتُ نَفْسِیْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ (۲) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ کَادَ الْفَقْرُ اَنْ یَّکُوْنَ کُفْرًا وَکَادَ الْحَسَدُ اَنْ یَّغْلِبَ الْقَدَرَ (۳) وَعَنْ جَابِرٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ قَالَ مَنِ اعْتَذَرَ اِلٰی اَخِیْهِ فَلَمْ یَعْذِرْهُ اَوْ لَمْ یَقْبَلْ عُذْرَهٗ کَانَ عَلَیْهِ مِثْلُ خَطِیْئَةِ صَاحِبِ مَکْسٍ رَوَاهُمَا الْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَقَالَ الْمَکَّاسُ الْعَشَّارُ

بَابُ الْحَذَرِ وَالتَّانِّیْ فِی الْاُمُوْرِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

